شفاء السقام
في
زيارة خير الأنام
مترجم
نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

شفاء السقام
زيارة خير الأنام
للشيخ الإمام الفقيه المحدث تقي الدين السبكي الشافعي رحمه الله تعالى

من زار قبری وجبت له شفاعتی

شفاء السقام

فی

زیارۃ خیر الانام

للشیخ الإمام الفقیہ المحدث تقی الدین السبکی الشافعی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

علامہ محمد ظہور اللہ الازہری

لیکچرر دی منہاج یونیورسٹی لاہور

نوریہ رضویہ پبلیکیشنز

۱۱۔ گنج بخش روڈ لاہور

042-7313885

نام کتاب---------- شفاء السقام فی زیارت خیر الانام اردو عربی

مصنف------------ امام تقی الدین سُبکی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم------------ علامہ محمد ظہور اللہ الازہری

صفحات ------------ ۵۶۰

باہتمام ------------ سیّد شجاعت رسول شاہ قادری

باراوّل ------------ رجب المرجب ۱۴۲۵ھ، ستمبر ۲۰۰۴ء

ناشر ------------ نوریہ رضویہ پبلی کیشنز لاہور

کمپیوٹر کوڈ ------------ 1N-92

قیمت ------------ -/225 روپے

ملنے کے پتے

نوریہ رضویہ پبلی کیشنز

11 گنج بخش روڈ، لاہور فون: 7313885

مکتبہ نوریہ رضویہ

گلبرگ اے فیصل آباد فون: 626046

فہرست

مضامین	صفحہ نمبر

صفحہ نمبر	مضامین

مضامین	صفحہ نمبر

دوسرا باب: اُن احادیث کا بیان جن میں لفظِ زیارت نہیں

مضامین	صفحہ نمبر

مضامین	صفحہ نمبر

مضامین	صفحہ نمبر

مضامین	صفحہ نمبر

مضامین	صفحہ نمبر

مضامین	صفحہ نمبر

مضامین	صفحہ نمبر

وہی (اللہ) میرے لئے کافی ہے اور بہترین وکیل ہے۔ تمام حمد وثنا مخصوص ہیں اس ذات باری تعالیٰ کے لئے جس نے اپنے رسول اکرم ﷺ کی بعثت مبارکہ کی صورت میں ہم پر احسان فرمایا اور انہی کے ذریعے ہماری سیدھے راستے کی طرف راہنمائی فرمائی اور ہمیں ان کی عزت وتکریم کرنے کا حکم فرمایا اور ہر مومن پر فرض کیا کہ وہ آپ ﷺ کو اپنی ذات اپنے والدین اور دوستوں سے زیادہ محبوب رکھے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب حضور نبی کریم ﷺ کی اتباع کو اپنی محبت اور خوشنودی کا سبب قرار دیا اور آپ ﷺ کی اطاعت کو شیطان کے مکر اور گمراہی سے حفاظت کا ذریعہ بنایا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کے ذکر مبارک کو اس طرح رفعت وبلندی عطا فرمائی اور آپ کی اس طرح قرآن مجید میں تعریف کی کہ آپ ﷺ کو تمام تعریفوں سے مستغنی کردیا جب تک (اس کائنات سماوی میں) ستارے جگمگاتے رہیں اس وقت تک آپ ﷺ پر درود وسلام (کی رحمتوں کی بارشیں) ہوتی رہیں۔

میں نے اس کتاب کا نام " **شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام**" (مخلوقات میں سے بہترین ہستی (حضور نبی اکرم ﷺ) کی زیارت قلبی امراض سے شفایابی کا باعث ہے) رکھا۔ اور اس کے دس ابواب بنائے۔

پہلا باب: ان احادیث مبارکہ کے بارے میں ہے جو زیارت قبر رسول ﷺ سے متعلق وارد ہوئی ہیں۔

دوسرا باب: ان احادیث مبارکہ کے بیان میں ہے جو زیارت قبر رسول ﷺ پر دلالت کرتی ہیں مگر ان احادیث مبارکہ میں لفظ زیارت مذکور نہیں ہے۔

تیسرا باب: ان احادیث مبارکہ کے بارے میں ہے جو زیارت قبر رسول ﷺ کیلئے سفر کے متعلق ہیں۔

چوتھا باب: علمائے کرام کے ان اقوال کے بارے میں ہے جو زیارت قبر رسول ﷺ کے مستحب ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔

پانچواں باب: اس بحث سے متعلق ہے کہ زیارت قبر رسول ﷺ باعث قربت ہے۔

چھٹا باب: اس بات کو ثابت کرنا ہے کہ زیارت قبر رسول ﷺ کیلئے محض سفر کرنا بھی قربت کا سبب بنتا ہے۔

ساتواں باب: زیارت قبر رسول ﷺ کے مخالفین کے شبہات کا ازالہ اور ان کا رد بیان کرنا ہے

آٹھواں باب: توسل اور استغاثہ سے متعلق ہے۔

نواں باب: اس امر کو واضح کرتا ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام اپنی قبور میں زندہ ہیں۔

دسواں باب: شفاعت رسول ﷺ کے بارے میں ہے کیونکہ شفاعت کا تعلق بھی زیارت قبر رسول ﷺ سے ہے اس لئے کہ رسول ﷺ نے فرمایا: "مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ"

میں نے اس کتاب کے ضمن میں ان لوگوں کی تردید کی ہے جنہوں نے زیارت قبر رسول ﷺ سے متعلق تمام احادیث کو موضوع قرار دیتے ہوئے حضور نبی کریم ﷺ کی قبر انور کی زیارت کیلئے سفر سعادت کو بدعت اور ناجائز کہا ہے۔ یہ اس طرح کا فساد انگیز قول ہے کہ علمائے کرام کو اسکی تردید کی ضرورت ہی نہیں ہے لیکن میں نے اس کتاب کو مستقلاً زیارت نبی ﷺ اور اس کے متعلقہ امور کے بارے میں لکھا ہے۔

پہلے میں نے اس کا نام " شن الغارۃ علی من أنکر سفر الزیارۃ " پھر میں نے اس کا مذکورہ نام رکھا اور میں اللہ تعالی سے مدد چاہتا ہوں اور اسی پر توکل کرتا ہوں ھو حسبی و نعم الوکیل.

پہلا باب

زیارت کے بارے میں مذکور احادیث مبارکہ کا بیان

پہلی حدیث

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ

جس نے میری قبر مبارک کی زیارت کی اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی۔

۱۔ دارقطنی، السنن، ۲: ۲۷۸

۲۔ حکیم ترمذی، نوادر الاصول، ۲: ۶۷

۳۔ بیہقی، امام، شعب الایمان، ۳: ۴۹۰، رقم: ۴۱۵۹، ۴۱۶۰

حدیث کی سند کا بیان

اس حدیث کی سند اس طرح ہے۔

أخبرنا الحافظ أبو محمد عبدالمؤمن بن خلف بن أبی الحسن بن شرف ابن الخضر بن موسی التونی الدمیاطی رحمه الله تعالی بجمیع سنن الدارقطنی سماعا، قال انا الحافظ ابو الحجاج یوسف بن خلیل بن عبدالله الدمشقی انا ابوالفتح ناصر بن محمد بن ابی الفتح ابو برح القطان انا ابو الفتح اسماعیل بن الفضل بن الاخشید السراج انا ابو طاهر محمد بن احمد بن محمد بن عبدالرحیم انا ابو الحسن علی بن عمر بن احمد بن مهدی الحافظ الدارقطنی رحمه الله تعالی قال حدثنا القاضی المحاملی ثنا عبید ابن محمد الوراق ثنا موسی بن هلال العبدی عن عبیدالله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ: "مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ"

اسی طرح یہ حدیث سنن دارقطنی کے متعدد نسخوں میں عبید اللہ سے مروی ہے ان نسخوں میں سے ایک نسخہ وہ ہے جو ان سے احمد بن محمد بن حارث اصفہانی نے لکھا ہے۔ اسی طرح دارقطنی نے سنن کے علاوہ بھی اس کو روایت کیا ہے اور دونوں میں یہ عبدالرحیم سے ہی مروی ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے۔

اسی طرح یہ روایت محمد بن عبدالملک بن بشران اور ابو النعمان تراب بن عبید کے طریق سے بھی مروی ہے۔ ابن بشران کی روایت اس طرح ہے۔

فاما رواية ابن بشران فاخبرنا بها عثمان ابن محمد فی كتابه الی من مكة شرفها الله تعالی قال: اخبرنا الحافظ ابوالحسين يحيی بن علی القرشی بمصر و ابواليمن بن عساكر بمكة بقراء تی عليهما ، قالا انا ابو البركات الحسن بن محمد بن الحسن الشافعی العدل و هو جد ابی اليمن بدمشق قال ابوالحسين بقراء تی عليه و قال ابو اليمن قراء ة عليه ، قال انا عمی ابو الحسين هبة الله بن الحسن بن هبة الله الفقيه الاصولی الحافظ انا ابوطاهرعبد الرحمن بن احمد بن عبدالقادر بن محمد ابن يوسف انا ابوبكر محمد بن عبدالملك بن بشران انا ابوالحسن علی ابن عمر بن مهدی الدارقطنی الحافظ ثنا القاضی المحاملی ثنا عبيدالله بن محمد الوراق ثنا موسی بن هلال العبدی عن عبيدالله بن عمر عن نافع عن ابن عمر ، قال قال رسول الله ﷺ: "مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ"

اسی طرح ابو الیمن ابن ابی الحسن بن الحسن نے اس کو "كتاب اتحاف الزائر و اطراق المقيم للسائر" میں روایت کیا ہے۔ اسی طرح اس کو حافظ ابو الحسین القرشی نے "كتاب الدلائل المبينة فی فضائل المدينة" میں ذکر کیا ہے۔

قالا انا ابو عبدالله محمد بن عماد بن محمد الحرانی قال ابن الصواف بقراء ة والدی عليه و انا اسمع سنة ثلاثين و ستمائة قال انا

ابومحمد عبدالله بن رفاعة بن غدير السعدی الفرضی(ح)و کتب الی عثمان بن محمد من مكة شرفها الله تعالی انه قرأ علی الحافظ ابی الحسين يحيی بن علی القرشی فی تصنيفه المسمّٰی ب"کتاب الدلائل المبينة فی مسائل المدينة " قال انا القاضی ابو محمد عبدالله بن محمد الشافعی بقراء تی عليه بمصر و ابوعبدالله محمد بن ابی المعالی الحرانی بالاسكندرية قالا انا ابو محمد عبدالله ابن ابی الخير الشافعی الفرضی انا القاضی ابوالحسن علی بن الحسن بن الحسين بن محمد الشافعی المعروف بالخلعی انا ابو النعمان تراب بن عمر ابن عبيدثنا ابو الحسن علی بن عمر الدارقطنی ثنا ابو عبدالله الحسين بن اسماعيل قال ثنا عبيد بن محمد الوراق ثنا موسی بن هلال العبدی عن عبيدالله بن عمر عن نافع عن ابن عمر ، قال قال رسول الله ﷺ: " مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ "

وہ رواۃ جنہوں نے خلعی کے واسطے سے روایت کیا ہے ان میں سے حافظ ابو القاسم ابن عساکر ہیں جنہوں نے اپنی تاریخ کی کتاب میں بابِ " ان من زار قبره ﷺ بعد وفاته كان كمن زار حضرته فی حال حياته" میں ذکر کیا ہے۔

أخبرنا بذلك عبدالمؤمن بن خلف ع علی بن محمد وغيرهما مشافهة عن القاضی ابی نصر محمد بن هبة الله الشيرازی قال انا الحافظ ابوالقاسم ابن عساكر قال انا خالی ابوالمعالی محمد بن يحيی القرشی القاضی بدمشق انا ابوالحسن علی بن الحسن الخلعی انا تراب بن عمربن عبيدثنا ابو الحسن الدارقطنی ثنا ابو عبدالله الحسين بن اسماعيل ثنا عبيد بن محمد الوراق ثنا موسی بن هلال العبدی عن عبيدالله بن عمر عن نافع عن ابن عمر ، قال قال رسول الله ﷺ: " مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ "

سند پر تبصرہ:

۱۔ امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ سے مختلف روایات اس طریق سے جمع ہوگئی ہیں جن میں وہ محاملی سے اور محاملی عبیداللہ سے روایت کرتے ہیں۔

۲۔ اسی طرح امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ بھی بعض دیگر نے محاملی کے بغیر اس سند سے روایت کیا ہے۔ جس میں عبید بن محمد آتے ہیں اور اس میں عبیداللہ سے مذکور ہے۔ جیسے کہ:

عن عبید بن محمد انا بذلك عبدالمؤمن بن خلف وغیرہ اذنا عن ابی نصر الشیرازی انا ابن عساکر انا ابوالقاسم الشحامی انا ابوبکر البیھقی انا ابوعبداللہ الحافظ انا ابوالفضل محمد بن ابراھیم ثنا محمد بن زنجویه العشیری ثنا عبید بن محمد بن القاسم بن ابی مریم الوراق، و کان نیسابوری الاصل سکن بغداد ، ثنا موسی بن ھلال العبدی عن عبیداللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر، قال قال رسول اللہ ﷺ: " مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ "

حدیث کی ایک اور سند کا بیان:

ومنھم محمد بن اسماعیل بن سمرۃ الاحمسی واختلف علیه فروی عنه مصغرا کما رواہ غیرہ أخبرنا بذلك عبدالمؤمن وغیرہ اذنا عن ابی نصر انا علی بن الحسن الحافظ انا اسماعیل بن محمد بن الفضل الحافظ انا احمد بن علی بن خلف انا ابوالقاسم بن حبیب حدثنا ابوبکر احمد ابن نصر بن نصر بن بکار البخاری انا ابو عبد الرحمن عبد اللہ بن عبید اللہ ثنا محمد بن اسماعیل الاحمسی عن موسی بن ھلال عن عبیداللہ و روی عنه مکبراً انا بذلك اقسیان بن محفوظ بن محمود بن ھلال بقراء تی علیه سنة ست و سبعمائة انا ابو سعید

قایماز بن عبداللہ المعظمی انا الحافظ ابو طاہر احمد بن محمد السلفی انا ابو سعید احمد بن الحسن بن احمد بن علی بن الخطیب الخانساری انا ابوبکر احمد بن الفضل بن محمد المقری امام الجامع باصبہان ثنا ابوبکر محمد بن الحسن بن یوسف بن یعقوب الامام ثنا عبیداللہ بن محمد بن عبدالکریم الرازی ثنا محمد بن اسماعیل بن سمرۃ الأحمسی ثنا موسی بن ہلال العبدی عن عبداللہ بن عمر"ہکذا نقلتہ من خط الحافظ ابی محمد عبدالعظیم المنذری رحمہ اللہ تعالٰی۔

حدیث کی تیسری سند:

وھکذا قالہ ابو احمد بن عدی فی کتاب الکامل کما انبأنا عبدالمؤمن و آخرون عن ابی الحسن بن المقیرعن ابی الکرم بن الشھرزوری انا الماعیل بن مسعدۃ الاسماعیلی (ح) و انا عبدالمؤمن وغیرہ أیضا عن ابن محیل انا علی بن الحسن الدمشقی انا ابوالقاسم الشحامی انا ابوبکر البیھقی انا ابو سعید المالینی (ح) قال الدمشقی و انا ابوالقاسم ابن السمرقند انا اسماعیل بن مسعدۃ انا حمزۃ بن یوسف قالا انا ابو احمد بن عدی الحافظ حدثنا محمد بن موسی الحلوانی (ح) قال الدمشقی واخبرنا علی بن ابراھیم الخطیب انا رشأ بن نظیف انا الحسن بن اسماعیل ثنا احمد بن مروان ثنا محمد بن عبدالعزیز الدینوری قالا ثنا محمد بن اسماعیل ابن سمرۃ ثنا موسی بن ھلال ثنا عبداللہ بن عمر ، و کذلك کتب الی عثمان بن مد من مکۃ شرفھا اللہ تعالی انہ قرأ علی الحافظ یحیی بن علی انا الحافظ علی بن المفضل قراء ۃ علیہ غیر مرۃ و القاضی ابوالقاسم حمزۃ ابن علی بن عثمان المخزومی قالا انا الحافظ ابو طاھر السلفی (ح) و

أنبأنا جماعة عن جماعة عنه انا ابو ابراهيم الخليل بن عبد الجبار انا سليم بنايوب انا احمد بن عبدالله المعل بالرى انا عبدالرحمن بن ابى حاتم الرازى ثنا محمد بن اسماعيل الاحمسى ثنا موسى بن هلال عن عبدالله بن عمر

سند پر تبصرہ...... کیا راوی عبداللہ ہیں یا عبیداللہ؟

۱۔ حافظ یحییٰ بن علی القرشی نے اس روایت کو کمزور قرار دیا ہے۔ اور یہ کہا ہے کہ درست یہی ہے کہ روایت میں عبیداللہ ہے۔

۲۔ اور میں نے تاریخ ابن عساکر میں دیکھا ہے جو ابی عبداللہ البرزالی المحفوظ کے خط کے ساتھ لکھا ہوا دیکھا ہے کہ یہ عبیداللہ ہی ہے۔

۳۔ ابو احمد بن عدی نے کتاب الکامل میں کہا ہے کہ یہ عبداللہ اصح ہے۔

۴۔ اور جو کچھ انہوں نے کہا ہے وہ محل نظر ہے۔ اور ہمارے نزدیک یہ راوی عبیداللہ ہیں۔ عبید بن محمد، ابن سمرۃ اور مسلمۃ الجھنی کی روایات کی وجہ سے۔

۵۔ اور اس بات کا بھی احتمال ہے کہ حدیث عبیداللہ اور عبداللہ دونوں سے مروی ہو اور موسیٰ نے دونوں سے سنا ہو۔ اور پھر کبھی ان سے روایت کیا ہو اور کبھی ان سے۔

صاحب کتاب کے پوتے حسن بن محمد بن یحییٰ نے ایک اور جگہ پر ابوبکر سے روایت کیا ہے۔ اور اسی طرح امام ابن جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "مثیر العزم الساکن" میں روایت کیا ہے۔ اور میں نے اس کے خط سے نقل کیا ہے وہ اس طرح بیان کرتے ہیں۔

أنبأناالحريرى انا الخياط انا ان درست ثنا ابن صفوان ثنا ابوبكر القرشى و هو ابن ابى الدنيا فذكره و هذه الطريق ان صحت تحمل على ان الحديث عنهما كما قدمناه فانه لاتنافى فى ذلك على ان عبدالله المكبر روى له مسلم مقرونا بغيره ، قال احمد رحمه الله تعالىٰ صالح

ابو حاتم رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں میں نے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کو دیکھا کہ وہ ان کی تعریف کرتے تھے۔ اور یحییٰ بن معین نے کہا " **لیس به بأس یکتب حدیثه** " اور ابن عدی نے کہا " **لا بأس به صدوق** " اور ابن حبان نے کہا کہ ان پر صلاح غالب تھی۔ یہ ابن حبان کا کلام تھا اور انہوں نے اصلا ان پر جرح کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی بلکہ یہ ان کی کثرت غلط کی وجہ سے کہا ہے۔

ان کے بارے میں یہ حکم لگانا کہ ان سے روایت نہ کیا جائے یہ درست نہیں کیونکہ امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان کو متابعات میں ذکر کیا ہے۔ اور اس حدیث میں عبداللہ کے حوالے سے کوئی التباس نہیں ہے۔

موسیٰ بن ھلال، ان کے بارے میں ابن عدی نے کہا کہ " **لا بأس به.** " اور ابی حاتم الرازی کا ان کے بارے میں یہ قول کہ یہ مجہول ہیں۔ اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس جہالت سے مراد یا تو ان کی ذات کے حوالے سے جہالت ہے یا وصف کے اعتبار سے۔ پس اگر ان کی ذات کے حوالے سے جہالت مراد لی ہے تو یہ نہیں ہوسکتی کیونکہ ان سے امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان سے روایت کیا ہے۔ اور اگر وصف کے اعتبار سے جہالت مراد ہے تو پھر بھی امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کا ان سے روایت کرنا اس جہالت کا ازالہ کر دیتا ہے۔

اور رہا عقیلی کا ان کے بارے میں قول کہ ان کی احادیث کی متابعت نہیں کی جاتی۔ اور امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول کہ خواہ یہ راوی عبداللہ ہوں یا عبیداللہ تو ان کی روایت منکر ہوتی ہے جب یہ نافع عن ابن عمر روایت کریں۔ اب اگر غور کریں تو سوائے راوی کے متفرد ہونے کے کوئی اور علت نظر نہیں آتی۔ اور جب ان کی حدیث کے متابع بھی ہیں تو ان کی حدیث لامحالہ قبول کی جائیگی۔ اور ہم نے موسیٰ بن ھلال کی روایت کے متابع اور شواھد پائے ہیں جن کو ہم ذکر کریں گے۔

ان تمام دلائل سے یہ واضح ہوتا ہے کہ ان کی یہ حدیث کم از کم حسن کے درجے پر فائز ہے۔ اور حدیث حسن کی دو اقسام ہیں۔

ایک قسم یہ ہے کہ حدیث کی سند میں کوئی مستور الحال راوی ہو جس کی اہلیت متحقق نہ ہو اور وہ غافل اور کثیر الخطاء نہ ہو اور نہ ہی اس میں کوئی فسق کا سبب ظاہر ہو اور اس کے ساتھ متن حدیث بھی اس جیسی کسی اور روایت سے مذکور ہو۔ اور ھلال بن موسیٰ کا اقل درجہ یہ ہے کہ ان میں یہ صفات پائی جاتی ہیں۔ اور ان کی حدیث اس درجہ کی ہے۔

حسن کی دوسری قسم یہ ہے کہ اس کا راوی صدق اور امانت کے اعتبار سے مشہور ہو مگر حفظ میں کمی کی وجہ سے صحیح رجال کے درجہ تک نہ پہنچے۔ اور یہ حدیث بھی بعض اوقات راوی کے منفرد ہونے کی وجہ سے منکر ہونے کے باوجود ترقی کر جاتی ہے۔

کہنے والے کو یہ نہیں کہنا چاہیے کہ یہ حدیث حسن نہیں ہے کیونکہ ہم نے حدیث حسن کی جو دو تعریفات کی ہیں ان میں سے ایک تعریف اس پر صادق آتی ہے۔ اور ہم نے زیارت قبر نبی ﷺ کے سلسلہ میں جو احادیث جمع کی ہیں وہ ساری اس کے درجہ کو بڑھاتی ہیں اور بعض اوقات حدیث میں یہ اضافہ اس کو حسن سے صحیح کے درجہ پر بھی فائز کر دیتا ہے۔

ضعیف حدیث کی اقسام:

ضعیف حدیث کی دو اقسام ہیں۔

پہلی قسم:

وہ حدیث جس میں راوی کا ضعف اس وجہ سے ہو کہ وہ راوی متہم بالکذب ہو۔ اور اس قسم کی ضعیف احادیث کا جمع ہونا حدیث کی قوت کا سبب نہیں بنتا۔

دوسری قسم:

وہ حدیث جس میں راوی کا ضعف اس وجہ سے ہو کہ وہ راوی صادق و امین ہونے کے باوجود ضعیف الحافظہ ہو۔

پس ہم نے دیکھا کہ یہ حدیث متعدد اسناد سے مروی ہے اور اس کا متعدد اسناد

سے مروی ہونا اس بات کو ثابت کرتا ہے کہ سند میں راوی کے حافظہ کے ضعف کا اثر نہیں ہے۔ اور یہی بات ابن صلاح نے کہی ہے۔

پس اس قسم کی ضعیف احادیث کا جمع ہونا حدیث کی قوت میں اضافہ کرتا ہے اور کبھی ضعیف حدیث اسناد کے تعدد کی وجہ سے حدیث حسن اور حدیث صحیح کے درجے کو پہنچ جاتی ہے۔ اور اسی اصول کے پیش نظر جب امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے جب میقات ذات عرق کے حوالے سے گفتگو کی کہ کیا یہ منصوص علیہ امور میں سے ہے یا اس میں اجتہاد کا عمل دخل ہے؟ اور صحیح یہ ہے کہ اس سلسلے میں نص وارد ہوئی ہے۔ اور ہمارے اصحاب نے جمہور سے اس سلسلے میں احادیث کے وارد ہونے کی وجہ سے اس بات کی تائید کی اور اگرچہ وہ احادیث سند کے اعتبار سے ضعیف تھیں مگر اسناد کے تعدد کی وجہ سے حدیث میں قوت پیدا ہوگئی اور وہ ضعیف حدیث، حسن کے درجے تک پہنچ گئی اور ان سے استدلال کیا گیا۔ اور یہ بحث "شرح المهذب" کی کتاب الحج میں مذکور ہے۔

پس اس حدیث کی اسناد میں درج ذیل اعتبارات سے بحث کی گئی ہے۔ یعنی اس بحث سے یہ ثابت ہوا کہ

۱۔ یہ حدیث عبیداللہ سے مروی ہے اور اسے عبداللہ سے مروی حدیث سے ترجیح دی گئی ہے۔

۲۔ ایک قول کے مطابق یہ حدیث دونوں راویوں (عبیداللہ اور عبداللہ) سے بیک وقت مروی ہے۔

۳۔ اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ یہ حدیث عبداللہ اکیلے سے مروی ہے۔ اور یہ حدیث حسن کی بیان کی گئی دو اقسام میں سے ایک قسم میں داخل ہے۔

۴۔ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ یہ حدیث صرف اس سند سے ضعیف ہے تو اس قسم کی ضعیف احادیث کا جمع ہونا حدیث کو قوی بنا دیتا ہے اور اسے حدیث حسن کے درجے تک پہنچا دیتا ہے۔

نتیجہء بحث:

مذکورہ تمام بحث سے یہ بات واضح ہوگئی کہ کسی کا یہ دعوی کرنا کہ زیارت قبر رسول ﷺ کے باب میں وارد ہونے والی تمام احادیث موضوع ہیں، یہ افتراء اور جھوٹ ہے۔ اور اللہ تعالیٰ جھوٹ سے پاک ہے اور اس طرح کا دعوی کرنے والے کو نہ اللہ تعالیٰ کا حیا ہے نہ اس کے رسول مکرم ﷺ کا۔ اور یہ ایسا دعویٰ ہے جیسا آج تک نہ کسی عالم نے کیا اور نہ جاہل نے اور نہ ہی کسی محدث نے اور نہ کسی اور نے۔ اور کسی شخص نے نہ تو اس حدیث کے راوی "موسی بن ھلال" کو اور نہ ہی کسی اور راوی کو "وضع" سے متہم کیا ہے۔

سوال یہ ہے کہ پھر کیسے کسی مسلمان کے لیے جائز ہے کہ وہ زیارت کی تمام احادیث کو موضوع قرار دے؟ اور اس حدیث میں کوئی ایسی چیز ظاہر نہیں ہوئی جس کی بنا پر محدثین اس حدیث پر موضوع ہونے کا حکم لگا سکیں؟ اور نہ ہی انھوں نے اس حدیث کے متن کے حوالے سے کوئی ایسی بات کی ہے کہ اس حدیث کا متن شریعت کے خلاف ہے پس اگر یہ ایسی بات ہے تو پھر کس وجہ سے اسے موضوع قرار دیا جائے ؟ اور اگر بالفرض اس کو ضعیف مان بھی لیا جائے تو پھر بھی اس کو موضوع کیسے جا سکتا ہے جبکہ یا تو یہ حسن ہے یا پھر صحیح ہے؟

پس پہلی حدیث کی سند سے متعلق جو بحث ہو چکی ہے اس پر اکتفا کرتے ہیں۔

متن حدیث کی وضاحت:

جہاں تک اس حدیث کے متن کا تعلق ہے تو اس میں لفظ "وجبت" جس کا معنیٰ " ثابت یا لازم ہے" اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ ضرور اپنا شفاعت کا وعدہ پورا فرمائیں گے۔

لفظ ”لہ“ کا مفہوم:

حضور نبی اکرم ﷺ کے ارشاد مبارک میں لفظ ”لہ“ سے مراد یا تو خاص شفاعت ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ یہ شفاعت حضور نبی اکرم ﷺ کی ایسی شفاعت ہے جو صرف ان کیلئے خاص ہے جو قبر رسول ﷺ کی زیارت کرتے ہیں اور باقی لوگوں کو عام طور پر یا خاص طور پر یہ شفاعت حاصل نہ ہوگی یا اس سے مراد یہ بھی ہے کہ قبر رسول ﷺ کی زیارت کرنے والے دوسرے لوگوں سے اس شفاعت کے سبب منفرد ہو جائیں گے اور یہ انفرادیت ان کی اس زیارت کے باعث عزت وتکریم کی وجہ سے ہوگی یا اس سے مراد یہ ہے کہ وہ اس زیارت کی برکت کی وجہ سے عام شفاعت میں ان کا داخلہ ضروری ہو گیا ہے۔

اس شفاعت کا فائدہ یہ بھی ہے کہ ایسے شخص کا حالت اسلام میں فوت ہونا یقینی ہے۔ اور تیسری تعبیر کی بنا پر ضروری ہے کہ لفظ ”لہ“ کا اطلاق عموم پر کیا جائے کیونکہ اگر اس میں اسلام پر مرنے کی شرط مضمر کر دی جائے تو پھر زیارت کے ذکر کرنے کا کوئی معنی نہیں بنتا کیونکہ مسلمان ہونا ہی اس شفاعت کے حصول کے لیے کافی ہے۔ اور پہلی دونوں تعبیروں کی بنیاد پر اضمار درست ہے۔

خلاصہ بحث:

خلاصہ بحث یہ ہے کہ زیارت قبر رسول ﷺ کا اثر یہ ہے کہ وہ زائر حالت اسلام میں فوت ہوگا اور ظاہر ہے یہ کتنی بڑی عظیم نعمت ہے یا اس کا اثر یہ ہے کہ زیارت کرنے والے کو ایسی شفاعت نصیب ہوگی جو عام مسلمانوں کی شفاعت سے خاص ہوگی۔

لفظ ”شفاعتی“ کا مفہوم:

لفظ ”شفاعت“ کی اضافت ”ی“ کی طرف کی گئی ہے اور اس میں اشارہ ہے کہ اگرچہ ملائکہ عظام، انبیائے کرام علیہم السلام اور مومنین شفاعت کریں گے مگر قبر

رسول ﷺ کی زیارت کرنے والے کو اس سلسلے میں یہ شرف حاصل ہوگا کہ اس کی شفاعت خود حضور نبی کریم ﷺ فرمائیں گے۔ اور یہ شفاعت حضور ﷺ کے عظیم شافع ہونے کی بنا پر عظیم ہوگی۔ پس جس طرح حضور اکرم ﷺ تمام مخلوقات سے افضل ہیں اسی طرح آپ ﷺ کی شفاعت بھی تمام سے افضل ہے۔ اور یہاں آپ کی اخروی شفاعت کا ذکر کرنا ضروری ہے مگر اسے مؤخر کرتا ہوں تاکہ زیارت کے اصل مقصد کے حصول سے قبل ملل محسوس نہ کرنے لگے۔

دوسری حدیث:

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ

جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کیلئے میری شفاعت حلال ہوگئی

اس حدیث کو امام ابوبکر احمد بن عمرو بن عبدالخالق البزار نے اپنی مسند میں بیان کیا ہے اور انھوں نے اس کی سند یوں بیان کی ہے۔ " حدثنا قتیبة ثنا عبداللہ بن ابراهیم ثنا عبدالرحمن بن زید عن ابیه عن ابن عمر عن النبی ﷺ "مَنْ زَارَ قَبْرِیْ حَلَّتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ"

یہ حدیث پہلی حدیث کی طرح ہے۔ اسی وجہ سے عبدالحق نے دارقطنی اور بزار کی طرف اس حدیث کو منسوب کیا ہے مگر حقیقت میں دیکھا جائے تو پہلی حدیث میں لفظ "وجبت" ہے جب کہ اس حدیث میں "حلّت" ہے لہذا اس حدیث کو علیحدہ ذکر کر دیا اور میں اسے مستند نسخہ جس کو حافظ قاضی ابوعلی الحسین بن محمد الصدفی نے شیخ ابومحمد عبداللہ بن محمد بن اسماعیل بن فورتش سے سنا اور انہوں نے اس کو اس سند سے روایت کیا ہے۔

الشیخ ابی عمر احمد بن محمّد المقری الطلمنکی اجازۃ انا ابو عبداللہ محمّد بن احمد بن یحییٰ بن معرج ثنا ابو الحسین محمّد بن ایّوب بن حبیب بن یحییٰ الرقی الصموت ثنا ابوبکر احمد بن عمرو بن عبدالخالق البزار

اور انھوں نے اس حدیث کو اصل نسخے کے ساتھ تقابل کیا گیا کہ جس میں انھوں نے یہ حدیث الرقی محمد بن ایوب کو سنائی۔ اور ابن معراج کے اصل نسخہ کا اکثر حصہ الرقی کے ہاتھ سے لکھا ہوا ہے اور قاضی ابوعلی الصدفی نے اس نسخے کے مطابق کئی مرتبہ حدیث کو بیان کیا ہے اور اس حدیث کے بہت سے طباق ہیں۔ اور صدفی کو یہ حدیث محمد بن خلف بن سلیمان بن فیجون نے سنائی ہے۔ اور قتیبہ یہ بزار کے شیخ ہیں اور ان کی کنیت ابن المرزبان ہے۔

عبداللہ بن ابراہیم یہ غفاری ہیں اور کہا جاتا ہے کہ یہ ابوذر رضی اللہ عنہ کے بیٹے ہیں جن کو امام ابوداؤد رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ ابوداؤد کی احادیث منکر ہیں؟ اور ابن عدی نے کہا ہے انہوں نے جو روایات کی ہیں ان کی ثقہ راویوں نے متابعت نہیں کی۔ اور بزار نے اس حدیث کو بیان کرنے کے بعد کہا کہ عبداللہ بن ابراھیم نے ایسی احادیث بیان کی ہیں کہ جن کی متابعت نہیں کی گئی پس جو کچھ ان کی حدیث میں لکھا جاتا ہے وہ وہی ہوتا ہے جو وہ حفظ کرتے ہیں۔

عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم، امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام ابن ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان کو بیان کیا ہے اور ایک گروہ نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے۔ اور ابن عدی نے کہا ہے کہ انہوں نے احادیث حسان روایت کی ہیں اور یہ وہ راوی ہیں جن کی احادیث لکھی جاتی ہیں اور امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک اعتبار سے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے جس کو ہم توسل بالنبی ﷺ کے باب میں ذکر کریں گے۔ اس حدیث کو بیان کرنے کا مقصد پہلی حدیث کو اس کے ذریعہ تقویت دینا ہے۔ اور اس حدیث کو پہلی حدیث کا شاہد ہونا اس حدیث کو نقصان نہیں دیتا اس سبب سے کہ جو اس کے دو راویوں کے بارے میں کہا گیا ہے کیونکہ ان پر کذب یا فسق کی تہمت نہیں لگی۔ اور متابعات اور شواھد میں ایسا احتمال ہوتا ہے۔

تیسری حدیث:

مَنْ جَاءَنِیْ زَائِرًا لَا يَعْمَلُهُ حَاجَةٌ اِلَّا زِيَارَتِیْ كَانَ حَقًّا عَلَیَّ اَنْ اَكُوْنَ لَهُ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

جو شخص زیارت کیلئے میرے پاس آیا اور میری زیارت کے علاوہ کسی ضرورت نے اسے اس عمل میں نہیں لگایا تو مجھ پر واجب ہو گیا کہ میں قیامت کے روز اس کیلئے شفاعت کروں۔

۱۔ طبرانی، المعجم الکبیر ، ۱۲: ۲۲۵، رقم: ۱۳۱۴۹

۲۔ طبرانی، المعجم الاوسط، ۵: ۲۷۵، ۲۷۶، رقم: ۴۵۴۳

۳۔ هیثمی، مجمع الزوائد، ۴: ۲

۴۔ السیوطی، جلال الدین، الدر المنثور فی التفسیر بالمأثور، ۱: ۲۳۷

اس کے علاوہ اس حدیث کو امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''امالی'' میں اور ابو بکر ابن المقری نے ''معجم'' میں بیان کیا ہے۔ اور سعید بن السکن نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔ اور یہ مسلمہ جہنی کی روایت ہے۔ انہوں نے اسے عبیداللہ العمری سے روایت کیا ہے اور اس میں موسیٰ بن ہلال کی متابعت ہے۔ بعض روایت میں لفظ '' لایعمله'' وارد ہوا ہے اور بعض میں ''لاینزعه'' کا لفظ آیا ہے۔ اور مسلمہ کے بارے میں جو انہوں نے عبیداللہ اور عبداللہ سے روایت کیا ہے اختلاف پایا گیا ہے اور اس طرح موسیٰ بن ھلال کے بارے اختلاف پایا گیا ہے۔

پس اس حدیث کو عبداللہ بن محمد العبادی البصری نے روایت کیا ہے، انہوں نے مسلمہ سے اور انہوں نے عبیداللہ سے اور انہوں نے نافع سے روایت کیا ہے۔ لفظ العبادی عین کے ضمہ اور با کے فتحہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اور یہ عباد بن ضبیعہ بن قیس بن ثعلبہ بن عکابۃ بن صعب بن علی بن بکر کی طرف نسبت کی وجہ سے عبادی کہا جاتا

ہے۔ ابو سعید بن السمعانی نے کہا کہ عبداللہ بن محمد العبادی، حسن بن حبیب بن ندبہ سے اس کو روایت کرتے ہیں اور ان سے عبدان نے روایت کیا ہے۔ الصوری نے لفظ عبدان کو با کی شد کے ساتھ پڑھا ہے جب کہ ابن ماکولا نے کہا ہے ہم اس لفظ کو با پر شد کے بغیر پڑھتے ہیں۔

سند کا بیان:

أخبرنا ابو الفضل اسحاق بن ابی بکر بن ابراهیم ابن النحاس الاسدی بقراء تی علیه بجامع دمشق فی عاشر صفر سنة ثمان و سبعمائة قلت له اخبرك الحافظ ابو الحجاج یوسف بن خلیل بن عبدالله الدمشقی قراء ة علیه و انت تسمع انا ابو عبدالله محمد بن ابی زید بن حمد بن نصر الكرانی انا ابو منصور محمود بن اسماعیل بن محمد الصیرفی انا ابو الحسین احمد ابن محمد بن الحسین بن فاذشاه انا ابو القاسم سلیمان بن احمدبن ایوب ابن مطیر اللخمی الطبرانی ثنا عبدان بن احمد ثنا عبدالله بن محمد العبادی البصری ثنا مسلمة بن سالم الجهنی حدثنی عبیدالله بن عمر عن نافع عن سالم عن ابن عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ : "مَنْ جَاءَنِیْ زَائِرًا لَا تَعْمَلُهُ حَاجَةٌ اِلَّا زِیَارَتِیْ كَانَ حَقًّا عَلَیَّ أَنْ أَكُوْنَ لَهُ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ" و أخبرنا به ایضًا علی بن احمد الغرافی فی كتابه انا ابن عماد انا ابن رفاعة انا الخلعی انا ابو النعمان تراب بن عمر بن عبید بن محمد بن عباس العسقلانی ثنا ابو الحسن علی بن عمر بن احمد بن مهدی الدارقطنی البغدادی املاء بمصر ثنا یحیی بن محمد بن صاعد ثنا ابواخبرنا ابو الفضل اسحاق بن ابی بکر بن ابراهیم ابن النحاس الاسدی بقراء تی علیه بجامع دمشق فی عاشر صفر سنة ثمان و سبعمائة قلت له اخبرك الحافظ ابو الحجاج یوسف بن خلیل بن عبدالله الدمشقی

قراء ۃ علیه و انت تسمع انا ابو عبدالله محمد بن ابی زید بن حمد بن نصر الكرانی انا ابو منصور محمود بن اسماعیل بن محمد الصیرفی انا ابو الحسین احمد ابن محمد بن الحسین بن فاذشاه انا ابوالقاسم سلیمان بن احمدبن ایوب ابن مطیر اللخمی الطبرانی ثنا عبدان بن احمد ثنا عبدالله بن محمد العبادی البصری ثنا مسلمة بن سالم الجهنی حدثنی عبیدالله بن عمر عن نافع عن سالم عن ابن عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ : " مَنْ جَاءَنِیْ زَائِرًا لَا تَعْمَلُهُ حَاجَةٌ اِلَّا زِیَارَتِیْ كَانَ حَقًّا عَلَیَّ أَنْ أَكُوْنَ لَهُ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ " و أخبرنا به ایضًا علی بن احمد الغرافی فی كتابه انا ابن عماد انا ابن رفاعة انا الخلعی انا ابو النعمان تراب بن عمر بن عبید بن محمد بن عباس العسقلانی ثنا ابو الحسن علی بن عمر بن احمد بن مهدی الدارقطنی البغدادی املاء بمصر ثنا یحیی بن محمد بن صاعد ثنا ابومحمد عبدالله بن محمد العبادی من بنی عباد بن ربیعة فی بنی مرة بالبصرة سنة خمسین و مائتین حدثنا مسلمة بن سالم الجهنی امام مسجد بنی حرام و مؤدبهم ثنا عبیدالله بن عمر عن نافع عن سالم عن ابیه قال قال رسول الله ﷺ : " مَنْ جَاءَنِیْ زَائِرًا لَمْ تَنْزَ عْهُ حَاجَةٌ اِلَّا زِیَارَتِیْ كَانَ حَقًّا عَلَیَّ أَنْ أَكُوْنَ لَهُ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ ."

وأخبرنا ایضا عبدالمؤمن وغیره اذنا عن ابی نصر انا ابن عساكر انا خالی ابوالمعالی محمد بن یحیی بن علی انا علی بن الحسن بن الحسین الخلعی فذكره باسناده و متنه و فی هذین الطریقین اعنی طریق عبدان و طریق یحیی بن محمد بن صاعد نافع عن سالم و رواه غیرهما فقال فیه عن نافع و سالم كذلك قریء علی ابی الفضل اسحاق بن ابی بكر بن ابراهیم بن هبة الله ابن طارق بن سالم بن

النحاس الاسدی الحنفی فی معجم ابن المقری وانا اسمع بدمشق ان الحافظ ابا الحجاج یوسف بن خلیل الدمشقی اخبرہ قراء ۃ علیہ و ہو یسمع بحلب اناابومسلم المؤید بن عبدالرحیم بن احمد ابن الاخوۃ و زوجہ عین الشمس بنت ابی سعید بن الحسن قالا انا ابو الفرج سعید ابن ابی الرجاء الصیرفی قال المؤید سماعا و قالت زوجتہ اجازۃ قال انا الشیخان ابو طاہر احمد بن محمود الثقفی و ابو الفتح منصور بن الحسین بن علی بن القاسم قالا انا ابوبکر محمد بن ابراہیم بن علی بن عاصم ابن المقری (ح) و اخبرنا عبدالمؤمن بن خلف وغیرہ اذنا عن ابی نصر انا علی بن الحسن بن ہنۃ اللہ اخبرناہ ابو الفرج سعید بن ابی الرجاء الاصبہانی انا منصور بن الحسین و ابو طاہر بن محمود قالا انا ابوبکر ابن المقری ثنا محمد بن احمد ابن محمد الشطوی ببغداد ثنا عبداللہ بن یزید الخثعمی ثنا عبداللہ بن محمد حدثنی مسلمۃ بن سالم الجہنی امام مسجد بنی حرام و مؤدبہم بالبصرۃ قال حدثنی عبیداللہ بن عمر العمری عن نافع و سالم عن ابن عمر قال قال رسول اللہ ﷺ : "مَنْ جَاءَ نِیْ زَائِرًا لَا یَنْزَ عُہُ اِلَّا زِیَارَتِیْ کَانَ حَقًّا عَلَی اللہِ عَزَّ وَ جَلَّ اَنْ اَکُوْنَ لَہٗ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَۃِ"

و رواہ مسلم بن حاتم الانصاری عن مسلمۃ عن عبداللہ اخبرنا بذلک ابن خلف وغیرہ اذنا عن ابن ہبۃ اللہ انا الدمشقی انا ابو علی الحداد فی کتابہ حدثنی عبدالرحیم بن علی ابومسعود عنہ انا ابونعیم الحافظ حدثنا ابو محمد بن حیان ثنا محمد بن احمد بن سلیمان الہروی ثنا مسلم بن حاتم الانصاری ثنا مسلمۃ ابن سالم الجہنی حدثنی عبداللہ یعنی العمری حدثنی نافع عن سالم عن ابن عمر قال قال رسول اللہ ﷺ : " مَنْ جَاءَ نِیْ زَائِرًا لَمْ تَنْزَ عُہُ حَاجَۃٌ اِلَّا زِیَارَتِیْ

كَانَ حَقًّا عَلَيَّ أَنْ أَكُوْنَ لَهٗ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

یہ اس حدیث کے طرق ہیں اور اس کو امام و حافظ ابو علی سعید بن عثمان بن سعید بن السکن البغدادی المصری البزار اپنی کتاب " **السنن الصحاح المأثورة عن رسول الله ﷺ** " جو کہ محذوف الاسانید ہے اس کے خطبے میں ذکر کرتے ہیں۔

"پس آپ نے مجھ سے چاہا کہ میں آپ کیلئے "**سنن ماثورہ**" جن کو ان آئمہ نے نقل کیا ہے کہ جن کے بارے میں کسی نے طعن نہیں کیا، میں سے وہ احادیث جمع کروں کہ جو میری نظر میں صحیح ہیں۔ پس جب میں نے غور وخوض کیا تو میں نے آئمہ میں سے ایسی جماعت کو پایا کہ جنہوں نے وہ کچھ نقل کیا جو آپ نے مجھ سے چاہا۔ پس میں نے جو کچھ انہوں نے بیان کیا اس کو اچھے طریقے سے یاد کر لیا اور جن احکام کی مسلمانوں کو ضرورت تھی ان کی ابواب بندی کی۔ پس آئمہ نے جو کچھ بیان کیا اس میں غور وخوض کیا اور میں نے تمام آئمہ کو مجتهدین میں سے پایا اور جو روایت میں نے اپنی کتاب میں نقل کی ہے وہ ایسی روایت ہے کہ جس کی صحت پر تمام آئمہ کا اجماع ہے۔"

اس کتاب میں کتاب الحج کے آخر میں" **باب ثواب من زار قبر النبی ﷺ**" میں یہ حدیث بیان کرتے ہیں۔

عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ : " مَنْ جَاءَ نِيْ زَائِرًا لَمْ تَنْزَ عْهُ حَاجَةٌ اِلَّا زِيَارَتِيْ كَانَ حَقًّا عَلَيَّ أَنْ أَكُوْنَ لَهٗ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ "

ابن السکن نے اس باب میں اس کے علاوہ بھی اس طرح کی احادیث ذکر کی ہیں تو گویا یہ ان کی طرف سے حکم ہے کہ یہ احادیث متفق علیہ ہیں اس شرط کی وجہ سے جو انہوں نے خطبہ میں لگائی ہے۔ اور ابن سکن امام، حافظ، ثقہ، کثرت سے احادیث روایت کرنے والے، علم کی تلاش میں بہت زیادہ سفر کرنے والے جنہوں نے عراق، شام، مصر، خراسان اور ماوراء النھر کے سفر کیے یہ بغدادی ہیں اور مصر میں قیام پذیر رہے اور وہیں

۳۵۳ ھ میں ان کا وصال ہوا۔ ابن سکن کی ابواب بندی اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ حضور اکرم ﷺ کے وصال مبارک کے بعد آپ کی قبر انور کی زیارت کو آپ ﷺ کی حیات ظاہری میں زیارت کی طرح قرار دیتے ہیں اور یہی درست مفہوم ہے۔

چوتھی حدیث:

مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ فَکَأَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ

جس شخص نے حج کیا پھر میرے وصال کے بعد میری قبر کی زیارت کی تو گویا اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔

۱۔ دارقطنی، السنن، ۲: ۲۷۸

۲۔ طبرانی، المعجم الکبیر، ۱۲: ۳۱۰، رقم: ۱۳۴۹۷

۳۔ البیھقی، السنن الکبری، ۵: ۲۴۶، رقم: ۱۰۰۵۴

سند کا بیان:

اخبرنا عبدالمؤمن بن خلف الحافظ انا یوسف بن خلیل الحافظ انا ناصر بن محمد ابو برح انا اسماعیل بن الفضل بن الاخشید انا ابو طاھر بن عبدالرحیم انا علی بن عمر الحافظ الدارقطنی قال حدثنا عبداللہ بن محمد بن عبدالعزیز ثنا ابو الربیع الزھرانی (ح) و قرأت علی ابی محمد اسحاق بن یحیی بن اسحاق بن ابراھیم الآمدی و اللفظ لہ اخبرك یوسف بن خلیل الحافظ انا محمد بن ابی زید الکرانی انا محمود الصیرفی انا ابن فاذشاہ انا الطبرانی ثنا الحسین ابن اسحاق التستری ثنا ابو الربیع الزھرانی ثنا حفص بن ابی داود عن لیث عن مجاھد عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال: " مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ"

عثمان بن محمد نے مکہ سے مجھے لکھا کہ انہوں نے حافظ ابو الحسین سے مصر میں یہ روایت قراءۃ لی ہے۔اور یہ سند اس طرح ہے۔

قال انا ابوالبرکات الحسن بن محمد بن الحسن الشافعی انا ابو طاهر عبدالرحمن بن احمد بن عبدالقادر بن یوسف البغدادی انا ابوبکر محمد بن عبدالملك بن بشران انا ابوالحسن الدارقطنی حدثنا عبدالله بن محمد بن عبدالعزیز ثنا ابو الربیع ثنا حفص بن ابی داود عن لیث بن ابی سلیم: عن مجاهد عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال : " مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ"

حدیث کی دوسری سند کا بیان:

وأخبرناه عبدالمؤمن وغیره اذنًا عن الشیرازی انا الحافظ الدمشقی انا ابوعبدالله الخلال انا ابراهیم بن منصور انا ابوبکر ابن المقری انا ابویعلی الموصلی ثنا ابوالربیع ثنا حفص بن ابی داود عن لیث عن مجاهد عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ :" مَنْ حَجَّ فَزَارَنِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ" و کذلك رواه ابواحمد بن عدی فی الکامل.

حدیث کی تیسری سند کا بیان:

اخبرناه ابو محمد التونی، هو الحافظ الدمیاطی، و آخرون اذنا عن ابی الحسن النجارعن ابی الکرم المبارك بن الحسن الشهرزوری انا اسماعیل بن مسعدة الاسماعیلی انا حمزة بن یوسف السهمی انا ابو احمد بن عدی الجرجانی انا الحسن بن سفیان ثنا علی بن حجر، و ثنا عبدالله بن محمد البغوی ثنا ابو الربیع الزهرانی، قال علی ثنا حفص بن سلیمان، وقال ابو الربیع ثنا حفص بن ابی داود و قالا عن لیث عن مجاهد عن ابن عمر رضی الله عنهما

قال قال رسول اللہ ﷺ :"مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ وَ صَحِبَنِیْ"

سند پر تبصرہ:

امام ابوبکر بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے سنن میں ابن عدی کی اس روایت کو دو طرق سے ذکر کیا ہے۔ اور ابن عدی نے اس کو حفص بن سلیمان الاسدی الغاضری القاری کے ترجمہ میں بیان کیا ہے۔ اور یہ حکم لگایا گیا ہے کہ حفص سے مراد ابن ابی داود ہے جو سند میں مذکور ہے۔ اور ابن عدی کہتے ہیں کہ ابو الربیع الزہرانی ان کو حفص بن ابی داود ان کے ضعف کی وجہ سے کہتے ہیں اصل میں یہ حفص بن سلیمان ہیں۔ اور امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ حفص اس سند میں متفرد ہیں۔ اور یہ ضعیف ہیں۔ اور یہی حکم حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے لگایا ہے۔

چوتھی سند کا بیان:

اخبرنا الدمیاطی اذنا انبأنا ابن هبه الله الشیرازی انا ابن عساکر اناه الخلال انا ابراهیم بن منصور السلمی انا ابوبکر ابن المقری انا ابوسعید المفضل بن محمد بن ابراهیم الجندی ثنا مسلمة و هو ابن شبیب ثنا عبدالرزاق ثنا ابو عمر حفص بن سلیمان (ح) قال ابن عساکر و انا ابوالقاسم ابن السمرقندی انا ابوالقاسم اسماعیل بن مسعدة انا حمزة بن یوسف السهمی قالا انا ابو احمد بن عدی انا الحسن بن سفیان ثنا علی بن حجر (ح) قال ابن عساکر و انا ابوالقاسم الشحامی انا ابوبکر البیهقی انا علی بن احمد بن عبدان ثنا احمد بن عبید حدثنی محمد بن اسحاق الصفار ثنا ابن بکار ثنا حفص بن سلیمان عن لیث عن مجاهد عن ابن عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ : " مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ "

سند پر تبصرہ:

سھمی نے "و صحبنی" کے الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔ اور امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے سنن میں ان الفاظ کا اضافہ ذکر نہیں کیا۔ اور اس کی روایت یوں بیان کی ہے۔"عبداللہ بن یوسف انا محمّد بن نافع الخزاعی ثنا المفضل الجندی " اور اس کو سند اور متن کے اعتبار سے ذکر کیا ہے جس طرح کہ اس کو ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابن المقری کے طریق سے روایت کیا ہے۔

اور مجھ کو عثمان بن محمد التوزی نے مکہ مکرمہ سے لکھا کہ انہوں نے اس کو ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ سے قراءۃ روایت کیا ہے۔ اور سند اس طرح ہے۔

قال انا الحسن بن محمد انا علی بن الحسن انا ابو القاسم اسماعیل بن محمد انا احمد بن عبدالغفار بن اشته انا ابو سعید النقاش انا ابو بکر محمد بن عبداللہ بن ابراهیم الجوزجانی ثنا الحسن بن الطیب البلخی ثنا علی بن حجرثنا حفص بن سلیمان عن لیث عن مجاهد عن ابن عمر رضی اللہ عنهما قال قال رسول اللہ ﷺ: " مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ"

حافظ بغدادی "الدرة الثمینة فی أخبار المدینة" میں بیان کرتے ہیں:۔

أنبانا عبدالرحمن بن علی انا ابوالفضل الحافظ عن ابی علی الفقیه أنبانا ابو القاسم الأزهری انا القاسم بن الحسن ثنا الحسن بن الطیب ثنا علی بن حجرثنا حفص بن سلیمان عن لیث عن مجاهد عن ابن عمر رضی اللہ عنهما قال قال رسول اللہ ﷺ: " مَنْ حَجَّ فَزَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ کَانَ کَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ وَ صَحِبَنِیْ "

ابو الیمن بن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی سند کے بارے میں کہا ہے کہ" اس حدیث کو حسن بن طیب نے علی بن حجر سے روایت کیا ہے اور اس میں الفاظ کی زیادتی کی

ہے جو قبول نہیں اور وہ الفاظ یہ ہیں۔ "من حج فزار قبری بعد موتی کان کمن زارنی فی حیاتی و صحبنی" اور حسن بن طیب " و صحبنی " کے الفاظ لانے میں متفرد ہیں اور یہ محل نظر ہے۔

میری رائے ہے ہم نے اس اضافے "وصحبنی" کوحسن بن سفیان کے طریق سے ذکر کیا ہے اور وہ اس میں متفرد نہیں ہیں اور عبدالرحمٰن جن سے ابن بخار نے روایت کیا ہے وہ ابن جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ ہیں اور میں نے اس اضافے کو ان کے قلمی نسخے " مثیر العزم الساکن الی أشرف الأماکن " میں مذکور اسناد کے ساتھ دیکھا ہے۔ اور اس حدیث کو دوسرے طریق سے روایت کیا گیا ہے اور وہ یہ کہ "عن حفص بن سلیمان عن سلیمان عن کثیر بن شنطیر عن لیث بن ابی سلیم"

أخبرنا بذلك الحافظ ابو محمد الدمیاطی اجازة أنبانا ابو نصر مكاتبة ان ابن عساكر سماعا انا الشحامی انا الجنزرودی انا ابن حمدان انا ابویعلی الموصلی ثنا یحیی بن ایوب ثنا حسان بن ابراهیم ثنا حفص بن سلیمان عن كثیر بن شنطیر عن لیث بن ابی سلیم عن مجاهد عن ابن عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ: "مَنْ حَجَّ فَزَارَنِیْ بَعْدَ وَفَاتِیْ عِنْدَ قَبْرِیْ فَكَاَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ" واشار ابن عساكر الی ان الصواب الاوّل.

سند پر تبصرہ:

حفص بن سلیمان القاری الغاضری یہ حفص بن ابوداود ہیں اور یہی قول امام بخاری، ابن ابی حاتم، ابن عدی اور ابن حبان رحمہم اللہ تعالیٰ اور دیگر کا ہے۔ اور باقی رہا ان کا اس سند کا راوی ہونا تو ابن عدی اور ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ کی یہی رائے ہے۔ اور اس طرف امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اشارہ کیا ہے۔ لیکن ابن حبان رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الثقات میں ذکر کیا ہے جو توقف کا تقاضا کرتا ہے اور وہ یہ ہے کہ حفص بن سلیمان

البصری یہ حسن سے روایت کرتے ہیں جن کا وصال ۱۳۰ ھ میں ہوا۔ اور یہ حفص بن سلیمان البز ار ابی عمر القاری نہیں۔ وہ ضعیف تھے اور اس سند والے یہ ثقہ ہیں۔

ابن حبان رحمہ اللہ تعالیٰ نے حفص بن سلیمان کو کتاب المجروحین میں ذکر کیا ہے اور ان کا ضعف ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ ابن ابی داود ہیں۔ اور یہ ممکن نہیں کہ انہیں اشتباہ ہو گیا ہو اور انہوں نے ایک ہی شخص کو دو بنا دیا ہو ایک کو ثقہ اور دوسرے کو ضعیف۔ اور یہ بھی ممکن نہیں کہ یہ دو ہوں اور ابن عدی کو اشتباہ ہو گیا ہو اور انہوں نے ان کو ایک بنا دیا ہو۔ پس اگر غور سے دیکھیں تو ابن حبان رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کا تقاضا ہے کہ ان کو ضعیف قرار نہ دیا جائے۔

عبداللہ بن احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں۔ میں نے حفص بن سلیمان کے بارے میں ان کے باپ سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ یہ صالح ہیں۔ ان اقوال کے بعد بھی اگر ان کا ضعف ثابت ہو جائے تو یہ اس حدیث میں متفرد نہیں ہیں۔

پانچویں حدیث:

مَنْ حَجَّ الْبَيْتَ وَلَمْ يَزُرْنِيْ فَقَدْ جَفَانِيْ

جس نے بیت اللہ شریف کا حج کیا اور میری زیارت نہ کی پس اس نے مجھ سے جفا کی۔

۱۔ ابن حجر مکّی : الجوهر المنظّم : ۲۸

۲۔ النبهانی، شواهد الحق فی الاستغاثة بسید الخلق : ۸۲

اس کے علاوہ اس حدیث کو ابن عدی نے " الکامل " میں روایت کیا ہے۔

سند کا بیان:

أخبرناه اذنا و مشافهة عبدالمؤمن وآخرون عن ابی الحسن ابن

المقیر البغدادی عن ابی الکرم ابن الشھرزوری انا اسماعیل بن مسعدۃ الاسماعیلی انا حمزۃ بن یوسف السھمی انا ابو احمد بن عدی ثنا علی بن اسحاق ثنا محمد بن محمد بن النعمان حدثنی جدی قال حدثنی مالک عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنھما قال قال رسول اللہ ﷺ "مَنْ حَجَّ الْبَیْتَ وَلَمْ یَزُرْنِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ"

حدیث پر تبصرہ:

ابن عدی نے نعمان کی احادیث کو بیان کرنے کے بعد کہا یہ احادیث نافع سے مروی ہیں اور انہوں نے انہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے۔ نعمان بن شبل ان کو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت کرتے ہیں اور مجھے اس چیز کا علم نہیں کہ نعمان بن شبل کے علاوہ کسی نے اس حدیث کو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت کیا ہے۔ اور نہ ہی میں ان کی احادیث میں سے کسی حدیث کو غریب پاتا ہوں اس اعتبار سے کہ انہوں نے کسی حدیث کو لینے میں حد سے تجاوز کیا ہو اور حدیث کو ذکر کیا ہو۔

عمران بن موسیٰ الزجاجی سے ان کے ترجمہ میں روایت کیا گیا ہے کہ یہ متہم ہیں اور اس تہمت کی وضاحت نہیں کی گئی پس ان پر ثقہ کا حکم مقدم ہوگا۔

امام ابوالحسن دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو امام مالک بن انس رحمہ اللہ تعالیٰ کی ایسی غرائب احادیث میں ذکر کیا ہے جو مؤطا میں موجود نہیں ہیں۔

قال ثنا ابو عبداللہ الایلی و عبدالباقی قالا ثنا محمد بن محمد بن النعمان ابن شبل ثنا جدی ثنا مالک عن نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنھما عن النبی ﷺ قال "مَنْ حَجَّ الْبَیْتَ وَلَمْ یَزُرْنِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ"

امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں۔" اس حدیث کو روایت کرنے میں یہ شیخ اکیلے ہیں۔" اور وہ دارقطنی کی اس عبارت کے منکر ہیں اور ظاہر ہے ان کا یہ انکار ان کے اس حدیث کو اکیلے روایت کرنے کی وجہ سے ہے اور ان کا اس حدیث کو ان اسناد پر محمول

نہ کرنے کی وجہ سے ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حدیث کے متن کو منکر اور موضوع قرار دیا جائے۔ امام ابن جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو موضوعات میں ذکر کیا ہے اور ایسا کرنا زیادتی ہے اور ابن عدی کا قول ان (ابن جوزی) کے بارے میں کافی ہے۔ اور امام ابن جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ نے دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں کہا ہے کہ اس کو محمد بن محمد پر محمول کیا جائے گا نہ کہ اس کے دادا پر اور دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ کا کلام جس کو ہم نے ذکر کیا ہے اس کا احتمال رکھتا ہے کیونکہ اس سے مراد نعمان کا اکیلا ہونا ہے جسے ابن عدی نے کہا ہے۔

ابن حبان رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب المجروحین میں احمد بن عبید سے اور انہوں نے محمد بن محمد سے اور ابن جوزی کا قول "کتاب الضعفاء" میں ہے کہ دارقطنی نے محمد بن محمد بن نعمان پر طعن کیا ہے۔ اور ہم نے دارقطنی کے کلام سے جو کچھ بیان کیا ہے وہ راوی کا منکر ہونا ہے ضعیف ہونا نہیں۔ پس اس سے ان پر "وضع" کا حکم لانا باطل ہو گیا لیکن وہ غریب ہیں جیسا کہ دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے اور یہ بات ابن عدی کے کلام کی وجہ سے مفید ہے کیونکہ وہ اس کے علاوہ دوسرے راوی پر اعتماد کرتے ہیں اور یہ حدیث پہلی حدیث کے بعد پیش کی جانی چاہیے تھی کیونکہ یہ حدیث نافع کے طریق سے مروی ہے لیکن ہم نے اس کو مؤخر کیا ہے کیونکہ اس پر جرح و نقد ہوتی ہے۔ اور یہ بات جان لینی چاہیے کہ محدثین کا کسی حدیث کو منکر یا غریب کہنا کبھی اس وجہ سے ہوتا ہے اور اس سے حدیث کے متن کا رد ہونا لازم نہیں آتا لیکن اس کے برعکس اگر کوئی فقیہہ کسی حدیث کو موضوع قرار دے تو اس کا یہ حکم متن میں مؤثر ہوتا ہے۔ پس اس لیے ہم نے دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ کے کلام کو قبول کر لیا اور ابن جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ کے کلام کو رد کر دیا ہے۔ واللہ اُعلم

مدینہ منورہ کی فضیلت پر حدیث

ایک اور حدیث سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور اس کو امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے العلل میں مسند ابن عمر رضی اللہ عنہ میں ذکر کیا ہے۔

" من استطاع أن يموت بالمدينة فليفعل"

جوشخص یہ استطاعت رکھتا ہے کہ مدینہ منورہ میں فوت ہوتو اس کو ایسا کرنا چاہیے۔

چھٹی حدیث

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ . أَوْ مَنْ زَارَنِیْ. کُنْتُ لَهُ شَفِیْعًا. أَوْشَهِیْدًا

جس نے میری قبر کی زیارت کی یا جس نے میری زیارت کی تو میں اس کی شفاعت کروں گا۔ یا گواہ ہوں گا۔

۱۔ الطيالسی، المسند، ۱۲، ۱۳، رقم : ۶۵

۲۔ البيهقی، السنن الكبرى، ۵: ۲۴۵، رقم : ۱۰۰۵۳

۳۔ البيهقی، شعب الايمان، ۳ : ۴۸۹، رقم : ۴۱۵۳

۴۔ دارقطنی، السنن، ۲: ۲۷۸

سند کا بیان:

أخبرنا ابوبكر احمد بن محمد بن ابی القاسم بن بدران بن ابان الدشتی بقراء تی عليه بالشام سنة سبع و سبعمائة قال انا الحافظ ابو الحجاج يوسف بن خليل بن عبدالله الدمشقی بحلب سنة ثلاث و اربعين و ستمائة قال انا القاضی ابو المكارم احمد بن محمد بن محمد بن عبدالله بن محمد بن عبدالرحمن بن محمد بن قيس اللبان قراء ة عليه و انا اسمع غير مرة باصبهان فی سنة احدى و تسعين و خمس مائة قيل له اخبركم ابو علی الحسن بن احمد بن الحسن الحداد المقری قراء ةعليه و انت تسمع فی محرم سنة اثنتی عشرةو

خمس مائة فاقر به قال انا الامام ابو نعيم احمد بن عبدالله بن احمد بن اسحاق الحافظ قراء ة عليه و انا اسمع انا ابو محمد عبدالله بن جعفر بن احمد بن فارس ثنا ابو بشر يونس بن حبيب ثنا ابوداود الطيالسي ثنا سوار بن ميمون ابو الجراح العبدی قال حدثنی رجل من آل عمر عن عمر رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول الله ﷺ يقول : " مَنْ زَارَ قَبْرِیْ . أَوْ قَالَ مَنْ زَارَنِیْ. کُنْتُ لَهٗ شَفِیْعًا. أَوْشَهِیْدًا وَمَنْ مَاتَ فِیْ أَحَدِالْحَرَمَیْنِ بَعَثَهُ اللهُ فِی الآمِنِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ "

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو امام طیالسی رحمہ اللہ تعالیٰ کی جہت سے سنن کبیر میں ذکر کیا ہے۔ اور حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی جہت سے ذکر کیا ہے۔

أنبأناه عبدالمؤمن وغيره عن ابن الشيرلزی انا ابن عساكر اناه ابوعلی الحداد اجازة ثم انا ابن السمرقندی انا يوسف بن الحسن التفكری؟ قالا انا ابونعيم ثنا ابن فارس (ح) و به الی ابن عساكر قال و اخبرنا الشحامی انا ابوبكر البيهقی انا ابن فورك انا ابن فارس.. فذكره. و سوار بن ميمون روی عنه شعبة .

سوار بن میمون ان سے شعبہ نے روایت کیا ہے اور اس حدیث کو ہم ساتویں حدیث میں ذکر کریں گے۔ اور شعبہ کا ان سے روایت کرنا ان کے ہاں سوار بن میمون کے ثقہ ہونے کی دلیل ہے۔ پس سند میں کوئی غیر ثقہ شخص نہیں رہا سوائے اس شخص کے جو آل عمر میں سے ہے۔ اور وہ طبقہ تابعین میں سے ہیں۔

رہا امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول کہ یہ سند مجہول ہے۔ تو اگر جہالت کا سبب وہ راوی ہے جو آل عمر میں سے ہے تو یہ درست ہے۔ اور ہم نے ان کے حوالے سے ذکر کیا ہے کہ وہ طبقہ تابعین میں سے ہیں۔ اور اگر جہالت کا سبب سوار بن میمون کے حال سے لاعلمی ہے تو ہم نے ذکر کیا ہے کہ شعبہ کا ان سے روایت کرنا ان کے ثقہ ہونے

کی دلیل ہے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی شعبہ کی اس راوی سے روایت کو اپنی سنن کے علاوہ کتاب میں ذکر کیا ہے جس کو ہم ساتویں حدیث میں ذکر کریں گے۔ اور امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک اور مقام پر ذکر کیا ہے کہ ان کے نام میں اختلاف ہے ایک روایت کے مطابق یہ سوار بن میمون ہے جب کہ ایک روایت کے مطابق یہ میمون بن سوار ہے۔اور وکیع نے ان سے روایت کیا ہے۔

ساتویں حدیث:

مَنْ زَارَنِیْ مُتَعَمِّدًا کَانَ فِیْ جِوَارِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

جس نے با قاعدہ نیّت کے ساتھ میری زیارت کی وہ قیامت کے دن میری ہمسائیگی میں ہوگا۔ •

(اس حدیث کو ابو جعفر العقیلی اور دیگر نے سوار بن میمون سے روایت کیا ہے)

سند کا بیان

أخبرنا الحافظ ابو محمد اذنا اناابن الشیرازی فی کتابه انا ابن عساکر سماعًا انا الشحامی انا البیهقی انا ابو عبدالله الحافظ اخبرنی علی ابن عمر الحافظ ثنا احمد بن محمد الحافظ حدثنی داود بن یحیی (ح) قال ابن عساکر و انا ابوالبرکات ابن الانماطی انا ابوبکر الشامی انا ابوالحسن انا ابوالحسن العتیقی انا ابن الدخیل ثنا ابو جعفر محمد بن عمر و العقیلی ثنا محمد بن موسی قالا ثنا احمد بن الحسن الترمذی ثنا عبدالملك بن ابراهیم الجدی ثنا شعبة عن سوار بن میمون عن.....و فی حدیث الشحامی، ثنا هارون بن قرعة عن رجل من آل الخطاب عن النبی ﷺ قال: مَنْ زَارَنِیْ مُتَعَمِّدًا کَانَ فِیْ جِوَارِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

شحامی کی روایت:

شحامی نے روایت میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔ " وَمَنْ سَكَنَ الْمَدِيْنَةَ وَ صَبَرَ عَلٰى بَلَائِهَا كُنْتُ لَهُ شَهِيْدًا وَ شَفِيْعًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ " وَقَالَا " وَمَنْ مَاتَ فِيْ أَحَدِالْحَرَمَيْنِ بَعَثَهُ اللّٰهُ فِي الْآمِنِيْنَ" وَ قَالَ الشحامی : " مِنَ الْآمِنِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ"

(جو شخص مدینہ منورہ میں رہا اور اس میں آنے والی آزمائشوں پر صبر کیا تو میں قیامت کے دن اس کا گواہ اور شافع ہوں گا۔)

اور دوسری حدیث کا ترجمہ یوں ہے۔ (جو شخص دونوں حرمین میں سے کسی ایک میں فوت ہو گیا تو اللہ تعالیٰ اس کو مامون لوگوں میں سے اٹھائے گا۔)

رجال سند پر تبصرہ:

اس سند میں مذکور ہارون بن قزعہ، ان کو ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ اور عقیلی نے ان کے بارے میں امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ان کی احادیث کے متابع نہیں ہیں۔

پس سند میں ایک راوی رہ جاتے ہیں جو مبھم ہیں۔ اور وہ راوی آل عمر یا آل خطاب ہے، ان کے بارے میں ہوسکتا ہے کو وہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہوں ۔ اور ابن حبان رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ ہارون ابن قزعہ ایک شخص سے جو ولد حاطب سے ہے، سے روایت کرتے ہیں۔اور یہ احادیث مرسل ہیں۔ پس دونوں صورتوں میں یہ ایک اچھی مرسل ہوگی۔

رہا ازدی کا یہ قول کہ ہارون متروک الحدیث ہیں اور ان سے احتجاج نہیں کیا جاتا۔ ان کے اس قول کی وجہ شاید امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ اور عقیلی کا ہارون کے بارے میں قول ہے۔ دراصل ان کا ایسا کہنا مبالغہ پر مبنی ہے کیونکہ ایسا اس راوی کے بارے میں کہنا

چاہیے جس راوی کے حال کا علم ہو کہ وہ متروک ہے۔ اور جب آپ کو اس بات کا علم ہے کہ ابن حبان رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے اور ابن حبان، ازدی سے زیادہ جاننے والے اور ثقہ ہیں۔ اور انہوں نے ہارون بن قزعہ سے مسندا بھی روایت کیا ہے۔

آٹھویں حدیث

مَنْ زَارَنِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَکَأَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ

جس شخص نے میرے وصال کے بعد میری زیارت کی اس نے گویا میری زندگی میں میری زیارت کی۔

(اس حدیث کو امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ اور دیگر نے روایت کیا ہے۔)

حدیث کی سند کا بیان:

أخبرناه الحافظ ابو محمد الدمیاطی سماعا علیه فی کتاب السنن للدارقطنی قال انا الحافظ ابو الحجاج یوسف بن خلیل انا الویرج انا الاخشید انا ابن عبدالرحیم انا الدارقطنی ثنا ابوعبید و القاضی ابوعبدالله وابن مخلد قالوا ثنا محمد بن الولید البسری ثنا وکیع ثنا خالد بن ابی خالد و ابو عون عن الشعبی و الأسود بن میمون عن هارون بن قزعة عن رجل من آل حاطب عن حاطب رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ : " مَنْ زَارَ نِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَکَأَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ، وَمَنْ مَاتَ بِأَحَدِ الْحَرَمَیْنِ بُعِثَ مِنَ الْآمِنِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ "

اس طرح یہ سنن دارقطنی میں مذکور ہے۔

حدیث کی ایک اور سند کا بیان:

و أنبانا به أیضا عبدالمؤمن أنبانا ابن الشیرازی انا ابن عساکر انا فاتکین الترکی انا الجوهری انا علی بن محمد ابن لؤلؤ انا زکریا

الساجی (ح) قال ابن عساکر و انا احمد بن محمد البغدادی انا ابن شکرویه و محمد بن احمد السمسار قالا انا ابراهیم بن عبدالله انا المحاملی قالا ثنا محمد بن الولید البسری ثنا وکیع ثنا خالد بن ابی خالد و ابن عون عن الشعبی و الاسود بن میمون عن هارون بن قزعة به

و أنبأناه عبدالمؤمن ایضا أنبأنا ابو نصر انا ابن عساکر انا علی ابن ابراهیم الحسینی انا رشأ بن نظیف المقری انا الحسن بن اسماعیل الفرات ثنا احمد بن مروان المالکی ثنا زکریا بن عبدالرحمن البصری ثنا محمّد بن الولید ثنا وکیع بن الجراح عن خالد و ابن عون عن هارون ابن قزعة مولی حاطب عن حاطب رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ : " مَنْ زَارَنِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَکَأَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِی، وَمَنْ مَاتَ فِیْ أَحَدِالْحَرَمَیْنِ بُعِثَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنَ الْآمِنِیْنَ "

اسی طرح یہ احمد بن مروان المالکی کی روایت میں آیا ہے۔

نویں حدیث :

مَنْ حَجَّ حَجَّةَ الاِسْلَامِ وَ زَارَ قَبْرِیْ وَ غَزَا غَزْوَةً وَ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ بَیْتِ الْمَقْدِسِ لَمْ یَسْأَلْهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فِیْمَا افْتَرَضَ عَلَیْهِ

(رواه الحافظ ابو الفتح الازدی فی الثانی من فوائده.)

جس شخص نے فرض حج ادا کیا اور میری قبر مبارک کی زیارت کی اور اس نے جہاد کیا اور بیت المقدس میں مجھ پر صلوٰۃ بھیجا تو اللہ تعالیٰ اس سے دوسرے فرائض کے بارے میں سوال نہیں فرمائے گا۔

سند کا بیان:

أخبرنا به ابوالنجم شهاب علی المحسنی قراء ۃ علیه و انا اسمع بالقرافه الصغری فی سنة سبع وسبعمائة و ابوالفتح ابن ابراهیم بقراء تی علیه سنه ثلاث و عشرین قالا انا ابو محمد عبدالوهاب ابن ظافر بن علی بن فتوح الازدی المعروف بابن رواج قال الاول سماعا و قال الثانی اجازة قال انا الحافظ ابو طاهر بن احمد بن محمد بن احمد ابن ابراهیم بن سلفه السلفی الاصبهانی قراء ۃ علیه و انا اسمع انا ابو طالب عبدالقادر بن محمد بن یوسف ببغداد ثنا ابواسحاق بن ابراهیم بن عمر ابن احمد البرمکی انا ابوالفتح محمد بن الحسین بن احمد الازدی الحافظ ثنا النعمان بن هارون بن ابی الدلهات ثنا ابو سهل بدر بن عبدالله المصیصی ثنا الحسن بن عثمان الرمادی ثنا عمار بن محمد حدثنی خالی سفیان عن منصور عن ابراهیم عن علقمة عن عبدالله بن عمر رضی الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ :

"مَنْ حَجَّ حَجَّةَ الإِسْلَامِ وَ زَارَ قَبْرِیْ وَ غَزَا غَزْوَةً وَ صَلّٰی عَلَیَّ فِیْ بَیْتِ الْمَقْدِسِ لَمْ یَسْأَلْهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فِیْمَا افْتَرَضَ عَلَیْهِ"

سند پر تبصرہ:

ا۔ اس سند میں عمار بن محمد ہیں جو سفیان ثوری کے بھانجے ہیں۔ ان سے امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

۲۔ حسن بن عثمان الرمادی، ان کے بارے میں خطیب نے کہا ہے کہ یہ ایک جلیل القدر عالم دین، اہل معرفت، بہت ثقہ اور امانت دار تھے۔ انہوں نے خلیفہ متوکل کے دور میں شرقیہ کا منصب قضاء سنبھالا۔ ان سے طلحہ ابن جعفر نے روایت کیا ہے۔ اور ان کو خطیب کے علاوہ دیگر نے بھی ذکر کیا ہے۔ یہ بہت صالح بہت فہم وفراست والے انہوں نے کئی کتابیں لکھیں۔

۳۔ ابوسھل بدر بن عبداللہ المصیصی مجھے ان کے احوال کے بارے میں کچھ خبر نہیں ہوئی۔

۴۔ نعمان بن ھارون بن ابی الدلھات، انہوں نے بغداد میں بہت سے لوگوں سے روایت کیا ہے اور ان سے محمد بن المظفر اور علی بن عمر السکری نے روایت کیا ہے۔

اور خطیب فرماتے ہیں۔ میں ان کے بارے میں خیر کے سوا کچھ نہیں جانتا۔

۵۔ ابوالفتح محمد بن الحسین بن احمد الازدی الموصلی، یہ اہل علم و فضل میں سے تھے۔ اور حافظ حدیث تھے اور انہوں نے علوم الحدیث میں ایک کتاب لکھی ہے جس کو خطیب بغدادی نے تاریخ میں اور ابن السمعانی نے الانساب میں ذکر کیا ہے۔

محمد بن جعفر بن علان نے ان کی تعریف کی ہے۔ اور ابوالنجیب الارموی نے کہا ہے کہ اہل موصل ان کی قدر دانی نہیں کرتے تھے اور ان کو کسی شمار میں نہیں لاتے تھے۔ اور جب برقانی سے ان کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے ان کو ضعیف کہا ہے۔ اور برقانی کے علاوہ دیگر نے ان کے بارے میں اس سے بھی سخت رائے دی ہے۔

دسویں حدیث

مَنْ زَارَنِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَكَأَنَّمَا زَارَنِیْ وَ أَنَا حَیٌّ

جس نے میرے وصال کے بعد میری زیارت کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔

(رواہ ابوالفتوح سعید بن محمد بن اسماعیل الیعقوبی فی جزء له فیه فوائد مشتملة علی بعض فضائل سیدنا رسول الله ﷺ و آثارہ و ما ورد فی فضل زیارته و درجة زوارہ)

سند کا بیان:

اس حدیث کو محدث اسماعیل بن عبداللہ بن عبدالمحسن الانصاری المالکی جو کہ ابن الانماطی کے نام سے مشہور ہیں نے اپنی حدیث کی کتاب ''جزء'' میں روایت کیا ہے اور

میں نے ان کے خط سے نقل کیا ہے۔ وہ یوں روایت کرتے ہیں: ہم کو ابو محمد عبداللہ بن علوان بن ھبۃ اللہ بن ریحان الحوطی التکریتی الصوفی نے قراءۃ بیان کیا اور میں نے اس کو حرم شریف میں دکۃ الصوفیۃ پر باب بنی شیبۃ کی طرف کعبۃ معظمۃ میں سنا۔ اور اس کی سند یوں ہے۔

قال ثنا ابوالفتوح سعید بن محمد بن اسماعیل الیعقوبی فی ربیع الاول سنۃ اثنتین و خمسین و خمسمائۃ قال ثنا الامام ابن السمعانی ثنا ابوسعید احمد بن محمد بن احمد بن الحسن الحافظ املاء فی الروضۃ بین قبر النبی ﷺ و منبرہ فی الزورۃ الثانیۃ انا ابوالحسین احمد بن عبدالرحمن الذکوانی انا احمد بن موسی بن مردویہ الحافظ ثنا الحسن ابن محمد السوسی ثنا احمد بن سھل بن ایوب ثنا خالد بن یزید ثنا عبداللہ بن عمر العمری قال سمعت سعد المقبری یقول سمعت اباھریرۃ رضی اللہ عنہ یقول قال رسول اللہ ﷺ : "مَنْ زَارَنِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَکَاَنَّمَا زَارَنِیْ وَ اَنَا حَیٌّ، وَ مَنْ زَارَ نِیْ کُنْتُ لَهٗ شَهِیْدًا وَ شَفِیْعًا یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

سند پر تبصرہ:

اس سند میں خالد بن یزید، اگر تو یہ العمری ہیں تو ان کے بارے میں ابن حبان نے کہا ہے کہ ان کی حدیث منکر ہوتی ہے۔

احمد بن سھل بن ایوب اھوازی، ان کے بارے میں الصریفینی نے کہا ہے کہ یہ اھواز میں ترویہ کے دن ۲۹۱ھ میں وصال فرما گئے۔

گیارھویں حدیث:

مَنْ زَارَنِیْ بِالْمَدِیْنَۃِ مُحْتَسِبًا کُنْتُ لَہٗ شَفِیْعًا. أَوْشَہِیْدًا

جس شخص نے خلوص نیّت سے مدینہ منورہ حاضر ہو کر میری زیارت کا شرف حاصل کیا، میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا یا (یہ کہا) اس کا گواہ ہوں گا۔

۱۔ البیهقی، شعب الایمان، ۳: ۴۹۰، رقم: ۴۱۵۷

۲۔ العسقلانی، تلخیص الجبیر، ۲: ۲۶۷

۳۔ الهندی، کنز العمال، ۱۵: ۶۵۲، رقم: ۴۲۵۸۴

وفی روایة "مَنْ زَارَنِیْ مُحْتَسِبًا اِلَی الْمَدِیْنَةِ کَانَ فِیْ جَوَارِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

جس نے ثواب کی نیت سے مدینہ منورہ میں میری زیارت کی وہ قیامت کے دن میری ہمسائیگی میں ہوگا۔

سند کا بیان:

أنبانا الدمیاطی و ابن هارون و غیرهما قالوا أنبانا محمد بن هبه الله قال انا علی ابن الحسن الحافظ سماعا انا زاهر انا البیهقی انا ابو سعید بن ابی عمرو(ح) قال الحافظ و انا ابو سعید ابن البغدادی انا ابو نصر محمد بن احمد ابن شبویه انا ابو سعید الصیرفی انا محمد بن عبدالله الصفار ثنا ابن ابی الدنیا حدثنی سعید بن عثمان الجرجانی ثنا محمد بن اسماعیل بن ابی فدیك اخبرنی ابو المثنی سلیمان بن یزید العکی و فی حدیث زاهر : العتکی، (ح) قال الحافظ و انا ابن

السمرقندی انا بن مسعدة انا حمزة ثنا ابوبکر بن محمد احمد بن اسماعیل بجرجان ثنا ابوعوانة موسی بن یوسف القطان ثنا عباد بن موسی الختلی ثنا ابن ابی فدیك عن سلیمان ابن یزید الکعبی عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ ان رسول الله ﷺ قال: "مَنْ زَارَنِیْ بِالْمَدِیْنَةِ مُحْتَسِبًا کُنْتُ لَهٗ شَفِیْعًا وَ شَهِیْدًا" وفی حدیث عبادة: "کُنْتُ لَهٗ شَهِیْدًا أَوْ شَفِیْعًا" و قالا "یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

اس حدیث کو محدث ابن جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "مثیر العزم الساکن" میں ذکر کیا ہے اور میں نے مذکورہ سند کے ساتھ اس کو نقل کیا ہے اس کی سند کے ساتھ جو ابن ابی الدنیا رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف ہے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کی سند کا بیان:

انا ابو عبداللہ الحافظ ثنا علی بن عیسی ثنا احمد بن عبدوس بن حمدویه الصفار النیسابوری ثنا ایوب بن الحسن ثنا محمد بن اسماعیل بن ابی فدیك بالمدینة ثنا سلیمان بن یزید الکعبی عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ: "مَنْ مَاتَ فِیْ أَحَدِ الْحَرَمَیْنِ بُعِثَ مِنَ الْآمِنِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَ مَنْ زَارَنِیْ مُحْتَسِبًا اِلَی الْمَدِیْنَةِ کَانَ فِیْ جِوَارِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ"

سند پر تبصرہ:

یہ تینوں اسناد ابن ابی فدیک کے گرد گھومتی ہیں اور وہ مجمع علیہ ہے۔ اور سلیمان بن یزید کو ابن حبان نے ثقات میں ذکر کیا ہے۔ اور ابو حاتم رازی کہتے ہیں کہ ان کی حدیث منکر ہوتی ہے قوی نہیں۔

بارہویں حدیث:

مَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أُمَّتِیْ لَهٗ سِعَةٌ ثُمَّ لَمْ يَزُرْنِیْ فَلَيْسَ لَهٗ عُذْرٌ

میری امت میں سے جس کسی کے پاس گنجائش ہو مگر پھر بھی وہ میری زیارت نہ کرے تو اس کے لیے کوئی عذر نہیں۔

حافظ ابو عبداللہ محمد بن محمود ابن نجار اپنی کتاب "الدرّة الثمينة فی فضائل المدينة" میں بیان کرتے ہیں۔

أنبانا ابو محمد بن علی انا ابو يعلی الأزدی انا ابو اسحاق البجلی انا سعيد بن ابی سعيد النيسابوری انا ابراهيم بن محمد المؤدب انا ابراهيم بن محمد ثنا محمد بن محمد ثنا محمد بن مقاتل ثنا جعفر ابن هازون ثنا سمعان بن المهدی عن انس رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ "مَنْ زَارَنِیْ مَيِّتًا فَكَأَنَّمَا زَارَنِیْ حَيًّا وَ مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَتْ لَهٗ شَفَاعَتِیْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ أُمَّتِیْ لَهٗ سِعَةٌ ثُمَّ لَمْ يَزُرْنِیْ فَلَيْسَ لَهٗ عُذْرٌ

جس نے میرے وصال کے بعد میری زیارت کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔ اور جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لیے قیامت کے دن میری شفاعت واجب ہو گئی۔ میری امت میں سے جس کسی کے پاس گنجائش ہو مگر پھر بھی وہ میری زیارت نہ کرے تو اس کے لیے کوئی عذر نہیں۔

تیرہویں حدیث:

مَنْ زَارَنِیْ بِالْمَدِیْنَةِ حَتّٰی یَنْتَهِیْ اِلٰی قَبْرِیْ كُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ شَهِیْدًا او قال شفیعًا

جس شخص نے میری زیارت کی حتیٰ کہ میری قبر پر پہنچا میں قیامت کے دن اس کو گواہ ہوں گا یا اس کا شفیع ہوں گا۔

(اس حدیث کو حافظ ابو جعفر عقیلی نے "کتاب الضعفاء" میں ذکر کیا ہے۔)

سند کا بیان:

قال : ثنا سعید بن محمد الحضرمی ثنا فضلة بن سعید بن زمیل المازنی ثنا محمد بن یحیی المازنی عن ابن جریج عن عطاء عن ابن عباس الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ " مَنْ زَارَنِیْ فِیْ مَمَاتِیْ كَانَ كَمَنْ زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ وَ مَنْ زَارَنِیْ حَتّٰی یَنْتَهِیْ اِلٰی قَبْرِیْ كُنْتُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ شَهِیْدًا او قَالَ شَفِیْعًا "

حافظ ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ کی سند کا بیان:

أنبأنا به ابو محمد الدمیاطی عن ابن هبة الله بسماعه منه انا ابو البرکات عبدالوهاب بن المبارك الانماطی انا ابوبکر محمد بن المظفر الشامی انا ابوالحسن احمد ابن محمد العتیقی انا یعقوب بن یوسف بن احمد الصیدلانی ثنا ابو جعفر محمد بن عمرو العقیلی.

آگے انہوں نے اپنی سند بیان کی ہے مگر متن میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔" مَنْ رَآنِیْ فِی الْمَنَامِ كَانَ كَمَنْ رَآنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ ...... اور باقی حدیث اسی طرح ہے۔

سند پر تبصرہ:

اس سند میں شعیب بن محمد الحضرمی ہیں اور شاید اس سند میں تصحیف ہے۔ اور فضالۃ بن سعید، ان کے بارے میں عقیلی نے کہا ہے کہ ان کی حدیث محفوظ نہیں۔ اور محمد بن یحیٰی المازنی، ان کو ابن عدی نے الکامل میں ذکر کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ ان کی احادیث تاریک اور منکر ہیں۔ اور ابن عدی نے اس حدیث کو اپنی احادیث میں ذکر نہیں کیا۔ اور ان کے بارے میں کچھ تبصرہ نہیں کیا۔ اور نہ ہی عقیلی نے فضالہ کے بارے میں کچھ کہا ہے سوائے یہ کہ راوی متفرد ہیں اور ان کی احادیث منکر ہیں۔

چودہویں حدیث:

مَنْ لَمْ یَزُرْنِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ

جس نے میری زیارت نہ کی اس نے میرے ساتھ ظلم کیا

حدیث کی سند کا بیان:

قال ابو الحسین یحیی بن الحسن بن جعفر الحسنی فی کتاب " أخبار المدینة" ثنا محمد بن اسماعیل حدثنی ابو احمد الھمذانی ثنا النعمان بن شبل ثنا محمد بن الفضل مدینی سنة ست و سبعین عن جابر عن محمد بن علی عن علی رضی اللہ عنہ أنه قال قال رسول الله ﷺ " مَنْ زَارَقَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَكَأَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیِ وَ مَنْ لَمْ یَزُرْنِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ "

(جس نے میرے وصال کے بعد میری قبر کی زیارت کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی اور جس نے میری زیارت نہ کی اس نے میرے ساتھ ظلم کیا۔)

و قال الحافظ ابو عبداللہ ابن النجار فی "الدرّۃ الثمینة": روی عن

علی رضی اللہ عنہ أنه قال قال رسول الله ﷺ "مَنْ لَمْ يَزُرْ قَبْرِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ"

(جس نے میری قبر کی زیارت نہ کی اس نے میرے ساتھ ظلم کیا۔)

ابو سعید عبدالملک بن محمد بن ابراھیم نیشاپوری خرکوشی واعظ اپنی کتاب "شرف المصطفیٰ ﷺ" میں بیان کرتے ہیں۔

روی عن علیّ رضی اللہ عنہ أنه قال قال نبی الله ﷺ "مَنْ زَارَ قَبْرِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَكَأَنَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَيَاتِیْ وَ مَنْ لَمْ يَزُرْ قَبْرِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ"

(جس نے میرے وصال کے بعد میری قبر کی زیارت کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی اور جس نے میری قبر کی زیارت نہ کی اس نے میرے ساتھ ظلم کیا۔)

کتاب "شرف المصطفیٰ ﷺ" آٹھ جلدوں میں ہے اور اس کے مصنف عبدالملک نیشاپوری ہیں جنہوں نے علوم شریعہ میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں ان کا وصال ۴۰۶ ھ میں نیشاپور میں ہوا۔ وہاں ان کی قبر مشہور ہے لوگ اس کی زیارت کرتے ہیں اور اس سے فیض حاصل کرتے ہیں۔ ان کے فقہ میں استاذ شیخ ابو الحسن الماسرجسی ہیں اور انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث ایک اور سند سے بھی بیان کی ہے۔ اس کی ابن عساکر نے تخریج کی ہے۔

أنبأنا عبدالمؤمن و آخرون عن ابن الشيرازی انا ابن عساكر انا ابو العز احمد بن عبيد الله انا ابو محمد الجوهری انا علی بن محمد بن احمد بن نصير بن عرفة ثنا محمد بن ابراهيم الصلحی ثنا منصور بن قدامة الواسطی ثنا المصفی ابن ابی الجارود ثنا عبدالملك بن هارون بن عنترة عن ابيه عن جده عن علی بن ابی طالب قال: " من سأل لرسول الله ﷺ الدرجة الوسيلة حلّت له شفاعتی يوم القيامة و من زار قبر رسول الله ﷺ كان فی جوار رسول الله ﷺ."

عبدالملک بن ھارون بن عنترۃ پر بہت جرح کی گئی ہے۔ یحیٰ بن معین رحمہ اللہ تعالیٰ اور ابن حبان رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو مجروح قرار دیا ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کی حدیث کو منکر قرار دیا اور امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

پندرہویں حدیث:

مَنْ أَتٰی الْمَدِیْنَةَ زَائِرًا لِیْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَمَنْ مَاتَ فِیْ أَحَدِ الْحَرَمَیْنِ بُعِثَ آمِنًا.

جو شخص مدینہ منورہ میں میری زیارت کے لیے حاضر ہوا قیامت کے دن اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی اور جو شخص دونوں حرمین میں سے کسی ایک میں فوت ہوگیا وہ قیامت کے دن محفوظ و مامون اٹھایا جائے گا۔

حدیث کی سند کا بیان

امام یحیٰ الحسینی کتاب" أخبار المدینة فی ما جاء فی زیارة قبر النبی ﷺ و فی السلام علیه " میں اس سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

ثنا محمد ابن یعقوب ثنا عبدالله بن وهب عن رجل عن بکر بن عبدالله عن النبی ﷺ قال " مَنْ أَتٰی الْمَدِیْنَةَ زَائِرًا لِیْ وَجَبَتْ لَهُ شَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَمَنْ مَاتَ فِیْ أَحَدِالْحَرَمَیْنِ بُعِثَ آمِنًا"

جو شخص مدینہ منورہ میں میری زیارت کے لیے حاضر ہوا قیامت کے دن اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی اور جو شخص دونوں حرمین میں سے کسی ایک میں فوت ہوگیا وہ قیامت کے دن محفوظ و مامون اٹھایا جائے گا۔

اس طرح کی اور احادیث بھی وارد ہوئی ہیں جن کا مفہوم یہ ہے کہ ''جس شخص کے لیے یہ ممکن نہ ہو کہ وہ میری قبر کی زیارت کرے اسے سیدنا ابراھیم علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت کرنی چاہیے۔'' ان روایات کو ہم ان شاء اللہ تعالیٰ ''انبیائے کرام و صالحین کی قبور کی زیارت'' کے ذیل میں بیان کریں گے۔

دوسرا باب

اُن احادیث کا بیان جن میں لفظِ زیارت نہیں لیکن وہ زیارت کی فضیلت پر دلالت کرتی ہیں

سنن ابوداؤد میں حضرت ابوہریرہ ص سے یہ مروی ہے:

ما من أحد يسلّم عليّ الا ردّ الله عليّ روحي حتى أردّ عليه السّلام۔

''جب مجھے کوئی سلام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے میری روح کو میری طرف لوٹا دیا ہوا ہے تاکہ میں اُس کے سلام کا جواب دوں۔''

حدیث کی سند کا بیان

انا بذلك و بجميع سنن ابى داود شيخنا الحافظ ابو محمد الدمياطى بقراء تى عليه لبعضها و قراء ة عليه و انا اسمع لباقيها قال انا بجميعها ابوالحسن ابن ابى عبدالله بن ابى الحسن البغدادى قراء ة عليه و انا اسمع عن ابى المعالى الفضل بن سهل بن بشر الاسفراينى عن الخطيب ابى بكر احمد بن على بن ثابت الحافظ قال شيخنا و انا ايضا ابوالحسن عن الحافظ ابى الفضل محمد بن ناصر بن محمد بن على الفارسى الاصل السلامى قال أخبر الشيخان ابو عبدالله محمد بن احمد بن عمر بن السمرقندى المقرى و العدل الفقيه ابوالحسين محمد بن محمد بن الحسين بن محمد الفراء الحنبلى قالا انا الخطيب و فات ابن السمرقندى الجزء السابع و العشرون فرواه عن الخطيب بالاجازة . قال ابن ناصر و قرات هذا الكتاب مرارا على الشيخ الصالح ابى غالب محمد بن الحسن بن على البصرى الماوردى قالا انا ابو على على بن احمد بن على التسترى قالا انا ابو عمر القاسم بن جعفر ابن عبدالواحد الهاشمى انا ابو على محمد بن احمد بن عمرو اللؤلؤى ثنا أبوداود سليمان بن الاشعث بن اسحاق السجستانى قال ثنا محمد بن عوف ثنا المقرىء ثنا حيوة عن ابى صخر حميد بن زياد عن يزيد بن عبدالله بن قسيط عن ابى هريرة فذكره بلفظه .

سند پر تبصرہ:

یہ اسناد صحیح ہے۔ اور اس میں رواۃ کا حال یہ ہے۔

۱۔ محمد بن عوف : یہ امام ابو داود رحمہ اللہ تعالیٰ کے شیخ جلیل اور حافظ ہیں ۔ ان کا اعتبار کیا جاتا ہے (لا یسئل عنه)

۲۔ المقری ۲۔ حیوۃ ۳۔ اور یزید بن عبداللہ بن قسیط یہ "متفق علیهم" ہیں۔

حمید بن زیاد کے بارے میں آراء:

۱۔ ان سے امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

۲۔ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے : لیس بہ بأس۔ اور یہی رائے امام ابوحاتم کی ہے۔

۳۔ امام یحییٰ بن معین رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے: ثقۃ لیس بہ بأس۔ ابن معین سے روایت کی گئی ہے کہ یہ ان کو "ضعیف" کہتے ہیں۔

حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام بھیجنے کی صورتیں:

حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام بھیجنے کی دو صورتیں ہیں۔ ایک کا مقصد تو دعا ہے جیسے کہ ہم کہتے ہیں: " صلّی الله علیه وسلّم " (اے اللہ تعالیٰ! حضور نبی اکرم ﷺ پر صلوٰۃ و سلام نازل فرما۔) یہ تو دعا ہے۔ سلام بھیجنے والے کو مسلّم اور صلوٰۃ بھیجنے والے کو مصلّی کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا [الاحزاب:۵۶]

اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں نبی اکرم پر۔ اے ایمان والو! رحمت بھیجو آپ پر اور سلام بھیجو سلام کہہ کر۔

صحیحین کی روایت ہے کہ اس آیت کے نزول کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے

حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا سلام بھیجنے کا طریقہ تو ہمیں معلوم ہو گیا ہے پس آپ پر صلوٰۃ کیسے بھیجیں؟ تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

قُوْلُوْا: " اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَ آلِ اِبْرَاهِیْمَ فِی الْعَالَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ.
اور فرمایا: سلام تو وہی ہے جو تم جانتے ہو۔"

علمائے کرام نے کہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سلام کا طریقہ وہی ہے جو التحیات میں بتایا گیا ہے۔ یعنی " اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکَاتُهٗ "

صلوٰۃ و سلام کی اس قسم میں بہت سی روایتوں میں علی محمد کی بجائے علی رسول اللہ کا لفظ منقول ہے۔ اس سلسلے میں حضرت فاطمہ اللہ عنہا سے روایت ہے۔

روی عن فاطمة بنت النبی ﷺ ورضی الله عنها قالت قال لی رسول الله ﷺ:
"اِذَا دَخَلْتِ الْمَسْجِدَ فَقُوْلِیْ بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ ﷺ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلَنَا وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، فَاِذَا فَرَغْتِ فَقُوْلِیْ مِثْلَ ذٰلِكَ غَیْرَ اَنْ قُوْلِیْ وَ سَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ"
(رواه القاضی اسماعیل بهذا اللفظ)

سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تو مسجد میں داخل ہو تو اس طرح کہہ " بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ ﷺ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَاغْفِرْلَنَا وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ " اور جب تو نماز سے فارغ ہو کر مسجد سے نکلے تو بھی یہی کہا کر اور سهل لنا ابواب رحمتك کی بجائے سهل لنا ابواب فضلك کہا کر۔" قاضی اسماعیل رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسی لفظ کے ساتھ روایت کیا ہے۔

اور امام ابن ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس روایت کو ان الفاظ کے ساتھ بیان کیا ہے۔

و عن فاطمة رضی الله عنها قالت: " كَانَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَقُوْلُ بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ وَ افْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وَاِذَا خَرَجَ قَالَ بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ وَ افْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ"

سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے تو اس طرح فرماتے " بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ وَ افْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ " اور جب نماز سے فارغ ہوکر مسجد سے نکلتے تو بِسْمِ اللهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِىْ ذُنُوْبِىْ وَ افْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ" اس حدیث کو امام ابو داود رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

مقصد یہ ہے کہ صلوٰۃ و سلام کی یہ قسم خطاب (الصّلوٰةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللهِ ﷺ)اور غیبت (الصّلوٰةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللهِ ﷺ) کے الفاظ کے ساتھ آئی ہے اور اس قسم میں اِسی طرح صلوٰۃ وسلام پڑھا جاتا ہے۔ خواہ پڑھنے والا دربارِ نبوی سے غائب ہو یا دربار میں حاضر ہو اور صلوٰۃ و سلام کی یہی قسم ہے جو حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ خاص ہے کسی غیر کے لئے صرف تبعاً استعمال کی جا سکتی ہے۔

سلام کی دوسری قسم:

اس سے مراد یہ ہے کہ سلام اِس طرح کیا جاتا ہے جس طرح کوئی آنے والا آپ ﷺ کی بارگاہ میں سلام کرتا ہے۔ اور یہ سلام حضور نبی اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ میں اور بعد از وصال ایک ہی طرح سے ہے اور یہ حضور ﷺ کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ بالتبع عام مسلمان بھی باہم کرتے ہیں۔ حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما قبر مبارک کے پاس پہنچتے تو یوں عرض کرتے:

" السّلام عليك يا رسولَ الله السلام عليك يا ابا بكر السّلام عليك يا ابتاه "

اور یہ بھی دونوں طریقوں سے آپ سے مروی ہے۔ خطاب کے لفظ کے ساتھ بھی اور غائب کے لفظ سے بھی۔ سلام کی اس قسم کا تقاضا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی جانب سے اِس کا جواب بھی ہو اور حضور نبی اکرم ﷺ یقیناً اِس کا جواب دیتے ہیں جیسا کہ حدیث شریف میں بیان کیا گیا ہے۔ خواہ سلام کرنے والا خود قبرِ شریف کے پاس پہنچا حاضر ہو یا اس نے کسی قاصد کے ذریعہ سلام بھجوایا ہو جیسا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ شام سے قاصد روانہ کیا کرتے تھے تاکہ وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں اُن کا سلام پہنچا دے۔ دوسری قسم کے سلام میں سلام کرنے والے کو یقیناً جواب ملنے کا شرف حاصل ہوتا ہے۔

پہلی قسم میں یہ شرف حاصل ہوتا ہے یا نہیں اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کرے اِس صورت میں بھی جواب ملتا ہو۔ تاکہ مسلمانوں کو جواب کی برکت ہر حالت میں حاصل ہو جایا کرے۔ اِس میں کوئی شک نہیں کہ جو شخص دربارِ نبوی میں حاضر ہوا ہے اُس کو یقیناً قرب کی فضیلت مزید حاصل ہوتی ہے اور اگر جواب کا ملنا صرف سوال کی دوسری قسم کے ساتھ خاص ہے تو وہ شخص جو دربار میں حاضر نہیں ہے اُس کو یہ فضیلت حاصل نہ ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کسی مسلمان کو اِس فضیلت سے محروم نہ کرے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کا فرمان مبارک ہے:

أَتَانِيْ مَلَكٌ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ رَبُّكَ يَقُوْلُ "أَمَا يُرْضِيْكَ أَنْ لَا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَ لَا يُسَلِّمُ عَلَيْكَ إِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا"

(رواہ القاضی اسماعیل)

حضور اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: "میرے پاس فرشتہ آیا اور عرض کیا۔ اے محمد! آپ کا رب فرماتا ہے کہ کیا آپ اِس بات پر راضی نہیں کہ جو آپ پر ایک بار صلوٰۃ بھیجتا ہے اُس پر دس بار صلوٰۃ بھیجتا ہوں اور جو تمہیں ایک بار سلام کرتا ہے میں اُس پر دس بار سلام بھیجتا ہوں؟" صاف ظاہر اس حدیث کا تعلق سلام کی قسم اوّل سے ہے۔

فصل:

جو شخص حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام بھیجتا ہے آپ ﷺ کو اس کا علم ہو جاتا ہے

روی عن عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال: "اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً سَیَّاحِیْنَ فِی الْاَرْضِ یُبَلِّغُوْنِیْ مِنْ اُمَّتِیْ السَّلَامَ"

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کچھ فرشتے روئے زمین پر گھومتے پھرتے ہیں جو شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے وہ اُس کو میرے پاس پہنچا دیتے ہیں۔

اس کو امام نسائی اور قاضی اسماعیل رحمہما اللہ تعالیٰ نے نقل کیا ہے۔ اور ان دو کے علاوہ دیگر نے بھی روایت کیا ہے اور یہ اسانید صحیحہ ہیں۔ اور اس کی سند اس طرح ہے۔ سفیان ثوری عن عبداللہ بن السائب ھکذافی کتاب القاضی اسماعیل و عبداللہ بن السائب و زاذان۔

امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں سے روایت کیا ہے۔ اور ان کو امام ابن معین رحمہ اللہ تعالیٰ نے ثقہ قرار دیا ہے۔ پس یہ سند صحیح ہے۔

اِسی طرح کی ایک روایت حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے۔

رواہ ابو جعفر محمد بن الحسن الاسدی عن سفیان الثوری عن عبداللہ بن السائب عن زاذان عن علی رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ : " اِنَّ لِلّٰہِ مَلَائِکَۃً یَسِیْحُوْنَ فِی الْاَرْضِ یُبَلِّغُوْنَ صَلَاۃً مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ مِنْ اُمَّتِیْ "

حضرت ابن مسعود رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت اس طرح ہے۔

قال الدارقطنی المحفوظ عن زاذان عن ابن مسعود " يُبَلِّغُونِىْ عَنْ أُمَّتِىْ السَّلَامَ "

حضرت ابن مسعود رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت میں الفاظ اس طرح ہیں۔" مجھے میرے امت سے سلام پہنچاتے ہیں۔"

بکر ابن عبداللہ المزنی رحمہ اللہ تعالیٰ سے منقول ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

" حَيَاتِىْ خَيْرٌ لَكُمْ تُحَدِّثُوْنَ وَ يُحَدَّثُ لَكُمْ فَإِذَا مِتُّ كَانَتْ وَفَاتِىْ خَيْرًا لَكُمْ تُعْرَضَ عَلَىَّ أَعْمَالُكُمْ فَإِنْ رَأَيْتُ خَيْرًا حَمِدْتُ اللهَ وَ إِنْ رَأَيْتُ غَيْرَ ذٰلِكَ اسْتَغْفَرْتُ اللهَ لَكُمْ "

"میری زندگی تمہارے لئے بہتر ہے تم مجھ سے اور میں تم سے باتیں کرتا ہوں۔ اور جب میری وصال ہو جائے گا تو میرا وصال تمہارے لئے بہتر ہو گا۔ تمہارے اعمال میرے سامنے پیش کیے جائیں گے اگر میں خیر دیکھوں گا تو اللہ تعالیٰ کی حمد کروں گا اور اگر برائی دیکھونگا تو اللہ تعالیٰ سے تمہاری مغفرت چاہوں گا۔"

قال ایوب السختیانی: " بلغنی واللہ أعلم ان ملکًا مؤکّل بکل من صلّی علی النبیّ ﷺ حتی یبلّغه النبیّ ﷺ."

ایوب سختیانی نے فرمایا: مجھ تک یہ بات پہنچی ہے اور اس کو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے اور وہ بات یہ ہے کہ ہر اُس شخص پر جو حضور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتا ہے ایک فرشتہ مقرر ہوتا ہے جو درود کو حضور نبی اکرم ﷺ تک پہنچا دیتا ہے۔

قاضی اسماعیل رحمہ اللہ تعالیٰ کتاب "فضل الصلوة علی النبیّ ﷺ" میں روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ کا فرمان ہے:

"لا تجعلو بیوتکم قبورا و صلّوا علیّ و سلّموا حیث کنتم فسیبلغنی سلامکم و صلاتکم" (رواہ ابو داود)

''اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اور تم جہاں بھی ہو مجھ پر درود و سلام بھیجا کرو۔ وہ تمہارا درود و سلام مجھ تک پہنچ جائے گا۔''

ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے مختلف سندوں سے یہ حدیث بیان کی ہے۔
حضرت عمار ابن یاسر رضی اللہ عنہ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

" ان اللہ أعطانی ملکا من الملائکة یقوم علی قبری اذا أنا متّ فلا یصلّی علیّ عبد صلاة الا قال یا أحمد ! فلان بن فلان یصلّی علیك ، یسمّیه باسمه و اسم ابیه فیصلّی اللہ علیه مکانها عشرا"

''اللہ تعالیٰ نے مجھے ایک فرشتہ عطا فرمایا ہے جو میری قبر پر میرے مرنے کے بعد حاضر رہے گا اور جو بھی مجھ پر درود بھیجے گا وہ مجھ سے کہے گا اے احمد مجتبیٰ! آپ پر فلاں ابن فلاں نے درود بھیجا ہے۔ وہ اس کا اور اس کے باپ کا نام لے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ اُس شخص پر دس بار رحمتیں نازل فرمائے گا۔''

ایک اور روایت میں الفاظ اس طرح ہیں۔

" ان اللہ أعطی ملکا من الملائکة اسماء الخلائق و فی روایة اسماع الخلائق فهو قائم یلی قبری الی یوم القیامة."

اللہ تعالیٰ نے ملائکہ میں سے ایک کو تمام مخلوقات کے نام دے دیے ہوئے ہیں پس وہ قیامت تک میری قبر کے ساتھ لگ کر کھڑا ہے (تاکہ سلام عرض کرنے والوں کے نام لکھتا رہے۔)

سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول:

و عن ابن عباس رضی اللہ عنهما قال: " لیس أحد من أمة محمد ﷺ یصلّی علیه صلاة الا و هی تبلغه یقول له الملك فلان یصلّی علیك کذا و کذا صلاة "

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی اُمت میں سے جو کوئی بھی آپ پر درود بھیجتا ہے تو وہ آپ کی بارگاہ میں پہنچتا ہے۔ ایک فرشتہ حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کرتا ہے کہ فلاں نے آپ پر اتنی بار درود بھیجا ہے۔

اِن احادیث سے معلوم ہوا کہ فرشتے حضور نبی اکرم ﷺ کو خبر پہنچاتے ہیں۔ اِسی طرح دوسری احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ درود بھیجنے والے کا درود حضور نبی اکرم ﷺ پر پیش کیا جاتا ہے۔

جمعہ کے دن صلاۃ وسلام کی اہمیت:

اوس ابن اوس کی روایت سنن نسائی، سنن ابن ماجہ اور سنن ابوداؤد میں منقول ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

" انّ من افضل ایّامکم یوم الجمعة فأکثروا علیّ من الصلاة فیه فانّ صلاتکم معروضة علیّ، قال فقالوا یارسول الله و کیف تعرض صلاتنا علیك و قد ارمت؟ قال یقولون بلیت ، قال انّ الله حرّم علی الأرض أجساد الأنبیاء "

''تمہارے دنوں میں سب سے بہتر جمعہ کا دن ہے۔ اُس میں مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔ اِس لئے کہ تمہارے درود میرے سامنے پیش کئے جائیں گے۔ ہم نے عرض کیا کیا ہمارے درود آپ پر کس طرح پیش ہوں گے، آپ تو مٹی بن چکے ہوں گے؟ (آپ کا جسم مٹی ہو چکا ہوگا) تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیائے کرام علیہم السلام کے جسم کھائے۔''

حدیث کی سند:

امام ابن ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے حدیث مذکور کو ایک اور سند سے بیان کیا ہے جس کو انہوں نے کتاب الجنائز کے آخر میں بیان کیا ہے۔ اور اس کے متن

میں الفاظ کی زیادتی ہے۔

انا اقضی القضاة ابوبکر محمد بن عبدعظیم بن علی الشافعی المعروف بابن السقطی بقراء تی علیه بحمیع سنن ابن ماجة قال انا ابوبکر عبدالعزیز ابن احمد ابی الفتح بن یاقا اجازة قال انا ابوزرعة طاهر بن محمد طاهر المقدسی سماعا الا ما عین فی الکتاب باجازته من ابی زرعة و هذا الحدیث من المسموع ، قال انا ابو منصور محمد بن الحسین ابن احمد بن الهیثم المقومی اجازة ان لم یکن سماعا۔ ثم ظهر سماعه منه ۔ انا ابو طلحة القاسم بن ابی المنذر الخطیب انا ابو القاسم علی بن ابراهیم بن سلمةبن بحر القطان ثنا ابو عبدالله محمد بن یزید بن ماجه ثنا عمرو بن سوار المقری ثنا عبدالله بن وهب عن عمرو بن الحارث عن سعید بن ابی هلال عن زید ابن ایمن عن عبادة بن نسی عن ابی الدرداء رضی الله عنه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم : " أکثروا الصلاة علیّ یومَ الجمعة فانه مشهود تشهده الملائکة و ان احدا لن یصلی علیّ الا عرضتِ علیّ صلاته حتّی یفرغ منها قال قلت: بعد الموت؟ قال و بعد الموت ، ان اِلله حرم علی الارض ان تاکل اجساد الأنبیاء علیهم السلام فنبی الله حی یرزق "

یہ امام ابن ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے الفاظ ہیں اور اس میں " حتّی یفرغ منها " کے الفاظ کا اضافہ ہے۔ اور حتّٰی کے لفظ کا فائدہ یہ ہے کہ یہ درود شریف بغیر کسی تاخیر کے فوری پیش کر دیا جاتا ہے۔

ایک اور حدیث مرسل کے الفاظ یہ ہیں۔

عن الحسن عن النبی صلی الله علیه وسلم : " أکثروا علیّ الصلاة یوم الجمعة فانها تعرض علیّ "

قاضی اسماعیل رحمہ اللہ تعالیٰ نے حسن کے واسطے سے نبی اکرم ﷺ سے روایت کیا ہے۔ کہ ''مجھ پر جمعہ کے دن کثرت کے ساتھ درود بھیجا کرو کیونکہ وہ مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔''

اسی طرح امام ابوبکر احمد بن محمد اسحاق بن السنی نے کتاب عمل یوم و لیلة میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے یوں روایت کیا ہے۔

عن انس بن مالك رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله ﷺ: " أكثروا الصلاة عليّ يوم الجمعة "

اِس حدیث کی سند پر بحث کرنے کے بعد امام سبکی رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت نقل کی جس کی سند کو عمدہ قرار دیا گیا ہے اُس کے الفاظ ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

" أكثروا عليّ من الصلاة في كل يوم الجمعة فان صلاة امتي تعرض عليّ في كل يوم جمعة فمن كان أكثرهم عليّ صلاة كان أقربهم مني منزلة "

''ہر جمعہ کو میرے اُوپر کثرت سے درود بھیجا کرو اس لئے کہ ہر جمعہ کو میری اُمت کے درود مجھ پر پیش کئے جاتے ہیں، جس کے درود زیادہ ہوں گے وہ قیامت کے دن مجھ سے زیادہ قریب ہوگا۔''

یزید الرقاشی کی روایت ہے کہ ایک فرشتہ جمعہ کے دن اِس بات کا ذمہ دار بنایا جاتا ہے کہ درود بھیجنے والا کا درود حضور نبی اکرم ﷺ تک پہنچائے اور کہے کہ آپ کی اُمت کے فلاں شخص نے آپ ﷺ پر درود بھیجا ہے۔

حضرت ابوطلحہ کی ایک روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا

عن ابى طلحة رضى الله عنه عن النبى ﷺ قال: " اتانى جبرئيل ﷺ قال بشّر امتك، من صلّى عليك صلاة كتب الله له بها عشر حسنات

و کفر عنه بها عشر سيئات و رفع له بها عشر درجات و ردّ الله عليه مثل قوله و عرضت علىّ يوم القيامة" (رواه ابن عساكر)

"میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا کہ اپنی اُمت کو آپ خوشخبری دیدیں کہ اُن میں سے جو کوئی آپ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اور دس گناہوں کا کفارہ کر دیتا ہے اور اُس کے دس رُتبے زیادہ کر دیتا ہے اور اُس کا درود مجھ پر قیامت کے دن پیش ہو گا۔

ایک غلط فہمی کا ازالہ:

بعض احادیث میں حضور نبی اکرم ﷺ پر درود پیش ہونے کا وقت وہی بیان کیا گیا ہے جس وقت درود بھیجنے والے نے درود بھیجا ہے اور بعض احادیث میں جمعہ کے دن کا وقت قرار دیا گیا ہے اور کچھ احادیث میں مذکور ہے کہ درود قیامت کے روز حضور نبی اکرم ﷺ پر پیش کئے جائینگے۔ اِن احادیث میں کوئی تضاد نہیں ہے اِس لئے کہ درود بار بار پیش کئے جاتے ہیں۔ درود بھیجنے کے ساتھ ہی وہ درود پیش کر دیا جاتا ہے پھر جمعہ کے دن، اور اسی طرح قیامت کے دن بھی آپ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی احادیث صراحتاً بیان کرتی ہیں کہ ہر وہ شخص جو آپ ﷺ پر سلام پیش کرتا ہے وہ آپ تک پہنچتا ہے۔ اور وہ دونوں احادیث صحیح ہیں۔ اور حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ کی حدیث اور اس طرح کی دیگر احادیث یہ بتلاتی ہیں کہ آپ ﷺ کے وصال فرمانے سے درود کے پہنچنے میں کوئی فرق نہیں آیا۔ اور ان تمام احادیث کو ہمارا بیان کرنے کا مقصد یہ تھا کہ ہم یہ واضح کریں کہ درود پاک آپ پر پیش کیا جاتا ہے۔ اور ملائکہ کا آپ کی بارگاہ میں درود پیش کرنا یہ صاف ظاہر ہے اس شخص کے حوالے سے ہے جو حاضر نہ ہو اور رہا اس شخص کا معاملہ جو آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر درود پاک پیش کر رہا ہے تو کیا اس کا درود بھی ملائکہ کے ذریعہ حضور نبی اکرم ﷺ پر درود کا پیش ہوتا ہے یا آپ براہ راست اس کو سماعت فرماتے ہیں، اس سلسلہ میں دو حدیثیں مذکور

ہیں۔ ایک حدیث تو یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

من صلّی علیّ عند قبری سمعته و من صلّی علیّ نائیابلغته ، و فی روایة نائیا منه أبلغت؟ و فی روایة نائیا من قبری ، و فی روایة عن قبری

''جو شخص میری قبر کے پاس آکر مجھ پر درود بھیجتا ہے میں اُس کو سن لیتا ہوں اور جو شخص دور سے درود بھیجتا ہے وہ درود مجھ تک پہنچا دیا جاتا ہے۔

الحدیث الثانی:

ما من عبد یسلّم علیّ عند قبری الا وکل بھا ملك لیبلغنی و کفی امر آخرته و دنیاہ و کنت له شھیدا و شفیعا یوم القیامة.

''جو شخص میری قبر کے پاس آکر مجھ پر سلام پیش کرتا ہے،اس پر ایک فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے تا کہ مجھے وہ سلام پہنچائے اور یہ بات اُس کی دُنیا و آخرت کی بھلائی کے لئے کافی ہے۔اور میں قیامت کے دن اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا۔

و فی روایة: " من صلّی علیّ عند قبری وکل اللہ بھا ملکا یبلغنی و کفی امر دنیاہ و آخرته و کنت له شھیدا و شفیعا یوم القیامة."

دوسری حدیث میں الفاظ یہ ہیں۔''جو مسلمان میری قبر پر آکر درود پیش کرتا ہے اُس کے لئے ایک فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے تا کہ وہ درود مجھ تک پہنچا دے اور یہ بات اُس کی دُنیا و آخرت کی بھلائی کے لئے کافی ہے اور میں قیامت کے روز اُس کا گواہ اور سفارشی ہوں گا۔''

یہ دونوں احادیث محمد بن مروان السدی الصغیر سے مروی ہیں اور وہ ضعیف ہیں اگر ان کی سند اس واسطے سے ہو " عن الاعمش عن أبی صالح عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ"

اور رہی پہلی حدیث جس میں یہ مذکور ہے کہ قریب آکر درود پیشکر نے والے کے درود کو میں براہِ راست سُنتا ہوں۔'' اس حدیث کی سند اس طرح ہے۔

احمد بن علی الحبرانی و یوسف بن الضحاك الفقیه و محمّد بن عثمان ابن ابی شیبة و احمد بن ابراهیم بن ملحان و عیسی بن عبدالله الطیالسی و لیث بن نصر الصاغانی و الحسین بن عمر بن ابراهیم الثقفی کلهم عن العلاء بن عمرو الحنفی عن محمّد بن مروان السدی

اور دوسری حدیث کی سند اس طرح ہے۔

رواه محمّد بن عبدالله بن ابراهیم الشافعی و ابو الحسین احمد بن عثمان الآدمی و ابو عبدالله الصفار و محمّد بن عمر ابن حفص النیسابوری کلهم عن محمّد بن یونس بن موسیٰ الکدیمی، و فی بعض هذا عن محمّد بن موسیٰ نسبة الی جده عن الاصمعی عبدالملك ابن قریب عن محمّد بن مروان السدی عن الاعمش

اور حدیث پہلی سے زیادہ ضعیف ہے کیونکہ اس میں الکدیمی کا ضعف السدی کے ساتھ مل گیا ہے۔ اور پہلی حدیث میں سدی جو کہ اضعف ہیں وہ نہیں ہیں۔

اب ہم وہ احادیث ذکر کرتے ہیں جو یہ بتاتی ہیں کہ جو شخص قبر کے پاس آکر سلام کرتا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ اُس کو براہِ راست سنتے ہیں اور اُس کے سلام کا جواب دیتے ہیں اور اُس شخص کی حاضری حضور نبی اکرم ﷺ کے علم میں ہوتی ہے اور یہ اتنی بڑی فضیلت ہے کہ اُس کے حاصل کرنے کے لئے دُنیا کی دولتیں لٹائی جا سکتی ہیں۔

سلیمان بن سحیم کا خواب:

سلیمان ابن سحیم بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا تو میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! یہ لوگ قبر کے پاس آکر آپ ﷺ کی بارگاہ میں سلام عرض کرتے ہیں کیا آپ کو اُن کے سلام کا علم ہوتا ہے؟ حضور نبی اکرم نے فرمایا: بیشک۔ اور میں اُن کے سلام کا جواب دیتا ہوں۔

ابراھیم بن بشار کا واقعہ:

حضرت ابراہیم ابن بشار رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا۔ میں نے ایک بار حج کیا مدینہ منورہ پہنچا تو حضور ﷺ کی قبر کے پاس پہنچ کر میں نے سلام عرض کیا اور میں نے حجرہ کے اندر سے وعلیکم السلام کی آواز سنی۔

"ردّ اللہ روحی" کا معنیٰ:

بعض احادیث میں آیا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ میری روح کو لوٹا دیتے ہیں۔ اِس کے دو معنیٰ ہیں۔ ایک معنیٰ تو یہ ہیں۔ حافظ ابوبکر البیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اِس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ کے وصال مبارک کے بعد دوبارہ حضور نبی اکرم ﷺ کے جسدِ اطہر میں روح لوٹا دی گئی ہے تا کہ آپ ﷺ سلام کرنے والوں کا جواب دے سکیں اور اب وہ روح مستقلاً حضور نبی اکرم ﷺ کے جسم مبارک میں ہے۔

دوسرے معنیٰ یہ ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی روحِ مبارک جناب باری تعالیٰ میں مشغول رہتی ہے اور ملاء اعلیٰ کی طرف متوجہ رہتی ہے۔ جب کوئی سلام کرتا ہے تو روح مبارکہ سلام پیش کرنے والے کی طرف متوجہ ہوتی ہے اور اُس سلام کو سننے کے بعد اس کا جواب دیتی ہے۔

تیسرا باب

حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کے لیے سفر کرنا اور اس بارے میں وارد ہونے والی احادیث مبارکہ کا بیان

وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جن سے زیارتِ قبر نبی ﷺ کی نیت سے سفر ثابت ہے اُن میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ بھی ہیں۔ وہ محض قبر نبی ﷺ کی زیارت کے لئے شام سے چل کر مدینہ منورہ آئے۔

حافظ ابو القاسم ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے صحیح سند کے ساتھ اس کا ذکر کیا ہے اور عبدالغنی مقدسی نے "الکمال" میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے تذکرہ میں کہا ہے کہ انہوں نے حضور اکرم ﷺ کے بعد کبھی کسی کے لیے آذان نہیں دی، سوائے اس سفر کے جو انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے لئے شام سے مدینہ تک کیا تھا۔ اور پھر جب مدینہ پہنچے تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اصرار پر انہوں نے اذان دینی شروع کی، لیکن اذان پوری نہ کر سکے۔ اور کہا گیا ہے کہ انہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں آذان دی تھی۔

ابن عساکر کی سند کا بیان:

أنبأنا عبد المؤمن بن خلف ع علی بن محمّد بن هارون و غیرهما قالوا ان القاضی ابو نصر بن هبة الله بن محمّد بن ممیل الشیرازی اذنا ان الحافظ ابو القاسم علی بن الحسین بن هبة الله بن عساکر الدمشقی قراء ة علیه وانا اسمع قال انا ابو القاسم زاهر بن طاهر قال انا انا ابو سعید محمّد بن عبد الرحمن قال انا ابو احمد محمّد بن محمّد انا ابو الحسن محمّد بن سلیمان بن بلال بن أبی الدرداء حدثنی ابی محمّد بن سلیمان عن ابیه سلیمان بن بلال عن ام الدرداء عن ابی الدرداء قال لما دخل عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ من فتح بیت المقدس ....فزوجوهما.

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فتح بیت

المقدس کے بعد روانہ ہوئے اور جابیہ کی طرف گئے تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے گزارش کی کہ انہیں شام میں ہی رہنے کی اجازت دے دیں۔ پس انہوں نے اجازت دے دی۔ پھر انہوں نے کہا اور میرے بھائی ابو رویحہ رضی اللہ عنہ جن کے ساتھ حضور نبی اکرم ﷺ نے میری مؤاخات کرائی تھی۔ پس آپ اور آپ کے بھائی دونوں شہر خولان میں قیام پذیر ہو گئے۔ پھر وہ دونوں خولان کے لوگوں کے پاس گئے اور انہیں کہنے لگے: ہم تمہارے پاس نکاح کا پیغام لے کر آئے ہیں۔ ہم کافر تھے پس اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہدایت دی اور ہم غلام تھے اللہ تعالیٰ نے ہمیں آزاد فرمایا اور ہم دونوں مفلس تھے پس اللہ تعالیٰ نے ہمیں غنی کر دیا۔ پس اگر تم ہمیں رشتہ دے دو تو الحمد للہ اور اگر تم ہمیں واپس لوٹا دو تو **ولا حول و لا قوۃ الا باللہ**۔ پس ان لوگوں نے ان کا نکاح کروا دیا۔

ایک روز حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: اے بلال! یہ کیا ظلم و جفا ہے، کیا یہ وقت نہیں آیا کہ تم میری زیارت کے لئے آؤ؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نیند سے بیدار ہوئے تو ان پر بہت خوف اور رنج طاری تھا فوراً شام سے مدینہ طیبہ کیلئے روانہ ہوگئے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر پہنچ کر رونا اور اس پر چہرے کو رگڑنا شروع کر دیا۔ اتنے میں حضرت حسنین کریمین رضی اللہ عنہما آگئے ان کو دیکھ کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ان کو سینے سے چمٹالیا اور پیار کرنا شروع کردیا اُن دونوں نے کہا اے بلال! ہم چاہتے ہیں کہ تم ہمیں وہ اذان سناؤ، جو آپ ہمارے نانا جان کے لئے دیا کرتے تھے۔ اس پر وہ آذان دینے کے لئے تیار ہوگئے۔ مسجد نبوی کی چھت پر اُس جگہ پہنچے جہاں کھڑے ہوکر وہ آذان دیا کرتے تھے۔ آذان کے شروع میں **اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَر** کہا تھا کہ مدینہ میں بھونچال آ گیا جب **اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ** کہا بھونچال اور بڑھ گیا۔ جب **اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰہ** کہا تو بچے اور عورتیں روتے پیٹتے گھروں سے باہر نکل آئے اور ان کو یہ کہنے لگے کہ کیا حضور اکرم ﷺ کی دوبارہ تشریف آوری ہوگئی ہے؟ آپ ﷺ کے وصال کے دن کے علاوہ مدینہ میں اس دن سے زیادہ آہ و بکا نہیں سنی گئی تھی۔

ابن عساکر نے اس روایت کو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے حالات میں ذکر کیا ہے۔

حضرت ابو رویحہ ان کا نام عبد اللہ بن عبد الرحمٰن الخثعمی ہے۔ اور طبقات میں ہے کہ ان کی حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے مؤاخات کو محمد بن عمر نے ثابت نہیں کیا مگر ابن اسحاق وغیرہ نے اس کو ثابت کیا ہے۔

حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے لئے سفر پر استدلال محض خواب کی بات سے نہیں ہے بلکہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ صحابی رسول کے عمل سے ہے۔ خصوصاً جبکہ ان کا یہ عمل حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اور بکثرت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی موجودگی میں ہوا ہے۔ اب یہ نہیں ہو سکتا کہ یہ سارا قصہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا خواب ان سے مخفی رہا ہو۔ نیز جبکہ یہ ثابت ہے کہ شیطان حضور نبی اکرم ﷺ کے بھیس میں کسی کے خواب میں نہیں آ سکتا ہے اور یہ خواب جو کسی شرعی حکم کے خلاف بھی نہیں ہے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے فعل کا مؤید ہے یہ بات بھی مشہور ہے کہ حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ شام سے مدینہ کو اپنا قاصد روانہ کیا کرتے تھے تاکہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر پہنچ کر ان کا سلام پیش کرے۔

امام ابو بکر احمد بن عمرو بن ابی عاصم نے فرمایا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے زمانے میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا سفر شام سے اور تابعین کے زمانہ میں حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کے قاصد کا سفر محض زیارتِ قبر نبی ﷺ اور سلام کے لئے تھا اس کے علاوہ اور کوئی مقصد نہ دنیوی تھا نہ دینی۔ ہم یہ وضاحت اس لئے کر رہے ہیں تاکہ کوئی بے علم یہ نہ کہے کہ صرف زیارت کے لیے سفر سنت نہیں۔ ہم اس کا رد کسی اور مقام پر کریں گے۔

وہ لوگ جنہوں نے کسی ضرورت کی بناء پر مدینہ طیبہ کا سفر کیا اور وہاں پہنچ کر قبر نبی ﷺ کی زیارت کی یا ان کے قصد کی بنیاد کسی حاجت اور زیارت دونوں پر تھی ایسے افراد تو بے شمار ہیں۔ یزید ابن ابی سعید کہتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تعالیٰ سے ملنے گیا۔ جب میں ان کے پاس سے چلنے لگا تو فرمایا کہ میری تم سے ایک حاجت ہے اور وہ یہ کہ جب تم مدینہ پہنچ کر قبر نبی کی زیارت کرو گے اس وقت میرا بھی سلام عرض کر دینا۔ حضرت عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسرے بزرگوں سے بھی اس طرح کی بات منقول ہے۔

ابو اللیث سمرقندی نے فتاویٰ میں نقل کیا ہے کہ ابو القاسم نے فرمایا: جب میں

نے مدینہ طیبہ جانے کا ارادہ کیا تو قاسم بن غسان نے کہا میری تم سے ایک گذارش ہے جب تم قبر نبی ﷺ کے پاس پہنچو تو میرا سلام عرض کر دینا۔ پس جب میں نے مسجد نبوی میں اپنا قدم رکھا تو مجھے ان کا وہ پیغام یاد آیا۔

فقیہ ابو اللیث نے فرمایا اس سے یہ ثابت ہوا کہ اگر کوئی خود مدینہ نہ پہنچ سکے اور دوسرے کے ذریعہ سلام پہنچائے تو ان شاء اللہ اس کو بھی سلام کی فضیلت حاصل ہو جائے گی۔ اور ''فتوح الشام'' میں مذکور ہے کہ جس وقت حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بیت المقدس میں مقیم تھے انہوں نے ایک خط حضرت میسرہ بن مسروق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا جس میں ان سے بیت المقدس پہنچنے کی درخواست کی۔ حضرت میسرہ رضی اللہ عنہ جب مدینہ طیبہ پہنچے تو شب کا وقت تھا فوراً مسجد نبوی میں حاضر ہوئے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر پہنچ کر سلام عرض کیا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی قبر پر بھی سلام عرض کیا۔ اس میں یہ بھی مذکور ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے جب بیت المقدس والوں سے صلح کر لی۔ حضرت کعب الاحبار رضی اللہ عنہ ان کی خدمت میں پہنچے اور اسلام لے آئے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بہت زیادہ خوش ہوئے اور ان سے فرمایا: کیا تمہاری خواہش نہیں کہ میرے ساتھ مدینہ چلو اور حضور اکرم ﷺ کی قبر پر حاضری دو۔ اور آپ ﷺ کی زیارت سے لطف اندوز ہو؟ انہوں نے عرض کیا: اے امیر المؤمنین! میں ضرور ایسا کروں گا۔ اب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جس وقت مدینہ پہنچے سب سے پہلے مسجد نبوی میں حاضر ہوئے اور حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں سلام پیش کیا۔

مؤرخین اور محدثین بیان کرتے ہیں جن میں ابو عمر بن عبد البر نے استیعاب میں اور بلاذری نے ''تاریخ الاشراف'' میں اور ابن عبد ربہ نے ''العقد'' میں ذکر کیا ہے کہ زیاد ابن ابیہ نے حج کا ارادہ کیا تو اس کے پاس حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ آئے وہ براہ راست اس سے بات نہ کرتے تھے۔ انہوں نے اس تک اپنی بات پہنچانے کی یہ تدبیر کی کہ اس کے چھوٹے بیٹے کو گود میں بٹھا لیا اور اس بچہ کو خطاب کر کے باتیں کرنے لگے تاکہ زیاد ان کی بات سن لے۔ اس بچہ سے کہا کہ تیرے باپ کے یہ یہ کالے کارنامے ہیں۔ اور وہ اس سال حج کو جا رہا ہے۔ لامحالہ مدینہ بھی جائے گا وہاں ام حبیبہ رضی اللہ عنہا زوجۃ النبی بقید حیات ہیں وہ ان سے ملنے ضرور

جائیگا۔ اب اگر انہوں نے ملنے کی اجازت دیدی تو یہ ایک بڑی مصیبت والا کام ہوگا وہ رسول اکرم ﷺ سے خیانت کرینگی اور اگر انہوں نے اجازت نہ دی تو یہ اس کے خلاف بڑی دلیل بن آئے گی۔ زیاد نے جب یہ باتیں سنیں تو اس سال حج کا ارادہ ہی ترک کردیا۔ اس واقعہ کو بلاذری نے روایت کیا ہے۔ ابن عبد البر نے اس بارے تین اقوال نقل کیے ہیں۔

۱۔ اس نے حج کیا مگر حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کے قول کی وجہ سے زیارت بارگاہ نبوی ﷺ نہیں کی۔

۲۔ وہ مدینہ منورہ میں داخل ہوا اور اس نے ام المؤمنین سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس حاضری کا ارادہ کیا مگر اس کو حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ کا قول یاد آ گیا پس یہ واپس لوٹ گیا۔

۳۔ ام المؤمنین سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے اس سے حجاب فرمایا اور اس کو داخلہ کی اجازت نہیں دی۔

واقعہ سے استدلال:

اس واقعہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت حاجی کے لیے بارگاہ نبوی ﷺ کی زیارت ایک لازمی بات تھی ورنہ ممکن ہے زیاد کسی اور طریقے سے حج کرتا کہ اسے مدینہ منورہ جانا ہی نہ پڑتا بلکہ مدینہ منورہ سے ہٹ کر سفر کرنا اس کے لیے آسان تھا کیونکہ وہ عراق میں تھا اور عراق سے مکہ آنے میں آسانی ہے لیکن دراصل ان کے نزدیک مدینہ کی حاضری ایسا فعل تھا جس کو ترک نہیں کیا جا سکتا تھا۔

اسلاف کے ہاں اس امر میں اختلاف ہے کہ جب انسان حج یا عمرہ کو جائے تو پہلے مدینہ منورہ جائے یا مکۃ المکرمۃ۔ اس مسئلہ کو امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب "المناسك الكبير" میں ذکر کیا ہے۔ اس میں مذکور ہے کہ ان سے اس شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو پہلے مدینۃ المنورہ جائے پھر مکۃ المکرمۃ؟ تو انہوں نے عبدالرحمان ابن یزید اور عطاء اور مجاہد رحمہم اللہ تعالیٰ کا قول نقل کیا کہ جب حج کر چکے تو اگر چاہے مدینہ ہو آئے۔ اور حضرت اسود رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول نقل کیا کہ میں چاہتا ہوں کہ میرا خرچہ اور سفر اس

طرح ہو کہ میں پہلے مکۃ المکرمۃ جاؤں پھر مدینۃ المنورہ۔ اور حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول نقل کیا کہ جب تو مکہ جائے تو ہر چیز کو اس کے تابع بنا۔ حضرت مجاہد رحمہ اللہ تعالیٰ کا بھی یہی قول نقل کیا ہے۔ حضرت ابراہیم رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول بھی منقول ہے کہ تو جب حج کرے تو پہلے مکہ جا پھر مدینہ جا۔ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی سند کے ساتھ عدی بن ثابت سے نقل کیا ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت پہلے مدینہ جاتی تھی پھر مکہ معظمہ اور یہ کہتی تھی کہ ہم اس جگہ سے احرام باندھیں گے جہاں سے رسول اللہ ﷺ نے احرام باندھا تھا۔

ابن ابی شیبہ نے بھی پہلے مدینہ جانے کی فضیلت کا ذکر کیا ہے اور حضرت علقمہ و اسود اور عمرو ابن میمون رحمہم اللہ تعالیٰ کے بارے میں ذکر کیا ہے کہ انہوں نے ابتداء مدینہ سے کی ہے۔ ابن قدامہ نے امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول نقل کیا ہے کہ جو شخص اپنی پہلی حج کے ارادے سے چلے اور وہ شام سے آنے والا نہ ہو (کیونکہ شام سے آئے گا تو مدینہ منورہ مکہ سے پہلے آئے گا) تو وہ پہلے مختصر راستہ سے مکۃ المکرمۃ پہنچے اور مناسک حج سے فارغ ہوکر مدینۃ المنورہ جائے، کیونکہ ہو سکتا ہے کہ ابتداء مدینہ جانے سے ایسی صورت پیش آجائے کہ اس کا حج ہی فوت ہو جائے۔ ظاہر ہے کہ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول اس کے لئے ہے جو حج کا سفر کرے اور اگر عمرہ کا سفر ہے تو اس میں عمرہ فوت ہونے کا اندیشہ نہیں ہے۔ لہٰذا اس سے متعلق یہ قول نہ ہوگا۔ اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول بھی یہی ہے: احسن یہ ہے کہ مکہ سے آغاز کرے۔ یہ قول حسن بن زیاد رحمہ اللہ تعالیٰ کے حوالہ سے ذکر کیا ہے۔

اب غور کریں کہ تمام بزرگوں نے مدینۃ المنورہ جانے کا ذکر کیا ہے، خواہ مکۃ المکرمۃ سے پہلے خواہ اس کے بعد۔ اور ظاہر ہے کہ مدینہ جانے میں اہم مقصد زیارت قبر نبی ہے۔ محض مسجد نبوی کی نماز کی فضیلت مدینہ جانے کا سبب نہیں ہے ورنہ نماز کی فضیلت تو مسجد بیت المقدس میں بھی ہے اور وہاں پہنچنے کا ایسا جذبہ نہیں ہے جیسا کہ مدینہ پہنچنے کا۔ تو معلوم ہوا کہ مدینۃ المنورہ پہنچنے کا قصد و ارادہ زیارت قبر نبی سے ہی متعلق ہے اور اگر نماز کی فضیلت سبب ہے بھی تو وہ بالتبع ہے۔

بعض بزرگوں کے پہلے مدینہ جانے کی علت یہ بتائی گئی ہے کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے میقات سے احرام باندھنا چاہتے تھے، ہوسکتا ہے کہ یہ بھی مقصد ہو لیکن صرف اسی کو مقصد قرار نہیں دیا جاسکتا ہے جبکہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ہر ملک کا علیحدہ میقات مقرر فرما دیا ہے۔ وہ کوئی تابعین جن سے پہلے مدینہ جانا منقول ہے۔ان سے اگرچہ اس کی کوئی وجہ منقول نہیں ہے لیکن یقیناً ان کے نزدیک مدینہ پہنچ کر زیارت کی سنت کو ترجیح دینا وجہ ہوگی۔ ورنہ اگر محض میقات النبی ﷺ کی متابعت فوت ہوچکی تھی وہ پھر مدینہ نہ آتے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ وہ حج سے فارغ ہوکر مدینہ طیبہ پہنچ جاتے تھے۔

ابوبکر محمد ابن الحسین الآجری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الشریعۃ میں ''باب دفن ابی بکر و عمر رضی اللہ عنہما مع النبی ﷺ'' میں تحریر کیا ہے۔ علمائے حجاز، علمائے عراق، علمائے شام، علمائے خراسان، علمائے اہل یمن، خواہ وہ متقدمین میں سے ہوں یا متاخرین میں سے جس نے بھی کتاب المناسک لکھی ہے، وہ ہر شخص کو جو مدینہ میں آتا ہے خواہ حج وعمرہ کے لئے گھر سے نکلا ہو یا صرف مدینہ کے لئے چلا ہو اس کو بتایا ہے کہ کس طرح حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام بھیجے اور کس طرح حضرت ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر سلام بھیجے۔ اس سے معلوم ہوا کہ زیارت قبر نبی بھی ایک عبادت ہے۔

اسی کے قریب قریب ابن بطہ العکبری نے ''کتاب الابانہ'' میں بھی ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے کہ متقدمین اور متاخرین میں سے جس کسی عالم نے بھی مناسک پر کتاب لکھی ہے اور اس میں احرام وطواف وغیرہ کے احکام بیان کئے ہیں حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کے زیارت کے آداب بھی تحریر کئے ہیں اور لکھا ہے کہ پھر قبر کے پاس پہنچے۔ قبر کا استقبال کرے اور قبلہ کی جانب پشت کر کے اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہے اور دعائیں مانگے۔ پھر دائیں جانب ہٹ کر اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا بَكْرٍ وَعُمَرُ کہے۔

ہم نے دیکھا ہے ہمارے ہاں ہمیشہ سے یہ طریقہ چلا آرہا ہے کہ جب کوئی حج کے لئے جاتا ہے اور اس کے اہل وعیال، دوست احباب اس کو رخصت کرتے ہیں تو کہتے ہیں ہمارا سلام بھی حضور اکرم ﷺ، سیدنا ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما

سے عرض کر دینا۔ اس پر نہ کوئی ناپسند کرتا ہے نہ اس فعل کی کوئی مخالفت کرتا ہے۔ بہر حال زیارت قبر نبی پر کسی نے ناپسندیدگی نہیں کی ہے۔ یہ ابن بطہ کا کلام رحمہ اللہ تعالیٰ تھا۔

ابن بطہ رحمہ اللہ تعالیٰ اور آجری کا مقصود بعض ملحدین کا رد کرنا ہے جو سیدنا ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی حضور اکرم ﷺ کے ساتھ تدفین کا انکار کرتے ہیں۔ رہا حضور اکرم ﷺ کی زیارت کا مسئلہ تو اس کو کسی نے غلط خیال نہیں کیا۔ زیادہ سے زیادہ بعض متقدمین نے زیارت کو مناسک حج کے تابع قرار دیا ہے۔ ان کو یہ خیال بھی نہ تھا کہ آٹھویں صدی میں زیارت کے معاملہ میں یا زیارت کے لئے سفر کے معاملہ میں کوئی اختلاف پیدا ہوگا۔

ان دونوں کے کلام سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ حجاج ہمیشہ بارگاہ نبوی ﷺ کے لیے سفر کرتے چلے آئے ہیں۔ اور یہ مناسک حج کے تابع ہوتا ہے۔ اور ابوبکر آجری یہ متقدمین میں سے ہیں اور انہوں نے سن ۳۶۰ ھ میں وصال فرمایا ہے۔ یہ ثقہ اور صدوق تھے ان کی بہت سی تصانیف ہیں۔ اور ابن بطہ کا انتقال سن ۳۸۷ ھ میں ہوا یہ حنابلہ کے نامور فقہاء میں سے تھے یہ وقت کے امام اور حدیث اور فقہ کے فاضل جلیل تھے۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسحاق بن ابراہیم الفقیہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ ہمیشہ سے حاجیوں کا یہ دستور رہا ہے کہ حج سے فراغت کے بعد مدینہ منورہ کا قصد کر کے جاتے ہیں تاکہ مسجد نبوی میں نمازیں ادا کریں اور آپ ﷺ کے روضہ مبارک آپ کے منبر اور آپ کی قبر انور سے اپنے ہاتھوں کو مس کر کے تبرک حاصل کریں اور آپ کے قدمین اور اس ستون سے جس سے آپ ﷺ ٹیک لگاتے تھے اور جبرئیل علیہ السلام جہاں وحی لے کر آتے تھے، ان تمام مقامات سے تبرک حاصل کریں۔ اور آپ ﷺ کے آثار و نشانات سے تبرک حاصل کریں۔

ہم نے زیارت کے مستحب ہونے کے بارے میں علمائے کرام کے اقوال ذکر کر دیے تھے۔ الباجی المالکی کہتے ہیں کہ مدینہ سے باہر سے آنے والے مدینہ منورہ کا قصد اس لیے کرتے ہیں تاکہ وہ آپ ﷺ کی قبر انور کی زیارت کر سکیں اور آپ پر صلوٰۃ و سلام بھیج سکیں۔ اور عبدی مالکی نے تو شرح الرسالہ میں یہاں تک تصریح کی ہے کہ زیارت قبر نبی رحمہ اللہ تعالیٰ کے لئے مدینہ کا سفر کعبہ اور بیت المقدس کی زیارت کے سفر سے بھی

افضل ہے۔ اصحاب مذاہب کے اکثر فقہائے کرام نے جب زیارت قبر نبی ﷺ کے آداب بیان کیے ہیں تو یہ اس کا یہ بھی تقاضا ہے کہ اس کی طرف سفر بھی مستحب ہو کیونکہ انہوں نے حجاج کے لیے حج سے فارغ ہونے کے بعد زیارت کو مستحب بتایا ہے اور جب زیارت کے لیے سفر لازم ہے تو یقیناً یہ سفر مستحب ہوگا۔

ایک بدوی کا ایمان افروز واقعہ:

اس سلسلہ میں ایک بدوی کا قصہ مشہور ہے جس کو فقہائے کرام نے مناسک کے بیان کے تحت مختلف اسناد کے ساتھ محمد بن حرب الہلالی سے نقل کیا ہے۔

اور بعض روایات میں ہے اس واقعہ کو بیان کرنے کے بعد الفاظ ہیں کہ ''پھر وہ اعرابی اپنی سواری پر سوار ہوا اور لوٹ گیا'' جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اعرابی مسافر تھا۔ اور اس حکایت کو آئمہ میں سے ایک جماعت نے نقل کیا ہے۔ اس اعرابی کا نام محمد بن عبیداللہ بن عمرو بن معاویۃ ابن عمرو بن عتبۃ بن ابی سفیان صخر بن حرب تھا۔ اور وہ بہت فصیح اللسان تھے اور انہوں نے سن ۲۲۸ھ میں وفات پائی اور ان کی کنیت ابوعبدالرحمٰن تھی۔ ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس قصہ کو اپنی تاریخ میں اور امام ابن جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "مثیر العزم الساکن" میں نقل کیا ہے۔ اور ان دو کے علاوہ دیگر نے اپنی اسانید کے ساتھ محمد بن حرب الھلالی رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت کیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ'' میں مدینہ پہنچا اور حضور اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے لئے گیا وہاں قبر کے سامنے بیٹھ گیا اتنے میں ایک بدو آیا قبر کی زیارت کی اور کہنے لگا اے خیر الرسل! اللہ تعالیٰ نے آپ پر سچی کتاب اُتاری ہے اور اس میں فرمایا ہے۔

'' ولو أنهم اذ ظلموا أنفسهم جاء وك فاستغفروا الله واستغفرلهم الرسول لوجدوا الله توابًا رحيمًا '' [النساء : ۶۴] (اے حبیب! اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے اور رسول ﷺ بھی ان کے لیے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور

شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے۔)

یا رسول اللہ! اب میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی مغفرت چاہتے ہو۔ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوں اور اپنے رب کی بارگاہ میں آپ کو شفیع بناتا ہوں۔ پھر رویا اور یوں گویا ہوا:

يَا خَيْرَ مَنْ دُفِنَتْ بِالْقَاعِ اَعْظُمُهٗ
فَطَابَ مِنْ طِيْبِهِنَّ الْقَاعُ وَ الْاَكَمُ
نَفْسِيْ الْفِدَاءُ بِقَبْرٍ اَنْتَ سَاكِنُهٗ
فِيْهِ الْعَفَافُ وَ فِيْهِ الْجُوْدُ وَ الْكَرَمُ

۱۔ اے وہ بہترین ذات جس کی ہڈیاں میدان میں دفن کردی گئی ہیں اور ان کی پاکیزگی کی وجہ سے میدان اور ٹیلے پاکیزہ ہوگئے ہیں۔

۲۔ میری جان اس قبر پر نثار جس میں آپ مقیم ہیں۔ اس میں پاکدامنی ہے اس میں سخاوت ہے، اس میں کرم ہے۔

پھر اس نے استغفار کیا اور واپس چلا گیا۔ ہلالی کہتے ہیں اس واقعہ کے بعد میں سویا تو میں نے حضور نبی اکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ آپ نے مجھ سے فرمایا۔ جاؤ اس شخص سے ملو اور اس کو خوشخبری دے دو اللہ تعالیٰ نے میری سفارش سے اس کی مغفرت فرمادی ہے۔ میں خواب سے بیدار ہوکر اس خوش قسمت کی تلاش میں نکلا لیکن وہ مجھے نہ ملا۔

بعض دوستوں کی فرمائش پر شیخ ابو الطیب مقدسی نے ان اشعار پر تضمین کی ہے اور چند اشعار کا اضافہ کیا ہے۔ ان کو ابن عساکر رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

اَقُوْلُ وَ الدَّمْعُ مِنْ عَيْنَيَّ مُنْسَجِمُ
لَمَّا رَاَيْتُ جِدَارَ الْقَبْرِ يُسْتَلَمُ

وَالنَّاسُ يَغْشَوْنَهُ بَاكٍ وَ مُنْقَطِعٌ
مِنَ الْمَهَابَةِ اَوْ دَاعٍ فَمُلْتَزِم

فَمَا تَمَالَكْتُ اَنْ نَادَيْتُ مِنْ حُرَقٍ
فِي الصَّدْرِ كَادَتْ لَهَا الاَحْشَاءُ تَضْطَرِمُ

يَا خَيْرَ مَنْ دُفِنَتْ بِالْقَاعِ اَعْظُمَهُ
فَطَابَ مِنْ طِيْبِهِنَّ الْقَاعُ وَالْاَكَمُ

نَفْسِيَ الْفِدَاءُ لِقَبْرٍ اَنْتَ سَاكِنَهُ
فِيْهِ الْعَفَافُ وَفِيْهِ الْجُوْدُ والكَرَمُ

وَ فِيْهِ شَمْسُ التُّقىٰ وَالدِّيْنِ قَدْ غَرَبَتْ
مِنْ بَعْدِ مَا اَشْرَقَتْ مِنْ نُوْرِهِ الظُّلَمُ

حَاشىٰ لِوَجْهِكَ اَنْ يَبْلىٰ وَ قَدْ هُدِيَتْ
فِي الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ مِنْ اَنْوَارِهِ الْاُمَمُ

وَ اِنْ تَمَسَّكَ اَيْدِى التُّرْبُ لَامِسَةً
فِي الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ مِنْ اَنْوَارِهِ الْاُمَمُ

لَقِيْتَ رَبَّكَ وَ الْاِسْلَامُ صَارِمُهُ
مَاضٍ وَ قَدْ كَانَ بَحْرُ الْكُفْرِ يَلْتَطِمُ

فَقُمْتَ فِيْهِ مَقَامَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلىٰ
اَنْ عَزَّ فَهُوَ عَلَى الْاَدْيَانِ يَحْتَكِمُ

لَئِنْ رَأَیْنَاهُ قَبْرًا اِنَّ بَاطِنَهٗ
لَرَوْضَةٌ مِنْ رِیَاضِ الْخُلْدِ تَبْتَسِمُ

طَافَتْ بِهٖ مِنْ نَوَاحِیْهِ مَلَائِكَتُهٗ
تَغْشَاهُ فِیْ كُلِّ مَا یَوْمٍ وَّ تَزْدَحِمُ

لَوْ كُنْتُ اَبْصَرْتُهٗ حَیًّا لَقُلْتُ لَهٗ
لَا تَمْشِ اِلَّا عَلٰی خَدِّیْ لَكَ الْقَدَمُ

هَدٰی بِهٖ اللّٰهُ قَوْمًا قَالَ قَائِلُهُمْ
بِبَطْنِ یَثْرِبَ لَمَّا ضَمَّهُ الرَّجَمُ

اِنْ مَاتَ اَحْمَدَ فَالرَّحْمٰنُ خَالِقُهٗ
حَیٌّ وَ نَعْبُدُهٗ مَا اَوْرَقَ السَّلَمُ

ترجمہ اشعار:

۱۔ میں کہہ رہا تھا اور آنسو میری آنکھوں سے بہہ رہے تھے جب میں نے دیکھا کہ قبر کی دیواروں کو بوسہ دیا جا رہا ہے۔

۲۔ لوگ قبر مبارک کو ڈھانپے ہوئے ہیں، رو رہے ہیں اور ہیبت کی وجہ سے جدا ہیں یا چمٹ کر دعا کر رہے ہیں۔

۳۔ پس میرے قابو میں نہ رہا اور میں نے سینے لگی آگ کی وجہ سے صدا دی اور وہ آگ ایسی تھی کہ جس کی وجہ سے قریب تھا کہ آنتیں باطن شعلہ زن تھا۔

۴۔ اے وہ بہتر ذات جس کی ہڈیاں میدان میں دفن کر دی گئی ہیں اور ان کی پاکیزگی کی وجہ سے میدان اور ٹیلے پاکیزہ بن گئے ہیں۔

۵۔ میری جان اس قبر پر نثار جس میں آپ مقیم ہیں۔ اس میں پاکدامنی ہے،

اس میں سخاوت ہے، اس میں کرم ہے۔

۶۔ اور اس میں پاکیزگی اور دین کا سورج ہے جو غروب ہوگیا اپنے نور سے تاریکیوں کو روشن کرنے کے بعد۔

۷۔ آپ کا چہرہ اس سے منزہ ہے کہ وہ پرانا بنے جبکہ اُس کی روشنی سے امتوں کو مشرق و مغرب میں ہدایت دی گئی ہے۔

۸۔ اگرچہ چھوتے وقت ہاتھ مٹی کو چھوتے ہیں۔ آپ تو بلند آسمانوں میں قوم کے سردار ہیں۔

۹۔ آپ اپنے رب سے جا ملے اور اسلام کی تلوار چل رہی ہے جبکہ کفر کا سمندر موجزن تھا۔

۱۰۔ آپ اسلام کے بارے میں مرسلین کے مقام پر کھڑے ہوئے یہاں تک کہ وہ غالب ہوگیا اب وہ تمام دینوں پر حکمراں ہے۔

۱۱۔ اگرچہ ہم اس کو قبر دیکھ رہے ہیں۔ بیشک اس کا باطن جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے جو کھل رہا ہے۔

۱۲۔ اس کے اطراف کا فرشتے طواف کرتے ہیں جو اس پر آتے ہیں اور ازدحام کرتے ہیں۔

۱۳۔ اگر میں ان کو زندہ دیکھتا تو ان سے کہتا کہ آپ نہ چلیں گے مگر میرے رخساروں پر۔

۱۴۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعہ قوم کو ہدایت دی ان کے لئے کہنے والے نے کہا۔ مدینہ کی سرزمین میں جبکہ قبر نے ان کو پہلو میں لے لیا۔

۱۵۔ اگر احمد ﷺ وفات پاگئے ہیں اللہ تعالیٰ ان کا خالق زندہ ہے ہم اس کی عبادت کرینگے جب تک سلم (درخت) پر پتے آتے رہیں گے۔ ا ۱۸

باب چہارم

علمائے کرام کے اقوال کی روشنی میں کہ رسول اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت مستحب ہے اور اس پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے

قبر مبارک کی زیارت کے بارے میں علمائے کرام کے اقوال:

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ قبر النبی ﷺ کی زیارت مسلمانوں میں مجمع علیہ سنت ہے اور اُس کی فضیلت پسندیدہ چیز ہے۔

قاضی ابو الطیب رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا حج اور عمرہ کے بعد قبر النبی ﷺ کی زیارت کرنا مستحب ہے۔

شیخ محاملی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "تجرید" میں فرمایا حاجی کے لئے مستحب ہے کہ حج سے فارغ ہونے کے بعد وہ قبر النبی ﷺ کی زیارت کرے۔

ابو عبداللہ الحسین الحلیمی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب "المنہاج فی شعب الایمان فی تعظیم النبی ﷺ" میں فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ کی زندگی میں تو اُن کی تعظیم کے طریقے وہ تھے جنہیں ان لوگوں نے اختیار کیا جنہیں حضور نبی اکرم ﷺ کی صحبت کا شرف حاصل ہوا، اب اُن کی تعظیم کا طریقہ یہی ہے کہ قبر کی زیارت کی جائے۔

امام الماوردی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "الحاوی" میں فرمایا حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کا حکم ہے اور وہ مستحب ہے۔اور الماوردی نے "الاحکام السلطانیۃ" میں حاجیوں پر والی مقرر کرنے کے سلسلے میں فرمایا متولی کے لئے شرط ہے کہ وہ مطاع، ذی رائے، شجاع ہو اور دیگر شرائط کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا: جب لوگ حج کر چکیں تو اُن کو کچھ مہلت دے اور جب واپس ہوں تو اُن کو مدینہ طیبہ والے راستہ سے واپس لے کر لوٹے تاکہ اُن کو حج کے ساتھ قبر النبی ﷺ کی بھی زیارت حاصل ہو جائے اور یہ اگرچہ حج کے ارکان میں سے نہیں ہے۔لیکن شرعی مستحبات میں سے ہے اور حاجیوں کی اچھی عادتوں میں سے ہے۔

صاحب المہذب کے ہاں رسول اللہ ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت مستحب ہے۔

القاضی حسین رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب حج سے فارغ ہو تو سنت ہے کہ ملتزم

کے پاس کھڑا ہو کر دُعا کرے پھر زمزم پیے پھر مدینہ آئے اور حضور ﷺ کی قبر انور کی زیارت کرے۔

امام رویانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا جب حج سے فارغ ہو جائے تو مستحب ہے کہ قبر النبی ﷺ کی زیارت کرے۔

احناف کے نزدیک تو قبر النبی ﷺ کی زیارت مستحبات میں سب سے زیادہ افضل بلکہ درجہ وجوب سے قریب تر ہے۔ اور ان میں سے ابو منصور محمد ابن مکرم کرمانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ''مناسک'' میں اور عبداللہ ابن محمود نے ''شرح المختار'' میں اِس کی تصریح کی ہے۔

فتاوی ابو اللیث سمرقندی میں حسن ابن زیاد کی روایت سے منقول ہے کہ امام ابو حنفیہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ حاجی کے لئے مناسب ہے کہ پہلے مکہ جائے جب وہاں کے ارکان ادا کر چکے تو مدینہ جائے اور اگر پہلے مدینہ ہو آئے یہ بھی جائز ہے۔ مدینہ پہنچ کر حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ مبارک پر جائے قبلہ اور قبر کے درمیان اِس طرح کھڑا ہو کہ اُس کا رُخ قبر کی جانب ہو۔ حضور ﷺ پر صلوٰۃ وسلام پڑھے اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر بھی سلام پڑھے اور اُن کے لئے رحمت کی دعا کرے۔

ابو العباس السروجی رحمہ اللہ تعالیٰ نے " الغایۃ " میں لکھا ہے جب حج یا عمرہ کرنے والے مکہ سے واپس ہوں تو مدینہ طیبہ پہنچ کر قبر النبی ﷺ کی زیارت کریں یہ اس کی ایک قابل تعریف کوشش ہوگی۔ اسی طرح حنابلہ نے بھی اس طرح کی تصریحات کی ہیں۔

ابو الخطاب محفوظ حنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''کتاب الھدایۃ'' میں فرمایا حاجی جب حج سے فارغ ہوجائے تو اس کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ اور صاحبین کی قبر کی زیارت مستحب ہے۔

ابو عبداللہ محمد ابن عبداللہ السامری الحنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب المستوعب میں باب زیارۃ قبر الرسول ﷺ قائم کیا ہے اور اس میں لکھا ہے۔ جب زائر، مدینہ

الرسول ﷺ پہنچے اس کے لئے مستحب ہے کہ داخلہ کے وقت غسل کرے پھر مسجد نبوی میں پہنچے اور داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں پہلے داخل کرے پھر قبر النبی ﷺ کی دیوار کے پاس پہنچ کر اس طرح کھڑا ہو کہ قبر النبی ﷺ سامنے ہو اور قبلہ پشت کی جانب ہو اور منبر النبی ﷺ بائیں جانب ہو اور پھر دعا وصلوٰۃ وسلام کی کیفیت بیان کرنے کے بعد فرمایا یہ بھی کہے اے اللہ تعالیٰ ! تو نے فرمایا ہے۔" ولو أنهم اذ ظلموا أنفسهم جاء وك فاستغفروا الله واستغفرلهم الرسول لوجدوا الله توّاباً رحيماً " [النساء: ۶۴] (اے حبیب ! اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے اور رسول ﷺ بھی ان کے لیے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے)

اور یوں کہے:" اے اللہ تعالیٰ! اب میں تیرے نبی کے پاس مغفرت چاہنے کے لئے حاضر ہوا ہوں اور تجھ سے درخواست کرتا ہوں تو اپنی مغفرت میرے لئے ثابت کردے جس طرح تو نے ان کے لئے مغفرت ثابت کی ہے جو ان کی زندگی میں مغفرت کے لئے آئے۔ اے اللہ تعالیٰ! میں تیری طرف تیرے نبی مکرّم کے واسطہ سے متوجہ ہوں۔" اس کے بعد جب واپسی کا ارادہ کرے دوبارہ قبر النبی ﷺ پر حاضر ہو کر رخصت ہو۔

دیکھیے ! یہ مصنف حنبلی ہیں اور منکرِ زیارت قبر النبی ﷺ بھی حنبلی ہیں۔ انہوں نے کس قدر صراحت کے ساتھ زیارت قبر النبی ﷺ کا ذکر کیا ہے اور نبی مکرم ﷺ کے واسطہ سے توجہ الی اللہ کو بیان کیا ہے۔

اسی طرح ابو منصور کرمانی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہا اگر تجھ سے کسی نے حضور نبی اکرم ﷺ تک سلام پہنچانے کی درخواست کی ہے تو تجھے قبر النبی ﷺ پر پہنچ کر کہنا چاہیے۔ " السلام عليك يا رسول من فلان ابن فلان ...." اے رسول مکرّم! آپ پر فلاں ابن فلاں کی جانب سے سلام ہو اور وہ آپ سے اللہ تعالیٰ کے دربار میں رحمت اور مغفرت کی سفارش چاہتا ہے آپ اس کی سفارش فرما دیں۔ اس مسئلہ کے لئے

ہم ان شاء اللہ تعالیٰ ایک مفصل باب قائم کرینگے۔

نجم الدین ابن حمدان حنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "اَلرِّعَایَۃُ الکبریٰ" میں فرمایا۔ جو شخص حج سے فارغ ہو اس کے لئے نبی مکرم ﷺ اور صاحبین رضی اللہ عنہما کی قبور کی زیارت مسنون ہے اور اگر وہ چاہے تو حج سے پہلے زیارت کرلے۔

امام ابنِ جوزی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب "مثیر العزم الساکن الی أشرف الأماکن" میں زیارت قبر النبی ﷺ پر باب باندھا ہے اور اس میں سیدنا ابن عمر اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی احادیث بیان کی ہیں۔

شیخ ابن قدامہ المقدسی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب المغنی میں فرمایا ہے اور یہ حنابلہ کی معتبر ترین کتاب ہے۔ اس میں فصل "قبر النبی ﷺ کی زیارت مستحب ہے" قائم کی ہے اور اس میں سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث بطریق دار قطنی اور سعید ابن منصور عن حفص بیان کی ہے اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث بطریق احمد بیان کی ہے " ما من احد یسلّم علیّ عند قبری .... " جوکوئی مسلمان میری قبر کے پاس آکر سلام کرے گا اس کے لئے مجھ پر شفاعت ضروری ہوگئی۔

اسی طرح مالکیہ کی بھی تصریحات ہیں اور ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس مسئلہ کو اجماعی قرار دیا ہے۔

اور عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ نے "تہذیب المطالب" میں شیخ ابوعمران المالکی کی جانب سے نقل کیا ہے کہ زیارتِ قبر النبی ﷺ واجب ہے اور عبدالحق نے اسی کتاب میں ذکر کیا ہے کہ شیخ ابومحمد بن ابی زید رحمہ اللہ تعالیٰ سے یہ مسئلہ پوچھا گیا کہ اگر کسی نے کسی کے ذریعہ حج کرایا اور اس کو حج و زیارت کے لئے خرچہ دیا۔ اب وہ شخص حج کر کے لوٹ آیا اور کسی عذر کی وجہ سے مدینہ طیبہ نہ جاسکا تو کیا ہو۔ انہوں نے جواب میں فرمایا۔ زیارت پر جو خرچ ہوتا اس شخص کو وہ واپس کرنا ہوگا اور بعض مشائخ نے فرمایا کہ اس پر ضروری ہوگا کہ وہ اس نائب کو لوٹائے تا کہ وہ زیارت کر کے واپس آئے۔ یہ وہی عبدالحق

ہیں جنہوں نے شیوخ قیروان اور شیوخ صقلیہ سے فقہ حاصل کیا ہے۔

شیخ ماوردی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''الحاوی'' میں ذکر کیا ہے کہ ہمارے اصحاب نے ذکر کیا ہے کہ کسی کو اجرت پر زیارت کیلئے بھیجنا صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ کام غیر معین اور غیر مقدر ہے اور اگر مزدوری محض قبر النبی ﷺ کے پاس کھڑے ہونے کی قرار دی جائے تو یہ بھی درست نہیں ہے۔ اس لئے کہ مجرد کھڑے رہنے میں قائم مقامی درست نہ ہوگی۔ اور اگر اُجرت اس بات کی قرار دی جائے کہ وہ قبر النبی ﷺ پر پہنچ کر دعا کرے گا تو یہ درست ہے اس لئے کہ دعا میں قائم مقامی درست ہے اور اس دعا کی مقدار کی جہالت اس اجارہ کو باطل نہ کرے گی۔

ہاں ایک تیسری صورت بھی ہے جس کو ماوردی نے بیان نہیں کیا اور وہ سلام پہنچانا ہے تو اس اجارہ اور مزدوری کے جواز میں کوئی شک نہیں ہے۔ جیسا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ کیا کرتے تھے اور بظاہر مالکیہ کی یہی مراد ہے۔ ورنہ مزدور کے جا کر کھڑے ہو جانے سے بھیجنے والے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اور ہم عنقریب ابن المواز کے حوالہ سے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصریح کا ذکر کریں گے کہ اس اجیر کو چاہیے کہ وہ حضور اکرم ﷺ کی قبر کے پاس کھڑا ہو اور دعا کرے جس طرح بیت اللہ کے پاس وداع کے وقت دعا کرتے ہیں۔

ابن ابی زید رحمہ اللہ تعالیٰ نے "کتاب النوادر" میں ابن حبیب کے کلام سے اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے مجموعہ سے اور ابن القرظی کے کلام سے زیارۃ القبور کی بحث ذکر کرنے کے بعد کہا اور شہدائے اُحد کی قبور کے پاس جائے اور اُسی طرح سلام پڑھے جس طرح حضور اکرم ﷺ کی قبر انور اور ان کے دونوں ساتھیوں کی قبر پر سلام پڑھا تھا۔

ابو الولید ابن رشد المالکی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "شرح العتبیہ" میں قبر نبی ﷺ کے پاس سے گزرنے والے کے بارے میں لکھا ہے۔ ایک سوال کیا گیا ہے کہ جو شخص حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کے پاس سے گذرے، کیا ہر بار گزرتے ہوئے سلام کرے گا؟ جواب میں کہا: ہاں۔ اُس پر ضروری ہے کہ وہ سلام پڑھے جب وہاں سے گذرے اکثر

لوگوں کی یہی رائے ہے۔ لیکن جب نہ گذر رہا ہو تو پھر ضروری نہیں ہے۔ اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا تھا'' اے اللہ تعالیٰ میری قبر کو بت نہ بنا دینا جس کی عبادت کی جائے'' اور فرمایا۔'' اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں پر سخت غضب ہے جنہوں نے اپنے انبیائے کرام علیہم السلام کی قبور کو مساجد بنالیا ہے۔'' جب وہاں سے نہ گذر رہا ہو تو سلام نہ پڑھنے کی گنجائش ہے۔ اور جب ان سے یہ دریافت کیا گیا کہ اگر مسافر ہر روز قبر النبی ﷺ پر حاضری دے؟ تو انہوں نے فرمایا۔ یہ مناسب نہیں ہے ہاں واپسی کے روز جا کر سلام پڑھ لے۔

امام محمد ابن رشد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جتنی بار گذرے گا اس کو سلام پڑھنا ہوگا۔ لیکن یہ ضروری نہیں ہے کہ ضرور گذرے ہاں جب مدینۃ المنورۃ سے لوٹے تو ضرور وہاں جائے۔ یہ مکروہ ہے کہ کثرت سے وہاں سے گذرے اور کثرت سے سلام پڑھے اور ہر روز اس پر آئے اور اس کے فعل سے یہ قبر کی طرح ہو جائے کہ وہاں نماز کے لیے ہر روز جاتا ہے۔ اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ نے منع فرمایا ہے:'' میری قبر کو بت نہ بناؤ جس کی عبادت کی جائے '' اور'' اللہ تعالیٰ کا ان پر سخت غضب ہے جو اپنے انبیائے کرام علیہم السلام کی قبروں کو مسجد بنا دیتے ہیں۔'' یہاں تک ابن رشد کا کلام تھا۔

دیکھیے پردیسی پر رخصتی کے وقت حاضری کا حکم دیتے ہیں تو سلام کی بھی لا محالہ اجازت ہوگی۔ کثرت سے آنے جانے کو مکروہ قرار دیا ہے اور زیارت کا اصلاً مستحب ہونا متفق علیہ ہے۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''الشفاء'' میں سند کے ساتھ ذکر کیا ہے کہ امیر المومنین ابوجعفر کی حضرت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے مسجد نبوی میں گفتگو ہوئی امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ امیر المومنین اس مسجد میں زور سے نہ بولیے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: '' لا ترفعوا أصواتكم فوق صوت النبیّ '' [الحجرات:۲] اونچی نہ کرو اپنی آوازیں نبی اکرم ﷺ کی آواز سے۔ اور تعریف کرتے ہوئے فرمایا: ''جو لوگ

دبی آواز سے بولتے ہیں رسول اللہ کے پاس وہی ہیں جن کے دل جانچے ہیں اللہ تعالیٰ نے ادب کے واسطے" [الحجرات: ۳] اور زور سے پکارنے والوں کی مذمت میں فرمایا: " جولوگ پکارتے ہیں آپ کو حجروں کے باہر سے وہ اکثر عقل نہیں رکھتے [الحجرات: ۴]

حضور نبی اکرم ﷺ کا احترام جس طرح زندگی میں ضروری تھا آپ کے وصال مبارک کے بعد بھی اسی طرح ضروری ہے۔ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی یہ باتیں سن کر ابوجعفر شرمندہ ہوگیا اور کہا اے ابوعبداللہ میں قبلہ کا استقبال کر کے حضور کی قبر کے پاس دعا کروں یا دعا میں حضور کی قبر کا استقبال کروں۔ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک سے روگردانی کیوں کرتے ہو؟ جبکہ حضور کی ذات گرامی تمہارا اور تمہارے باپ حضرت آدم علیہ السلام کا قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے لئے وسیلہ ہوگی۔ آپ ﷺ کی طرف منہ کرو اور آپ کے ذریعہ شفاعت چاہو اللہ تعالیٰ آپ کی شفاعت قبول فرمائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ " ولو أنهم اذ ظلموا أنفسهم جاء وك فاستغفروا الله واستغفرلهم الرسول لوجدوا الله توّاباً رحيماً " [النساء: ۶۴] (اے حبیب! اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے اور رسول ﷺ بھی ان کے لیے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے)

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس کلام کو دیکھو کس عمدہ طریقہ پر زیارت اور توسل اور حضور کے ساتھ حسن ادب کا بیان فرمایا ہے۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ابن حبیب نے کہا ہے۔ اور جب مسجد النبی ﷺ میں داخل ہو تو کہے۔

" بسم الله و سلام على رسول الله السلام علينا من ربنا و صلّى الله و ملائكته علىٰ محمد، اللهمّ اغفرلي ذنوبي و افتح لي أبواب رحمتك و جنتك و احفظني من الشيطان الرجيم "

بسم اللہ اور سلام ہو رسول اللہ ﷺ پر۔ سلام ہو ہم پر ہمارے رب کریم کی جانب سے اور صلوٰۃ ہو اللہ تعالیٰ کی جانب سے اور ملائکہ کی جانب سے سیّدنا محمد ﷺ پر۔ اے اللہ تعالیٰ! میرے لیے میرے گناہوں کی مغفرت فرما دے اور میرے لئے اپنے رحمت اور جنت کے دروازے کھول دے اور شیطان مردود سے میری حفاظت فرما دے۔)

پھر رِیَاضُ الْجَنَّۃ میں جائے اور یہ مسجد کا وہ حصہ ہے جو منبر اور قبر النبی ﷺ کے درمیان واقع ہے۔ اس میں دو رکعت نماز پڑھے پھر قبر کے نزدیک متواضع ہوکر دل جمی کے ساتھ حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ میں درود پیش کرے اور جو تعریف بھی دل میں آئے وہ کرے اور سیّدنا ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر سلام پڑھے اور ان کے لئے دعا کرے اور مسجد قباء اور شہدائے اُحد کی قبور پر جانے میں کوتاہی نہ کرے۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''کتاب محمد'' میں فرمایا ہے کہ جب مدینہ میں داخل ہو اور جب مدینہ سے لوٹے اور قیام کے دوران حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک پر صلوٰۃ و سلام پڑھے۔ اور امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جب واپس ہو تو آخری کام قبر پر حاضری ہو۔ اور ایسا ہی ہر مدنی کو سفر کے وقت کرنا چاہیے۔ اور امامِ مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے مبسوط میں فرمایا: مدینہ کا باشندہ جب مسجد میں داخل ہو یا نکلے اس کے لئے قبر پر کھڑا ہونا ضروری نہیں ہے۔ یہ باہر سے آنے والوں کو کرنا چاہیے۔ ہاں اگر کوئی مدنی سفر میں جائے یا سفر سے واپس آئے تو وہ قبر النبی ﷺ پر حاضری ہوکر درود پڑھے اور دعا کرے اور اسی طرح سیّدنا ابوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے لئے کرے۔

جب امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے کہا گیا کہ بعض مدنی نہ سفر میں گئے نہ سفر سے آئے اور قبر پر حاضری دیتے ہیں یا ہر جمعہ کو حاضری دیتے ہیں۔ یا دن میں دو تین مرتبہ حاضر ہوکر تھوڑی دیر سلام وصلوٰۃ پڑھتے ہیں تو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ ہمارے شہر کے کسی فقیہ کا عمل نہیں ہے اور ایسا نہ کرنے کی گنجائش ہے۔ اور فرمایا: اس امت کے اخیر کی وہی چیزیں اصلاح کرسکتی ہیں جن چیزوں نے اول امت کی اصلاح کی

ہے۔ ہم نے اپنے بزرگوں کا اس طرح کا عمل نہ دیکھا نہ سنا۔ اور قبر مبارک پر حاضری صرف اس کے لئے جو سفر میں جائے یا سفر سے واپس آئے ورنہ مکروہ ہے۔

ابن القاسم علیہم السلام نے فرمایا: میں نے اہل مدینہ کو سفر میں جاتے وقت یا واپسی پر ایسا کرتے دیکھا ہے اور یہی میری رائے ہے۔ امام الباجی علیہم السلام نے فرمایا ان لوگوں نے صلوٰۃ وسلام کے بارے میں اہل مدینہ اور پردیسیوں میں فرق کیا ہے اس لئے کہ پردیسی تو اسی مقصد کے لئے مدینہ آتے ہیں اور مدنی اس غرض کے لئے وہاں مقیم نہیں ہوئے ہیں۔ یہاں تک قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول تھا۔

اب امام الباجی کے قول پر غور کیجئے۔ وہ کہتے ہیں کہ پردیسی اس قصد سے سفر کر کے آتے ہیں تو معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک صلوٰۃ وسلام کے قصد سے مدینہ کا سفر کرنا جائز ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب کا خلاصہ:

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے مذہب کا خلاصہ یہ ہے کہ ان کے نزدیک زیارتِ قبر النبی ﷺ ایک ثواب کا کام ہے۔ لیکن وہ اپنی عادت کے مطابق کثرت سے حاضری و صلوٰۃ وسلام کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ اس لئے یہ کثرت بسا اوقات فعل ممنوع تک پہنچ جاتی ہے۔ بقیہ تینوں امام زیارت کو مستحب قرار دیتے ہیں اور اس کی کثرت کو بھی مستحب قرار دیتے ہیں۔ اس لئے کہ کسی خیر کی کثرت خیر ہی ہوگی۔ غرضیکہ مجرد زیارت کو سب آئمہ مستحب قرار دیتے ہیں۔ "کتاب النوادر" میں مذکور ہے۔ زیارت کرنے والے کو چاہیے کہ وہ شہدائے اُحد کی قبور پر حاضری دے اور اسی طرح صلوٰۃ وسلام پڑھے جس طرح حضور اکرم ﷺ اور سیدنا ابوبکر صدیق و سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کی قبور پر پڑھا تھا۔

ابو محمد عبدالکریم کی مالکی نے اپنی "مناسک" میں جس کے بارے میں انہوں نے کہا ہے کہ میں نے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی مشہور روایتیں لکھی ہیں، لکھا ہے۔" جب تمہارا حج وعمرہ شرعی اعتبار سے مکمل ہوجائے تو اس کے بعد کوئی چیز باقی نہیں رہتی سوائے

اس کے مسجد نبوی میں حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام کے لئے حاضر ہو اور وہاں دعا کرے اور صاحبین پر سلام بھیجے اور بقیع میں پہنچ کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کی قبروں کی زیارت کرے اور مسجد نبوی میں نماز پڑھے۔ جو ان باتوں پر قادر ہو اس کو یہ باتیں نہیں چھوڑنی چاہئیں۔

امام عبدی علیہم السلام نے "شرح الوسالہ" میں لکھا ہے کہ مسجد حرام یا مکہ جانے کی نذر مانااس کی شرع میں اصل ہے اور اس نذز سے مراد حج یا عمرہ ہو گا اور مدینہ منورہ میں زیارت قبر النبی ﷺ کے لئے نذر ماننا یہ کعبہ اور بیت المقدس کی نذر سے افضل ہے۔ جب کوئی شخص ان تینوں مسجدوں تک جانے کی نذر مانتا ہے تو کعبہ کی نذر پر اتفاق ہے کہ وہ لازم ہو جاتی ہے اور مسجد نبوی اور مسجد بیت المقدس کی نذر کے بارے میں آئمہ میں اختلاف ہے۔

میں کہتا ہوں جس اختلاف کی طرف عبدی نے اشارہ کیا ہے وہ مسجد بیت المقدس اور مسجد مدینہ کے بارے میں نہ کہ زیارت قبر النبی ﷺ کے بارے میں۔ یہ چاروں مذاہب کے اقوال اور تصریحات ہیں جو میں نے ذکر کیں۔ اسی طرح کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین اور بعد کے بزرگوں کے اقوال ہیں۔ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں مختلف سندوں سے یہ بات ثابت ہے کہ وہ قبر النبی ﷺ پر حاضر ہوتے اور صلوٰۃ وسلام پڑھتے تھے۔ کسی شخص نے حضرت نافع سے دریافت کیا تھا کیا سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما قبر النبی ﷺ پر سلام پڑھتے تھے؟ تو انہوں نے کہا: ہاں۔ اور میں نے سینکڑوں بار دیکھا ہے۔ وہ قبر پر پہنچتے تھے اور عرض کرتے تھے: " السلام علی النبیّ السلام علی أبی بکر السلام علیٰ أبی " نبی اکرم پر سلام ہو، سیدنا ابوبکر پر سلام ہو، اباجان پر سلام ہو۔

مؤطا امام مالک میں یہ روایت مذکور ہے کہ سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ قبر النبی ﷺ پر قیام کرتے تھے اور حضور نبی اکرم ﷺ اور سیدنا ابوبکر صدیق اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر درود پڑھتے تھے۔ اور ابن قاسم اور قعنبی کے مطابق سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سیدنا

ابوبکر صدیق اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے لیے دعا بھی فرماتے تھے۔ اور ابن وھب کی روایت میں ہے ایک مسلم کو حاضری کے وقت یہ کہنا چاہیے۔ "السلام علیك أیها النبیّ و رحمة الله و بركاته." اور مبسوط میں ہے اور سیدنا ابوبکر صدیق اور سیّدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر سلام کہے۔

امام عبدالرزاق رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی "مصنف" میں" باب السلام علی قبر النبی ﷺ "میں ذکر کیا ہے کہ اس سلسلہ میں بہت سے آثار ہیں ان میں سے اسنادِ صحیح کے ساتھ ہے کہ سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ جب سفر سے واپس آتے تھے تو قبر النبی ﷺ پر پہنچتے تھے اور کہتے تھے: " اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَابَكرٍ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبِیْ ".

امام عبدالرزاق رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس باب میں یہ بھی نقل کیا ہے کہ حضرت سعید ابن المسیب رحمہ اللہ تعالیٰ نے کچھ لوگوں کو نبی اکرم ﷺ پر سلام پڑھتے ہوئے دیکھا تو کہا، کوئی نبی زمین میں چالیس روز سے زیادہ نہیں رہتا۔ (یعنی حضور بھی چالیس دن سے زیادہ قبر میں نہیں رہے لہٰذا اب قبر پر سلام پڑھنے کا کوئی فائدہ نہیں) پھر امام عبدالرزاق رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضور نبی اکرم ﷺ کا فرمان نقل کیا کہ " جس رات معراج ہوئی میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذرا وہ اپنی قبر میں نماز پڑھ رہے تھے۔" ان کا اس قول کو نقل کرنے سے مقصد حضرت ابن المسیب رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کی تردید ہے جو بہترین رد ہے۔ اس میں اور بھی حدیث ہے جس کو ہم حیات شہداء کے باب میں ذکر کریں گے۔ اسی طرح حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ جبکہ گھر میں محصور تھے اور کچھ لوگوں نے ان کو شام کی طرف چلے جانے کا مشورہ دیا تھا، فرمایا تھا کہ میں دار الہجرہ اور حضور اکرم ﷺ کے پڑوس کو کبھی نہیں چھوڑ سکتا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اس قول سے بھی حضرت ابن المسیب رحمہ اللہ تعالیٰ کی بات کی تردید ہوتی ہے۔ اور اگر حضرت ابن المسیب رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کو صحیح بھی قرار دیا جائے تو بھی یہ زیارت قبر کے استحباب کے مخالف نہیں ہے۔ چونکہ بہرحال حضور نبی اکرم ﷺ کی نسبت سے اس جگہ کو شرف حاصل ہے۔

ایک شاعر نے کہا ہے۔

اَمُرُّ عَلَی الدِّیَارِ دِیَارِ لَیْلٰی
اُقَبِّلُ ذَا الْجِدَارَ وَ ذَا الْجِدَارَا
وَمَا حُبُّ الدِّیَارِ شَغَفْنَ قَلْبِیْ
وَلٰکِنْ حُبُّ مَنْ سَکَنَ الدِّیَارَا

۱۔میں لیلیٰ کے مکانات پر سے گذرتا ہوں تو اس دیوار اور اس دیوار کو بوسہ دیتا ہوں۔

۲۔مکانات کی محبت نے میرے دل کو نہیں گھیرا، لیکن اس کی محبت نے جو ان مکانات میں رہا۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے "الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ" میں فرمایا۔بعض راویوں نے بیان کیا کہ ہم نے حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ قبر النبی ﷺ پر آئے تو اپنے ہاتھ اُٹھائے جس سے ہمیں شبہ ہوا کہ وہ نماز کی نیت باندھ رہے ہیں۔ پھر حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں سلام پیش کیا اور واپس ہوگئے۔

"مسند امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ" میں سند متصل سے منقول ہے کہ ایوب سختیانی رحمہ اللہ تعالیٰ تشریف لائے قبر النبی ﷺ کے قریب پہنچے۔قبر کی طرف رُخ کیا اور قبلہ سمت پشت کی اور پھوٹ پھوٹ کر خوب روئے۔

ابراہیم الحربی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے "مناسک" میں فرمایا۔قبلہ کی جانب پشت کرو اور وسطِ قبر کی جانب رخ کرو پھر کہو اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللہِ وَ بَرَکَاتُہٗ۔ابن بطال نے شرح بخاری میں کہا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے قول "میرے گھر اور ممبر کے درمیان جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے" کا مطلب یہ ہے کہ یہاں ذکر اور علم کے حلقے کرو اور ان سے روحانی غذا حاصل کرو اور اس میں قبر النبی ﷺ کی

زیارت اور مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کی ترغیب ہے۔ اس مسئلہ میں اگر ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تمام آثار اور علمائے کرام کے اقوال کو ذکر کریں تو مضمون بہت طویل ہو جائے گا۔

اب اگر کوئی یہ کہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے "زُرنَا قَبرَ النَّبِیِّ" کے قول کو مکروہ قرار دیا ہے۔ کیونکہ ایک حدیث میں یوں وارد ہوا ہے۔ "لعن اللہ زوّارات القبور" (قبر کی زیارت کرنے والیوں پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار ہے۔) یعنی اس حدیث میں لفظ زیارت مذمت کے طور پر آیا ہے۔ مگر قبر پر حاضری اور سلام کو مکروہ قرار نہیں دیا گیا ہے۔

یہ توجیہ مناسب نہیں اس لئے کہ دوسری حدیث میں یہ بھی مذکور ہے۔ "کنت نھیتکم عن زیارۃ القبور فزوروھا" (میں نے تمہیں قبور کی زیارت سے منع کیا تھا آگاہ اب زیارت کیا کرو) اور حضور کا ارشاد ہے "من زار قبری" یعنی جس نے میری قبر کی زیارت کی۔ پس لفظ زیارت ہمیشہ مذمت کے لیے نہیں آیا لہٰذا بعض لوگوں نے کہا امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس قول کو اس بنا پر مکروہ سمجھا ہے کہ زائر مزور سے افضل ہوتا ہے لیکن یہ توجیہ بھی مناسب نہیں ہے اس لئے کہ احادیث میں مذکور ہے۔ اہل جنت اللہ تعالیٰ کی زیارت کریں گے تو اہل جنت زائر اور اللہ تعالیٰ مزور (جس کی زیارت کی جائے) ہوا۔ بعض لوگوں نے کہا کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کراہت کی وجہ یہ ہے کہ اس میں زیارت کی اضافت قبر کی جانب ہے اور اگر زُرتُ النَّبِیَّ کہا جاتا تو وہ مکروہ نہ سمجھتے۔ چونکہ حضور نبی اکرم ﷺ یہ فرمایا ہے کہ "اے اللہ تعالیٰ! میری قبر کو بت نہ بنانا کہ اس کی عبادت کی جائے اللہ تعالیٰ کا سخت غضب ہو ان لوگوں پر جنہوں نے اپنے انبیائے کرام علیہم السلام کی قبور کو سجدہ گاہ بنالیا۔"

یہ قاضی کا کلام ہے۔ لیکن یہ توجیہ بھی غیر معقول ہے اس لئے کہ حدیث میں ہے "جس نے میری قبر کی زیارت کی" یعنی زیارت کی نسبت قبر کی طرف کی ہے۔ ہاں اگر یہ کہا جائے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کو یہ حدیث نہ پہنچی ہوگی تو یہ توجیہ چل سکتی ہے۔

عبدالحق صقلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ابو عمران مالکی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے قول زُرنَا قَبرَ النَّبِیِّ کو اس لئے مکروہ سمجھا ہے کہ زیارت تو ایسا فعل ہے

چاہے کوئی کرے چاہے نہ کرے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر پر حاضری واجب ہے یعنی سنن واجبہ میں سے ہے لہٰذا یہ مناسب نہیں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر پر حاضری کو زیارت سے تعبیر کیا جائے جو زندوں کے لئے اس معنیٰ میں بولا جاتا ہے کہ چاہے وہاں جائے چاہے نہ جائے لہٰذا نبی اکرم ﷺ کی ذات اس سے اشرف اور اعلیٰ ہے کہ اس کے لئے زیارت کا لفظ بولا جائے۔ اس جواب میں اور قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کے جواب میں دو طرح سے فرق ہے۔ پہلا یہ ہے کہ ابو عمران قبر مبارک کی زیارت کو لازم قرار دیتے ہیں۔ اگرچہ لفظ زیارت نہیں بولا جائے گا۔ اور اور قاضی رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قبر کی طرف لفظ زیارت کی نسبت نہیں کی جائے گی۔ ابو عمران مالکی رحمہ اللہ تعالیٰ اور قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کی توجیہات میں کافی فرق ہے۔ ابو عمران کا قول چاہتا ہے کہ زُرْتُ النَّبِيَّ اور زُرْتُ قَبْرَ النَّبِيِّ دونوں کراہت میں یکساں ہیں جبکہ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ دونوں میں فرق کرتے ہیں۔ اور ان کے نزدیک یہ کہنا کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی یہ درست ہے مگر یہ کہنا کہ میں نے قبرِ نبی ﷺ کی زیارت کی یہ کہنا درست نہیں مگر یہ اختلاف صرف الفاظ کے استعمال میں ہے باقی رہا قبر مبارک کی زیارت کا مسئلہ تو اس کی مشروعیت میں کوئی اختلاف نہیں۔

امام ابن رشد رحمہ اللہ تعالیٰ نے البیان و التحصیل میں فرمایا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ میں زیارت بیت الحرام کو زیارت کہنا مکروہ سمجھتا ہوں۔ اسی طرح لوگوں کے اس مقولے زُرْتُ النَّبِيَّ کو بھی مکروہ سمجھتا ہوں۔ امام ابن رشد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا کہ لفظ زیارت مُردوں کے لئے مستعمل ہے تو انہوں نے حضور نبی اکرم ﷺ کے بارے میں اس لفظ کے استعمال کو اسی طرح مکروہ سمجھا جیسا کہ وہ ایام التشریق بولنے کو مکروہ سمجھتے تھے اور اس کے بجائے ایاماً معدودات کہنا پسند کرتے تھے یا عشاء کی بجائے لفظ عتمہ کو مکروہ سمجھتے یا طواف افاضہ کی بجائے طواف الزیارہ کہنا ان کو پسند نہ تھا گویا کہ ان کے نزدیک وہ لفظ مستحب ہے جو قرآن کریم میں استعمال ہوا ہے" فاذا أفضتم من عرفات. " اسی طرح وہ بیت اللہ شریف کے طواف کو زیارت نہیں بولتے۔

اسی طرح وہ لفظ المضی کی نسبت قبر النبی ﷺ کی طرف کرنے کو پسند نہیں کرتے کیونکہ المضی کا معنی صرف جانا ہوگا خواہ وہاں نہ پہنچے اور نفع حاصل نہ کرے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ زیارت کرنے کا مقصد تو یہ ہے کہ وہ وہاں جا کر ثواب حاصل کرے۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کی تاویل میں قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کی نسبت ابن رشد کا کلام زیادہ پسندیدہ ہے اس لئے کہ ابن المواز نے کتاب الحج کے باب ماجاء فی الوداع کے تحت بیان کیا ہے کہ اشہب نے کہا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے عمرہ کرنے والے کے لئے دریافت کیا گیا کہ جب وہ واپسی کا ارادہ کرے تو کیا اس پر وداع ضروری ہے؟ انہوں نے کہا اس کو اختیار ہے پھر فرمایا۔ مجھے وداع کا لفظ پسند نہیں ہے۔ طواف کہو قرآن نے وَلْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ کہا ہے۔ اسی طرح مجھے لفظ زیارت پسند نہیں۔ اسی طرح میں قول زُرْتُ النَّبِيَّ کو پسند نہیں کرتا۔ حضور کی ذات اس سے اعلیٰ و ارفع ہے کہ اس کی زیارت کی جائے۔ وداع کا لفظ بھی نہ لغت میں ہے نہ قرآن میں بلکہ طواف کا لفظ آیا ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے یہی فرمایا کہ آخری عبادت طواف کعبہ ہے۔

پھر امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا گیا کہ آخری طواف میں کعبہ کے پردوں سے چمٹنا چاہیے؟ انہوں نے فرمایا بس وقوف و دعا کرنی چاہیے۔ پھر ان سے عرض کیا گیا کہ قبر النبی ﷺ کے پاس بھی ایسا ہی کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا بیشک وقوف اور دعا ہونی چاہیے۔ "المواز یۃ" مالکیوں کی معتبر ترین کتاب ہے جس سے میں نے یہ باتیں نقل کی ہیں۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے تمام اقوال کو ملا کر یہی نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ جس طرح آخری طواف کو مکروہ نہیں کہتے بلکہ اس کے لئے لفظ وداع کے استعمال کو مکروہ کہا ہے۔ کیونکہ کوئی بھی عقلمند شخص یہ تصور نہیں کرسکتا کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ طواف وداع کو ناپسند کرتے تھے۔ اسی طرح حضور اکرم ﷺ کی قبر کے معاملہ میں زیارت کے لفظ کو پسند نہیں کیا ورنہ وہ اس کے قائل ہیں کہ وہاں قیام کیا جائے اور صلوٰۃ و سلام پڑھا جائے۔ اب اگر کوئی امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف یہ منسوب کرتا ہے کہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر پر حاضری اور صلوٰۃ و سلام کو ممنوع قرار دیتے تھے تو یہ امام

مالک رحمہ اللہ تعالیٰ پر بہتان ہے اور خود اس قائل کی عقل کا قصور ہے۔

ازالہ اشکال:

اگر کوئی یہ کہے کہ امام عبدالرزاق رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی "مصنف" میں سند کے ساتھ یہ بیان کیا ہے کہ حسن ابن حسن ابن علی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کچھ لوگوں کو قبر النبی ﷺ کے پاس دیکھا تو ان کو روکا اور فرمایا: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''میری قبر کو عید نہ بناؤ اور اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اور جہاں کہیں بھی ہو مجھ پر وہیں سے درود و سلام بھیج دیا کرو وہ مجھ تک پہنچ جائے گا'' میں کہتا ہوں کہ قاضی اسماعیل رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب "فضل الصلوۃ علی النبی ﷺ" میں سند متصل کے ساتھ بیان کیا ہے کہ امام زین العابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے دیکھا ایک شخص روزانہ آ کر قبر النبی ﷺ کی زیارت کرتا ہے اور درود و سلام پڑھتا ہے۔ اس پر امام زین العابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو پوچھا کہ تم یہ کیوں کرتے ہو؟ اس نے کہا مجھے یہ اچھا لگتا ہے کہ میں حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام پیش کروں۔ اس پر امام زین العابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو فرمایا: کیا میں تمہیں حدیث نہ سناؤں جو میں نے اپنے والد گرامی سے سنی ہے اس نے کہا اچھا سنائیں۔ پس امام زین العابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو فرمایا: میرے والد گرامی نے مجھے اپنے والد گرامی کے حوالے سے یہ بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''میری قبر کو عید نہ بناؤ اور اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ اور جہاں کہیں بھی ہو مجھ پر وہیں سے درود و سلام بھیج دیا کرو وہ مجھ تک پہنچ جائے گا''

اس قصہ سے معلوم ہوا کہ امام زین العابدین رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اس لئے جھڑکا تھا کہ وہ اس معاملہ میں حد سے تجاوز کر رہا تھا اور مسنون طریقہ کو چھوڑ رہا تھا۔ اور یہ بتانا بھی مقصود تھا کہ سلام دور سے بھی پہنچ جاتا ہے تاکہ ہر وقت حاضر ہو کر سلام پیش کرنے میں مشقت ہوتی ہے۔ تو امام زین العابدین کا قول بھی ایسا ہی ہے جیسا کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول تھا۔ ورنہ سلف میں کسی سے کیسے ممکن ہے کہ مطلق زیارتِ قبر پر اعتراض کرے اور خصوصاً حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کو مکروہ قرار دے

جس پر اجماع ہو چکا ہے اور ہم آگے چل کر بیان کریں گے کہ جو احادیث اور آثار اس زیارت کی ذیل میں وارد ہوئے ہیں۔ پس نبی اکرم ﷺ اور دیگر تمام انبیائے کرام علیہم السلام زندہ ہیں پس ان کے بارے میں یہ کیسے کہا جا سکتا ہے؟

اب حضور اکرم ﷺ کا یہ ارشاد مبارک " لَا تَجْعَلُوا قَبْرِیْ عِیْدًا " (میری قبر کو عید نہ بناؤ) امام ابو داود رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو روایت کیا ہے اور اس کی سند میں نافع الصائغ ہیں ان سے سنن کے چاروں آئمہ اور امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ اور امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے۔ " تعرف حفظه و تنكر " اور امام ابو حاتم الرازی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے وہ حافظ نہیں اور یہ لین ہے اس کا حفظ معروف ہے مگر منکر ہے اور یحیٰ ابن معین رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو ثقہ قرار دیا ہے اور ابو زرعہ نے کہا ہے لا بأس به۔

اور ابن عدی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ انہوں نے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے غرائب روایت کی ہیں اور یہ اپنی روایات میں مستقیم الحدیث ہے۔ اگر یہ حدیث ثابت نہ ہو تو کوئی کلام نہیں اور اگر یہ ثابت ہو جائے یہ زیادہ اقرب ہے۔ شیخ زکی الدین المنذری رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ اس کے معنی میں یہ بھی احتمال ہے کہ قبر نبی پر بکثرت حاضر ہونے کی ترغیب کے لیے یہ حدیث وارد ہوئی ہو یعنی جس طرح عید سال میں صرف دو مرتبہ آتی ہے تم میری قبر پر حاضری کی یہ صورت نہ کرنا بلکہ بکثرت حاضری دینا اور اس معنی کی تائید اسی حدیث کا دوسرا حصہ کرتا ہے جس میں فرمایا گیا ہے۔ "اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ۔" یعنی وہاں نماز پڑھنا نہ چھوڑو کہ وہ قبرستان کی طرح ہو جائیں جس میں نماز نہیں پڑھی جاتی ہے۔

میں کہتا ہوں ممکن ہے اس کی مراد یہ ہو کہ میری قبر پر حاضری کا کوئی وقت مخصوص نہ کرو جیسا کہ بعض چیزوں کی زیارت کے لیے دن مخصوص کر دیا جاتا ہے بلکہ جس دن چاہو حاضری دیا کرو اور یہ بھی معنی ہیں کہ میری قبر پر حاضری کے لیے ایسی زیب و زینت نہ کیا کرو جیسا کہ عید کے لیے کرتے ہو محض حاضری سلام وصلوٰۃ و زیارت کے لیے ہونی چاہیے کہ حاضری دینے کے بعد پھر زائر واپس لوٹ جائے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی اپنے نبی ﷺ کی مراد کو بہتر جانتا ہے۔

زیارتِ قبر النبی ثواب کا کام ہے

یہ بات کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ، اجماع اور قیاس سے ثابت ہے کہ زیارت قبر النبی ثواب کا کام ہے۔

کتاب اللہ سے ثبوت:

اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا ہے۔

" ولو أنهم اذ ظلموا أنفسهم جاء وك فاستغفروا الله واستغفرلهم الرسول لوجدوا الله توّابا رحیما " [النساء: ۶۴] (اے حبیب! اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ تعالی سے معافی مانگتے اور رسول ﷺ بھی ان کے لیے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ تعالی کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے۔)

یہ آیت رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہونے پر راہنمائی کرتی ہے اور بتاتی ہے کہ گناہگار رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوں اور وہاں مغفرت چاہیں اور رسول اللہ ﷺ ان کی مغفرت کی سفارش کریں۔ یہ آیت اگر چہ حضور نبی اکرم ﷺ کی زندگی میں آئی ہے لیکن یہ حضور ﷺ کا وہ رتبہ ہے جو وفات سے بھی کم نہ ہوگا۔

اگر یہ کہا جائے کہ حضور کی بارگاہ میں حاضر ہونا تو حضور نبی اکرم ﷺ سے مغفرت کی دعا کرانے کے لیے تھا اور یہ بات آپ کے وصال مبارک کے بعد متصور نہیں۔ اس بارے میں یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ اس آیت کے مطابق اللہ تعالی کا توّاب و رحیم ہونا تین امور پر منحصر ہے۔

۱۔ گناہگار کا حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونا۔

۲۔ اللہ تعالی کی بارگاہ میں معافی چاہنا۔

۳۔ حضور نبی اکرم ﷺ کا اس کے لیے مغفرت کی دعا فرمانا۔

جہاں تک حضور نبی اکرم ﷺ کے دعا فرمانے کا تعلق ہے تو وہ آپ ﷺ نے تمام مومنین کے لیے فرما دی ہوئی ہے۔ آیت مبارکہ میں مذکور ہے۔

"واستغفر لذنبك و للمؤمنين والمؤمنات" [سورہ محمد: ۱۹]

اور استغفار کریں اپنے بعد آنے والوں کے لیے اور مومن مردوں اور عورتوں کے لیے

اسی لیے عاصم بن سلیمان تابعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ صحابی سے کہا تھا۔ آپ کے لیے تو حضور نبی اکرم ﷺ نے مغفرت کی دعا فرما دی تھی تو انہوں نے کہا: ہاں اور تمہارے لیے بھی۔ پھر اس آیت کی تلاوت کی۔ اس روایت کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل کیا ہے۔

پس مذکورہ تین امور میں سے استغفارِ رسول ﷺ سب مسلمانوں کے لیے ثابت ہے۔ پس اب اگر وہ حاضر ہوگئے اور انہوں نے استغفار کر لی تو وہ تینوں چیزیں متحقق ہوگئیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے توبہ قبول کرنے اور رحم فرمانے کی شرط تھیں۔ اور رسول اکرم ﷺ کا گناہ گاروں کے لیے استغفار کرنا، اس کے لیے یہ شرط نہیں تھی کہ وہ گنہگاروں کے استغفار کے بعد ہو۔ بلکہ مطلقاً رسول اکرم ﷺ کے استغفار کا ذکر کیا گیا ہے خواہ وہ استغفار پہلے ہو یا بعد میں۔ اصل مقصود یہ ہے کہ ان (گناہگاروں) کے استغفار میں آپ ﷺ کا استغفار شامل ہو۔ اس لیے اگر " واستغفرلهم الرسول" کا عطف " فَاسْتَغْفَرُوا الله " پر کیا جائے تو گنہگاروں کا استغفار کرنا رسول اکرم ﷺ کے استغفار کے بعد ہونا ثابت ہوگا۔ لیکن اگر ہم " و استغفرلهم الرسول " کا عطف " جاء وك " پر کریں تو پھر رسول اکرم ﷺ کے استغفار کا ان کے استغفار کے بعد ہونا ضروری نہ ہوگا۔

یہ اس صورت میں ہے کہ جب ہم یہ سمجھ لیں کہ بعد از وصال رسول اللہ ﷺ استغفار نہیں کر سکتے۔ حالانکہ ہم ایسا ہرگز خیال نہیں کرتے اور ہم آئندہ یہ واضح کریں گے کہ آپ بعد از وصال بھی امت کے لیے استغفار کرتے ہیں۔ اور اگر آپ کے بارے

میں اگر یہ عقیدہ بھی رکھا جائے کہ آپ اب امت کے لیے استغفار نہیں کرتے تو پھر بھی جب یہ معلوم ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی رحمت وشفقت امت پر کمال درجے کی ہے تو اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ وہ اب بھی آنے والے کے لیے استغفار کرسکتے ہیں۔ بہرصورت یہ بات ثابت ہوگئی کہ آنے والے کے لیے تینوں امور حاصل ہو جاتے ہیں خواہ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی حیات ظاہری میں آیا ہو یا آپ کے وصال مبارک کے بعد۔

اس آیت مبارکہ کا نزول اگرچہ خاص ایک قوم کے بارے میں حضور اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ میں ہوا تھا لیکن علت کے عام ہونے کی وجہ سے یہ حکم ہر آنے والے کے لیے ہوگا خواہ وہ آپ کی زندگی میں آپ کی خدمت میں پہنچا ہو یا وصال کے بعد، اسی لیے علمائے کرام نے آیت سے دونوں حالتوں میں اس حکم کا عموم سمجھا ہے اور جو شخص بھی آپ کی قبر انور پر پہنچے اس کے لیے اس آیت کی تلاوت اور استغفار کو مستحب قرار دیا ہے اور اس بارے میں شیخ عتبی رحمہ اللہ تعالیٰ کا قصہ مشہور ہے جو ہم تیسرے باب کے آخر میں ذکر کرچکے ہیں اور جس کو ہر مذہب کے علمائے کرام نے اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔اور مستحب خیال کرتے ہیں اور اس کو آداب زائر میں سے قرار دیتے ہیں۔

سنت مبارکہ سے دلائل:

جہاں تک سنت کا تعلق ہے تو ہم باب اوّل اور باب ثانی میں ان احادیث کا ذکر کرچکے ہیں جو خاص طور پر آپ ﷺ کی قبر کی زیارت کے بارے میں منقول ہیں اور وہ احادیث بھی ذکر کرچکے ہیں جن میں عام قبور کی زیارت کا حکم ہے اور ان میں آپ ﷺ کی قبر مبارک بھی داخل ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ”میں نے تمہیں زیارت قبور سے منع کیا تھا اب تم قبروں کی زیارت کیا کرو“ اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ”قبور کی زیارت کیا کرو کیونکہ وہ آخرت کو یاد دلاتی ہیں۔“ حافظ ابوموسیٰ اصبہانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ”آداب زیارت القبور“ میں ذکر کیا ہے کہ زیارت قبور کا حکم حدیث حضرت بریدہ اور حضرت انس اور حضرت علی اور حضرت ابن عباس اور حضرت ابن مسعود اور حضرت ابو ہریرہ اور حضرت عائشہ اور حضرت ابی ابن کعب اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہم

میں وارد ہوا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک سید القبور ہے وہ بھی لامحالہ قبروں کے عموم میں داخل ہے اور اس کی زیارت بھی عام حکم میں شامل ہے۔

اجماع امت سے دلائل:

اجماع کی بات تو ہم قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے چوتھے باب میں نقل کر چکے ہیں۔ یہ یاد رکھیں علمائے کرام کا اس بات پر اجماع ہے کہ مردوں کے لیے قبور کی زیارت کرنا مستحب ہے بلکہ بعض ظاہر یہ اسی حدیث کی وجہ سے قبروں کی زیارت کے وجوب کے قائل ہیں۔ حضور ابوزکریا نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تو زیارت قبور کے استحباب پر اجماع نقل کیا ہے۔

زیارتِ قبور کے منکرین کے اقوال:

''مصنف ابن ابی شیبہ'' میں امام شعبی رحمہ اللہ تعالیٰ سے منقول ہے انہوں نے کہا ہے کہ اگر زیارتِ قبور کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف سے ممانعت نہ ہوتی تو میں اپنی بیٹی کی قبر کی زیارت کو جاتا۔ اگر یہ نسبت ان کی طرف صحیح ہے تو یہی کہا جائے گا کہ اس بارے میں ناسخ قول ان تک نہیں پہنچا تھا۔ اور انہوں نے اپنے اس موقف کی کوئی دلیل بھی پیش نہیں کی اس لیے یہ قابل اعتبار نہیں ہوگا۔

اسی طرح حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ کا یہ قول نقل کیا گیا ہے ''وہ زیارت قبور کو مکروہ سمجھتے تھے'' لیکن انہوں نے یہ نہیں بتایا کہ وہ کون ہیں جو مکروہ سمجھتے تھے؟ لہذا ان کا یہ قول حجت نہیں ہے۔ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی کراہت کی وجہ بیان نہیں کی لہذا اس سے مراد زیارت قبور کی کوئی کراہت والی صورت ہی مراد ہوگی۔

پس یہی دو قول ہیں جن سے زیارت قبور کو روکنے والا شخص استدلال کرسکتا ہے۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ یہ دو قول اس درجہ کے نہیں ہیں کہ صحیح احادیث اور مشہور سنت کے معارض ہوسکیں بلکہ اگر ان قولوں کو صحیح بھی مان لیا جائے تو یہ قول اس قدر شاذ ہوں گے جن کا اتباع اور ان پر اعتماد درست نہ ہوگا اس لیے کہ ہمیں قطعی طور پر مردوں کے لیے

زیارت قبول کا شریعت سے ثبوت ملتا ہے۔ اور آپ ﷺ کی قبرِ مبارک بھی اس عموم کے ماتحت آجاتی ہے لیکن ہمارا مقصود آپ ﷺ کی قبر انور کی زیارت کا مستحب ہونا خاص دلائل سے ثابت کرنا ہے۔

حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر انور کی زیارت کا مستحب ہونا:

حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کا حکم خاص و عام دلائل سے ثابت ہے۔ بلکہ میں تو یہ کہتا ہوں کہ اگر مردوں کے لیے غیر نبی کی قبر کی زیارت میں اختلاف بھی ہوتو بھی اس سے حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت کا مختلف فیہ ہونا ثابت نہیں ہوسکتا اس لیے کہ زیارت قبر میں صاحب قبر کی تعظیم ہے۔ اور تعظیم نبی واجب ہے اور غیر نبی کی تعظیم واجب نہیں ہے۔ اسی وجہ سے آپ ﷺ کی قبر کی زیارت کے معاملہ میں مرد و عورت کا بھی فرق نہیں ہے اور قبر نبی کی زیارت کے لیے عورتوں کے گھر سے باہر نکلنے کی کوئی ممانعت نہیں ہے دیگر قبور کی زیارت کے استحباب میں اجماع صرف مردوں کے لیے ہے۔

عورتوں کے لیے زیارت قبور کا حکم:

عورتوں کے لیے زیارت قبور کے مسئلہ میں ہمارے مذہب میں چار اقوال ہیں۔

۱۔ مشہور قول یہ ہے کہ ان کے لیے قبرستان جانا مکروہ ہے۔ شیخ ابو حامد، محاملی، ابن الصباغ، جرجانی، نصر مقدسی، ابن ابی عصرون رحمہم اللہ تعالیٰ اسی کے قائل ہیں اور اس کراہت سے مراد کراہت تنزیہی ہے۔

۲۔ دوسرا قول یہ ہے کہ عورتوں کا قبرستان جانا جائز ہی نہیں ہے۔ صاحب المہذب اور صاحب البیان اسی کے قائل ہیں۔

۳۔ تیسرا قول یہ ہے کہ یہ فعل ان کے لیے مکروہ ہے نہ مستحب بلکہ مباح ہے۔ اور اس قول کے قائل امام رویانی رحمہ اللہ تعالیٰ ہیں۔

۴۔ چوتھا قول یہ ہے کہ اگر ان کا زیارت کرنا غم تازہ کرنے اور نوحہ کرنے کے لیے ہے

تو حرام ہے۔ اور اگر محض عبرت کے لیے ہے تو مکروہ ہے مگر بوڑھی عورتوں کے لیے مباح ہے۔ جیسا کہ ان کے لیے مسجد میں جماعت کے لیے حاضر ہونا مباح ہے۔ اور یہ امام شاشی رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف ہے۔ مرد اور عورت میں یہ فرق اس لیے ہے کہ مرد کے پاس ضبط اور قوت ہوتی ہے اس لیے وہ زیادہ آہ و بکاء نہیں کرتا جبکہ عورت اس کے برعکس ہے۔

جو حضرات عدم جواز کے قائل ہیں ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ ''اللہ تعالیٰ نے قبروں پر جانے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔'' امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے نقل کیا ہے اور اس کو حسن صحیح قرار دیا ہے۔ اور اس کو امام ابن ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

زیارتِ قبور کے جواز کے دلائل:

جو حضرات عورتوں کے زیارتِ قبور کے لیے نکلنے کے جواز کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ ''میں نے تمہیں زیارت قبور سے منع کیا تھا پس زیارت کیا کرو۔'' اس اجازت میں مرد و عورت سب داخل ہیں۔ مگر اس کے برعکس جو لوگ عدمِ جواز کے قائلین ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ صرف مردوں کو خطاب ہے اور صرف انہی کو اجازت ملی تھی۔

جواز کے قائلین یہ بھی کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو قبر کے پاس روتے ہوئے دیکھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ سے ڈر اور صبر کر۔'' اور اس کو قبر کی زیارت سے منع نہیں کیا۔ اور یہ صحیح استدلال ہے۔

جواز کی دلیل یہ بھی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ قبرستان جا کر میں کیا دعا پڑھوں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''یوں کہنا: " السلام علی أهل الديار من المؤمنين " (اہل دیار کے رہنے والوں پر سلام ہو مومنوں کی طرف سے۔) یہ بھی صحیح استدلال ہے۔ نیز ہم عنقریب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بقیع

تشریف لے جانے کا واقعہ ذکر کریں گے وہ بھی صحیح استدلال ہے۔

قبر انور کی حاضری کے مستحب ہونے کا قیاس سے جواز:

حضور نبی مکرم ﷺ کی قبر کی زیارت عبادت اور کار ثواب ہے۔ اس موضوع کو قیاس سے بھی ثابت کیا جاسکتا ہے۔ وہ اس طرح کہ حضور نبی اکرم ﷺ جنت البقیع اور شہدائے احد کی قبروں پر تشریف لے گئے اور یہ جانا آپ ﷺ کے ساتھ مخصوص نہ تھا بلکہ دوسروں کے لیے بھی مستحب ہے۔ تو جب آپ ﷺ کی قبر انور کے علاوہ دوسری قبروں پر جانا مستحب ہوا تو پھر آپ کی قبر کی زیارت کیوں مستحب نہ ہوگی؟ جبکہ ہر مسلمان پر آپ ﷺ کے حقوق ہیں۔ اور ہر مسلمان پر آپ ﷺ کی تعظیم واجب ہے۔

اشکال:

اب اگر کوئی یہ کہے کہ عام مسلمانوں کی قبروں کی زیارت تو اس لیے کی جاتی ہے کہ وہاں پہنچ کر ان کی مغفرت کی دعا کی جائے۔ جس طرح کہ حضور ﷺ نے اہل بقیع کی زیارت فرمائی۔ تو حضور نبی مکرم ﷺ کا مقصد ان اصحاب القبور کی مغفرت کی دعا کرنا تھا نہ کہ اپنی مغفرت کرانا۔ لہذا حضور ﷺ اس سے مستغنی ہیں کہ آپ کی مغفرت کی دعا کی جائے اس لیے آپ کی قبر مبارک کی حاضری کیونکر کی جاتی ہے؟

جواب:

حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی زیارت اس لیے نہیں ہے کہ حضور کی مغفرت کی دعا کی جائے بلکہ آپ کی تعظیم کے لیے اور تبرک حاصل کرنے کے لیے ہے۔ اور اس لیے ہے کہ ہمارے صلوۃ وسلام سے ہم پر رحمت نازل ہو اور ہمیں ثواب حاصل ہو جیسا کہ عام حالات میں ہمیں درود شریف پڑھنے کا حکم ہے یا حضور ﷺ کے لیے وسیلہ کی دعا کرنے کا حکم ہے۔ یہ چیزیں تو خود حضور ﷺ کو ہماری دعا و درود سے پہلے حاصل ہیں ہمیں تو اس لیے حکم دیا گیا ہے تا کہ اس فعل سے اللہ تعالی کی رحمت ہمیں حاصل ہو جائے۔

اعتراض:

اگر یہ کہا جائے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت تعظیم کے لیے اور عبادت سمجھ کر کی جاتی ہے اور اس میں اندیشہ ہے کہ مبالغہ شروع ہو جائے اور اس کو پوجنا شروع کر دیا جائے جبکہ یہ احتمال عام قبروں کی زیارت میں نہیں ہے۔

جواب :

یہ بات تو اس قدر لچر اور مبنی بر جہالت ہے کہ اس کے جواب کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ اگر ان اوہام کی بنیاد پر زیارت کے تمام احکام سے قطع نظر کی جائے گی تو پھر کوئی فرض قابل عمل نہ رہے گا۔ ہر واجب اور فرض پر اس طرح کے باطل اوہام پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ متقدمین نے ان باطل اوہام کی بنیاد پر کبھی بھی زیارت قبر نبی سے قطع نظر نہیں کیا۔

اس کے علاوہ علمائے کرام نے وہ تمام حدود متعین کر دی ہیں جو تعظیم کے لیے ہیں اور عوام کو اس میں مبالغہ سے روک دیا ہے۔ اور ان تمام آداب کو واضح کر دیا ہے جو زیارت قبر نبی کے لیے ضروری ہیں۔ تو اب محض اس باطل وہم سے قبر نبی کی زیارت سے قطع نظر نہیں کیا جا سکتا۔ علمائے کرام کی جانب سے زیارت قبر النبی ﷺ کے آداب بیان کرنے کے بعد اس بات کا خطرہ نہیں کہ وہاں غیر اللہ کی عبادت ہوگی۔ اب اگر کوئی منصب نبوت کی تعظیم کو ترک کرے گا اور اس تعظیم کو خدا کی عبادت سمجھے گا تو اس نے اللہ تعالٰی پر جھوٹ بولا اور جو تعظیمِ نبی اس پر فرض تھی اس کی ادائیگی میں اس نے کوتاہی کی۔

زیارت قبور کی اقسام :

زیارت قبور کی چار اقسام ہیں۔

پہلی قسم :

ایک قسم تو یہ ہے کہ زیارت سے مقصود محض موت کو یاد کرنا اور آخرت کو یاد کرنا ہوتا ہے۔ اس میں تو مطلقاً قبروں کی زیارت کافی ہے۔ خواہ زائر ان اہل قبور سے واقف

ہو یا نہ ہو۔ یہاں نہ استغفار کا قصد ہوتا ہے نہ برکت حاصل کرنے کا نہ ان کے حقوق ادا کرنے کا اور زیارت کی یہ صورت مستحب ہے۔

حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے: "قبروں کی زیارت کیا کرو کیونکہ یہ تمہیں آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔" وہ اس طرح کہ انسان جب قبر دیکھتا ہے تو اس کو موت اور اس کے بعد کی کیفیات یاد آتی ہیں اور اس کو نصیحت حاصل ہوتی ہے۔ اس قسم میں تمام قبور کی زیارت شامل ہے اور تمام قبور کی زیارت کا یکساں حکم ہے جیسا کہ نماز کے ثواب کے بارے میں تین مسجدوں کے علاوہ تمام مساجد کا یکساں حکم ہے۔

دوسری قسم:

دوسری قسم یہ ہے کہ زیارت قبور کا مقصد اہل قبور کے لیے دعا کرنا ہو جیسا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اہل بقیع کی زیارت کی۔ اور اس طرح کی زیارت ہر مسلمان کی قبر کے لیے مستحب ہے۔

تیسری قسم:

تیسری قسم یہ ہے کہ نیک لوگوں کی قبر کی زیارت کی جائے تاکہ برکت حاصل ہو۔ اس کے بارے میں ابو محمد شار مساحی مالکی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ نفع اور برکت حاصل کرنے کے لیے کسی قبر کی زیارت بدعت ہے سوائے قبر رسول اکرم ﷺ اور دیگر رسل عظام سلام اللہ علیہم کی قبروں کے۔ کسی اور قبر کی اس لحاظ سے زیارت کیا یہ واقعی بدعت ہے؟ اس بارے زیادہ تحقیق کی ضرورت نہیں۔ ہمیں اس موقع پر صرف یہ واضح کرنا مقصود ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت اور دیگر انبیائے کرام سلام اللہ علیہم کی قبور کی زیارت تبرک حاصل کرنے کے لیے جائز ہے۔

چوتھی قسم:

چوتھی قسم یہ ہے کہ قبور کی زیارت اہل قبور کے حقوق ادا کرنے کے لیے کی

جائے۔ اگر کسی کا کسی پر حق ہے تو اس کو چاہیے کہ وہ اس کی زندگی میں اور مرنے کے بعد بھی اس کے ساتھ نیکی کا برتاؤ کرے اور قبر کی زیارت کرنا بھی صاحب قبر کے ساتھ نیکی کا برتاؤ ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی اپنی والدہ کی قبر کی زیارت اسی قسم کی تھی۔

منقول ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی والدہ ماجدہ کی قبر کی زیارت کی تو آپ پر گریہ طاری ہو گیا اور صحابہ کرام علیہم السلام پر بھی گریہ طاری ہوا اور آپ ﷺ نے فرمایا ''میں نے اپنے ربّ سے اجازت چاہی کہ ان کی مغفرت کی دعا کروں تو اس کی اجازت نہ ملی۔ ہاں قبر پر حاضری کی اجازت مل گئی۔ لہذا تم بھی قبور کی زیارت کر لیا کرو کہ یہ آخرت کو یاد دلاتی ہیں۔'' امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ یہ زیارت میت کے لیے رحمت ہوتی ہے اور وہ اس زیارت سے مانوس ہوتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: '' قبر میں میت اس زیارت کرنے والے سے زیادہ مانوس ہوتی ہے جو اسے دنیا میں محبت کرتا تھا۔''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب کوئی مومن اپنے مومن بھائی کی قبر کے پاس سے گذرتا ہے جس سے اس کی دنیا میں جان پہچان تھی پھر وہ اس کو سلام کرتا ہے تو وہ (مردہ) اس کو پہچان لیتا ہے اور اس کے سلام کا جواب دیتا ہے۔'' اس حدیث کو بہت سے لوگوں نے روایت کیا ہے اور امام قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے تذکرہ میں کہا ہے کہ عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔ اور ایسے بہت سے آثار ہیں جو یہ بتاتے ہیں کہ زندہ لوگ جب مُردوں کی قبروں کی زیارت کرتے ہیں اور ان کے لیے درود وسلام کا تحفہ بھیجتے ہیں تو مردے کو نفع پہنچتا ہے۔ جب یہ واضح ہو گیا تو ہم کہتے ہیں کہ زیارت قبر نبوی ﷺ میں چار مقاصد جو ہم نے بیان کیے، وہ سب ثابت ہیں۔ پہلا تو وہ ظاہر ہے۔ اور دوسرا تو ہمیں اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ ہم حضور اکرم ﷺ کے لیے دعا کریں اگرچہ وہ بفضلہٖ تعالیٰ ہماری دعا سے بے نیاز ہیں۔

تیسری اور چوتھی وجہ اس طور پر پوری ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں آپ سے زیادہ برکتوں والا کوئی اور نہیں ہے اور نہ آپ سے زیادہ مسلمانوں پر کسی کا حق ہے تو

وہ فوائد جو آپ کی قبر کی زیارت میں پائے جاتے ہیں کسی غیر کی قبر میں متصور نہیں ہیں جیسا کہ مسجد حرام کی فضیلت دوسری مسجد میں متصور نہیں ہے۔ اسی طور پر قبر نبی کا قصد کرنا خصوصی طور پر ثابت ہوا اور یہ تو اس وقت ہے کہ جب قبر نبی کی زیارت کے سفر پر کوئی خاص دلیل نہ ہو اب جبکہ خاص دلائل بھی موجود ہیں تو حضور اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت بعینہ مستحب ہے اور غیر نبی کی قبر کی زیارت علی الاطلاق مستحب ہے اور اس پر اجماع بھی منقول ہے بلکہ بعض علمائے کرام تو اس کے وجوب کے قائل ہیں۔

ابن ابی زید رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "النوادر" میں مذکور ہے۔" زیارتِ قبور میں، وہاں بیٹھنے میں اور وہاں سے گذرتے وقت سلام بھیجنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ یہ فعل حضور اکرم ﷺ سے ثابت ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سفر سے واپس آئے۔ اس عرصے میں آپ کے بھائی عاصم کی وفات ہوگئی تھی تو آپ ان کی قبر پر تشریف لے گئے اور ان کے لیے دعا کی اور استغفار کیا۔ اور بعض کتابوں میں مذکور ہے کہ یہ دردناک اشعار بھی پڑھے۔

فان تلك احزان و فائِضُ دَمْعَة
جَرَيْنَ دَمًا مِنْ دَاخِلِ الْجَوْفِ مُنقعا
تَجَرَّعْتُهَا مِنْ عَاصِمٍ و احْتَسَيْتُهَا
فَاَعْظَمُ مِنْهَا مَا احْتَسىٰ وَ تَجرعا
فَلَيْتَ الْمَنَايَا كُنّ خَلَّفْنَ عَاصِمًا
فَعِشْنَا جَمِيْعًا اَوْ ذَهَبْنَ بنا معاً
دَفَعْنا بِكَ الْاَيَّامَ حَتى اِذَا اَتَت
تَرِيْدُكَ لَمْ نَسْتَطِعْ لَهَا عَنْكَ مدفعاً

۱۔ اگرچہ یہ غم اور بہنے والے آنسو ہیں مگر انہوں نے باطن سے مجتمع خون بہا دیا ہے۔

۲۔ میں نے عاصم کی وجہ سے ان کو گھونٹ گھونٹ پیا اور نگل لیا اس سے بڑھ کر وہ ہے جو اس نے پیا اور نگلا۔

۳۔ پس کاش موتیں عاصم کو باقی رکھتیں تو ہم ساتھ جیتے یا ہمیں ساتھ لے جاتیں۔

۴۔ تیرے ذریعے ہم نے مصائب کی مدافعت کی حتی کہ وہ جب آئے تیرے ارادے سے ہم ان کو تجھ سے دور نہ کر سکے۔

ابن حبیب کہتے ہیں کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بھی ایسا کیا جب آپ کی عدم موجودگی میں آپ کے بھائی عبدالرحمان رضی اللہ عنہ کی وفات ہوگئی اور آپ آئیں تو ان کی قبر پر گئیں۔ اور اسی طرح رسول اکرم ﷺ اہل بقیع کے استغفار کے لیے وہاں تشریف لے گئے۔

حضور اکرم ﷺ قبرستان میں یوں دعا فرماتے تھے ''اے مومنوں اور مسلمانوں کی بستی والو! تم پر سلام ہو۔ اللہ تعالیٰ! رحم فرمائے ہمارے اگلوں پر اور پچھلوں پر اور ان شاء اللہ ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں۔ اے اللہ تعالیٰ! ہمیں ان کا بدلہ عطا فرما اور ان کے بعد ہمیں کسی فتنہ میں مبتلا نہ فرما۔

اہل قبور کو سلام کرنے پر یہ دلیل بھی ہے کہ حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر و سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو سلام کرنا مسنون عمل ہے۔ اور خود حضور اکرم ﷺ شہدائے احد کی قبروں پر بھی تشریف لے گئے ان کو سلام کیا اور ان کے لیے دعا کی۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف:

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے زیارت قبور کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: ''ابتداء حضور اکرم ﷺ نے منع فرمایا تھا پھر اجازت دیدی تھی تو اگر انسان کوئی کلمہ خیر کہے تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔''

امام قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف:

امام قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے۔ یہ اجازت اس لیے دی گئی تا کہ زائر کو عبرت ہو۔ ہاں جو سفر سے واپس لوٹے اور اس کا کوئی عزیز مرگیا ہو تو اس کے لیے لازم ہے کہ دعا اور رحمت کی درخواست کرے۔ اور شہدائے احد کی قبروں پر بھی حاضری دینی چاہیے اور ان پر اسی طرح سلام پڑھنا چاہیے جیسا کہ حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما پر پڑھا جاتا ہے۔

بعض علمائے کرام نے زیارت قبور کے بارے میں "لا باس" کہا ہے۔ یعنی اگر کرلے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ اس لفظ سے شبہ ہوتا ہے کہ وہ اس کو صرف مباح کہہ رہے ہیں لیکن مباح اور سنت میں کوئی تعارض نہیں ہے۔ اور شاید ان کے نزدیک زیارت قبور عیادت مریض کی طرح ہے۔ یعنی ان چیزوں کی طرح ہے جن کی اصل وضع، عبادت کے لیے نہیں ہے۔ اور اس پر آئندہ گفتگو ہوگی جب ہم اس موضوع پر بیان کریں گے کہ اگر کسی نے زیارت کی نیت کی تو اس کا کیا حکم ہے؟ پس یہ اس طرح ہے جس طرح کہا جائے کہ مردوں کی زیارت زندوں کی زیارت کی طرح ہے مگر زندوں کی زیارت کو یہ نہیں کہا جاتا کہ یہ عبادت کے لیے ہے بلکہ اس کو کبھی تقرب الی اللہ کی نیت سے کرلیا جاتا ہے تو اس پر ثواب مل جاتا ہے اور کبھی تقرب کا قصد نہیں ہوتا تو اس پر ثواب مترتب نہیں ہوتا۔ اسی طرح زیارت قبور ہے اور اس میں قربت کی مختلف صورتیں ہیں ایک وجہ قربت کی یہ ہے کہ زیارت کرنے والا عبرت اور آخرت کو یاد کرنے کے لیے زیارت کرے تو یہ زیارت ہر ایک کے لیے مستحب ہے۔

دوسری وجہ قربت کی یہ ہے کہ ترحم اور دعا کے لیے زیارت کرے اور یہ ان قبروں کے لیے ہے جو کسی رشتہ دار کی ہوں اور وہ رشتہ دار زیارت کرنے والے کی عدم موجودگی میں فوت ہوگیا ہو جیسا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کیا جب وہ اپنے بھائی عاصم کی موت کے بعد وطن واپس ہوئے تھے۔ اسی طرح آپ کے صاحبزادے کا وصال آپ کی عدم موجودگی میں ہوا تو واپس آ کر آپ نے فرمایا مجھے اس کی قبر بتاؤ۔ آپ کو قبر بتائی

گئی تو وہاں پہنچ کر اس کی مغفرت کی دعائیں فرمائیں۔ اس کو ابن ابی شیبہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

اسی طرح حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کیا جب آپ کے بھائی عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کی وفات حبشی گاؤں میں ہوئی یہ گاؤں مکہ سے بارہ میل ہے۔ ان کا جنازہ مکہ لایا گیا اور ان کو وہاں دفن کیا گیا جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مکہ پہنچیں تو ان کی قبر پر گئیں اور وہاں یہ اشعار پڑھے:

وَ كُنَّا كَنَدْمَانَیْ جَذِیْمَةَ حِقبَةً

مِنَ الدَّهرِ حَتّٰى قِیْلَ لَنْ یَتَصَدَّعَا

فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا كَاَنِّیْ وَ مَالِكًا

لِطُوْلِ اجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ لَیْلَةً مَعَا

اور ہم ایک عرصہ دراز تک جذیمہ کے دو ہم مجلسوں کی طرح تھے یہاں تک کہ یہ کہا گیا کہ یہ دونوں جدا نہ ہوں گے۔

پھر جب ہم جدا ہوگئے تو گویا کہ میں اور مالک نے باوجود اجتماع کے طول کے ایک شب بھی ساتھ نہ گذاری تھی۔

اور پھر فرمایا: اگر میں وصال کے وقت موجود ہوتی تو اب قبر کی زیارت کو نہ آتی اور اگر میں اس وقت ہوتی تو اس جگہ دفن کراتی جہاں وصال ہوا تھا۔ ابن سعد نے طبقات میں ابن ابی ملیکہ سے نقل کیا ہے کہ میں اپنے گھر سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ملنے چلا تو وہ ایک جگہ سے آتی ہوئی ملیں ان کے ساتھیوں نے بتایا کہ وہ اپنے بھائی عبدالرحمٰن کی قبر کی زیارت سے آ رہی ہیں۔

امام محمد بن حسن نے السیر الکبیر میں بھی مذکور ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حج کرنے یا عمرہ کرنے مکہ تشریف لائیں تو اپنے بھائی عبدالرحمٰن کی قبر پر گئیں۔

اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ فرمانا اگر میں موت کے وقت ہوتی تو اب قبر کی زیارت کو نہ آتی یہ اظہار تاسف کے طور پر فرمایا کہ وہ پردیس میں فوت ہو گئے اور پھر قبر پر حاضری کے عذر کے طور پر فرمایا اس لیے کہ ایک حدیث سے بظاہر عورتوں کے قبرستان جانے کی ممانعت معلوم ہوتی ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''قبروں پر جانے والی عورتوں پر خدا کی لعنت ہے۔'' البتہ اس حدیث کی تاویل کی گئی ہے اور انہوں نے حدیث میں ظاہری ممانعت کی وجہ سے کہا ہے۔

ہمارا مقصد یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کی قبر کے علاوہ دیگر قبور کی زیارت بھی باعث ثواب ہے اور بسا اوقات اس زیارت کی تاکید ہو جاتی ہے جیسا کہ کسی رشتہ دار کی قبر کی زیارت رشتہ داری کی وجہ سے اس پر حاضری کی تاکید ہے۔ اور جس سے کوئی رشتہ نہ ہو اس کی قبر پر حاضری بھی عبرت حاصل کرنے کے لیے اور رحم کی درخواست کرنے کے لیے مستحب ہے عام مسلمانوں کی قبروں کا یہی حکم ہے۔ زیارت قبر نبی ﷺ کے حوالے سے مالکیہ کی نصوص ساتویں باب میں آئیں گی۔ جب کوئی کسی ایک قبر کی زیارت کر لیتا ہے تو سنت ادا ہو جاتی ہے جو کہ حدیث سے ثابت ہے۔ اور ہم یہ نہیں کہتے کہ اس معین قبر کی زیارت ہی سنت ہے تاکہ اس سے اس قبر کی فضیلت واضح ہو۔ بیشک تمام صلحاء کی قبور کی زیارت قربت ہے۔ اس کی مثال نماز مسجد میں پڑھنے کی مثل ہے کیونکہ اصل مقصود یہ ہے کہ نماز مسجد میں پڑھی جائے۔ اس لیے کسی بھی مسجد میں بھی نماز پڑھ لے گا تو یہ مقصد پورا ہو جائے گا کوئی خاص مسجد مطلوب نہیں سوائے ان تین مساجد کے کہ جن کو متعین کر دیا گیا ہے۔ اور ان مساجد میں نماز ادا کرنا زیادہ افضل ہوگا۔

جب آپ یہ سمجھ گئے کہ زیارت قبور کا معاملہ مسجد کی نماز کی طرح کا ہے تو زیارت کے لیے کسی خاص قبر کا قصد مناسب نہیں ہے۔ جن علمائے کرام نے زیارت قبر کے لیے سفر کو ممنوع قرار دیا ہے اس سے مراد اس قسم کی زیارت ہے جہاں قبر سے عبرت حاصل کرنا مقصود ہو وہاں کسی خاص قبر کی نیت کرنا درست نہیں ہوگا۔ اب اگر بعض علماء[1] نے باقاعدہ نیت کے ساتھ سواری پر زیارت قبور کے لیے جانے سے روکا ہے تو اس سے

ان کی مراد یہی ہوگی۔ مگر انبیائے کرام علیہم السلام کی قبور سے یا ان لوگوں کی قبروں سے جن کے جنتی ہونے کی شرع نے گواہی دی ہے تبرک کی نیت سے سفر کیا جائے تو ان کے لیے سفر مستحب ہوگا۔ جیسا کہ مسجد حرام، مسجد نبوی، مسجد بیت المقدس ان سب مساجد کے لیے سفر کرنا مستحب ہے۔

اگر کسی قبر کی زیارت کرنا مستحب ہے تو اس سے زیادہ تبرک حاصل کرنے کی نیت سے سفر کرنا بہتر ہے۔ ہاں اگر اس نے کسی خاص میت کے لیے دعا کی نذر کرلی ہو یا کسی ایسی ہستی کی کہ جس کے جنتی ہونے کی گواہی شریعت نے دے دی ہو جیسے سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما تو اس کا قصد کرنا مستحب ہوگا اور پھر نبی اکرم ﷺ کا درجہ تو ان سب سے بلند و بالا ہے جس طرح وہ مساجد جن کی عظمت کی شریعت نے گواہی دی ہے ان میں سے اعلیٰ درجہ مسجد حرام کا ہے۔ اور اس معنی میں سفر کی نیت نہیں کی جائیگی مگر صرف انبیائے کرام علیہم السلام کے مزارات کی۔

جب صرف قبرستان میں جا کر دعا کرنا مقصود ہو تو اور صاحب قبر کا کوئی خاص حق اس کے ذمہ نہ ہو تو اس وقت کسی خاص قبر کی نیت نہیں کی جائے گی۔ مگر کسی خاص میت کے لیے دعا کی نیت کی تھی تو پھر اس نذر کو پورا کرنا واجب ہوگا اس لیے کہ اس کا حق متعین ہوگیا۔ اب کوئی دوسری قبر اس کے قائم مقام نہیں بن سکتی۔ جیسا کہ کسی متعین فقیر پر صدقہ کرنے کی نذر کی ہو تو اسی فقیر کو صدقہ دینا ضروری ہوگا۔ اگر کسی مخصوص قبر پر پہنچ کر دعا کرنے کی نذر کی ہو تو قرین قیاس یہ ہے کہ اس کی وفا ضروری ہوگی اس لیے کہ دعا عند القبور مقصود ہے جیسا کہ اہل بقیع کے لیے دعا۔ اس صورت میں بھی اس واجب کی ادائیگی کے لیے سفر کرنا درست ہوگا جبکہ نذر سے وجوب ہو چکا ہے مگر بغیر نذر کے سفر کرنا درست نہ ہوگا۔ اس لیے کسی مخصوص قبر کے پاس پہنچ کر دعا کرنا شرع میں ثواب نہیں ہے کیونکہ میت کے حق کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے لیکن ادائے حق کے لیے جیسا کہ والدین کی قبر کی زیارت اس کا بعینہ قصد کرنا مشروع ہے اور اس کے لیے سفر کرنا جائز بلکہ مستحب ہوگا اور سب سے بڑا حق نبی مکرم ﷺ کا ہے تو اس وجہ سے وہاں پہنچنے کے لیے بھی سفر

مستحب ہوگا۔

یہتمام بحث اس صورت تھی جب کوئی خاص دلیل قبر النبی ﷺ کی زیارت کی نہ ہوتی جب کہ یہاں تو زیارت کے لیے سفر کرنے پر خلف وسلف کا اجماع ہے۔ جب کوئی شخص زیارت قبر نبی ﷺ کی نذر کرے تو کیا اس پر نذر لازم ہوگی؟ قاضی ابن کج نے تصریح کی ہے کہ اس نذر کا پورا کرنا واجب ہوگا اور زیارت کرنا لازم ہوگا۔ اور العبدی المالکی نے اس نذر کے لزوم کی تصریح کی ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ ہر مستحب یا مقرب فعل نذر سے واجب نہیں ہوتا۔ اس لیے کہ قربت کی دو قسمیں ہیں ایک قربت تو وہ ہے جو اصل وضع میں عبادت نہیں ہے بلکہ وہ اچھا عمل یا اخلاق حسنہ میں سے ہے جس کی ترغیب شارع نے عمومی فائدہ کی وجہ سے دی ہے۔ اس میں کبھی اللہ تعالی کی رضا مندی بھی مقصود ہوتی ہے تو ثواب مل جاتا ہے۔ جیسا کہ مریض کی مزاج پرسی، دور سے آنے والوں کی ملاقات اور سلام کو رواج دینا۔

اس قسم کی قربت کے لازم ہونے میں دو قول ہیں۔ اور زیادہ صحیح یہ ہے کہ نذر کرنے سے اس قربت کا لزوم ہوجائے گا اس لیے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''جس شخص نے نذر مانی ہو کہ وہ اللہ تعالی کی فرمانبرداری کرے گا تو ضرور فرمانبرداری کرے''۔ اس قسم میں جنازے کی شرکت اور چھینکنے والے کو دعا دینا شامل ہے۔

دوسری قسم عبادات مقصودہ میں نذر ماننے کے حوالے سے ہے۔ عبادات مقصودہ وہ ہیں جن کی اصل وضع تقرب الی اللہ کے لیے ہے اور ان کا مخلوق کو مکلف بنایا گیا ہے۔ جیسے کہ عبادت نماز، روزہ، صدقہ اور حج۔ یہ قسم نذر سے بالاجماع لازم ہوجاتی ہے سوائے بعض مستثنیٰ صورتوں کے۔

بعض علمائے کرام نے اس طور پر وضاحت کی ہے کہ قسم اول وہ ہے جس کو ابتداء شرع نے واجب قرار نہیں دیا۔ اور دوسری قسم وہ ہے جس کو ابتداء سے ہی واجب قرار دیا ہے۔ اور انہوں نے اعتکاف کو دوسری قسم میں داخل کیا ہے اگرچہ وہ ابتداء واجب نہیں ہے۔ اور انہوں نے کہا کہ اعتکاف کے معنی ایک جگہ ٹھہرنے کے ہیں اور اس کی جنس

جو شرعا واجب ہے وہ عرفات میں ٹھہرنا ہے۔ قسم اول میں تجدید وضو کو داخل کیا ہے اس لیے کہ شریعت میں بغیر حدث کے وضو واجب نہیں ہے۔ اور وضو مقصود بالذات بھی نہیں ہے بلکہ وہ نماز کی شرائط میں سے ہے۔ صحیح یہی ہے کہ تجدید وضو نذر سے واجب ہو جائے گا۔

جو صورتیں مستثنیٰ ہیں ان میں ایک یہ ہے کہ کسی واجب کی ایک صفت کو تنہا اپنے اوپر لازم کرنا جیسا کہ طویل قراءت یا فرض نماز کو جماعت سے ادا کرنے کی نذر ماننا۔ اس میں دو قول ہیں۔ راجح قول یہی ہے کہ نذر ماننے سے لزوم ہو جائے گا۔ ایسی صورت کہ جس میں کسی شرعی رخصت کا ابطلال ہو رہا ہو جیسے کہ سفر میں رمضان کے روزے کی نذر ماننا، اس میں بھی دو قول ہیں۔ راجح قول یہی ہے کہ لزوم نہ ہوگا۔ اسی طرح مریض کا نذر ماننا کہ وہ تکلیف کے ساتھ کھڑے ہو کر ہی نماز ادا کرے گا یا روزے کی نذر کرنا کہ وہ مرض میں بھی افطار نہ کرے گا۔ اس میں صحیح قول یہ ہے کہ لزوم نہ ہوگا۔

اگر کسی نے نفلوں میں قیام کی نذر مانی یا پورے سر کے مسح کرنے کی یا سر کے مسح کو تین بار کرنے کی نذر مانی یا سجدہ تلاوت یا سجدہ شکر کی نذر مانی تو رافعی نے ان صورتوں میں لزوم و عدم لزوم دونوں کو جائز قرار دیا ہے مگر تیمم کی نذر منعقد نہ ہوگی اس لیے کی اس کا جواز ضرورت کے وقت ہے۔

اگر اس نے کسی خاص جگہ نماز پڑھنے کی نذر مانی تو اس پر نماز لازم ہو جائے گی۔ اور کیا یہ جگہ بھی متعین ہو جائے گی؟ اس بارے میں یہی موقف ہے کہ اگر اس نے مسجد حرام میں نماز پڑھنے کی نذر مانی تھی تو یہ جگہ لازم ہو جائے گی اور اگر اس نے مسجد نبوی کی نیت کی تھی تو مسجد نبوی یا مسجد حرام متعین ہوں گی اور اگر مسجد اقصی کی نیت کی تھی تو وہ یا پہلی دونوں مسجدیں متعین ہو جائیں گی۔ (یعنی مسجد اقصی میں نماز پڑھنے کی نذر مانی ہو تو مسجد حرام یا مسجد نبوی میں نماز ادا کرنے سے نذر پوری ہو جائے گی کیونکہ یہ دونوں مسجدیں اس سے درجہ میں اعلی ہیں) اور اگر اس نے ان کے علاوہ کسی اور مسجد کی نیت کی تھی تو وہ جگہ متعین نہ ہوگی اور اگر اس نے مسجد حرام میں جانے کی نذر مانی تو نذر لازم ہو جائے گی۔ اور اگر مسجد نبوی یا مسجد اقصی پہنچنے کی نذر کی تھی تو اس میں امام شافعی رحمہ اللہ

تعالیٰ کے دو قول ہیں۔ اظہر قول یہ ہے کہ نذر لازم نہ ہوگی۔

امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''کتاب الأم'' میں فرمایا ہے کہ بیت اللہ شریف پہنچنے کی نیکی فرض ہے اور باقی دونوں جگہ پہنچنا نفل ہے۔ اس قول کی دلیل میں حضرت جابر ابن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت بیان کی ہے جس کو امام ابو داؤد رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی سنن میں بیان کیا ہے۔ فتح مکہ کے دن ایک شخص نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ اس نے نذر مانی تھی کہ اگر آپ نے بیت اللہ فتح کر لیا تو وہ بیت المقدس میں جا کر دو نوافل پڑھے گا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''یہاں نماز پڑھ لے''۔ اس کے دوبارہ سوال پر بھی نبی اکرم ﷺ نے یہی فرمایا ''یہاں نماز پڑھ لے'' تیسری بار سوال پر فرمایا: ''پھر تیرا جو جی چاہے وہ کر۔''

حضرت عمر بن عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اس روایت میں ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔ پس نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اس ذات کی قسم جس نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا اگر تم نے یہاں نماز پڑھ لی تو بیت المقدس میں پڑھنے والی نماز ادا ہو گئی۔''

یاد رکھیں کہ اگر بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی نذر مانی ہو تو مسجد حرام میں نماز پڑھ لینے سے نذر پوری ہو جاتی ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اس حدیث سے یہ استدلال غلط ہوگا کہ بیت المقدس میں نذر ماننے سے نذر لازم نہیں ہوتی۔ اس لیے کہ بیت المقدس میں نماز کی نذر مسجد حرام میں نماز ادا کرنے سے بدرجۂ اولیٰ ادا ہو جائے گی اور اس لیے کہ دونوں مسجدیں انبیائے کرام علیہم السلام کی مساجد ہیں اور مکہ کی نماز بیت المقدس کی نماز سے افضل ہے تو لامحالہ بیت المقدس میں نماز کی نذر مکہ میں نماز پڑھنے سے ادا ہو جائے گی۔

اگر کسی نے بیت المقدس تک چلنے کی نذر نہ مانی ہو تو صرف نماز کا لزوم رہ جائے گا تو اس کی نذر بیت الحرام میں نماز سے پوری ہو جائے گی اور اگر چل کر جانے کا بھی اس کے ذمہ لزوم مانا جائے تو بیت الحرام کی نماز سے نذر پوری نہ ہوگی۔ ہاں اگر وہ اس مسافت کی مقدار مکہ مکرمہ کی طرف بھی مسافت طے کر لے جو اس کے اور بیت المقدس

کے درمیان تھی تو بے شک نذر پوری ہوجائے گی۔ حدیث میں اس بات کی کوئی تصریح نہیں ہے کہ اس شخص نے بیت المقدس تک جانے کی بھی نذر مانی تھی یا صرف نماز کی ہی نذر مانی تھی اگر صرف نماز کی نذر مانی جائے تو مکہ کی نماز سے اس کی ادائیگی ہوجانی ظاہر ہے۔ اگر یہ مانا جائے کہ بیت المقدس میں نماز کی نذر میں لامحالہ بیت المقدس تک جانے کی بھی نذر ہے تو اس حدیث سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بیت المقدس جانے کی منّت کا لزوم نہیں ہے جیسا کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

ہم نے اس بحث کو بہت طویل کر دیا لیکن یہ بات ظاہر ہوگئی کہ بعض التزامات تو وہ ہیں جن کے نذر سے لازم ہونے میں کوئی اختلاف نہیں۔ اور بعض وہ ہیں جو قول صحیح کے مطابق لازم ہو جاتے ہیں اور بعض وہ ہیں جو قول صحیح کے مطابق لازم نہیں ہوتے۔ اور آپ کو ان میں سے ہر قسم کا ماخذ معلوم ہوگیا۔ ہمارے نزدیک صحیح یہ ہے کہ کسی نذر کے لازم ہونے کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ اس کی جنس کا کوئی فرد واجب ہو اور یہی امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب ہے۔ ہمارے اصحاب کا دوسرا قول یہ ہے کہ نذر کے لزوم کی شرط یہ ہے کہ اس کی جنس کا کوئی فرد واجب ہو اور یہ امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ سے منقول ہے۔

قبر نبی ﷺ کی زیارت کی نذر ماننے کا حکم:

جب آپ کو یہ معلوم ہوگیا تو اب سمجھ لیں کہ قبر نبی ﷺ کی زیارت ایک قربت اور باعث ثواب عمل ہے کیونکہ شریعت نے اس کی ترغیب دی ہے اور اس پر آمادہ کیا ہے۔ ہم پہلے واضح کر چکے ہیں کہ اس کی دو جہتیں ہیں۔ ایک جہت عموم کی ہے اور ایک جہت خصوص کی۔ خصوص کی جہت تو یہ ہے کہ خاص دلائل سے اس کا باعث قربت ہونا ثابت ہے تو اب نذر ماننے سے اس کا لزوم یقینی طور پر ثابت ہو جاتا ہے۔ اور اس کو ان عبادات مقصودہ کے ساتھ لاحق مانا جائے گا جو صرف عبادت کے طور پر کی جاتی ہیں۔ جیسا کہ نماز، صدقہ، روزہ، اعتکاف۔ اسی وجہ سے قاضی ابن کج رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اگر کسی نے نذر مانی کہ وہ قبر نبی کی زیارت کرے گا تو اس کے لیے بالاتفاق اس کا پورا کرنا ضروری ہے۔

غیر نبی کی زیارت قبر کی نذر ماننے کا حکم:

اگر کسی شخص نے کسی غیر نبی کی قبر کی زیارت نذر مانی تو اس میں دونوں صورتیں ہیں۔ میں کہتا ہوں اور جن کا موقف ہے کہ یہ نذر لازم ہوگی یہی حق ہے۔ یہ ان دلائل کی بنیاد پر ہے جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔ البتہ غیر نبی کی قبر کی نذر میں لزوم و عدم لزوم ممکن ہے اس وقت ہو جب کہ مطلقا قبر کی نذر مانی ہو اور اور لازم اس لیے قرار دیا ہو کہ جس طرح سفر سے آنے والوں کی زیارت کی منّت اور سلام کو رائج کرنے کی منّت لازم ہوتی ہے۔ یعنی ان چیزوں کی طرح جو اصل وضع میں قربت مقصودہ نہیں ہیں اگرچہ محض قربت ہیں۔ اور اس صورت میں اصح یہ ہے کہ لزوم ہو جائے گا۔ انبیائے کرام سلام اللہ علیہم کے علاوہ کسی معین قبر کی زیارت کوئی قربت نہیں ہے۔ اور قبر النبی ﷺ کی زیارت کی نذر ماننے سے اس کا لزوم ہو جاتا ہے اس لیے کہ اس میں وہ تمام باتیں موجود ہیں جن کی وجہ سے زیارت مقصود ہوتی ہے۔

نذر کے وجوب کی شرط:

بعض لوگ نذر کے وجوب کی یہ شرط لگاتے ہیں کہ اس کی جنس کا کوئی فرد واجب ہو جیسے کہ اعتکاف۔ اور اعتکاف کا وجوب نذر سے اس لیے ہو جاتا ہے کہ اس کی جنس کا ایک فرد وقوف عرفہ واجب ہے۔ اس کے لیے کہا جائے گا کہ زیارت نبی کی جنس کا بھی وجوب ثابت ہے اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی حیات ظاہری میں آپ ﷺ کی طرف ہجرت تھی۔ تو اب یہ بات ظاہر ہوگئی کہ جو چیز نذر سے لازم ہوگی وہ تقرّب ہوگی اور ہر تقرّب کا لزوم نہیں ہوتا اور زیارت قبر نبی ﷺ ایسی قربت ہے جو نذر سے واجب ہو جاتی ہے۔ اگر یہ ثابت ہو بھی جائے کہ بعض علمائے کرام زیارت قبر نبی ﷺ کی نذر کا وجوب نہیں مانتے تو اس سے یہ ہرگز ثابت نہیں ہوتا کہ وہ اس کو قربت نہیں مانتے۔

مجھے بعض باطل کی حمایت کرنے والوں کی یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ القاضی اسماعیل رحمہ اللہ تعالیٰ نے مبسوط میں لکھا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے یہ مسئلہ پوچھا گیا کہ اگر کوئی زیارتِ قبر نبی کی نذر مانے تو اس پر وجوب ہو جائے گا یا نہیں؟

تو انہوں نے فرمایا اگر اس کا مقصود مسجد نبوی تھی تو وہاں جائے اور اس میں نماز پڑھے اور اگر اس نے قبر نبی ﷺ کا ارادہ کیا تھا تو عمل نہ کرے اس لیے کہ حدیث میں آیا ہے " **لا یعمل المطی الا الی ثلاثۃ مساجد** " سواری کام میں نہ لائی جائے سوائے تین مسجدوں کے۔

اب اگر اس روایت کو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے درست مانا جائے تو اس کی اس طرح تاویل ضروری ہے کہ اس سے زیارت قبر نبی کی قربت ہونے کی نفی ثابت نہ ہو۔ اس لیے کہ خود امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ، دیگر علمائے کرام اور جمیع امت مسلمہ سے اس عمل کا قربت ہونا منقول ہے۔

ایک تاویل تو یہ ہے کہ اس کو ایسی قربت مانا جائے کہ جس کا لزوم نذر سے نہیں ہوتا۔جیسا کہ اہل مدینہ اور آس پاس کے لوگوں کے لیے مسجد قباء جانا قربت ہے لیکن نذر سے اس کا وجوب نہیں ہوتا۔مگر محمد بن مسلمہ مالکی کے نزدیک نذر سے اس کا لزوم ہو جاتا ہے۔

دوسری تاویل یہ ہے کہ اس حدیث کو اس شخص کے لیے مانا جائے جو دور سے آنے کی نذر مانتا ہے۔ جیسا کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس قول سے معلوم ہوتا ہے کہ سواری کا استعمال صرف تین مسجدوں کے لیے کیا جائے تو مطلب یہ ہوا کہ اگر سفر کی نذر مانی ہے تو یہ نذر لازم نہیں ہے لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ مطلق سفر قربت نہیں ہے۔ اس کی مثال یہ ہے مسجد قبا کے قریب رہنے والوں کے لیے اس کی زیارت قربت ہے لیکن نذر سے اس کا لزوم نہیں ہوتا۔ یہ توجیہہ تمام توجیہات میں امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے قواعد سے قریب تر ہے۔

''**التھذیب للمسائل المدونہ**'' میں مذکور ہے کہ جس نے یہ نذر مانی کہ ''میں مدینہ یا بیت المقدس پہنچوں گا'' یا یہ کہا میں مدینہ یا بیت المقدس تک پیدل جاؤں گا۔ تو وہ یہ کہنا پورا نہ کرے جب تک اس نے ان دونوں جگہوں کی مسجدوں میں نماز کی نیت نہ کی ہو یا ان مسجدوں کا نام نہ لیا ہو اور یوں نہ کہا ہو کہ میں مسجد رسول یا مسجد بیت المقدس تک پیدل جاؤں گا۔ اگر اس نے ان مساجد میں نماز کی نیت نہ کی ہو تو اس صورت میں وہ سوار ہو کر جائے تو اس پر کوئی ہدی لازم نہ ہوگی۔ اس لیے کہ ان مسجدوں کا نام لینا

گویا کہ یہ کہنا ہے کہ میں ان مساجد میں نماز پڑھوں گا۔ ہاں اگر کسی اور شہر کی مسجد میں نماز کی نذر مانی تو وہاں جانا ضروری نہیں صرف اپنے شہر کی مسجد میں نماز ادا کر لینے سے نذر پوری ہو جائیگی۔ اور اگر کسی نے یہ نذر مانی کہ وہ سرحد کی نگرانی کرے گا یا روزہ رکھے گا تو اگر وہ مقام ایسا ہے کہ وہاں جانا قربت ہے تو اس پر یہ نذر لازم ہوگی جیسے عسقلان یا اسکندریہ ہے اگرچہ وہ نذر ماننے والا مدنی یا مکی ہو۔ اور اگر کسی نے پیدل چلنے کی نذر مانی تو اس نذر کا پورا کرنا لازم نہیں ہوگا سوائے یہ کہ مکہ یا بیت اللہ یا مسجد حرام یا کعبہ یا حجر اسود یا رکن تک پیدل جانے کی نذر مانی ہو کیونکہ اس صورت میں تو یہ نذر لازم ہوگی۔

تہذیب کی اس عبارت سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ مدینہ تک جانے کی نذر پورا کرنا لازم ہوگا۔ اگر مسجد کی تصریح کی گئی ہو یا وہاں جا کر نماز پڑھنے کا ذکر کیا گیا ہو۔ اس کے علاوہ وہاں کسی اور حوالے سے جانے کی نذر کا کوئی لزوم نہیں ہے اگرچہ یہ قربت ہیں۔

تیسری تاویل یہ ہے کہ ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ زیارت قبر النبی ﷺ بالخصوص مطلوب ہے۔ ان احادیث مبارکہ کی بنیاد پر جو ہم نے شروع کتاب میں ذکر کر دی ہیں۔ اور سلف وخلف کے عمل کی بنیاد پر اور اسی طرح دیگر عام دلائل کی بنیاد پر بھی وہ مطلوب ہے کیونکہ زیارت قبور کے بارے میں جو عام احادیث صحیحہ مشہور ہیں ان میں حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک بھی داخل ہے۔

نذر کے ذریعہ اس کا لزوم پہلی جہت یعنی بالخصوص مطلوب ہونے کی بناء پر ہے۔ ہاں دوسری جہت یعنی عام دلائل کی بناء پر مطلوب ہونے کے اعتبار سے ہم نے واضح کیا تھا کہ زیارت کے متعدد مقاصد ہوتے ہیں۔ اور زیارت قبور اس طرح ہے جس طرح کہ دور سے آنے والوں کی زیارت کرنا۔ اور ہم نے پہلے یہ بیان کیا ہے کہ نذر ماننے سے آنے والوں کی زیارت لازم ہو جائے گی باوجودیکہ اس امر میں اختلاف ہے کہ کیا یہ فعل تقرب ہے یا نہیں؟ کسی معین قبر کی زیارت کی نذر اگر اس کے لیے دعا مقصود ہے تو میت کے حق کی وجہ سے اس کا بھی لزوم ہو جائے گا۔ اور اگر زیارت سے مقصد برکت حاصل کرنا ہے تو بھی حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک کی نذر کا لزوم ہو جائے گا اور اگر عبرت

حاصل کرنا مقصود ہے تو اس کیلزوم میں اختلاف ہے۔ اور اگر کوئی بھی مقصد معیّن نہیں کیا تو پھر لزوم نہ ہوگا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے سوال کرنے والے نے شاید صرف بغیر مقصد آنے کے حوالے سے سوال کیا ہو اور امام صاحب نے اسی حیثیت سے سائل کا جواب دیا ہے اور نذر کو لازم قرار نہیں دیا۔ اور شاید امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کو حضور اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے بارے میں جو خاص روایات ہیں وہ نہ پہنچی ہوں اور وہ عام قبور والی احادیث کی بنیاد پر عدم لزوم کے قائل ہو گئے ہوں۔ حالانکہ یہ قبر مبارک سب سے زیادہ شرف والی ہے اور سب سے زیادہ زیارت کے لائق ہے مگر اس کے باوجود اگر بغیر مقصد آنے کی نذر مانی جائے تو ایسی نذر لازم نہیں ہوگی خواہ یہ قبر نبی ہو یا غیر کی قبر ہو۔

چوتھی تاویل یہ ہے کہ قبر پر جانے سے صاحب قبر کی زیارت مقصود ہوتی ہے۔ اور یہی زیارت ہے جس کو قربت کہا جاتا ہے۔ اور عام طور پر قبر کی زیارت کا مقصد صاحب قبر کی زیارت ہوتی ہے۔ کبھی قبر کی زیارت کا مقصد اس مقام کی زیارت ہوتا ہے، اس مقام کے کسی شرف کی وجہ سے ہے۔ اور یہ زیارت اگر اس جگہ کی زیارت ہے جس کی شرافت پر شرع شاہد ہے تو یہ قربت ہوگی ورنہ نہیں اور شاید امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا جواب اسی بنیاد پر ہے۔ جس طرح کہ ان کا استدلال دلالت بھی کرتا ہے کہ ان کے مدنظر مکان کی زیارت ہے۔ تو مطلب یہ ہوا کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قبر کی زیارت اس اعتبار سے کہ وہ سرزمین کی زیارت ہے قربت نہیں ہے۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول " زرتُ قبرَ النبیّ " کی ممانعت کو اسی معنیٰ پر محمول کیا ہے۔ اور اس صورت میں یا تو ہم امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی موافقت کریں گے حضور اکرم ﷺ کے فرمان " لا تشدّ الرحال الا الیٰ ثلاثۃ مساجد " پر عمل کرتے ہوئے۔ اور حضور اکرم ﷺ کے فرمان " من زار قبری " کو اس معنیٰ پر محمول کریں گے کہ " جس نے میری زیارت کی جب کہ میں قبر میں مدفون ہوں" جس طرح کے ذہن فوری طور پر ادھر ہی جاتا ہے۔ یا یوں کہا جائے کہ حضور کی قبر مبارک کی زیارت بھی قربت ہے کیونکہ حضور اکرم ﷺ کا فرمان "من زار

قبری "یہ خاص ہے بہ نسبت " لا تشد الرحال " والی روایت کے۔ تو اس خاص کے ذریعہ اس عام کی تخصیص کر لی جائے گی اور مطلب یہ ہو گا کہ " لا تشد الرحال" کی ممانعت سے زیارتِ قبرِ نبی مستثنیٰ ہو گی، اس فرمان "من زار قبری "کی وجہ سے۔

بہتر یہی ہے کہ حضور کے فرمان "من زار قبری" کے معنیٰ "من زارنی فی قبری" (جس نے میری زیارت کی جب کہ میں قبر میں ہوں) لیے جائیں اور محض سرزمین کی زیارت کو قربت نہ مانا جائے جیسا کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کا تقاضا ہے۔ پس اس سے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے قول کی بھی وضاحت ہو جائے گی اور یہ بات بھی ظاہر ہو جائے گی کہ امام صاحب کے قول کا ہرگز یہ معنیٰ نہیں کہ زیارت قربت نہیں ہے۔ اور نہ یہ معنیٰ ہے کہ زیارت کا سفر قربت نہیں ہے بلکہ یہ تو سب علمائے کرام کے نزدیک قربت ہے۔ لہٰذا اگر اس مسجد نبوی ﷺ میں آنے کی نذر مانی تو ہم کہتے ہیں کہ یہ اس کے ذمہ لازم ہو جائے گی۔ اور شیخ ابو علی سنجی رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ وہ صرف زیارت پر اکتفاء کرے گا۔ اور امام رافعی کہتے ہیں کہ یہ ظاہر ہے۔ اور امام صاحب نے اس حوالے سے توقف کیا ہے کہ زیارت مسجد سے اور اس کی تعظیم سے تعلق نہیں رکھتی اور انہوں نے اس حوالے سے توقف نہیں کیا کہ زیارت قربت نہیں بلکہ ایسا قول کسی نے بھی نہیں کیا۔ ہم چوتھے باب میں شیخ عبدی مالکی کا یہ قول تک نقل کر چکے ہیں کہ مدینہ منورہ تک زیارت کے لیے پیدل جانا، کعبہ اور بیت المقدس تک جانے سے زیادہ افضل ہے۔

چھٹا باب

زیارتِ بارگاہ نبوی ﷺ کے لیے سفر قربت ہے

بارگاہ نبوی ﷺ کی حاضری کا کتاب اللہ سے ثبوت:

بارگاہ نبوی ﷺ کی حاضری اور زیارت کے لیے سفر کرنا باعث تقرب ہے اور اس کی درج ذیل وجوہات ہیں۔ اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا ہے۔

" ولو أنهم اذ ظلموا أنفسهم جاء وك فاستغفروا الله واستغفرلهم الرسول لوجدوا الله توابًا رحيمًا " [النساء : ۶۴] (اے حبیب ! اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ تعالی سے معافی مانگتے اور رسول ﷺ بھی ان کے لیے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ تعالی کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے)

پانچویں باب میں ہم اس کے بارے میں پوری بحث کر چکے ہیں اور بارگاہ نبوی میں حاضری کے لیے آنا بہر صورت ثابت ہو جاتا ہے خواہ وہ قریب سے آنا ہو یا دور سے۔ خواہ سفر کر کے آنا ہو یا بغیر سفر کے۔ لہذا یہ کہنا مناسب نہیں ہے کہ یہاں مطلق آنے کا ذکر ہے تو اس کی دلالت ہر آنے والے یعنی ہر فرد پر نہیں ہے اس لئے کہ یہاں آنے کا ذکر شرط کی ضمن میں ہے لہذا وہ آنے والے تمام افراد پر صادق ہو گا جس سے بھی آنا ثابت ہو گا اس کے لئے اللہ تعالیٰ تو تواب و رحیم ثابت ہو گا۔

دوسری دلیل..... زیارت کے تقرب ہونے کا سنت سے ثبوت:

زیارت کا قربت ہونا سنت سے بھی ثابت ہے کیونکہ حدیث مبارکہ " من زار قبری وجبت له شفاعتی " یہ عام ہے خواہ زیارت کرنے والا قریب مقام سے آیا ہو یا دور سے، خواہ سفر کر کے آیا ہو یا بغیر سفر کے، سب عموم میں داخل ہیں۔ خاص طور پر اس حدیث کے پیش نظر جس کی ابن السکن نے تصحیح بھی کی ہے " من جاء نی زائراً لا تعمله حاجة الّا زیارتی " اس سے تو بظاہر سفر کر کے آنے والا مراد ہے اور یہ ہم پہلے بتا چکے

ہیں کہ اس حدیث میں اس آنے والے کا ذکر ہے جو حضور اکرم ﷺ کے وصال مبارک کے بعد قبر انور پر حاضر ہوا ہے یا عموم کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ مقصود ہی بعد از وصال آنے والے کے لئے بشارت دینا ہے۔

بارگاہ نبوی ﷺ کی حاضری کی تیسری دلیل:

سنت ہی سے ایک اور دلیل یہ ہے کہ اس حدیث میں زیارت کی تصریح ہے اور زیارت کا لفظ چاہتا ہے کہ زیارت کرنے والا اپنی جگہ سے منتقل ہو کر اس شخص کے پاس پہنچا ہے جس کی اس کو زیارت کرنی ہے جیسا کہ لفظ " جاء وك " (وہ تیرے پاس آتے) جو آیت میں مذکور ہے، وہ چل کر آنے کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ بہر حال اس زیارت کے معنی میں ایک جگہ سے دوسری جگہ کی طرف نذرقل ہونا پایا جاتا ہے۔ جو شخص کسی شخص کے پاس مستقلا رہتا ہو اس کی ملاقات کو زیارت نہیں کہتے۔ اس لیے کہتے ہیں کہ میں فلاں جگہ سے فلاں کی زیارت کے لیے آیا۔ اور اسی طرح کہتے ہیں کہ ہم نے مصر سے یا شام سے حضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت کی۔ پس زیارت کا آغاز اس مقام سے ہو گا جہاں سے کوئی آرہا ہو گا۔ پس جب ایسی زیارت قربت ہو گی تو اس کے لئے سفر بھی قربت ہو گا۔

حضور اکرم ﷺ کا مدینہ سے باہر زیارت قبور کے لئے جانا ثابت ہے جبکہ قریب جگہ کی طرف نکلنا جائز ہے تو دور جگہ کی طرف جانا بھی جائز ہو گا۔ حضور اکرم ﷺ مدینہ سے باہر بقیع میں زیارت قبور کے لئے تشریف لے گئے۔

حضور اکرم ﷺ خود شہدائے احد کی قبور کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے۔ سنن ابو داؤد میں حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔'' ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شہداء کی قبروں کی زیارت کے لیے نکلے یہاں تک کہ ----------

راوی کہتے ہیں ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا یہ ہمارے بھائیوں کی قبریں ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہمارے اصحاب کی قبور ہیں۔ اور جب ہم شہداء کی قبروں پر آئے تو فرمایا: یہ ہمارے بھائیوں کی قبریں ہیں۔

اس دلیل سے ثابت ہوا کہ جب غیر النبی کی قبر کی زیارت کے لئے نکلنا جائز ہو گیا تو حضور اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے لئے سفر کرنا اور نکلنا بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا۔

چوتھی دلیل....اجماع امت سے ثبوت:

چوتھی دلیل سلف وخلف کا اجماع اور اتفاق ہے۔ لوگ حج سے فارغ ہو کر ہمیشہ سے ہر سال حضور اکرم ﷺ کی زیارت کے لئے مدینہ طیبہ جاتے ہیں اور بہت سے لوگ حج سے پہلے زیارت کر لیتے ہیں۔ ہم نے دیکھا ہے اور ہمارے بڑوں نے دیکھا ہے اور علماء پرانے زمانے سے یہ بات نقل کرتے چلے آئے ہیں جیسا کہ ہم نے تیسرے باب میں بتایا ہے اور یہ ایسا یقینی معاملہ ہے کہ اس میں شک کی گنجائش نہیں ہے۔ سب لوگ مدینہ پہنچنے کا قصد کرتے ہیں خواہ ان کا حج کا راستہ ادھر سے گزرتا ہو یا نہ گزرتا ہو اس مقصد کے لئے بڑی مسافت طے کرتے ہیں رقم خرچ کرتے ہیں اور طرح طرح کی مشقیں برداشت کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ خلف وسلف کا اجماع اور اتفاق جن میں علماء اور صلحاء داخل ہیں ناممکن ہے کہ کسی غلط بات پر ہو سکے۔ سب کا مقصد اس فعل سے تقرب الی اللہ تعالیٰ ہوتا ہے اور جو شخص زیارت کے لئے حاضر نہیں ہو سکتا اس کو انتہائی رنج وقلق ہوتا ہے۔ اب اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ امت کا یہ اجماع غلط بات پر ہے تو وہ خود خطا کار ہے۔

اب اگر کوئی یہ کہے کہ وہ اس سفر میں دوسری عبادت کا قصد بھی کر لیتے ہوں گے بلکہ ظاہر یہی ہے کہ وہ اس سفر میں دوسری عبادت کا قصد بھی کر لیتے ہوں گے بلکہ ظاہر یہی ہے کہ وہ ضرور ایسا کرتے ہوں گے اس لئے کہ اکثر مصنفین مناسک کی بحث میں یہ کہتے ہیں کہ مناسب یہ ہے کہ قبر النبی ﷺ کی زیارت کے ساتھ ساتھ مسجد نبوی میں جانے کی اور وہاں نماز پڑھنے کی بھی نیت کر لے۔ منکرینِ زیارت بھی در اصل زیارت کے منکر نہیں ہیں بلکہ زیارت مستحبہ کی کیفیت بیان کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ زیارت کے ساتھ مسجد کا بھی قصد کر لے۔

میں کہتا ہوں کہ اس بارے میں یہ بحث کہ لوگ مدینہ منورہ کے سفر میں کس چیز

کا قصد کرتے ہیں؟ منصف مزاج آدمی اگر اس پر غور کرے گا اور لوگوں سے معلومات حاصل کرے گا تو سمجھ لے گا کہ لوگ جب مدینہ منورہ کا قصد کرتے ہیں تو وہ زیارت کا قصد کرتے ہیں اور راستہ طے کرتے ہوئے ان کے دل میں زیارت کے علاوہ ثواب کی دیگر باتوں کا خیال تک بھی نہیں آتا ہے ان کی بڑی غرض زیارت ہوتی ہے۔ اگر وہاں زیارت کا معاملہ نہ ہوتا تو وہ وہاں کا سفر نہ کرتے۔ چنانچہ مسلمان بیت المقدس کا سفر بہت کم کرتے ہیں اگرچہ وہاں بھی نماز کی فضیلت احادیث سے ثابت ہے۔ پس ثابت ہوا کہ مدینہ منورہ جانے کا اصلی مقصد زیارت ہے جس طرح مکہ معظمہ جانے کا اصلی مقصد حج اور عمرہ ہے۔ اب اگر سائل کو ہمارے بیان میں کوئی شک ہے تو وہ جانے والوں سے تحقیق کرلے۔

باقی رہا مناسک حج کے بارے میں کتب لکھنے والوں کا طریقہ جو وہ اختیار کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ انہوں نے زیارت کے لئے مسجد نبوی کے قصد کو بمنزلہ شرط کے ذکر کیا ہے بلکہ ان کا مقصود یہ ہے کہ زیارت کی قربت کے ساتھ دوسری قربتیں بھی حاصل کر لی جائیں۔ مسجد نبوی کے قصد کی قربت بھی حاصل کر لی جائے اور دیگر قربات مثلاً شہدائے احد کی قبروں کی زیارت کا ثواب بھی حاصل کرلیا جائے۔ مصنفین نے اس خیال سے تنبیہ کی ہے کہ کہیں زیارت کو جانے والا دیگر قربات کی نیت کو زیارت کے اجر کی کمی کا سبب نہ سمجھ بیٹھے۔ اسی وجہ سے ابو عمرو ابن الصلاح نے تصریح کی ہے کہ دیگر قربات کا قصد زیارت کے ثواب میں کوئی کمی پیدا نہیں کرتا ہے۔ اب اگر کوئی یہ سمجھے کہ مسجد نبوی کا قصد زیارت کے قصد کے لئے بمنزلہ شرط بیان کیا گیا ہے تو اس کی غلطی ہے۔

پانچویں دلیل..... قربت کا وسیلہ بھی قربت ہوتا ہے:

پانچویں دلیل یہ ہے کہ قربت کا وسیلہ بھی قربت ہوتا ہے۔ شریعت کے قواعد سب اس کے شاہد ہیں کہ وسائل کا اعتبار، مقاصد کے اعتبار سے ہوتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں تمہیں ایسی چیز نہ بتادوں جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ تمہاری خطائیں معاف کردے اور تمہارے درجات بلند کردے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ ضرور بتائیں۔ ارشاد فرمایا: ''ناپسندیدگی کی حالت میں وضو کو مکمل طریقہ پر کرنا۔ مسجد کی

طرف زیادہ قدم چلنا ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا یہ تمہارے لئے سرحد کی حفاظت کی طرح ہے'' اس حدیث کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ زیادہ قدم چلنے کو جو شرف حاصل ہے وہ اسی وجہ سے ہے کہ وہ عبادت کا وسیلہ ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص نے وضو کیا اور بہت اچھے طریقے سے وضو کیا پھر وہ مسجد کی طرف نکلا اور اس کو کوئی چیز نہیں نکالتی سوائے نماز کے، وہ جو قدم بھی اٹھاتا ہے اس کے بدلے اس کا ایک درجہ بلند کر دیا جاتا ہے۔ اور اس کی ایک غلطی معاف کر دی جاتی ہے۔ اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا'' نماز کا بڑا اجر اس شخص کے لئے ہے جو دور سے چل کر آئے'' اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ اور اسی طرح روایت ہے کہ'' ایک شخص نے کہا مجھے یہ پسند نہیں کہ میرا گھر مسجد کے قریب ہو بلکہ میں چاہتا ہوں کہ میرے نامہ اعمال میں مسجد تک چل کر آنے کا اور جب میں واپس اپنے گھر والوں کے پاس جاؤں تو چل کر جانے کا اجر لکھا جائے۔ تو اس پر حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تیرے لیے یہ سارا کچھ جمع کر لیا۔'' اس حدیث کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہمارے گھر مسجد سے دور تھے اور ہم نے ارادہ کیا کہ اپنے وہ گھر بیچ کر مسجد کے قریب گھر بنائیں مگر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں منع فرمایا اور فرمایا:'' بے شک تمہارے لیے ہر قدم کے بدلے ایک درجہ ہے۔'' اس حدیث کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:'' جس شخص نے گھر میں وضو کیا اور پھر اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے کسی گھر کی طرف چلا تا کہ اللہ تعالیٰ کے فرائض میں فرض ادا کرے تو اس کے ہر دو قدموں میں سے ایک قدم اس کا ایک گناہ معاف کر دیتا ہے اور دوسرا اس کا ایک رتبہ بلند کر دیتا ہے۔'' اس حدیث کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:'' جو شخص صبح یا شام مسجد کو جاتا ہے اللہ تعالیٰ

اس کے لئے جب بھی وہ صبح و شام گیا، مہمان نوازی کا کھانا تیار فرما دیتے ہیں۔ اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم رحمہما اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص گھر سے وضو کر کے فرض نماز کے لئے نکلتا ہے اس کو وہی ثواب ملتا ہے جو احرام باندھے ہوئے حاجی کو اور جو شخص چاشت کی نماز کے لئے نکلتا ہے اور اس نے یہ مشقت صرف اسی کام کے لیے کی تو اس کو عمرہ کرنے والے کا سا ثواب ملتا ہے۔ اس حدیث کو امام ابو داود رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ اور حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو لوگ تاریکیوں میں چل کر مسجدوں میں آتے ہیں ان کو قیامت کے دن کے مکمل نور کی بشارت دے دو۔'' اس حدیث کو امام ابو داود، امام ترمذی اور امام ابن ماجہ رحمہم اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ ''یہی لوگ رحمت میں غوطہ لگانے والے ہیں۔''

حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس نے غسل کیا اور خوب غسل کیا اور صبح کو روانہ ہوا اور خوب صبح کو روانہ ہوا اور امام کے قریب بیٹھا اور کوئی بیہودہ کام نہیں کیا اس کو ہر قدم پر ایک سال کے قیام و صیام کا ثواب ملے گا۔'' اس حدیث کو امام ابو داود رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ وہ پیدل چلا، سوار نہ ہوا۔ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص اپنے مریض بھائی کی مزاج پرسی کے لئے چلا وہ جنت کی منزل میں چلا اور وہ جب وہاں جا کر بیٹھتا ہے تو رحمت خداوندی اس کو ڈھانپ لیتی ہے'' حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص نے کسی مریض کی مزاج پرسی کی یا اپنے بھائی کی زیارت کی تو آسمان سے ایک پکارنے والا پکارتا ہے: ''تو پاکیزہ بن گیا اور تیرا چلنا پاک بنا اور تو نے جنت کی منزل میں اپنا ٹھکانا بنا لیا'' اس حدیث کو امام ترمذی اور امام ابن ماجہ رحمہما اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔ اور امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

یہ تمام احادیث اس بات کو واضح کرتی ہیں کہ قربت کا وسیلہ بھی قربت ہے۔ اس امر میں اختلاف کی گنجائش کیسے ہو سکتی ہے جب شریعت اسلامیہ ایسی باتوں سے بھری

ہوئی ہے اور قرآن اس پر ناطق ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

" من یخرج من بیته مهاجراً الی الله و رسوله ثمّ یدرکه الموت فقد وقع أجره علی الله " [النساء: ۱۰۰]

اور جو شخص بھی اپنے گھر سے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے، پھر اسے (راستے میں ہی) موت آ پکڑے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمے ثابت ہو گیا"

یہ آیت ہمارے موقف کی بہترین دلیل ہے کیونکہ زیارت رسول ﷺ کے لئے جو شخص گھر سے مسافر بن کر نکلا وہ ایک درجہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا مہاجر ہے۔ ایک اور مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جس کا ترجمہ یوں ہے۔

" یہ (حکم) اس لیے ہے کہ انہیں اللہ کی راہ میں جو پیاس (بھی) لگتی ہے اور جو مشقت (بھی) پہنچتی ہے۔ اور جو بھوک (بھی) لگتی ہے اور جو کسی ایسی جگہ پر چلتے ہیں جہاں کا چلنا کافروں کو غضبناک کرتا ہے اور دشمن سے جو کچھ بھی پاتے ہیں (خواہ قتل اور زخم ہو یا مال غنیمت وغیرہ) مگر یہ کہ ہر ایک بات کے بدلہ میں ان کے لیے ایک نیک عمل لکھا جاتا ہے، بیشک اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کا اجر ضائع نہیں فرماتا۔ اور نہ یہ کہ وہ (مجاہدین) تھوڑا خرچہ کرتے ہیں اور نہ بڑا اور نہ (ہی) کسی میدان کو (راہ خدا میں) طے کرتے ہیں مگر ان کے لیے (یہ سب صرف وسفر) لکھ دیا جاتا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ انہیں (ہر اس عمل کی) بہتر جزا دے جو وہ کیا کرتے تھے۔ (التوبہ، ۱۲۰: ۱۲۱)

اس آیت میں جس قدر باتیں ہیں وہ ساری ان کے نامہ اعمال میں لکھ دی گئیں اور ان کا اجر ان کے لئے مقرر کر دیا گیا کیونکہ یہ ساری چیزیں جہاد کا وسیلہ تھیں بلکہ جہاد کی جو شرف حاصل ہے وہ بھی اسی لئے ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے کلمہ کی سربلندی کا وسیلہ اور سبب ہے۔ اصولیین نے اس بات پر اجماع نقل کیا ہے جو شخص دور سے آکر حج کرے

گا اس کا حج مکی کے حج سے افضل ہے اور حدیث قدسی ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے'' برداشت کرنے والے میری وجہ سے جو کچھ برداشت کرتے ہیں وہ میری آنکھوں کے سامنے ہے۔''

اس میں کوئی شک نہیں جو شخص کسی قربت کے لئے کسی جائز چیز کو وسیلہ بنائے جس میں مشقت ہو جیسے سفر، تو وہ اس مشقت کو اللہ تعالیٰ کے لئے برداشت کرتا ہے۔ لہذا اس کا وہ عمل اللہ تعالیٰ کے سامنے ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو دیکھ رہا ہے اور اس کی اس کوشش میں اللہ تعالیٰ اس کو جزا دے گا۔ کسی قربت کا وسیلہ اگر جائز کام ہے اور اس میں مشقت بھی نہیں ہے جبکہ وہ وسیلہ ہے تو عمل کرنے والے کو اس کا بھی اجر ملے گا۔ مثلاً کوئی شخص سوتا ہے تاکہ تہجد کی نماز کی اس میں طاقت آجائے تو اس نیند کا بھی اس کو ثواب ملے گا۔ اسی لئے ایک صحابی رضی اللہ عنہ کا قول ہے'' مجھے تو اپنی نیند میں بھی اللہ تعالیٰ سے ثواب کی اسی طرح امید ہے جس طرح تہجد کی نماز میں۔''

علماء نے اس قسم کے ثواب کے بارے میں بحث کی ہے کہ وہ نیت پر ہے یا عمل پر۔ اور صحیح یہی ہے کہ عمل پر ہے۔ حضور اکرم ﷺ کا فرمان بھی یہی بتاتا ہے۔'' تو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جو خرچہ بھی کرے حتی کہ جو لقمہ بھی تو اپنی بیوی کے منہ میں دے گا اور اس سے تیرا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا مندی ہو اس سے تیرا رتبہ بڑھے گا۔'' اسی طرح ایک صحیح حدیث میں آیا ہے۔'' وہ اپنی شہوت حلال جگہ سے پوری کر رہا ہے تو اس کا بھی اس کو ثواب ملے گا۔''

عبادات کی اقسام

عبادات چار قسم کی ہیں:

۱۔ وہ عبادات جن کی وضع ہی عبادت کے طور پر ہے جیسا کہ نماز، روزہ، صدقہ اور حج۔ جب یہ صحیح طور پر ادا کر دی جائیں تو وہ لا محالہ قربت ہوں گی۔ ان کا وجود شرعی اعتبار سے قربت کے سوا نہیں ہوسکتا۔

۲۔ دوسری قسم وہ عبادات ہیں جن کو شرع نے مکارم اخلاق کی وجہ سے لازم کیا ہے۔ جیسے سلام کو فروغ دینا۔ اور ان کے لزوم کا سبب مختلف مصالح ہیں۔ اور یہی شارع کا مقصود ہے۔ اگر یہ امر خداوندی کے تحت وجود میں لائی جائیں تو قربت ہیں اور اگر یہ نیت نہ ہو تو پھر باقی مباحات کی طرح ہیں۔

۳۔ تیسری قسم میں وہ عبادات شامل ہیں جو مستقلا تو عبادت نہیں مگر یہ کسی امر خیر تک پہنچنے کا ذریعہ ہیں جیسے کہ چلنا۔ ان کا حکم بھی وہی ہوگا جس مقصود کے یہ تابع ہوں گی۔ اگر مقصد حرام ہے تو اس کے لئے چلنا بھی حرام ہوگا اور اگر مقصد مباح ہے تو اس کے لئے چلنا بھی مباح ہوگا اور اگر مقصد قربت ہے تو اس کے لئے چلنا بھی قربت ہوگا۔ اگر ان کا وجود بے مقصد ہے تو وہ عبث ہیں۔ اس قسم میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ جب ان کا مقصود قربت ہو تو یہ بھی قربت ہوں گی۔

۴۔ اس سے مراد وہ عبادات ہیں جو وضع کے اعتبار سے مباح ہیں اور مقصود مصالح دنیا حاصل کرنا ہے جیسا کہ کھانا، پینا، سونا جسمانی مصلحت کے لئے اب یہ بغیر کسی نیت کئے جائیں یا دنیوی غرض سے کی جائیں تو مباح ہیں اور اگر دینی مصلحت سے کی جائیں تو موجب اجر ہیں۔ ان کا اجر نیت پہ ہے یا ایسے عمل پر ہے جو نیت کے ساتھ ہو۔ دوسری رائے زیادہ بہتر ہے۔

ان باتوں سے یہ ثابت ہوگیا کہ قربت کا وسیلہ بھی قربت ہوتا ہے سفر زیارت کے قصد سے زیارت کے وسیلہ سے تو زیارت کی طرح وہ بھی قربت ہوگا۔

ازالہ اشکال:

اب اگر کوئی یہ کہے کہ زیارت قربت ضرور ہے لیکن قریب شخص کے لئے ہے نہ کہ دور سے آنے والے کے لئے تو ایسی صورت میں سفر قربت نہ ہوگا۔ اس کے بارے میں ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ زیارت بہر حال قربت ہے۔ قریب کے لئے بھی اور دور سے آنے والے کے لئے بھی۔ زیارت کے مطلق دلائل کو قریب کے لئے خاص کرنا غلطی اور

خطا ہے۔

اعتراض کا جواب:

اگر کوئی یہ کہے کہ نماز مطلقاً قربت ہے اور اس کے لئے سفر قربت نہیں ہے بجز تین مسجدوں کے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ کبھی کوئی چیز قربت ہوتی ہے مگر اس کو دوسری چیز کے ساتھ ملانے سے وہ قربت نہیں رہتی۔ پس مطلق نماز قربت ہے اور تین مسجدوں کے علاوہ کسی معین مسجد کی نماز چونکہ قربت نہیں ہے لہذا اس کے لئے سفر کرنا بھی قربت نہ ہوگا۔

اگر کوئی کہے کہ اس اصول کے مطابق تو نذر ماننا قربت ہونا چاہئے کیونکہ وہ بھی ایک وسیلہ ہے جو ایک نفلی عبادت کو واجب بنا دیتا ہے اور واجب نفل سے افضل ہے۔ حالانکہ نذر کو مکروہ قرار دیا گیا ہے اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ نے نذر ماننے سے روکا ہے اور فرمایا ہے:'' وہ خیر کا سبب نہیں ہے بلکہ بخیل سے مال خرچ کرانے کی ایک تدبیر ہے۔''

اس کا جواب یہ ہے کہ نفل کو واجب بنانا قربت نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے اس لئے کہ اس صورت میں اندیشہ یہ پیدا ہو جاتا ہے کہ اگر وہ یہ نفل نہ ادا کر سکا تو گناہگار ہوگا اور اس نفل کی ادائیگی بغیر اس نذر کے بھی ہوسکتی ہے تو نذر سے اس نے ایک خطرہ مول لیا اور کوئی فائدہ نہ ہوا۔

دوسری بات یہ یاد رکھئے کہ قربت کے وسیلہ کو قربت قرار دیا گیا ہے۔ اس حیثیت سے کہ وہ اس مطلوب تک پہنچا دینے والا ہے لیکن کبھی اس میں ایسا عارضہ پیدا ہو جاتا ہے جو اس کو مکروہ بنا دیتا ہے جیسا کہ کوئی غصب شدہ زمین پر چل کر مسجد میں جائے تو یہ چل کر جانا اس عارضہ کی وجہ سے قربت نہ رہے گا کہ وہ غصب کردہ زمین پر چلا۔

اگر کوئی یہ کہے کہ یہ بات کیسے یقینی ہے جبکہ اصولیین میں اس بارے میں اختلاف ہے کہ کسی چیز پر امر، اس کے موقوف علیہ پر بھی امر ہوتا ہے یا نہیں؟ اور اسی وجہ سے اس بارے میں اختلاف ہے کہ مستحب چیز کا وسیلہ بھی مستحب ہے یا نہیں؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ہم یہ بتادینگے کہ کسی فعل کا قربت ہونا اعم ہے اس سے

کہ وہ فعل مأمور بہ ہو اور ہم پہلے یہ بات واضح کرتے ہیں کہ یہ سفر مستحبا مأمور بہ ہے۔ اب ہم یہ کہتے ہیں کہ مامور بہ کی تکمیل جس چیز پر موقوف ہو وہ منقسم ہے اس چیز کی طرف جو اس کے وجود کے لئے شرط ہے اور اس چیز کی طرف جو اس کے وجود کے علم کے لئے شرط ہے جیسا کہ سر کے جز کا دھونا چہرے کے دھونے کے علم کے لئے۔ اور اختلاف دوسری قسم میں زیادہ سخت ہے اور ہماری بحث اس سے نہیں ہے۔

قسم اول یعنی یہ مسئلہ کہ کیا وہ شے جو مأمور بہ کے لیے شرط یا سبب ہوتی ہے۔ جس طرح کے مسئلہ میں ہم ہیں اس بارے میں جمہور کی رائے یہ ہے کہ مأمور بہ واجب ہوتا ہے مقصد کے وجوب کے لیے۔ اس بارے میں اصولیین کے دو گروہوں کا اختلاف ہے۔ ایک گروہ صرف شرط میں مخالف ہے سبب میں نہیں۔ جبکہ دوسرا گروہ شرط اور سبب دونوں میں مخالف ہے۔

اشکال:

کیا تم یہ کہتے ہو کہ زیارت کے لئے ہر سفر مستحب ہے یا یہ کہتے ہو کہ مطلق سفر مستحب ہے؟

جواب:

اصول فقہ میں یہ بات طے شدہ ہے کہ ماہیت کلیہ پر امر اس کی کسی جزئی پر نہیں ہوتا لیکن جزئیات میں سے کوئی جزئی غیر معین مامور بہ ہوتی ہے۔ اس لئے کہ کلی پر عمل اس کے بغیر ممکن نہیں اور مخاطب کو کسی جزئی کے اختیار کرنے کا حق ہے۔ اب جب کہ وہ کسی معین جزئی پر عمل کرے گا وہ امر کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جائے گا اور سمجھا جائے گا کہ اس نے مامور بہ پر عمل کر لیا ہے۔ تو ہر وہ سفر جو زیارت کے ارادے سے ہو اور اس کے ساتھ کسی حرام یا مکروہ کا تعلق نہ ہو تو وہ قربت ہوگا کیونکہ وہ ایک قربت تک پہنچانے والا ہے اور اس کے ذریعہ مامور بہ سفر ادا ہو جاتا ہے اس لئے کہ وہ اس جزئی کے

ضمن میں حاصل ہو گیا۔

آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہ معین سفر مامور بہ ہے اس لئے کہ امر کا تعلق تو کلی سے ہے اور یہ جزئی ہے لیکن اس کو قربت قرار دیا جائے گا کیونکہ اس کے ذریعہ قربت کا ارادہ کیا ہے اور یہ اس کا وسیلہ ہے۔ پس قربت کلی اور جزئی دونوں پر صادق آتا ہے اور طلب کا تعلق کلی سے ہے اور معین سفر زیارت کا وسیلہ ہے اور اس میں شرط نہیں ہے۔ مطلق سفر زیارت کے لیے وسیلہ اور شرط ہے اور مطلق سفر شرط ہے اور کبھی اس سے توسل کا ارادہ نہیں ہوتا تو اس کو وسیلہ نہیں کہا جاتا۔

ازالہء اشکال:

اب اگر تم یہ کہو کہ مقدمہ وسیلہ ہے یا غیر وسیلہ؟ تو میں کہوں گا کہ مقدمہ وہ ہوتا ہے جس پر شئی موقوف ہو اور آپ نے اس میں اصولیوں کا اختلاف جان لیا ہے کہ اس شے کے وجوب سے مقدمہ کا وجوب ہو جاتا ہے یا نہیں؟ اور اس میں اس سے بحث نہیں کہ وہ قربت ہے یا نہیں؟ اس لئے کہ جو موقوف علیہ ہوتا ہے کبھی اس میں قربت کی نیت کر لی جاتی ہے تو وہ قربت بن جاتا ہے ورنہ وہ قربت نہیں ہوتا۔ اب اگر کوئی شخص مکہ کا سفر کسی برے کام کے لئے کرے پھر حج کرے تو اس کا سفر قربت نہ ہوگا لیکن اس سے امر کا سقوط ہو جائے گا چونکہ وہ سبب اس کے وجوب کا مقتضی تھا وہ زائل ہو گیا۔

وسیلہ کی وضاحت:

وسیلہ کے بارے میں جوہری نے لکھا ہے۔" وسیلہ وہ ہوتا ہے جس کے ذریعہ سے تقرب حاصل کیا جائے اس کی جمع وسل اور وسائل ہے۔ اور توسیل (باب تفعیل) اور توسّل (باب تفعّل) کے ایک ہی معنی ہیں۔ اور جب کسی شخص نے کسی نیک عمل کے ذریعے تقرب حاصل کیا تو کہا جاتا ہے: وسّل فلان الی ربه وسيلةً و توسّل اليه بوسيلة (فلاں نے اپنے رب کی طرف وسیلہ تلاش کیا۔) جوہری کا کلام ختم ہو گیا۔

تو جب مقدمہ پر وسیلہ کا اطلاق کیا جائے وہ اس حیثیت سے ہوگا کہ اس کے ذریعہ تقرب حاصل ہوا ہے نہ کہ اس حیثیت سے کہ وہ موقوف علیہ ہے بلکہ کبھی مقصد معین وسیلہ پر موقوف ہوتا ہے۔ پس اس کے وجوب میں بھی پہلے والا اختلاف ہوگا۔ اور کبھی مقصد بعینہ اس پر موقوف نہیں ہوتا بلکہ اس سے پر موقوف ہوتا ہے جو اس سے اہم ہو اور بندہ اس کو وسیلے کے لیے اختیار کرتا ہے۔ اور کبھی مقصد اصلاً نفس الامر میں اس پر موقوف نہیں ہوتا لیکن بندہ اس کا قصد کرتا ہے یا اس کے موقوف ہونے کا اس کو وہم ہوتا ہے یا اس کے دل میں آتا ہے کہ یہ اس پر موقوف ہے لیکن دوسرے کے دل میں ایسا خیال نہیں آتا۔ پس ان تمام صورتوں میں اسے وسیلہ اور قربت کا نام دیا جاتا ہے اور اس میں اصولیین کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔ پس مقدمہ پر وسیلہ کا اطلاق اس وقت تک نہیں ہوگا جب تک کہ تقرب کی نیت نہ کی ہو اور اگر تقرب کی نیت نہ کی تو اس کو وسیلہ مجازاً کہا جاتا ہے اور اصولیوں کے نزدیک مقدمہ سے مراد موقوف علیہ ہوتا ہے خواہ اس میں پہنچنے کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو تو ان دونوں میں عموم وخصوص من وجہ کی نسبت ہے۔

اگر ہم تسلیم کرلیں کہ مقدمہ وسیلہ کے مترادف ہے تو پھر بلا شبہ وہ قربت نہ ہوگا جب تک کہ اس کے ذریعہ کسی قربت کے تقرب ہونے کا قصد نہ کیا جائے۔ تو ہمارا یہ کہنا کہ قربت کا وسیلہ قربت ہے اسی معنی کے اعتبار سے ہے۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو گئی کہ کسی عمل کا قربت ہونا اس کے واجب اور مستحب ہونے کے علاوہ ہے اس لئے ایجاب یا ندب کا حکم ماہیت کلیہ پر ہوا ہے اور جو چیز خارج میں مشخص ہے تو طلب خاص طور پر اس سے متعلق نہیں ہےپس اس پر خصوصاً حکم نہ ہوگا کہ یہ واجب ہے۔ ہاں وہ اپنے ضمن میں واجب تک پہنچا دینے والی ہے۔ کسی شے پر قربت ہونے کا حکم لگانا کبھی تو یہ اس شے کی حقیقت کے اعتبار سے ہوتا ہے اور یہ ایسی شے ہوگی جس کو وضع ہی قربت کے لیے کیا گیا ہے۔ پس یہ قربت ہو جاتی ہے۔ اور کبھی اس اعتبار سے قربت ہوتی ہے کہ اس سے تقرب کا قصد کیا جاتا ہے۔ پس فعل کے مشخص ہو جانے کے بعد اس پر حکم لگایا جائے گا۔

جب تم یہ سمجھ گئے تو اب سمجھو یہاں چند اعتبارات ہیں ایک مطلق سفر ہے دوسرے مدینہ کا سفر ہے۔ تیسرے مدینہ کا سفر قربت کی نیت سے کرنا ہے۔ تو پہلی دو قسمیں نہ مطلوب ہیں نہ قربت ہیں اپنے طور پر۔ تیسری قسم مطلوب اور قربت ہے۔ قربت کے تفاوت سے اس کے مراتب مختلف ہیں اس لیے کہ کبھی تو مقصد صرف زیارت ہوتی ہے اور کبھی اس کے ساتھ دوسری قربتوں کی نیت ہوتی ہے جیسے کہ مسجد نبوی میں نماز پڑھنا شہدائے احد کی زیارت کرنا اور کبھی ان کا مجموعہ ہوتا ہے یا ان میں قدر مشترک اور وہ مطلق قربت ہے۔ اور یہ چاروں صورتیں قربت کی ہیں کیونکہ مدینہ کا سفر قربت اس لئے نہیں ہے کہ وہ مطلق سفر ہے یا مدینہ کا سفر ہے۔ بلکہ اس بنیاد پر قربت بنا ہے کہ قربت کا قصد کیا ہے تو اب جہاں کہیں قربت کا قصد ہو قربت ثابت ہو جائے گی۔ چاروں میں سے ہر ایک پر قربت کا حکم لگانے میں کوئی فرق نہیں ہے کہ وہ بطور کلی کے ہو یا مشخص جزئی کے ہو۔ لیکن اس کے مطلوب یا مستحب ہونے کا حکم بخصوصہ وہ ان میں سے کسی مشخص پر نہیں ہے اس کا تعلق ان میں سے کسی ایک غیر متعین پر ہے اور جب اس کا وجود ہو جائے گا تو وہ قربت ہوگا اور مامور بہ اس کے ضمن میں ادا ہو جائے گا۔

اب اگر تم یہ کہو کہ سفر کی ایک صورت تو یہ ہے کہ اس میں مسافر نے زیارت کے ساتھ کسی دوسری عبادت کا بھی قصد کر لیا ہو۔ جیسا کہ مسجد نبوی میں نماز یا اعتکاف تو اس کے قربت ہونے میں تو اشکال نہیں ہے اور دوسری صورت سفر کی یہ ہے کہ محض زیارت کی نیت ہو۔ یہ صورت اور جس سفر میں کوئی نیت ہی نہ ہو اختلاف اور بحث اس صورت میں ہے اور آپ کا یہ کہنا کہ قربت کا وسیلہ قربت ہوتا ہے، اس میں ہمیں اعتراض ہے۔ اس لئے کہ کسی شے اعم پر موقوف ہونے سے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اخص پر بھی موقوف ہو اور وہ شخص جو دور ہے اس کی زیارت تو مذکور تینوں قسموں پر موقوف ہے نہ کہ صرف قسم ثانی پر تا کہ تمہارا دعویٰ مکمل ہو سکے۔

میں کہتا ہوں یہ بات اس طرح نہیں ہے۔ اس لئے کہ اگر تم اس بات کے قائل

ہو کہ قربت کا وسیلہ قربت ہوتا ہے تو نہ اس استدلال کی ضرورت ہے نہ تقسیم کی۔ اور اگر تم یہ کہو کہ قربت کا وسیلہ قربت نہیں ہوتا تو تمہارے پاس ان دلیلوں کا کوئی جواب نہیں ہے جو ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ پھر تم پر یہ لازم ہوگا کہ زیارت کے سفر کے ساتھ اور کسی قربت کی نیت کر لی جائے تو بھی وہ سفر قربت نہ ہو اور اگر تم یہ کہتے ہو کہ قربت کا وسیلہ قربت ہے تو جب ثابت ہو چکا کہ زیارت قربت ہے تو سفر کے بارے میں کیا اعتراض ہے۔؟ اور تمہارا یہ استدلال کہ'' کسی شے اعم پر موقوف ہونے سے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ اخص پر بھی موقوف ہو'' بہت عجیب ہے۔ کیونکہ اگر تم وسیلہ کی یہ تعریف کرو کہ جو مقصود سے تقرب کی نیت سے کیا جائے، تو اس صورت میں ہر وہ سفر زیارت جس میں کسی دوسری قربت کی نیت کی گئی ہو اور ایسا سفر جس میں محض زیارت کا قصد کیا گیا ہو یہ قربت ہوں گے کیونکہ ان کے ذریعے قربت تک پہنچنے کا قصد کیا گیا ہے۔ پس واجب ہوگا کہ یہ قربت ہوں خواہ زیارت بعینہ موقوف ہو یا نہ ہو۔ پس ان دو قسموں میں فرق کرنا باطل ہوگا۔

اگر آپ وسیلہ کی یہ وضاحت کریں کہ جس پر مقصود موقوف ہوتا ہے جس طرح آپ کے کلام کا ظاہر بتاتا ہے۔ اگر آپ اس کے ساتھ قربت کے قصد کی شرط لگاتے ہیں اور قربت کی علت کو یہ قصد بناتے ہیں تو وہ دونوں قسموں میں موجود ہے۔ اور اگر علت کو موقوف بناتے ہیں اور یہ کہتے ہیں یہ اعم پر موقوف ہے اخص پر موقوف نہیں تو آپ پر لازم ہوگا کہ آپ کہیں '' قربت دونوں سفروں سے اعم ہے اور دونوں میں سے ہر ایک کا خصوص قربت نہیں۔'' پس آپ کا دونوں قسموں میں فرق کرنا اس کی کوئی دلیل نہیں۔ اور اگر اس کو مجرد لیں تو یہ باطل ہے کیونکہ مطلق سفر اس میں داخل ہے اور کسی ایک نے بھی نہیں کہا کہ یہ قربت ہے۔ بے شک سفر صرف سفر ہونے کے اعتبار سے یہ مباح ہے اور یہ قربت کے قصد سے قربت بنتا ہے پس جب علت حاصل ہو جائے گی تو معلول بھی حاصل ہو جائے گا اور اگر علت نہ پائی جائے تو معلول نہیں پایا جاتا۔ پس ایک قربت اور دوسری قربت میں آپ کا فرق کرنا اس کا کوئی سبب نہیں۔

پس اس تمام بحث کے بعد کہ زیارتِ بارگاہ نبوی ﷺ قربت ہے اور قربت کا وسیلہ قربت ہوتا ہے، یہ ثابت ہو گیا کہ زیارت کے لیے سفر قربت ہے خواہ اس کے ساتھ کسی دوسری قربت کو شامل کیا جائے یا نہ کیا جائے۔ اور اس میں شک کرنا سابقہ ثابت شدہ باتوں میں شک کرنا ہے۔ اور یہ زیب نہیں دیتا کہ آپ یوں کہیں کہ "صرف زیارت کے لیے سفر یہ لاتشد الرحال کی نہی کے زمرے میں آتا ہے۔" زیارت کے لیے سفر اور مسجد کے لیے سفر یہ مسجد کے لیے سفر ہے اور یہ حدیث کے تحت مباح ہے کیونکہ ہم حدیث کا معنی بیان کریں گے اور یہ نہی زیارت کے لیے نہیں آئی۔

اور اگر فرض کر لیا جائے کہ زیارت کے لیے سفر ممنوع ہے تو زیارت اور مسجد نبوی کے لیے سفر یہ بھی ممنوع ہونا چاہیے کیونکہ ایک سفر ممنوع ہے اور دوسرا مباح۔ اور اس کی وجہ سے آپ کو یہ بھی نہیں کہنا چاہیے کہ قربت کا وسیلہ قربت ہوتا ہے۔

اور دونوں مقاصد سے عاری سفر اس کی مختلف صورتیں ہیں مثلاً وہ سفر قربت کا ہو مگر زیارت کے علاوہ کسی اور قربت کے لیے ہو اور سفر مباح اور ان دونوں حالتوں کے علاوہ سفر، مگر ہمیں ان سے غرض نہیں۔ مگر سفر کی اقسام میں سے قسم ثانی میں آپ کا نماز میں قصر کرنے کے بارے میں قول۔ اس عبارت میں دو احتمالات ہیں۔

زیارت کا قصد کیا جائے اور اس کے ساتھ کسی دوسری قربت مثلاً تحیۃ المسجد وغیرہ کا قصد نہ ہو۔ اور کسی عقلمند سے ایسی توقع نہیں کی جا سکتی کہ وہ ایسی نیت کرے گا۔ اور یہاں اس صورت کا معاملہ زیر بحث نہیں۔ لوگ اس صورت میں سوال کرتے ہیں جو پیش آتی ہے۔ اور اس کا حکم کیا ہے؟ پھر ہم کہتے ہیں اگر فرض کر لیا جائے

دوسرا معاملہ یہ ہے کہ زیارت کا قصد کیا جائے اور اس کے ذہن میں کوئی اور معاملہ نہ ہو نہ کسی اور امر کی نیت کی ہو نہ اس کی نفی ہو۔ پس اس صورت کے قربت ہونے میں کوئی تامل نہیں کیونکہ یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ زیارت قرب ہے لہٰذا اس کا وسیلہ بھی قربت ہوگا۔ اور ظاہر ہے سوال کرنے والے کا تعلق دوسری صورت سے ہے کہ اس کا حکم کیا

ہے؟ اور اس میں مخالف کا مدعا یہ ہے کہ زیارت کے ساتھ کسی دوسرے فعل کو بھی شامل کر لیا جائے تا کہ یہ سفر مستحب ہو جائے۔ پس خلاصہ یہ ہے کہ معترض کے نزدیک زیارت تب مستحب ہوگی جب زائر زیارت بارگاہ نبوی کے ساتھ مسجد کی زیارت کی بھی نیت کرے گا۔ اور اس کلام کا تقاضا یہ ہوا کہ اگر وہ کسی دوسری چیز کی زیارت کی نیت نہیں کرتا تو اس کا یہ سفر تقرب نہیں ہوگا خواہ وہ اس دوسرے فعل کی زیارت کی نیت کرے یا نہیں۔

ساتواں باب

مخالف کے شبہات کا رد

فصل اوّل

شبہات کا بیان

پہلا شبہ...... حدیث کے معنٰی کی تعیین میں غلطی:

''لا تشدّ الرحال'' اس حدیث کا معنی سمجھنے میں مخالف کو یہ وہم ہوگیا کہ یہ حدیث زیارت کے سفر کی مخالفت کیلئے ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

ہم اوّلاً حدیث کے الفاظ ذکر کرتے ہیں۔ پھر ان شاء اللہ تعالی اس کے معانی بتائیں گے یہ حدیث متفق علیہ صحیح ہے اور اس کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم ﷺ سے مختلف الفاظ سے روایت کیا ہے مشہور الفاظ یہ ہیں۔

''لا تشدّ الرحال الّا الی ثلاث مساجد: مسجدی هذا و مسجد الحرام، و مسجد الاقصیٰ'' (رخت سفر نہ باندھا جائے مگر تین مساجد کی طرف میری یہ مسجد اور مسجد حرام اور مسجد اقصیٰ کی طرف)

ان الفاظ کے ساتھ سفیان ابن عیینہ نے امام زہری رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت کی ہے۔ معمر نے امام زہری رحمہ اللہ تعالیٰ سے ان الفاظ میں روایت کی ہے ''تشدّ الرحال الی ثلاثة مساجد'' اور اس میں حصر نہیں۔ امام زہری رحمہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسرے طریق سے یہ الفاظ منقول ہیں۔

عن أبی هريرة أنّ رسول الله ﷺ قال: انّما يسافر الی ثلاثة مساجد مسجد الكعبة، و مسجدی، و مسجد ايلياء

(مسلم، الصحيح، ۲: ۱۰۱۵، كتاب الحج، رقم: ۱۳۹۷)

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (زیادہ

ثواب کے حصول کی نیت سے) صرف ان تین مساجد کی طرف سفر کیا جائے:
مسجد کعبہ، میری مسجد اور مسجد ایلیاء (بیت المقدس)

ان تینوں روایتوں کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''**فضل المدینۃ**'' میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ حدیث ان الفاظ میں منقول ہے۔'' **لا تشدّ الرحال الا الی ثلاثۃ مساجد: مسجدی ھذا والمسجد الحرام، والمسجد الاقصیٰ**'' حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ بھی منقول ہیں۔'' **انّما تشدّ الرحال الی ثلاثۃ مساجد : مسجد ابراھیم و مسجد محمّد و مسجد بیت المقدس**'' (رخت سفر صرف تین مساجد کی جانب ہی باندھا جائے: مسجد ابراہیم، مسجد محمد اور مسجد بیت المقدس)

اس روایت کو اسحاق بن راھویہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مسند میں ذکر کیا ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے اور اس میں الفاظ بھی کے آئے ہیں۔''**لا تشدّ الرحال آلا الی ثلاثۃ مساجد: مسجد الحرام، و مسجد المدینۃ ومسجد بیت المقدس**''

اب ہم اس کا مفہوم بیان کرتے ہیں۔ یہ استثناء مفرّغ ہے اور اس کی تقدیر یہ ہوگی۔'' کسی مسجد کی طرف رخت سفر نہ باندھا جائے مگر تین مساجد کی جانب۔ یا تقدیر یہ ہوگی رخت سفر نہ باندھا جائے کسی مکان کی طرف مگر تین مساجد کی طرف۔''

یہ دونوں تقدیریں ضروری ہیں تاکہ مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ میں داخل ہوجائے اور ان دونوں تقدیروں میں پہلی تقدیر یعنی مسجد کی تقدیر زیادہ بہتر ہے۔ اس لئے کہ مسجد مساجد کی جنس قریب ہے اور اس میں زیادہ تخصیصات بھی نہیں کرنی پڑیں گی۔

سفر میں دو چیزیں ہوتی ہیں۔ ایک تو وہ چیز جو سفر کرنے پر آمادہ کرتی ہے۔ جیسے حج یا جہاد یا طلب علم یا والدین کی زیارت یا ہجرت وغیرہ۔

دوسری چیز وہ مکان ہوتا ہے جو سفر کا اختتام ہوتا ہے جیسے مکہ المکرمہ یا مدینہ

منورہ یا بیت المقدس یا اور کوئی جگہ خواہ کوئی غرض ہو۔ اب اس امر میں بھی کوئی شک نہیں ہے کہ عرفات کے میدان کیلئے رخت سفر باندھنا حج کے افعال کیلئے واجب ہے۔ اس پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے حالانکہ وہ تین مساجد میں داخل نہیں ہے۔ ایک الگ مقام ہے۔ اسی طرح طلب علم کے لیے سفر کرنا اور رخت سفر باندھنا بالاجماع جائز ہے خواہ ان مساجد ثلاثہ کے علاوہ کوئی مکان ہو۔ اور کسی مکان کا سفر کبھی مستحب کبھی واجب علی الکفایہ اور کبھی فرض عین ہوتا ہے۔ اسی طرح جہاد کیلئے سفر اور خاص حالات میں بلاد کفر سے بلاد اسلام کی طرف ہجرت، والدین کی زیارت کیلئے سفر اور بھائیوں کی ملاقات کیلئے اور تجارت وغیرہ ان سب امور کیلئے سفر بالاتفاق جائز ہے حالانکہ وہ مساجد ثلاثہ کیلئے سفر نہیں ہے۔

اصل معانی اس حدیث کے یہی ہیں کہ مساجد میں سے صرف ان تین مساجد کی طرف سفر کرنا چاہیے یا مقامات اور مکانوں میں سے صرف ان تین مساجد کی طرف سفر کرنا چاہیے۔ اب دونوں تقدیروں پر اگر مساجد یا امکنہ غایتِ سفر ہیں اور باعث سفر کوئی اور چیز ہے مثلاً علم حاصل کرنا وغیرہ تو یہ سفر ہر مسجد اور ہر مکان کی طرف جائز ہوگا۔ تو حدیث کی یہ مراد نہیں ہوسکتی۔ پھر اس تقدیر پر قصدِ زیارت النبی ﷺ سے سفر کی غایت مسجد نبوی ہوگی اس لئے کہ وہ قبر شریف کے ساتھ ملحق ہے تو زیارت النبی ﷺ کیلئے سفر کی غایت تینوں مساجد میں ایک مسجد ہوئی اور اگر مساجد اور امکنہ کو علت سفر قرار دیا جائے تو علت کے معنی یہ ہوئے کہ ان مقامات کی تعظیم کی وجہ سے سفر کیا جارہا ہے اور ان میں داخل ہوکر تبرک حاصل کرنا مقصود ہے اور یہ اس اعتبار سے ہوگا کہ سفر کرنے والا اس سرزمین کو دوسری سرزمینوں سے افضل قرار دے رہا ہے۔

سفر کی ممانعت کے اسباب:

خلاصہ یہ ہے کہ سفر کی ممانعت دو شرطوں کے ساتھ مشروط ہے ایک تو یہ کہ غایت سفر مساجد ثلاثہ کے علاوہ اور کوئی مقام ہو۔ اور دوسرے یہ کہ علت سفر اس مکان و

مقام کی تعظیم ہو تو اب زیارت نبی کے لئے سفر کی غایت مسجد نبوی ہے۔ اور اس کی علت اس سرزمین میں مدفون کی تعظیم ہے نہ کہ اس مقام کی تو اس کو ممنوع کیسے قرار دیا جا سکتا ہے؟ بلکہ میں کہتا ہوں کہ سفر مطلوب کے دو سبب ہونے چاہئیں۔ ایک تو یہ کہ غایت تینوں مساجد میں کوئی مسجد ہو۔ دوسرے یہ کہ عبادت مقصود ہو اگرچہ وہ سفر مساجد ثلاثہ کے علاوہ کیلئے ہو؟ تو حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے سفر میں دونوں باتیں جمع ہیں تو یہ سفر بدرجہ اولیٰ جائز ہونا چاہیے۔ اور وہ سفر جو ان اماکن کے علاوہ کیلئے ہو اور اس میں اس جگہ کی تعظیم مدنظر ہو وہ اس روایت کا مصداق ہوگا اور ممنوع ہوگا۔ اسی لئے روایت ہے کہ بعض تابعین نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کوہ طور کی زیارت کے سفر کا مسئلہ معلوم کیا تو انہوں نے ممانعت کی یہی روایت پڑھی اور اس کو سفر سے روکا اور فرمایا ''کوہ طور کو چھوڑ وہاں نہ جا''

مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی مسجد کی طرف سفر کی شرعی حیثیت:

مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی دوسری مسجد کیلئے سفر کر کے جانے کے بارے میں فقہائے کرام نے کلام کیا ہے۔ امام الحرمین نے اسے شیخ ابو محمد سے نقل کیا ہے کہ وہ مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی مسجد کے لئے سفر کرنے سے منع کرتے تھے۔ اور بسا اوقات کہہ دیا کرتے تھے کہ یہ سفر مکروہ ہے اور کبھی کہہ دیتے تھے حرام ہے۔ شیخ ابو علی نے فرمایا کہ یہ سفر نہ مکروہ ہے نہ حرام۔ ہاں حضور ﷺ نے یہ واضح کر دیا ہے کہ قربت صرف مساجد ثلاثہ کے سفر میں ہے کسی دوسری مسجد کے لیے سفر کرنے میں کوئی قربت نہیں ہے۔ دونوں اقوال میں تطبیق کی صورت یہ ہے کہ اگر مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی دیگر مسجد کے سفر میں اس مسجد و مکان کی تعظیم مقصود ہے تو پھر ابو محمد کا قول صحیح ہے اور اگر تعظیم مقصود نہیں ہے تو پھر شیخ ابو علی کے قول کو ترجیح ہے۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے بعض فقہاء کا قول نقل کیا ہے کہ اگر یہ سفر نذر مان کر کرے تو ممنوع ہے اور اگر نیک لوگوں کے نشانات دیکھنے کیلئے محض فضیلت کی بنیاد پر

سفر کرے تو ممنوع نہیں ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ بغیر نذر کے مسجد قباء کا سفر فرماتے تھے۔
مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی اور مسجد کے لئے سفر کی نذر کے بارے میں تین مذہب ہیں۔

۱۔ یہ درست نہیں ہے...... یہ ہمارا اور جمہور کا مذہب ہے۔

۲۔ مطلقا جائز ہے...... یہ مذہب لیث ابن سعد کا ہے۔

۳۔ یہ نذر لازم ہوگی جبکہ رخت سفر باندھنا نہ ہو۔ جیسے کہ مسجد قباء۔..... یہ مذہب محمد بن سلمہ مالکی کا ہے۔

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے نقل کیا ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یہ مسئلہ دریافت کیا گیا کہ اگر کوئی شخص پیدل مسجد قباء جانے کی نذر مانے تو کیا یہ منت لازم ہوگی یا نہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ لازم ہوجائے گی اور اس کو حکم دیا جائے کہ وہ پیدل جائے۔

عبدالملک رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب الواضحہ میں لکھا ہے کہ یہی حکم اس شخص کا ہے جس نے اس مسجد میں جانے کی نذر مانی جس میں وہ پانچ وقتی نماز یا جمعہ پڑھتا تھا۔ اور جو مساجد دور ہوں ان میں جانے کی نذر لازم نہ ہوگی نہ پیدل جانے کی نہ سوار ہوکر جانے کی۔ اسی طرح ابن وہب وغیرہ نے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت کیا ہے مگر مساجد ثلاثہ کے بارے میں حکم یہ ہے کہ اگر مسجد حرام کے بارے میں نذر مانی ہے خواہ پیدل جانے کی ہو یا سوار ہوکر جانے کی تو اس پر وہ نذر لازم ہوجائے گی۔ اور بقیہ دونوں مسجدوں کے بارے میں نذر لازم نہ ہوگی اور اس پر یہ لازم ہوگا کہ وہ ان دونوں مسجدوں میں نماز پڑھنے کے لئے سوار ہوکر جائے۔ یہ مسائل تو بعینہ کسی مکان کے قصد کے بارے میں یا ایسی عبادت کے قصد کے بارے میں ہیں جو دوسری جگہ بھی ادا ہوسکتی تھی لیکن بغیر نذر کے کسی غرض کی وجہ سے سفر کرنے کے بارے میں نہ تحریم کا قول ہے نہ کراہت کا۔

اعتراض:

اگر تو یہ کہے کہ امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح مسلم میں " باب سفر المرأة مع محرم الی الحج " میں فرمایا ہے کہ مساجد ثلاثہ کے علاوہ رخت سفر باندھنے اور

سفر کرنے کے بارے میں علمائے کرام کا اختلاف ہے۔ مثلاً نیک لوگوں کی قبروں پر جانے اور فضیلت والی جگہوں کے بارے میں ہمارے اصحاب میں سے شیخ ابو محمد نے فرمایا: یہ سفر حرام ہے اور قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کے مختار ہونے کی جانب اشارہ کیا ہے۔

جواب

ہمارے اصحاب کا صحیح مذہب جو کہ امام الحرمین اور محققین نے اختیار کیا ہے وہ یہ ہے کہا ایسا سفر نہ حرام ہے نہ مکروہ بلکہ حدیث میں نفی سے مراد یہ ہے کہ پوری فضیلت تین مساجد کے سفر میں ہے۔ واللہ اُعلم۔

امام رافعی اور امام نووی رحمہما اللہ تعالیٰ نے شرح مسلم کے علاوہ دوسری جگہ جو نقل کیا ہے اس میں نیک لوگوں کی قبروں کا ذکر نہیں ہے اس میں ان کا وہی مطلب ہے جو ہم ذکر کر چکے ہیں۔ امام نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص مسجد حرام کے علاوہ کسی اور مسجد میں جانے کی نذر مانے تو علمائے کرام نے کہا ہے کہ نذر لازم نہ ہوگی اس لئے کہ مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی مسجد کا مقصد کوئی قربت نہیں ہے اور جو قربت اور عبادت مقصودہ نہ ہو تو اس کی نذر لازم نہیں ہوتی۔ اور میرے شیخ ان مساجد کے علاوہ کی طرف رخت سفر باندھنے کو منع کرتے تھے۔ اور اسی طرح رافعی نے کہا ہے کہ جب کسی نے ان تین مساجد کے علاوہ کسی مسجد کی طرف جانے کی نذر مانی تو اس کی نذر منعقد نہیں ہوگی۔ اور اسی طرح کی بات امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح مہذب میں کہی ہے۔

صحیح اغراض کے لئے مساجد اور دیگر مقامات کی زیارت کے لئے جانا علم حاصل کرنے کیلئے سفر کرنا، جہاد کیلئے سفر کرنا، اس کے بارے میں ابو محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے کچھ نہیں کہا اور ان کی طرف ممانعت کو منسوب کرنا درست نہیں ہے۔ اور اگر کسی نے ایسا کلام کیا بھی ہے تو وہ غلط ہے اور وہ شخص حدیث کے مقصود کو نہیں سمجھا لیکن الحمد للہ یہ واضح ہے کہ انہوں نے ایسا کلام نہیں کیا۔ اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی بھی یہی تاویل کی ہے کہ حدیث میں الفاظ سے ان مقامات کی اہمیت واضح کرنا مقصود ہے۔ اسی طرح قاضی

عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے اکمال میں کہا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے قول " لاتشد الرحال " میں ان مساجد کی تعظیم کا بیان ہے اور ان کی طرف خصوصیت سے سفر کرنے کا اشارہ ہے۔ اس لئے کہ یہ انبیائے کرام علیہم السلام کی مساجد ہیں اور ان میں عبادت کرنے کی فضیلت ہے اور ان میں عبادت کا ثواب چند گنا ہے اور ان میں جانے کی نذر کا لزوم ہے بخلاف دیگر مساجد کے کہ ان کی طرف سفر کرنا ممنوع ہے۔خواہ نذر مان کر سفر کرے یا بغیر نذر کے سفر کرے ہاں محمد بن مسلمہ نے مسجد قباء کو ان تینوں مساجد کے ساتھ ملحق کیا ہے۔قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس کلام میں عام قبروں کی زیارت کا کوئی ذکر نہیں ہے۔اس میں تو صرف مساجد ثلاثہ کے علاوہ دیگر مساجد کے سفر کی بات ہے۔

اعتراض

اگر تو یہ کہے کہ ابن قدامہ حنبلی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "کتاب المغنی" میں کہا ہے کہ اگر کوئی زیارت قبور کیلئے سفر کرے یا دیگر متبرک جگہوں کا سفر کرے تو اس کو سفر کی رخصتیں حاصل نہ ہونگی اس لئے کہ یہ سفر ممنوع ہے۔حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:
"لاتشد الرحال.... الخ"

جواب

صحیح یہ ہے کہ یہ سفر مباح ہے اس میں سفر کی رخصتیں حاصل رہیں گی۔اس لئے کہ حضور نبی اکرم ﷺ مسجد قباء پیدل اور سوار ہوکر تشریف لے جایا کرتے تھے اور قبور کی بھی زیارت کرتے تھے اور فرمایا۔" ان قبروں کی زیارت کیا کرو یہ تمہیں آخرت کی یاد دلاتی ہیں" حضور نبی اکرم ﷺ کے فرمان "لاتشد الرحال" کا معنی یہ ہوگا کہ دیگر مساجد کے سفر میں فضیلت نہیں ہے نہ کہ ان کی طرف سفر حرام ہے۔ اور سفر کے مباح ہونے کے لیے فضیلت شرط نہیں ہے اور نہ قصر صلوۃ وغیرہ کیلئے فضیلت والا سفر شرط ہے۔ اور فضیلت کا نہ ہونا سفر کو حرام بھی نہیں کرتا۔

میں نے ابن قدامہ کے کلام کا مطالعہ کیا لیکن مجھے ابن عقیل کا یہ قول نہیں ملا۔ ممکن ہے ان کا یہ قول مزارات کے دیکھنے کے بارے میں ہو اور ہماری بحث محض میت کی زیارت کے قصد کے سفر سے ہے جس میں مکان مقصود نہ ہو مگر ان کا موضوع وہ قبریں ہیں جن پر مقبرے تعمیر کئے گئے ہیں اور حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر اس میں داخل نہیں کیونکہ جس جگہ وہ ہے اس کو مشہد (مقبرہ) نہیں کہا جاتا۔

اگر یہی کہا جائے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر شریف بھی کلام کے مدلول میں داخل ہے تو پھر قبر نبی کی تخصیص کرنا واجب ہو گا اور ان کے کلام کو قبر نبی کے ماسوا پر محمول کیا جائے گا اور تخصیص کی دلیل وہ دلائل ہیں جو خصوصاً حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے بارے میں ہیں اور اس کیلئے سفر پر امت کا اتفاق ہے۔ اگر ابن عقیل نے ان دلائل کو معتبر نہ سمجھا ہو اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کو بھی اپنے کلام کے مدلول میں شامل کرتے ہوں تو پھر ان کا قول یقیناً مردود ہے۔

اگر یہ کہا جائے کہ جواز کی تقریر اس بات پر مبنی ہوئی کہ سرزمین کا قصد نہ ہو بلکہ اس ذات کا قصد ہو جو اس سرزمین میں مدفون ہے تو زیارت قبر نبی میں بھی سرزمین کا قصد ضرور ہے اس لئے کہ درود اور دعا تو دور سے بھی ہو سکتی تھی۔

اس کے بارے میں یہ سمجھ لیجئے کہ اگر سرزمین کا قصد اس شخصیت کی وجہ سے ہے جو اس سرزمین میں مدفون ہے تو ہم اس کی فضیلت کے منکر نہیں ہیں۔ ہاں صرف سرزمین کا قصد یا ایسی چیز کا قصد جس کی تعظیم شرعاً نہیں ہے وہ ممانعت میں داخل ہے۔ پھر یہ کوئی ضروری نہیں ہے کہ زیارت میں سرزمین کا قصد ضرور ہو بلکہ بسا اوقات سرزمین کا تصور بھی نہیں ہوتا محض اس شخصیت کا تصور ہوتا ہے جو اس کے اندر مدفون ہے اور یہ کہنا بھی صحیح نہیں کہ زیارت کا مقصد دور سے بھی حاصل ہو جاتا ہے اس لئے کہ مردے کے ساتھ بھی زندہ کا سا معاملہ ہوتا ہے۔

دیکھو جب حضور نبی اکرم ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کی رات جنت البقیع تشریف لے گئے تو وہاں کافی دیر تک قیام فرمایا پھر تین بار ہاتھ اٹھا کر دعائیں

مانگیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دریافت کرنے پر فرمایا: میرے پاس جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا کہ اللہ تعالیٰ کا آپ کو حکم ہے کہ بقیع جا کر اہل بقیع کی مغفرت کی دعا کریں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا کہ میں کس طرح دعا کیا کروں؟ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا یوں کہا کرو: ''اے اس آبادی کے ساکنو، مومنو اور مسلمانو! تم پر سلام ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمارے پہلے جانے والوں اور بعد کے جانے والوں پر رحم فرمائے اور ہم بھی ان شاء اللہ تعالیٰ تمہارے پاس پہنچنے والے ہیں۔'' اس حدیث کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

ذرا غور کریں! کس طرح حضور نبی اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کے حکم سے بقیع تشریف لے گئے اور وہاں جا کر مغفرت کی دعا کی اور دور سے دعا کر دینے پر اکتفا نہ کیا۔ حضور نبی اکرم ﷺ کا یہی فعل قبرستان جانے اور مُردوں کی زیارت کرنے اور ان کے لئے مغفرت کی دعا کرنے کی اصل ہے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ کہنا کہ میں کس طرح دعا کیا کروں؟ اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ عورتوں کو زیارت کیلئے قبرستان جانا ممنوع نہیں ہے ورنہ حضور نبی اکرم ﷺ بجائے دعا سکھانے کے، ممانعت فرما دیتے۔

کچھ لوگوں نے بعض علمائے بغداد کی طرف سے کچھ فتاویٰ مجھے لا کر دیئے نہ معلوم وہ من گھڑت فتاویٰ ہیں یا واقعی ایسے لوگوں کے ہیں جو نام نہاد علماء ہیں اور حقیقتاً جاہل ہیں۔

پہلا فتویٰ:

ان میں سب سے پہلا فتویٰ ایک مالکی کا ہے جس میں تحریر ہے کہ شیخ ابو محمد الجوینی نے اپنی کتابوں میں تصریح کی ہے کہ زیارت قبور کے لئے سفر کرنا حرام ہے اور اسی کو قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ''اکمال'' میں اختیار کیا ہے۔ حالانکہ ایسا کہنے والا اس نقل میں بالکل جھوٹا ہے کیونکہ نہ شیخ ابو محمد نے یہ کہا نہ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے۔

دوسرا فتویٰ:

یہ فتویٰ ایک شافعی کا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ علماء کے کلام سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ زیارت قبور کوئی عبادت اور طاعت نہیں ہے۔

اگر سمجھ سے مراد اس کی اپنی سمجھ ہے تو کوئی مضائقہ نہیں یہ اس کی سمجھ نہیں ہے بلکہ کج فہمی ہے۔ ہمارے نزدیک تو علمائے کرام اس کے برخلاف سمجھتے ہیں۔ اس مفتی نے پھر یہ کہا جو شخص ان تین مساجد کے علاوہ سفر کرنے کے جواز کا اعتقاد رکھے یا وجوب کا یا مستحبات کا تو وہ صریح نہی کی مخالفت کرتا ہے۔ اور نہی کی مخالفت گناہ ہے یا کفر ہے منہی عنہ کے اعتبار سے اور اس کے وجوب اور اس کی تحریم کے اعتبار سے۔ اس کلام کو پڑھ کر ہنسی آتی ہے اس نے منہی عنہ کو واجب اور حرام کی طرف منقسم کیا ہے۔

تیسرا فتویٰ:

یہ فتویٰ بھی پہلے فتویٰ کی ہو بہو نقل ہے۔ چوتھا فتویٰ بھی اسی طرح کی خرافات کا مجموعہ ہے جس کے ذکر سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

مخالف نے جو اس حدیث سے استدلال کیا ہے اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ امام ابن تیمیہ کو صرف زیارت قبر نبی کے سفر سے اختلاف ہے نفس زیارت سے نہیں لیکن یہ وہم صحیح نہیں ہے۔ امام ابن تیمیہ سفر اور نفس زیارت دونوں کے منکر ہیں جیسا کہ ہم آئندہ واضح کرینگے۔ ان کا کہنا تو یہ ہے کہ اس طریقہ پر زیارت ہی بدعت ہے اور یہ غیر اللہ کی تعظیم کی صورت ہے جو شرک کی طرف مفضی ہے اور جو چیز ایسی ہوگی وہ لامحالہ ممنوع ہوگی۔ چونکہ وہ سفر اور زیارت دونوں کو ممنوع قرار دیتے ہیں اسی لئے جو احادیث زیارت کے سلسلہ کی ہیں ان کو ضعیف ہی نہیں بلکہ موضوع قرار دیتے ہیں۔ اور اپنی بات میں حضور نبی اکرم ﷺ کے فرمان: "لاتتخذوا قبری عیداً" (میری قبر کو عید نہ بناؤ) اور حضور نبی اکرم ﷺ کے فرمان: "یہود اور نصاریٰ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو انہوں نے

اپنے انبیائے کرام کی قبروں کو مسجدیں بنالیا" سے استدلال کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں اور ان کا یہ عقیدہ توحید کے تحفظ کے لیے ہے اور قبور پر مساجد بنانا یہ شرک ہے۔ یہ سب باتیں ان کے کلام میں مذکور ہیں۔

میں نے ان کے قلم کا لکھا ہوا ایک فتویٰ بھی دیکھا ہے اس میں سے کچھ باتیں ذکر کرتا ہوں لکھا ہے: "کسی قبر کے پاس عرفہ کے دن جا کر عرفہ منانا وہ تو اس سے بھی بڑا گناہ ہے۔ یہ تو بدعت اور شرک ہے اس لئے کہ اصل سفر ہی قبور کی زیارت کیلئے جائز نہیں ہے اور کوئی عالم بھی اس کو مستحب نہیں کہتا۔ اسی لئے اگر اس کی کوئی نذر مانے تو اس پر وہ نذر لازم نہ ہوگی۔ یہ متفق علیہ بات ہے۔"

اس کے بعد لکھا ہے کہ اسی وجہ سے کوئی صحابی اور کوئی تابعی فتح شام کے بعد یا فتح شام سے قبل حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی قبر کی زیارت کیلئے نہیں گیا۔ نہ شام میں واقع دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کی قبروں کی زیارت کیلئے گیا نہ حضور نبی اکرم ﷺ نے معراج کی رات قبروں کی زیارت کی۔ وہ حدیث جس میں معراج کے سلسلہ میں یہ مذکور ہے کہ جبرئیل علیہ السلام نے کہا تھا کہ "یہ تمہارے باپ ابرہیم علیہ السلام کی قبر ہے اس کی زیارت کرو یہ تمہارے بھائی عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کی جگہ ہے یہاں اترو اور نماز پڑھو" محض جھوٹ ہے جس میں سچائی کا کوئی شائبہ بھی نہیں ہے۔ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہوں نے شام کی سکونت اختیار کی یا وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ شام پہنچے کبھی ان قبروں کی زیارت کیلئے نہیں گئے۔

اس کے بعد ابن تیمیہ نے لکھا۔ "صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کے آثار کو نہ مسجد بنایا نہ مزار، وہ نہ غار حراء کی زیارت کرتے تھے نہ غار ثور کی۔ یہاں تک کہ قبر نبی کی زیارت کے بارے میں بھی حضور ﷺ کا کوئی لفظ ثابت نہیں ہے، آیت کے مطابق یہ حکم ثابت ہے: " یاأیها الذین آمنوا صلّوا علیه و سلّموا تسلیماً " [سورہ احزاب: ۵۶] (اے ایمان والو! ان پر خوب صلاۃ وسلام بھیجو۔)

پھر ابن تیمیہ نے لکھا۔ اسی وجہ سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے زمانہ میں

کوئی مشہد (مزار) نہ تھا جس کی زیارت کی جاتی ہو۔ نہ کسی نبی کی قبر پر نہ غیر نبی کی قبر پر۔ چہ جائے کہ اس کیلئے سفر کیا جاتا ہو۔ نہ حجاز میں، نہ شام میں، نہ یمن میں، نہ عراق میں، نہ مصر میں اور نہ مشرق میں۔ پھر لکھا۔ اسی وجہ سے قبروں کی زیارت شرعی زیارت کا مقصد اگر مومن کی قبر ہے تو اس کیلئے دعا و سلام کرنا ہے اور موت کی یاد دہانی ہے خواہ وہ مومن مردے کی قبر ہو یا کافر کی۔ مومن کی قبر کی زیارت خواہ وہ نبی کی ہو یا غیر نبی کی ایسی ہی ہے جیسے کہ اس کے جنازہ کی نماز، دونوں صورتوں میں اس کیلئے دعا کی جاتی ہے۔

بدعی زیارت وہ ہے جو نصاریٰ کی زیارت کی طرح ہے جس کا مقصود شرک ہے جیسا کہ اس صاحب قبر سے ضروریات مانگنا یا اس کو چھونا اور چومنا یا اس کو سجدہ کرنا۔ یہ سب وہ کچھ ہے جس کا نہ اللہ تعالیٰ نے حکم دیا نہ رسول نے اور نہ مسلمانوں کے کسی امام نے اس کو مستحب گردانا۔ نہ سلف یہ کرتے تھے نہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کے پاس اور نہ کسی دوسری قبر کے پاس۔ نہ وہ اللہ تعالیٰ کی قسم دیتے تھے نہ اس کی کسی مخلوق کی نہ نبی کی نہ غیر نبی کی، نہ وہ مردے سے سوال کرتے تھے اور نہ غائب سے اور نہ وہ کسی میت یا غائب سے مدد چاہتے تھے خواہ وہ نبی ہو یا غیر نبی بلکہ ان میں سے غیر اللہ سے کسی شے کا سوال ہی نہیں کرتے تھے۔"

میں نے ابن تیمیہ کا جو کلام نقل کرنا تھا وہ نقل کردیا۔ میں ان کے خط کو خوب پہچانتا ہوں۔ اس عبارت سے یہ بات واضح ہوگئی کہ ان کا اختلاف زیارت اور زیارت کے سفر دونوں میں ہے۔ البتہ کلام میں خلط ملط ہے۔ کلام کا شروع چاہتا ہے کہ ان کے نزدیک زیارت کی پہلی قسم تو جائز ہے اور زیارت کی دوسری قسم جائز نہیں۔ البتہ انہوں نے زیارت کی تیسری قسم کو بالکل حذف کردیا کہ زیارت قبر سے تبرک کیلئے ہو شرک کے لئے نہ ہو۔

زیارت کی اقسام:

دراصل زیارت کی تین قسمیں ہیں۔

ا۔ سلام اور دعا کیلئے زیارت:

زیارت کی اس قسم کو ابن تیمیہ نے جائز قرار دیا اور اس کو شرعی زیارت کہا ہے۔ پس ان کیلئے ضروری ہوگیا کہ وہ اس زیارت کے سفر کو بھی جائز قرار دیں۔ اگر وہ " لاتشد الرحال' والی روایت سے دونوں میں فرق کریں تو ہم اس کا جواب ذکر کر چکے ہیں۔

حصول برکت اور صاحب قبر کے لیے دعا کے لیے زیارت:

زیارت کی دوسری قسم یہ کہ زائر اپنے لئے برکت حاصل کرے اور صاحب قبر کیلئے دعا کرے۔ ابن تیمیہ کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس کو تیسری قسم یعنی بدعی زیارت میں داخل کرتے ہیں۔ حالانکہ ان کا یہ خیال بالکل غلط ہے۔ دین اور سلف صالحین کے طرز عمل سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ بعض نیک مُردوں سے برکت حاصل کی جاسکتی ہے تو ظاہر ہے کہ انبیائے کرام اور مرسلین کرام علیہم السلام اور کی قبروں کی زیارت سے برکت بدرجہ اولیٰ حاصل کی جاسکتی ہے۔

اگر کوئی یہ کہے کہ اس معاملہ میں انبیائے کرام علیہم السلام اور عام مسلمانوں کی قبریں ایک سا حکم رکھتی ہیں تو اس نے بہت ہی غلط بات کہی۔ اور اس بات کا بطلان بالکل ظاہر ہے اور اس نے انبیائے کرام علیہم السلام کا درجہ گھٹا کر عام مسلمانوں کے برابر کردیا ہے جو یقینی طور پر کفر ہے۔ اس لئے کہ جو کسی بھی نبی کے رتبہ کو کم کرے تو وہ یقیناً کافر ہے۔

اگر کوئی یہ کہے کہ یہ نبی کا رتبہ گھٹانا نہیں ہے بلکہ تعظیم میں مبالغہ کو روکنا ہے۔ اس پر میں یہ کہوں گا کہ یہ جاہلانہ بات اور بے ادبی ہے۔ ہم پانچویں باب کے شروع میں اس پر کافی بحث کر چکے ہیں اور ہم یقینی طور پر کہتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ زندگی میں موت کے بعد بھی اس سے زیادہ تعظیم کے مستحق ہیں۔ جس کے دل میں ایمان کا ایک ذرہ بھی ہوگا وہ اس میں شک نہ کرے گا۔

شرک والی زیارت:

زیارت کی تیسری قسم یعنی قبر کی زیارت سے شرک باللہ کرنا، ہم اس کے کرنے سے پناہ مانگتے ہیں اور جو اس کو اختیار کرے اس سے براءت کا اظہار کرتے ہیں۔ اور ہمارا عقیدہ ہے کہ کوئی مسلمان بھی جو حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کرتا ہے تیسری قسم جو کہ شرک والی ہے، کو اختیار نہیں کرتا۔ اس لئے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ دعا فرما دی ہوئی ہے: ''اے اللہ تعالیٰ میری قبر کو بت نہ بنا دینا جس کی عبادت کی جائے'' اور حضور نبی اکرم ﷺ کی دعا لامحالہ مقبول ہے اور حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے: ''شیطان اس بات سے مایوس ہوگیا ہے کہ جزیرہ عرب میں اس کی پوجا کی جائے۔''

ہمارا یقین ہے کہ زیارت قبر نبی کرنے والا کوئی شخص بھی شرک نہیں کرتا۔ رہا قبر نبی کو چھونا اور بوسہ دینا اور سجدہ کرنا اور اس طرح کے دوسرے افعال جو بعض جاہل کر بیٹھتے ہیں۔ پس جو ایسا کرتا ہے اس کے اس فعل کی مذمت کی جائے اور اس کو زیارت کے آداب سکھائے جائیں لیکن اصل زیارت کو ممنوع نہیں قرار دیا جاسکتا ہے اور نہ اس کے سفر کو ناجائز قرار دیا جاسکتا بلکہ جہالت سے اس نے جو غلط افعال کئے ہیں (صرف ان افعال کی مذمت کے ساتھ) اس کا زیارت کرنا اور زیارت کیلئے سفر کرنا قابل تعریف ہوگا۔ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کے پاس اپنی ضروریات طلب کرنا، اس مسئلہ کو ہم استعانت کے باب میں بیان کرینگے۔

زیارت کے بارے میں شبہ ثانیہ:

اب ہم دوسرے اور تیسرے شبہ پر گفتگو کرتے ہیں جن پر ابن تیمیہ کا کلام مبنی ہے۔ دوسرا شبہ یہ ہے کہ زیارت کا سفر غیر مشروع ہے اور ایسی بدعت ہے جس کو کسی نے آج تک پسند نہیں کیا، نہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے، نہ تابعین نے، اور نہ ہی بعد میں آنے والے کسی عالم نے۔

شبہ کا رد:

اس بارے میں ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے شام سے مدینہ طیبہ کا سفر محض زیارت قبرنبی ﷺ کیلئے کیا تھا۔ اسی طرح حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ تعالیٰ شام سے قاصد روانہ کرتے تھے تاکہ وہ ان کی طرف سے قبرِ نبی پر صلوٰۃ و سلام پڑھے۔ اسی طرح سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ قبرنبی پر پہنچ کر سلام پڑھتے تھے اور پھر حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی قبروں پر سلام پڑھتے تھے۔ یہ سارے واقعات اس عقیدہ کی تکذیب کرتے ہیں کہ ''زیارتِ قبرنبی اور اس کیلئے سفر کرنا بدعت ہے۔''

اگر ابن تیمیہ سے اس عام ممانعت کیلئے ثبوت مانگا جائے اور اس دعوے پر ان سے دلیل طلب کی جائے تو وہ کبھی پیش نہ کر سکیں گے۔ ایک صاحب علم کیلئے کب درست ہے کہ وہ محض اپنے چند گمانوں کی بنیاد پر اس بات کا انکار کردے جس پر شرق وغرب میں اور ہر زمانہ میں مسلمان متفق رہے ہوں اور آنے والے اس پر گزرے ہوؤں کا عمل دیکھتے آئے ہوں اور وہ اس کو بیک جنبشِ قلم بدعت لکھ ڈالے؟

اب اگر کوئی یہ کہے کہ سلف کا زیارت کی قسم اوّل پر عمل تھا وہ حاضری کے وقت صرف صلوٰۃ وسلام و دعا پر اکتفا کرتے تھے نہ کہ زیارت کی دوسری اور تیسری قسم پر، یہ محض اس کی اپنی اختراع ہوگی۔ اس کو کیسے معلوم ہوگیا کہ سلف صرف زیارت کی قسم اول پر جو شرعی ہے، عامل تھے اور خلف سب بالاتفاق قسم ثانی پر جو بدعت ہے، عامل ہیں؟ اس لئے کہ باطنی ارادوں کو تو اللہ تعالیٰ ہی جاننے والا ہے۔ کسی کو یہ حق کہاں سے مل گیا کہ وہ یہ کہہ دے کہ سلف میں سے کوئی قبرنبی سے برکت حاصل نہیں کرتا تھا اور خلف سب کے سب زیارت کی بدعی قسم اختیار کرتے ہیں؟

پھر آگے چل کر ابن تیمیہ نے کہا کہ قبرنبی کی زیارت کیلئے جو سفر کرتا ہے وہ اس کو قربت سمجھ کر کرتا ہے اور جبکہ ایسا ہے تو یقیناً اس کا سفر حرام ہے۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور بعض دوسرے سلف نے جو سفر کیا اگر وہ محض سلام کیلئے ہی تھا وہ اس کو یقیناً قربت سمجھتے

تھے۔ اگر ابن تیمیہ کو ذرا بھی احساس ہوتا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور بعض دیگر سلف نے سفر کیا ہے تو وہ کبھی اس سفر پر حرام ہونے کا فتویٰ نہ دیتے۔ بس ان کے خیال میں تو یہ جم گیا ہے کہ سفر زیارت میں شرک پوشیدہ ہے اور اسی بنیاد پر انہوں نے اس طرح کی غلط باتیں کہہ ڈالیں۔

ان کا یہ دعویٰ کہ اگر کوئی اس سفر کی نذر مانے گا تو بلا اختلاف اس پر یہ نذر لازم نہ ہوگی۔ یہ محض ان کا دعویٰ ہے اس پر ان کے پاس کوئی دلیل نہیں۔ اگر ہم ان سے مطالبہ کریں کہ وہ آئمہ کا اس طرح کا اتفاق دکھائیں کہاں پر منقول ہے؟ اور اس میں یہ تصریح دکھائیں کہ اس طرح کے سفر کی نذر خواہ قبر نبی ﷺ کیلئے ہو یا غیر نبی کی قبر کیلئے وہ نذر واجب نہ ہوگی۔ جب وہ ایسا کر پائیں گے تب ان کا مقصد پورا ہو سکے گا اور وہ یہ کبھی نہ کر پائیں گے۔

ہم پہلے یہ بات نقل کر چکے ہیں کہ زیارت قبر نبی کی نذر لازم ہو جاتی ہے تو اسی طرح اس کیلئے سفر کی نذر بھی لازم ہوگی۔ ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جب شام کو فتح کیا تو انہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی قبر اور دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کی قبور کی زیارت کیلئے کبھی سفر نہیں کیا۔ ہوسکتا ہے کہ یہ اس لئے ہوا ہو کہ کسی نبی کی قبر یقینی طور پر متعین نہیں ہے۔ صرف حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک متعین ہے اور ان کا یہ کہنا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے شب معراج کسی نبی کی قبر کی زیارت نہیں کی تو اس کی وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ اس سفر میں دیگر اہم امور میں مشغول رہے ہوں۔ اور جبکہ یہ ثابت ہے کہ حضور ﷺ نے مدینہ طیبہ میں قبور کی زیارت کی ہے تو محض معراج کی رات میں زیارت نہ کرنے سے یہ کیسے ثابت ہوگیا کہ یہ سنت نہیں ہے؟

امام ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ معراج والی وہ حدیث جس میں مذکور ہے ''اتریں یہ تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کی قبر ہے۔ پس اتریں اور یہاں نماز پڑھیں اور یہ بیت اللحم ہے آپ کے بھائی عیسیٰ علیہ السلام کا مولد ہے یہاں اتریں اور نماز پڑھیں۔'' یہ روایت جھوٹی ہے۔ یہ بالکل صحیح کہا ہے۔ اس حدیث کا راوی بکر بن زیاد باہلی ہے جس کو ابن حبان نے

شیخ دجال کہا ہے۔

اس حدیث کوابوالقاسم المکی بن عبدالسلام الرمیلی نے اپنی کتاب ''فضائل زیارۃ قبر ابراھیم'' میں بھی ذکر کیا ہے۔اورابوسعد السمعانی نے رمیلی کے بارے میں کہا ہے کہ وہ حافظ اور کثرت سے روایت کرنے والے تھے۔ انہوں نے مصر، شام اور عراق کا سفر کیا۔ اور یہ بہت بڑے فاضل تھے۔ اور میں کہتا ہوں کہ رمیلی نے اس کتاب میں حدیث مذکور کے ساتھ دیگر آثار بھی جمع کئے ہیں جن میں حضرت ابراھیم علیہ السلام کی قبر مبارک کی زیارت کا ذکر ہے۔ اس حدیث کی طویل سند بیان کرنے کے بعد اس کا متن یوں ذکر کرتے ہیں۔

قال رسول اللہ ﷺ لما أسری بی الیٰ بیت المقدس مرّ بی الی جبرئیل علیہ السلام الی قبر ابراھیم علیھما الصلاۃ و السلام فقال أنزل صلّ ھاھنا رکعتین فان ھاھنا قبر ابیك ابراھیم علیہ السلام ثم مرّ بی الی بیت لحم فقال أنزل صل ھاھنا رکعتین فان ھاھنا وُلِدَ اخوك عیسیٰ علیہ السلام ثمّ اتی بی الی الصخرۃ "

رواہ ابن حبان عن محمّد بن احمد ابن ابراھیم ثنا عبداللہ بن سلیمان بن ابی عمرۃ ثنا بکر بن زیاد.

اس حدیث کا ہم نے ذکر کردیا ہے ورنہ اس حدیث کے موضوع ہونے سے ہمارے مقصود پر کوئی اثر نہیں پڑتا جبکہ ہم یہ کہہ چکے ہیں کہ کسی خاص وقت میں زیارت نہ کرنا اس کے استحباب کی نفی نہیں کرتا۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان مقامات اور آثار کی زیارت نہیں کرتے تھے، اگر صحیح بھی ہوتو ہمارے خلاف نہیں ہے کیونکہ ہمارا مقصود تو ان مقامات میں مدفون شخصیتوں کی زیارت ہے نہ کہ مقامات کی زیارت کو ثابت کرنا۔ اور ہم پہلے دونوں باتوں کا فرق واضح کرچکے ہیں۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے لفظ زیارت کا ثبوت نہیں ہے، اس دعوے کا باطل ہونا ہم ثابت کر چکے ہیں۔ اور ایسی احادیث ذکر کر چکے ہیں جن میں زیارت کا ذکر موجود ہے۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے زمانہ میں نبی یا غیر نبی کی قبر پر کوئی مشہد (مقبرہ) نہ تھا کہ اس کی زیارت کی جاتی چہ جائیکہ اس کیلئے سفر ہوتا۔ اگر اس سے ان کا مقصد یہ ہے کہ مشہد کے نام کے ساتھ کسی نبی یا غیر نبی کی قبر موسوم نہ تھی تو یہ درست ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی قبر مبارک کو مشہد نہیں کہا جاتا۔ اور اگر ان کا مطلب یہ ہے کہ اس زمانہ میں کسی قبر کی زیارت نہ ہوتی تھی، تو یہ باطل ہے کیونکہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر انور کی زیارت کی جاتی تھی۔ رہا ان کا زیارت کو شرعی اور بدعی کی طرف تقسیم کرنا ،اس کی بحث ہم کر چکے ہیں۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ مطلق زیارت کے معترف ہیں تو اس سے لازمی طور پر زیارت کیلئے سفر کا ثبوت ہو جاتا ہے۔

مکروہ افعال کی وجہ سے حاضری کی ممانعت:

اگر زیارت قبور میں بعض جاہلوں کی جانب سے ایسی باتوں کا صدور ہو جائے جن کی ممانعت ہے تو اس کی وجہ سے زیارت کو ممنوع قرار نہیں دیا جا سکتا اور اگر کوئی یہ کہے کہ افعال قبیحہ کی وجہ کے علاوہ بھی زیارت کی ممانعت ہے تو وہ جھوٹا اور جاہل ہے۔ اگر وہ اس کو حرام قرار دیتا ہے تو وہ اس چیز کو حرام کہہ رہا ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے حلال کیا ہے اور اگر وہ زیارت کو اس بنیاد پر کہ زیارت کی بعض قسمیں ممنوع ہیں یا اس میں کسی محرم فعل کی آمیزش ہو جاتی ہے ممنوع قرار دیتا ہے تو وہ جاہل ہے۔ اسی طرح جو شخص زیارت میں بعض ممنوع چیزیں مل جانے کی وجہ سے مطلق زیارت کے مستحب ہونے کا انکار کرے وہ جاہل ہے کیونکہ بسا اوقات نماز میں وہ اوصاف جمع ہو جاتے ہیں جو ممنوع ہیں مثلاً غصب کردہ زمین میں نماز پڑھنا لیکن اس کے باوجود نماز کو قربت اور فرض سمجھا جائیگا اور غصب شدہ زمین پر نماز پڑھنے کو برا کہا جائے گا۔ اسی طرح زیارتِ قبور کا معاملہ ہے۔ حضور نبی

اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: "قبروں کی زیارت کرو۔" اب اگر بعض انواع ممنوع طریقہ پر ادا کی جاتی ہیں تو اسی خاص نوع کو بدعت کہا جائے گا لیکن مطلقا زیارتِ قبور کو بدعت کہنا بذات خود بدعت ہوگا۔

زیارت کے بارے میں شبہ ثالثہ:

تیسرا شبہ یہ ہے کہ قبور کو مساجد بنانا اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا ہے۔ بعض بزرگوں نے قرآن مجید میں مذکور قوم نوح کے اس قول: " **قالوا لا تذرن آلھتکم و لاتذرن ودّا و لاسواعا و لایغوث و یعوق و نسرا** " [نوح:۲۳] (اور انہوں نے کہا کہ ہرگز نہ چھوڑو اپنے معبودوں کو اور ہرگز مت چھوڑو ود کو اور نہ سواع کو اور نہ یغوث کو اور نہ یعوق کو اور نہ نسر کو) کے بارے میں کہا ہے کہ یہ لوگ قوم نوح کے نیک لوگ تھے جب یہ فوت ہوگئے تو لوگوں نے ان کی قبروں کو معتکف بنالیا اور وہاں ان کی تصویریں بنائیں۔ پھر جب وقت گزرتا گیا تو لوگوں نے ان کی پوجا شروع کردی۔

امام ابن تیمیہ نے یہ خیال کیا کہ زیارت اور اس کیلئے سفر کو روکنا توحید کی محافظت ہے اور ان کے لیے سفر کرنا شرک تک پہنچادیتا ہے۔ یہ ان کا باطل خیال ہے اس لئے کہ مجرد زیارت یا اس کیلئے سفر، شرک تک نہیں پہنچاتا بلکہ شرک تک پہنچانے والی چیز تو قبور کو مساجد بنانا، ان پر مرنے والوں کی تصویریں بنانا، ان کو معتکف بنانا ہے اور یہ چیزیں ممنوع ہیں۔ صحیح حدیث میں ہے: "یہود اور نصاریٰ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو انہوں نے اپنے انبیائے کرام علیہم السلام کی قبروں کو مساجد بنالیا۔" اور جب حبشہ کے ماریہ گرجا گھر کی باتیں حضور کو سنائی گئیں تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "یہی وہ لوگ ہیں ان میں سے جب کوئی نیک شخص مرتا ہے تو اس کی قبر پر مسجد تعمیر کرلیتے ہیں پھر اس میں تصویر لگادیتے ہیں یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی شریر ترین مخلوق ہیں۔"

محض سلام اور دعا اور زیارت نہ شرک ہیں نہ شرک تک پہنچانے والے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے اقوال و افعال کی وجہ سے یہ چیزیں مشروع ہوئی ہیں اور تو اتر سے

ان کا ثبوت ہے اور ان پر امت کا اتفاق ہے۔ اگر تصویریں بنانے کی طرح قبروں کی محض زیارت، شرک تک پہنچانے والی ہوتی تو یہ کبھی بھی مشروع نہ ہوتی اور حضور نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہدائے احد اور اہل بقیع کی قبروں کی کبھی زیارت نہ کرتے۔ پس جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے ان کے علاوہ ہمیں کسی چیز کو حرام قرار دینے کا ہرگز حق نہیں ہے اگرچہ ہمارا خیال ہو کہ وہ حرام تک پہنچانے والی ہے اور ہم اسی چیز کو مباح کہہ سکتے ہیں جس کو اللہ تعالیٰ نے مباح قرادیا ہے اگر چہ ہمارا خیال ہو کہ وہ کسی حرام تک مفضی نہیں ہے اور مباح ہے اور جب کہ اللہ تعالیٰ نے زیارت کو مباح قرار دیا ہے اور وہ مشروع اور سنت رسول ہے تو ہم نے بھی اس کو مباح قرار دیا ہے اور قبور پر مساجد بنانے اور تصویریں آویزاں کرنے کو حرام کیا ہے تو ہم نے بھی اس کو حرام قرار دیا ہے۔

اب اگر کوئی زیارت کو تصویریں بنانے پر قیاس کر کے حرام قرار دے تو وہ نص شرعی کا مخالف ہوگا۔ جیسا کہ کوئی شخص اگر قبروں کو مساجد بنانے اور ان پر تصویریں بنانے کو جب کہ وہ شرک تک مفضی نہ ہوں، جائز قرار دے تو وہ بھی نص کا مخالف ہوگا۔ وہ وسائل جن سے مقصود کا تحقق نہیں ہوتا ہمیں یہ حق نہیں کہ ہم ان پر مقصود کا حکم لگا دیں۔ ہاں اگر شارع کی تصریح ہو تو بیشک ان پر مقصود کا حکم لگایا جا سکتا ہے۔ یہ اس طرح کے سدّ ذرائع کی بات ہے جس پر کوئی دلیل قائم نہیں ہے۔ شرک کی طرح شرک تک پہنچانے والا ذریعہ بھی بے شک حرام ہے مگر وہ باتیں جو کبھی شرک کی طرف مفضی ہوتی ہیں اور کبھی نہیں ہوتیں تو ان میں سے جن کو شارع نے حرام قرار دیا ہے وہ حرام ہیں اور جن کو حرام قرار نہیں دیا وہ مباح ہیں کیونکہ وہ کسی محذور کو مستلزم نہیں ہیں۔ ہم جن امور پر بحث کر رہے ہیں وہ اسی قسم کے ہیں۔ ان میں سے شریعت نے قبروں کو مساجد بنانے اور ان میں تصویریں بنانے، ان کو اعتکاف گاہ بنانے کو حرام قرار دیا ہے۔ زیارت، سلام، دعا کو مباح قرار دیا ہے۔ ہر ذی شعور انسان ان دونوں باتوں کے فرق کو سمجھ سکتا ہے اور یہ مانے گا کہ زیارت کی دوسری قسم جب کہ شرعی احکام کی رعایت کے ساتھ کی جائے تو وہ کسی ممنوع تک مفضی نہیں ہوتی اور جو کوئی سدّ ذرائع کے حوالے سے روکتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ اور اس

کے رسول ﷺ کے خلاف بات کہتا ہے اور زائر کو جو کہ درست کام کر رہا ہے اس پر بلا وجہ اعتراض کر رہا ہے۔

اس بات کا علم ضروری ہے کہ یہاں دو باتیں بہت اہم ہیں۔ ایک تو حضور نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کا واجب ہونا اور ان کے مرتبہ کو تمام مخلوق سے بڑا سمجھنا۔ دوسرا اس بات کا عقیدہ رکھنا کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذات و صفات میں اور اپنے افعال میں اپنی تمام مخلوق سے منفرد اور یکتا ہے۔ اب اگر کوئی کسی کو باری تعالیٰ کا شریک کرے تو وہ مشرک ہے اور ربوبیت کے معاملے میں جو تعلیمات حضور نبی اکرم ﷺ نے دی ہیں ان کے معاملہ میں مجرم ہے اور جو شخص حضور نبی اکرم ﷺ کے مرتبہ کو کسی معاملہ میں گھٹائے گا تو وہ حضور کا مجرم ہوگا اور اللہ تعالیٰ نے جو رتبہ رسول ﷺ کے لیے واجب کیا ہے اس پر وہ ظلم کرنے والا ہوگا۔ اور جو شخص مختلف قسم کی تعظیموں سے حضور نبی اکرم ﷺ کی تعظیم میں مبالغہ کرتا ہے لیکن وہ امور اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے لیے ثابت نہیں کرتا تو وہ درست عقیدہ پر ہے اور اُس نے جانبِ ربوبیت اور جانبِ رسالت کی محافظت کی ہے اور یہی عدل ہے جس میں نہ زیادتی ہے نہ کمی۔

یہ واضح بات ہے کہ زیارتِ قبر نبی ﷺ تبرک اور تعظیم کی نیت سے حضور نبی اکرم ﷺ کو درجۂ ربوبیت تک نہیں پہنچاتی اور نہ اُس سے بڑھ کر ہے جس کی قرآن اور سنت نے ہمیں تعلیم دی ہے اور نہ اُس تعظیم سے بڑھ کر ہے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کی قولاً و فعلاً آپ کی زندگی میں اور آپ کے پردہ فرما جانے کے بعد کی ہے۔ اب امام ابن تیمیہ نے نہ معلوم کیوں اِس کو بدعت قرار دیا ہے؟ اور یہاں تک کہہ دیا ہے کہ لوگوں کا قبر نبی ﷺ کی زیارت کے لئے سفر کرنا شرک باللہ ہے۔ (نعوذ باللہ من ذالک) جو دلیل اُن کے خلاف ہوتی ہے وہ اُس کی تاویل کرتے ہیں اور شبہات سے اپنی تائید کرتے ہیں۔ یہ تو ایسی بیماری ہے کہ جس کا کوئی علاج نہیں ہے سوائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ انہیں حق نصیب فرمائے۔ ان سے کوئی پوچھے کہ جب انہوں نے زیارت کا قصد کیا تھا تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کیا تھا؟

دوسری فصل

ابن تیمیہ کے فتاویٰ کی تلاش

میں نے اس سے پہلے ابن تیمیہ کا وہ فتویٰ نقل کیا ہے جس میں اُن سے براہِ راست زیارت کے بارے میں سوال نہیں کیا گیا تھا بلکہ مزارات سے متعلق فتویٰ میں انہوں نے ضمناً اس موضوع پر گفتگو کی تھی۔ اب ہم اُن کا وہ فتویٰ نقل کرتے ہیں جو حکومت کے پاس ہے اور جو اُن کے قلمی فتوے کی بعینہٖ نقل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال:

''کیا فرماتے ہیں علمائے کرام (اللہ اُن سے مسلمانوں کو نفع پہنچائے) ایک شخص ہے جس نے انبیائے کرام علیہم السلام میں سے کسی نبی کی قبر مثلاً حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کی نذر مانی۔ تو کیا اُس کے لئے جائز ہے کہ اِس سفر میں قصر نماز ادا کرے؟ اور کیا یہ زیارت شرعی ہے یا نہیں؟ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت ہے۔ ''جس نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی اُس نے مجھ سے جفا کی اور جس نے میرے مرنے کے بعد میری زیارت کی وہ اُس شخص کی طرح ہے جس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔'' اور حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے۔ ''رخت سفر نہ باندھا جائے مگر مسجدِ حرام اور مسجدِ اقصیٰ اور میری اِس مسجد کے لئے۔'' فتویٰ دیجئے اللہ تعالیٰ آپ کو اجر دے گا۔''

جواب:

تقی الدین ابن تیمیہ نے اپنے قلم سے یہ جواب لکھا'' جس شخص نے صرف انبیائے کرام علیہم السلام اور صالحین کی قبور کی زیارت کے لئے سفر کیا اُس کے لئے نماز

قصر کرنے کے بارے میں دو قول ہیں۔

ایک تو متقدمین علمائے کرام کا قول ہے جو ناجائز سفر کے دوران قصر کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ جیسے ابو عبداللہ ابن بطہ اور ابو الوفاء وغیرہ کہتے ہیں یہ گناہ کا سفر ہے۔ اِس میں قصر نماز کی اجازت نہ ہوگی۔ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ، امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی گناہ کے سفر میں قصر نماز جائز نہیں ہے

دوسرا قول اُن لوگوں کا ہے جو ناجائز سفر میں بھی قصر کی اجازت دیتے ہیں۔ اُن کے نزدیک زیارت کے سفر میں قصر جائز ہوگا۔ یہ قول امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ اور بعض متاخرین شوافع اور حنابلہ کا ہے اور ابو حامد غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ اور ابو الحسین ابن عبدوس اور ابو محمد ابن قدامہ اِس سفر کو گناہ کا سفر قرار نہیں دیتے ہیں اور قصر کی اجازت دیتے ہیں۔ اور حضور نبی اکرم ﷺ کے قول ''قبروں کی زیارت کیا کرو'' کے عموم سے جواز پر استدلال کرتے ہیں۔ بعض لوگ جن کو فنِ حدیث میں مہارت نہیں ہے۔ اِس سفر کے جواز پر امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام ابنِ ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ کی روایت " مَنْ زَارَنِیْ بَعْدَ مَوْتِیْ فَکَأَ نَّمَا زَارَنِیْ فِیْ حَیَاتِیْ " جس شخص نے میری موت کے بعد میری زیارت کی گویا کہ اُس نے میری زندگی میں میری زیارت کی۔'' سے استدلال کرتے ہیں اور بعض لوگ زیارت کے سلسلہ میں " مَنْ حَجَّ الْبَیْتَ وَلَمْ یَزُرْنِیْ فَقَدْ جَفَانِیْ" (جس شخص نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی اُس نے مجھ سے جفا کی) سے بھی استدلال کرتے ہیں جس کو کسی عالم نے روایت نہیں کیا۔ اور یہ استدلال ایسا ہی ہے جیسا کہ ''جس شخص نے میری اور میرے باپ ابراہیم علیہ السلام کی ایک سال میں زیارت کی میں اُس کے لئے اللہ تعالیٰ سے جنت کی ضمانت دیتا ہوں'' سے استدلال ہے۔ یہ دونوں روایتیں بالاتفاق باطل ہیں۔ کسی بھی عالم نے اُن سے اِس مسئلہ پر استدلال نہیں کیا۔ دارقطنی والی روایت سے تو بعض علمائے کرام نے استدلال کیا بھی ہے۔

ابو محمد مقدسی نے زیارتِ قبر نبی ﷺ اور دیگر انبیائے کرام علیہم السلام کی قبور کی زیارت کے لیے سفر کے جواز پر اِس بات سے استدلال کیا ہے کہ حضور ﷺ مسجدِ قباء کی

زیارت کے لئے تشریف لے جایا کرتے تھے اور " لا تشد الرحال " والی روایت کو استحباب کی نفی پر محمول کیا ہے یعنی مساجدِ ثلاثہ کے علاوہ دیگر مساجد کا سفر مستحب نہیں ہے۔

جو لوگ زیارت کے سفر کے قائل نہیں ہیں وہ صحیحین کی اِس روایت سے استدلال کرتے ہیں۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔''رخت سفر نہ باندھا جائے مگر تین مساجد، مسجد حرام، مسجد اقصیٰ اور میری اِس مسجد کی طرف۔'' اِس حدیث کی صحت پر تمام آئمہ متفق اور عمل پیرا ہیں۔ اب اگر کوئی شخص نذر مانے کہ وہ تینوں مساجد کے علاوہ کسی مسجد یا مشہد میں جا کر نماز پڑھے گا یا اعتکاف کرے گا یا اُن کے لئے سفر کرے گا تو اُس پر وہ نذر لازم نہ ہوگی اِس پر آئمہ کا اتفاق ہے اور اگر کسی نے نذر مانی کہ مسجد حرام میں حج یا عمرہ کے لئے پہنچے گا تو اُس پر تمام علمائے کرام کے نزدیک یہ نذر لازم ہوگی اور اگر نذر مانی کہ مسجد نبوی میں جا کر نماز پڑھے گا تو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ، امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ نذر لازم ہوگی البتہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ نذر لازم نہ ہوگی۔ اِس لئے کہ اُن کے یہاں نذر کے لزوم کے لئے یہ شرط ہے کہ اُس کی جنس کی کوئی چیز شرعاً واجب ہو۔ جمہور ہر طاعت کی نذر کو لازم قرار دیتے ہیں اِس لئے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا قول ہے۔''جس کسی نے نذر مانی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی **اطاعت کرے گا تو وہ ضرور اطاعت کرے اور جس کسی نے نذر مانی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرے گا وہ نافرمانی نہ کرے۔''**

مساجد ثلاثہ کے علاوہ کسی جگہ اور کسی مقام کی نذر کسی عالم کے نزدیک لازم نہیں ہے یہاں تک کہ علمائے کرام نے تصریح کی ہے کہ مسجد قباء کی نذر بھی اس پر لازم نہیں ہے کیونکہ وہ مساجد ثلاثہ میں داخل نہیں ہے حالانکہ اس کی زیارت مدنی کے لئے مستحب ہے اس لئے کہ مدنی کو اس کی زیارت میں رخت سفر باندھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ جیسا کہ صحیح حدیث میں ہے'' جس نے گھر میں وضو کیا پھر مسجد قباء میں پہنچا اور اس کا مقصد محض نماز ہے تو اس کو ایک عمرہ کا ثواب ملے گا۔'' علمائے کرام نے کہا کہ انبیائے کرام علیہم السلام و صالحین کی قبور کی زیارت کے لئے سفر بدعت ہے۔ کسی صحابی یا تابعی نے یہ

نہیں کیا نہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کا حکم دیا نہ مسلمانوں کے کسی امام نے اس کو مستحب بتایا تو اب اگر کوئی اس کو عبادت سمجھے گا اور کرے گا تو وہ سنت اور اجماع امت کا مخالف ہے۔

ابو عبداللہ ابن بطہ نے اپنی کتاب "الابانة الصغریٰ" میں اس کو بدعت اور سنت و اجماع کا مخالف قرار دیا ہے۔ اس سے ابو محمد کی دلیل کی کمزوری ظاہر ہو جاتی ہے۔ کیونکہ حضور ﷺ جب قباء کی زیارت کرنے جاتے تھے تو رخت سفر نہیں باندھا جاتا تھا۔ یہ ان کی دلیل ہے کہ نذر سے اس کا لزوم نہ ہوگا۔

ان کا یہ کہنا کہ " لا تشد الرحال " صرف استحباب کی نفی پر محمول ہے۔ اس میں دو باتوں کا احتمال ہے: ایک تو یہ کہ انہوں نے تسلیم کر لیا کہ یہ سفر نہ نیک کام ہے نہ قربت نہ اطاعت اور نہ وہ حسنات میں سے ہے۔ اب اگر کوئی یہ اعتقاد رکھے کہ انبیائے کرام علیہم السلام اور صالحین کی قبور کی زیارت قربت اور عبادت اور طاعت ہے تو اس نے اجماع کے خلاف کیا اور اگر اس نے اس اعتقاد سے سفر کیا تو وہ بالاجماع حرام ہوگا تو اس کی تحریم یقینی ہے اور یہ واضح بات ہے جو قبر نبی وغیرہ کی زیارت کے لئے سفر کرتا ہے وہ عبادت و طاعت ہی سمجھ کر کرتا ہے۔ ہاں اگر وہ کسی اور مقصد سے سفر کرتا ہے تو اس میں کوئی اختلاف نہیں وہ جائز ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہاں نفی نہی کی متقاضی ہے اور نہی تحریم کا تقاضا کرتی ہے۔ اور جو احادیث زیارت کے سلسلہ میں بیان کی ہیں وہ سب بالاتفاق ضعیف بلکہ موضوع ہیں۔ اصحاب سنن میں سے کسی نے ان کو روایت نہیں کیا اور نہ کسی امام نے ان کو دلیل سمجھا بلکہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ جو اہل مدینہ کے سب سے بڑے عالم اور اس مسئلہ سے خوب واقف ہیں انہوں نے "زرتُ قبر نبی ﷺ " (میں نے قبر نبی کی زیارت کی) کہنے کو مکروہ سمجھا ہے۔ اگر یہ لفظ ان کے زمانہ میں مستعمل ہوتا اور وہ زیارت کو مشروع سمجھتے یا حضور نبی اکرم ﷺ سے منقول ہوتا تو عالم مدینہ کبھی اس کو مکروہ نہ کہتے۔

امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ جو اپنے زمانے میں سنت کے سب سے بڑے عالم تھے

جب ان سے زیارت کا مسئلہ دریافت کیا گیا تو ان کا اعتماد صرف اس حدیث پر تھا ''جو شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ میری روح میری طرف لوٹا دیتا ہے تاکہ میں اس کا جواب دے سکوں'' اور زیارت کے سلسلہ میں کوئی اور حدیث بیان نہ کی تھی۔ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے موطأ میں صرف سیدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے نقل کیا کہ جب وہ مسجد میں داخل ہوتے تھے تو '' السلام علیك یا رسول اللہ السلام علیك یا ابا بکر السلام علیك یا عمر '' کہتے تھے اور پھر واپس ہو جاتے تھے۔

سنن ابوداؤد میں حضور نبی اکرم ﷺ سے منقول ہے آپ ﷺ نے فرمایا: ''میری قبر کو عید نہ بناؤ مجھ پر درود بھیج دیا کرو تمہارا درود مجھ تک پہنچ جائے گا تم جہاں کہیں بھی ہو گے۔'' سعید ابن منصور رحمہ اللہ تعالیٰ کی سنن میں ہے کہ عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی رحمہم اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ قبر نبی کے پاس آ جا رہا ہے اور وہاں دعا کرتا ہے تو انہوں نے فرمایا ارے! حضور ﷺ نے فرمایا ہے ''میری قبر کو عید نہ بناؤ اور جہاں کہیں ہو وہاں سے درود بھیج دیا کرو کہ درود مجھ تک پہنچ جائے گا۔'' درود بھیجنے میں تو اور وہ شخص جو اندلس شہر میں ہے دونوں یکساں ہیں۔ صحیحین کی روایت ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے مرض الموت میں فرمایا ''یہود و نصاریٰ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت انہوں نے اپنے انبیائے کرام علیہم السلام کی قبروں کو مساجد بنا لیا ہے۔''

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: '' اگر یہ بات نہ ہوتی تو حضور ﷺ کی قبر میدان میں بنتی لیکن اس بات کو ناپسند کیا کہ اس کو مسجد بنایا جائے۔'' یعنی حجرے میں اسی لئے دفن کئے گئے کہ کہیں لوگ قبر کو سجدہ گاہ نہ بنا لیں چنانچہ عبدالملک کے زمانہ تک جبکہ حجرۂ عائشہ جس میں قبر نبی ہے مسجد سے جدا تھا تو کوئی صحابی اور تابعی حجرہ میں نہ نماز پڑھنے جاتا تھا نہ کوئی قبر کو چھونے نہ وہاں دعا کرنے، یہ سب کچھ وہ لوگ مسجد میں کرتے تھے۔ صحابہ کرام اور تابعین جب حضور ﷺ پر سلام بھیجتے تھے اور دعا کرتے تھے تو قبلہ رخ ہوتے تھے قبر کی طرف منہ نہ کرتے تھے۔

سلام کے وقت میں بھی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ یہی کہتے تھے کہ قبلہ رخ

رہے۔ (قبر کی طرف منہ نہ کرے) اکثر آئمہ اس کے قائل ہیں کہ خاص سلام کے وقت قبر نبی ﷺ کی طرف رخ کر لے، دعا کے وقت قبر کی طرف رخ کرنے کا کوئی امام قائل نہیں ہے۔ ایک جھوٹی روایت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کر دی گئی ہے ورنہ مذہب ان کا دیگر آئمہ کی طرح ہے، تمام آئمہ اس پر متفق ہیں کہ قبر کا مسح نہ کیا جائے نہ اس کو بوسہ دیا جائے۔ یہ سب کچھ توحید کی محافظت ہے۔

شرک کی جڑ یہ ہے کہ قبر کو مسجد بنایا جائے بعض بزرگوں نے قرآن مجید میں مذکور قوم نوح کے اس قول: " **قالوا لاتذرن آلھتکم و لاتذرن ودا و لاسواعا و لایغوث و یعوق و نسرا** " کے بارے میں فرمایا ہے کہ یہ قوم نوح کے نیک لوگ تھے۔ جب یہ مرے تو لوگوں نے ان کی قبروں کو معتکف بنایا پھر وہاں ان کی تصویریں بنائیں پھر کچھ عرصہ کے بعد ان کی پوجا شروع ہو گئی۔ امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی صحیح میں یہ بات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے اور اس کو ابن جریر طبری رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرھم نے نقل کیا ہے۔

سب سے پہلے وہ لوگ جنہوں نے مزارات کی زیارت کی احادیث وضع کیں وہ رافضی بدعتی ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے مساجد کو معطل اور مشہدوں کو آباد کر رکھا ہے۔ اللہ کے گھروں کو برباد کر رکھا ہے جن کے بارے میں حکم ہے کہ ان کو آباد کرو اور اللہ تعالیٰ کا یہاں ذکر کرو اور اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک کی عبادت کرو اور مشاہد و مقابر کو آباد رکھتے ہیں جہاں شرک کرنے میں جھوٹی باتیں بناتے ہیں اور ایسی بدعتیں کرتے ہیں جن کا نہ کتاب اللہ میں ذکر ہے نہ سنت رسول اللہ میں۔ قرآن میں تو صرف مساجد کا ذکر ہے۔ نہ کہ مقابر و مشاہد کا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: " **قل أمر ربی بالقسط و أقیموا وجوھکم عند کل مسجد وادعوہ مخلصین لہ الدین** " [اعراف : ۲۹] (اے حبیب! فرما دیں کہ میرے رب نے انصاف کا حکم دیا ہے۔ اور تم ہر سجدہ کے وقت ومقام پر اپنے رخ (کعبہ کی طرف) سیدھے کر لیا کرو اور تمام فرمانبرداری اس کے لیے خالص کرتے ہوئے اس کی عبادت کیا کرو۔'' اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا: " **انما یعمر مساجد اللہ من**

آمن باللہ و الیوم الآخر و أقام الصلوٰۃ .. الآیۃ " [توبہ : ۱۸] (اللہ تعالیٰ کی مساجد صرف وہی آباد کرسکتا ہے جو اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لایااور اس نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی۔'' اور فرمایا : " و ان المساجد للہ فلا تدعوا مع اللہ أحدا " [جن : ۱۸] (اور یہ کہ مساجد واسطے اللہ کے ہیں پس مت پکارو ساتھ اس کے کسی کو) اور فرمایا: " و لاتباشروھنّ وأنتم عاکفون فی المساجد" [البقرہ : ۱۸۷] (اورعورتوں سے اس دوران شب باشی نہ کیا کرو جب تم مساجد میں اعتکاف بیٹھے ہو۔) اور فرمایا:" و من أظلم ممن منع مساجد اللہ أن یذکر فیھا اسمہ و سعی فی خرابھا " [البقرہ : ۱۱۴] (اور اس شخص سے بڑھ کر کون ظالم ہو گا جو اللہ تعالیٰ کی مساجد میں اس کے نام کا ذکر کیے جانے سے روک دے اورانہیں ویران کرنے کی کوشش کرے؟) صحیح بخاری میں روایت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا''تم سے پہلے لوگ مقبروں کو مساجد بنا لیتے تھے میں تمہیں اس کی ممانعت کرتا ہوں۔'' واللہ سبحانہ أعلم

(اس کو احمد ابن تیمیہ نے لکھا ہے)

ابن تیمیہ کے موقف کا رد:

امام ابن تیمیہ نے کہا ہے زیارت قبور کے سفر میں نماز قصر کرنے کے بارے میں دو قول ہیں۔ اس پر حسب ذیل اعتراضات وارد ہوتے ہیں۔

پہلا اعتراض:

انبیائے کرام علیہم السلام و صالحین کی قبور کی زیارت یا تو قربت ہے یا جائز یا پھر گناہ؟ اگر یہ گناہ ہے تو پھر یہ کہنا بے کار ہے کہ'' یہ سفر اگر محض زیارت کے لئے ہے تو قصر جائز نہیں ہے۔'' اس لئے کہ اگر سفر کے دو مقصد ہوں ایک گناہ اور ایک جائز تو لامحالہ وہ سفر ناجائز ہو گا۔ لہٰذا یہ کہنا محض زیارت کی نیت ہو تو قصر نماز جائز نہیں بیکار ہے۔ اور اگر یہ سفر قربت ہے تو اس میں دو قول نہیں بلکہ بالاتفاق قصر جائز ہو گا۔ اگر مباح ہے تو

بھی قصر بلاخوف جائز ہو گا اس میں دو قول نہ ہوں گے۔ اس لئے کہ اس صورت میں مسافر کی دو حالتیں ہوں گی۔ یا تو وہ اس طور پر سفر کرے گا جیسا کہ دیگر مباح مقاصد کے لئے سفر کرتا ہے تو بھی قصر بلاخوف جائز ہو گا یا یہ خیال کر کے سفر کرے گا کہ یہ قربت ہے اس پر ہم عنقریب گفتگو کریں گے۔

دوسرا اعتراض:

ابن تیمیہ کی تقریر کا مدار اس بات پر ہے کہ وہ اس سفر کو بالاتفاق حرام قرار دے رہے ہیں جس کا ہم انکار کر چکے ہیں۔ ہاں صرف ابن عقیل کے قول کے اعتبار سے اس کی حرمت کا شبہ ہوتا ہے۔ اگر اس نسبت کو صحیح مان لیا جائے تو بھی اس میں حضور ﷺ کی قبر کے سفر کی تصریح نہیں ہے۔ ابن تیمیہ نے اس سفر میں نماز کے قصر کی ممانعت کی اور اس کی ابن بطہ، ابن عقیل اور علمائے متقدمین کے بہت سے گروہوں کی طرف نسبت کی ہے لیکن انہوں نے اپنے اس قول پر کوئی دلیل قائم نہ کی اور نہ یہ بتایا کہ متقدمین کے وہ کون سے گروہ ہیں جنہوں نے اس سفر میں نماز کے قصر کو منع کیا ہے؟

تیسرا اعتراض:

ابن تیمیہ نے کہا کہ علمائے متقدمین نے اس سفر میں نماز قصر کرنے کو منع کیا ہے جیسا کہ ابن بطہ اور ابن عقیل۔ ابن عقیل کو انہوں نے متقدمین میں شمار کیا پھر قصر کے جواز کے بارے میں کہا کہ یہ قول امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ اور بعض متاخرین کا ہے۔ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کے متبعین میں سے امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ وغیرہ کا ہے۔ امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ اور ابن عقیل کا زمانہ ایک ہے بلکہ ابن عقیل کی وفات امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کے بعد ہوئی ہے۔ امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کا سن وفات ۵۰۵ ہے جبکہ ابن عقیل کا سن وفات ۵۱۳ ہے۔ اب معلوم نہیں کہ ابن تیمیہ نے کس بنیاد پر ابن عقیل کو متقدمین میں اور امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کو متاخرین میں شمار کیا ہے۔ یہی کہا جا سکتا ہے کہ اپنے قول کی تائید کی وجہ سے ابن عقیل کو متقدمین میں شمار کیا ہے اور یہ ان کی شان سے بعید تھا۔

ابن تیمیہ کا رد:

" انّ من زارنی بعد مماتی فکأنّما زارنی فی حیاتی " اس حدیث کے بارے میں ابن تیمیہ نے کہا یہ حدیث ابن ماجہ میں ہے۔

حالانکہ یہ ابن ماجہ میں کہیں موجود نہیں ہے۔ " فمن حجّ ولم یزرنی فقد جفانی " اس حدیث کے بارے میں ابن تیمیہ نے کہا ہے کہ" کسی عالم نے اس کی روایت نہیں کی۔" ابن تیمیہ کا یہ کہنا سراسر غلط ہے اس لیے کہ اگر چہ اس حدیث میں ضعف ہے لیکن ہم پچھلے ابواب میں اس کے راویوں کا تذکرہ کر چکے ہیں۔

اسی طرح ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ" مساجد ثلاثہ کے علاوہ کے لئے اگر کوئی شخص کسی مسجد میں نماز پڑھنے کی نذر مانے گا تو نذر لازم نہ ہو گی۔" صحیح نہیں ہے۔ اس لئے کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالیٰ کے اس پر دو قول ہیں۔ ایک قول کے اعتبار سے یہ نذر لازم ہو جائے گی۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ" علمائے کرام نے تصریح کی ہے مسجد قبا کے لئے سفر نہ کرے کیونکہ وہ مساجد ثلاثہ میں داخل نہیں ہے"

یہ بھی صحیح نہیں ہے کیونکہ امام لیث ابن سعد رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مساجد ثلاثہ کے علاوہ دیگر مساجد کی نذر بھی لازم ہو گی۔ بعض مالکیہ سے بھی منقول ہے کہ مسجد قباء کے لئے نذر ماننے والے کے لئے سواری کا استعمال جائز ہے اور ان مالکیہ نے حضور نبی اکرم ﷺ کے قباء تشریف لے جانے کو کہا ہے کہ یہ سفر بغیر نذر کے تھا۔

ان دونوں مذاہب کے بعد ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ" علمائے کرام کا اس پر اتفاق ہے کہ مسجد قبا کے لئے سفر نا جائز ہے۔"

ابن تیمیہ کا یہ قول بھی درست نہیں ہے۔ اسی طرح ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ" زیارت قبور کے لئے سفر بدعت ہے۔ کسی صحابی اور کسی تابعی نے ایسا سفر نہیں کیا نہ حضور

نبی اکرم ﷺ نے ایسے سفر کا حکم دیا نہ اس کو مسلمانوں کے کسی امام نے مستحب قرار دیا۔ اب اگر کوئی زیارت قبور کے لئے سفر کرے گا تو وہ سنت اور اجماع امت کے خلاف عمل کرے گا۔'' امام ابن تیمیہ کا یہ صریح جھوٹ ہے کیونکہ ہم ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے بارے میں بتا چکے ہیں جنہوں نے یہ سفر کیا ہے اور جن علمائے کرام نے اس کو مستحب گردانا ہے۔

ایک اور غلط بات یہ ہے کہ ابن تیمیہ نے یہ قول اپنی طرف سے نہیں بلکہ دوسروں کا مقولہ کر کے بیان کیا ہے اور یہ نہیں بیان کیا کہ اس کا قائل کون ہے؟ شاید ان کا مقصد یہ ہو کہ اس ذمہ داری کو اپنے کندھوں سے اتار کر دوسرے پر ڈال دیں لیکن وہ اس طرح سے اس نقل کی ذمہ داری سے بری نہیں ہو سکتے تھے۔ بہرحال اس قول کی برائی ان کی طرف ہی نسبت ہو گی۔

پھر انہوں نے اس قول کی نسبت ابوعبداللہ ابن بطہ کی طرف کی اور کہا اپنی ''الابانۃ الصغریٰ'' میں یہ انہوں نے کہا ہے۔

ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی زیارت کے بارے میں ہم نے ان کا قول ''الابانۃ'' میں اس کے خلاف دیکھا ہے۔ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ ان کی دو کتابوں کا نام ''الابانۃ'' ہے۔ ابن تیمیہ نے ان کا جو قول نقل کیا ہے وہ ''الابانۃ الغریٰ'' کا ہے اور جو قول ان کا ہم نقل کر رہے ہیں وہ الابانۃ الکبریٰ کا ہے۔ اب اگر یہ صحیح ہے تو الابانۃ الصغریٰ کا یہ قول حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کے علاوہ دیگر قبور پر محمول کیا جائے تا کہ دونوں قولوں میں تضاد نہ ہو۔ اور اگر ان کا قول وہی ہے جو ابن تیمیہ نے نقل کیا ہے تو پھر ان کا یہ قول ناقابل التفات ہے۔ پھر یہ بھی یاد رہے کہ ابوعبداللہ ابن بطہ کے بارے میں یہ قول نقل کیا ہے کہ وہ ان سنی حدیث کے بارے میں سماع کا دعویٰ کر دیتے تھے اور ابو القاسم الازہری نے ان کو ''ضعیف ضعیف ضعیف'' کہا ہے اور ان کی ایک سند بیان کی ہے کہ وہ بغوی سے روایت کرتے ہیں اور بغوی، مصعب سے اور مصعب، مالک سے اور مالک، زہری سے اور زہری، سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے وہ حضور نبی

اکرم ﷺ سے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''علم کا طلب کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے'' اور یہ روایت اس سند سے بالکل ''وضعی'' ہے۔ خطیب بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں یہ بھی لکھا ہے کہ وہ نیک بزرگ اور مستجاب الدعوات تھے۔ بہرحال ہم نے ان کے احوال اس لئے لکھ دیئے ہیں تاکہ واضح ہوجائے کہ ان سے غلطی بھی ممکن ہے۔

ابن تیمیہ نے کہا کہ ابو محمد المقدسی کا یہ کہنا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ قول " لا تشد الرحال " نفی استحباب پر محمول ہے دو صورتوں کا محتمل ہے۔ ایک یہ کہ انہوں نے تسلیم کرلیا کہ یہ سفر نیک کام نہیں ہے نہ قربت ہے نہ طاعت، نہ وہ حسنات میں سے ہے اس لئے جو شخص یہ اعتقاد رکھے کہ انبیائے کرام علیہم السلام اور صالحین کی قبور کی زیارت قربت اور طاعت اور عبادت ہے تو اس نے اجماع کی مخالفت کی۔

ابن تیمیہ کا یہ قول انتہائی درجہ کا مبہم اور فاسد ہے۔ مبہم تو اس لئے ہے کہ پڑھنے والا خیال کرے گا کہ اس نے ماسبق سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ اجماع اس پر منعقد ہوچکا ہے کہ یہ سفر قربت نہیں ہے اور ہم پہلے یہ بات بیان کرچکے ہیں کہ لیث ابن سعد اور بعض مالکیہ کے کلام کا تقاضہ ہے کہ مساجد ثلاثہ کے علاوہ کا سفر بھی قربت ہے تو اجماع کا دعویٰ باطل ہے۔ ابن تیمیہ کا مقصد ابو محمد مقدسی پر ان کے اس قول پر الزام قائم کرنا تھا کہ " لا تشد الرحال " کو نفی استحباب پر محمول کیا جائے گا۔ اور اس تقدیر پر کہ ان کو یہ تسلیم ہے کہ یہ سفر عمل صالح نہیں ہے اور اس سے یہ لازم آتا ہے کہ یہ سفر قربت نہیں ہے اور جو یہ اعتقاد کرے کہ یہ سفر قربت ہے اس نے ابو محمد کی مخالفت کی۔ اجماع کی مخالفت سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ اس عبارت کا فساد اس طور پر ہے کہ ابو محمد نے اس سفر کے جواز پر گفتگو کی ہے اور اس کا مقصد سفر کا جواز ثابت کرنا ہے۔ انہوں نے حرمت کی نفی کی اور مذکورہ حدیث کو صرف فضیلت کی نفی پر محمول کیا اور حدیث کا مطلب یہ بتایا کہ '' کسی جگہ کے لئے سفر کرنا بجز مساجد ثلاثہ کے مستحب نہیں ہے۔'' اور اس لیے اس میں تاویل کرنی پڑے گی کیونکہ طلب علم وغیرہ کے لئے سفر کرنا بہرحال سب کے نزدیک مستحب ہے۔

مقصد یہ ہے کہ بغیر کسی اور عارض کے محض اس جگہ کے لئے سفر کرنا مساجد ثلاثہ

کے علاوہ مستحب نہیں ہے۔ ہاں اگر اور کوئی وجہ ہو جیسے کسی عزیز کی تیمار داری، طلب علم وغیرہ تو دوسری جگہ کا سفر بھی مستحب ہو جائے گا لیکن ابومحمد نے اس بات کا ذکر نہیں کیا۔ انہیں تو نماز کے قصر کے جواز کو بیان کرنا تھا اس لئے انہوں نے سفر کا جائز ہونا ثابت کیا۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: جب اس اعتقاد سے سفر کیا کہ وہ طاعت ہے تو یہ بالاجماع حرام ہوگا تو حرمت امرِ یقینی ہوگئی۔

یہ بھی ابن تیمیہ کا کلام مبہم اور فاسد ہے۔ ابہام اس اعتبار سے ہے کہ اکثر لوگ جو اس کو سنیں گے سمجھیں گے یہ ابتدائی کلام ہے اس میں تحریم پر اجماع کا دعوی کیا ہے اور یہ فیصلہ قطعی ہے۔ اِس کا فساد اِس طور پر ہے کہ اگر ہم تسلیم کر لیں کہ سفر بالاجماع طاعت نہیں ہے۔ پھر اگر کوئی طاعت سمجھ کر سفر کرتا ہے تو اس کا بالاجماع حرام ہونا کیسے ہو جائے گا۔ اس لیے کہ کوئی اگر مباح فعل کو قربت سمجھ کر کرتا ہے تو نہ وہ گنہگار ہوگا نہ اس فعل کر حرام قرار دیا جائے گا بلکہ اگر اس کا یہ اعتقاد کسی غلط دلیل پر مبنی ہو تو وہ اپنے گمان کے اعتبار سے ثواب کا مستحق ہوگا۔ ورنہ اس کی نادانی سمجھی جائے گی اور اسکو نہ گناہ ہوگا نہ ثواب اور اس کا فعل اپنی جگہ مباح رہے گا اسمیں تحریم کہاں سے پیدا ہوگئی تھی۔

یہ گفتگو تو اس مباح میں تھی جس کو عبادت کے طور پر انجام دیا حالانکہ اس کا اعتقاد اس کے عبادت ہونے کا نہ تھا تو یہ اس کی وجہ سے گناہگار ہوگا اور یہ فعل حرام ہوگا کیونکہ اس نے تقرب الی اللہ ایسے فعل سے کیا تھا جو قربت نہ تھا۔ نہ اللہ کے نزدیک نہ اس کے خیال میں۔ یہیں سے اس مسئلہ میں غلطی واقع ہوئی ہے اور یہی حال تمام بدعتوں کا ہے۔ اور جس کسی نے کوئی فعلی بدعت ایجاد کی اس کا ایجاد کنندہ گنہگار ہوگا کیونکہ اس نے دین میں ایسی چیز داخل کی جو حقیقتاً دین کا جز نہ تھی کیونکہ اس نے تقرب الی اللہ ایسی چیز سے کیا جس کو وہ خود سمجھتا ہے کہ دین کی بات نہیں ہے لیکن عوام میں سے جو اس کا مقلد ہوگا اگر وہ ایسی چیز ہے جس میں تقلید ہوسکتی تھی جیسے کہ دین کے فروعی مسائل، اور اس نے اس فعل کو اس طور پر انجام دیا کہ وہ عبادت شرعیہ ہے تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے اور اگر وہ ایسا فعل ہے جس میں تقلید جائز نہیں ہے جیسے کہ دین کے اصول تو اس پر گناہ

ہوگا اور ہمارا یہ مسئلہ فروع میں سے ہے۔ اگر ہم یہ تسلیم کر لیں کہ کسی نے اس سفر کو مستحب قرار نہیں دیا اور پھر اس کو کسی شبہ کی بنیاد پر مستحب سمجھ کر کیا تو اس نے نہ حرام کیا نہ وہ گنہگار ہوگا اور اس مسئلہ میں تو سب استحباب کے قائل ہیں لہذا اس میں گناہ کا کوئی احتمال نہیں ہے۔

امام ابن تیمیہ کا یہ کہنا: بدیہی بات ہے کہ زیارتِ قبر نبی کا جو بھی سفر کرتا ہے وہ اس کو طاعت سمجھ کر کرتا ہے۔

ابن تیمیہ کے اس کلام سے یہ واضح ہوا کہ وہ فرضی طور پر بات نہیں کر رہے بلکہ مسلمانوں کا جو عمل ہے اس کے متعلق بات کر رہے ہیں لہذا انکے خیال کے اعتبار سے سب کا یہ سفر باجماع المسلمین حرام ہے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ تو پھر ان کے نزدیک تمام زمانوں میں تمام مسلمان جو اطرافِ عالم سے زیارت کے لئے آتے ہیں امر حرام کے مرتکب ہوتے ہیں۔ ابن تیمیہ کا یہ کلام ظاہر کرتا ہے کہ وہ زیارتِ قبر نبی کرنے والوں کو گمراہ اور معصیت کار سمجھتے ہیں۔ یہ ان کی ایسی لغزش ہے جس کا کوئی مداوا نہیں ہے۔ **ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلیّ العظیم**

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: اگر یہ فرض کیا جائے کہ کوئی کسی مباح غرض کے لئے قبر نبی کا سفر کرے تو یہ جائز ہے۔

لیکن یہاں اس سے بحث نہیں ہے۔ اس کلام کا مفہوم یہ نکلا کہ زیارت کی غرض مباح نہیں ہے۔

ابن تیمیہ نے کہا: نفی نہی کو چاہتی ہے اور نہی کا اقتضاء تحریم ہے۔

اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ابو محمد کے اس قول کا رد کر رہے ہیں جس میں انہوں نے کہا ہے کہ "لا تشدّ الرحال" میں نفی کا معنی یہ ہوگا کہ دیگر کسی مقام کی طرف اگر رخت سفر باندھا جائے گا تو اس سفر کرنے والے کو ثواب نہیں ہوگا جو اسے ان تین مساجد کی طرف رخت سفر باندھنے پر حاصل ہوا تھا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ نفی نہی کا معنیٰ نہیں

دیتی بلکہ مجازاً نہی کے معنی میں مستعمل ہوتی ہے۔ ابو محمد یہ کہہ سکتے ہیں کہ نفی کی حقیقت خبر ہے جو نہ تحریم کو چاہتی ہے نہ کراہت کو۔ اور نہی کے دو معانی ہیں۔ ایک حقیقی جو تحریم ہے۔ دوسرے معنی مجاز جو کراہت ہے۔ جب نفی کو اپنی حقیقت خبریہ سے نہی کے معنی میں استعمال کیا جائے تو دونوں احتمال ہوتے ہیں تحریم اور کراہت۔ اور جو معانی بھی مراد لئے جائیں اس میں وہ مجاز ہوتی ہے۔ اس لئے کہ خبر اس معنی کے لئے موضوع نہیں ہے۔ اب اگر کسی مرجح کی وجہ سے تحریم میں استعمال راجح ہو تو یہ بعض مجازات کو بعض پر ترجیح دینا ہوا۔ اب کبھی یہ ترجیح دوسری ترجیح کے معارض ہوتی ہے تو ابو محمد کو حق حاصل ہے کہ وہ یوں کہیں کہ تحریم میں یہ لفظ اپنے حقیقی معنی میں نہیں ہے۔ یا اسمیں اس کا استعمال ظاہر نہیں ہے اس لئے کہ خبر فقط نہی میں مستعمل نہیں ہے بلکہ اس کے معنی میں مستعمل ہے اور اس کے معنی حقیقی بھی ہیں اور مجازی بھی۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: زیارت قبر نبی ﷺ کے سلسلہ کی جس قدر احادیث ہیں وہ سب کی سب اہل علم کے نزدیک ضعیف بلکہ موضوع ہیں اور کسی معتبر صاحب سنن نے ان کو روایت نہیں کیا۔

ہم شروع کتاب میں اس بات کا بطلان ظاہر کر چکے ہیں اور یہ کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے "زرتُ قبر النبی ﷺ" کہنے کو مکروہ سمجھا ہے۔ ہم نے اس کی مراد بھی باب چہارم میں سمجھا دی ہے۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: اگر یہ لفظ مشروع ہوتا تو امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کبھی اس کو مکروہ نہ قرار دیتے۔

یہ بات تو بہت بے موقع ہے۔ اس لئے کہ بحث اس لفظ میں نہیں ہے بلکہ اس کے معنی میں ہے۔ مؤطا میں امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے جو منقول ہے اور امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ اور ابوداؤد رحمہ اللہ تعالیٰ سے وہ سب ابن تیمیہ کے خلاف ہے اس لئے کہ اس سے زیارت کے معنی کا ثبوت ہو جاتا ہے۔ "لاتتخذوا قبری عیداً" پر ہم پہلے گفتگو کر چکے ہیں اور اس کا صحیح مفہوم بتا چکے ہیں اور یہ حدیث کہ "یہود اور نصاریٰ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت

انہوں نے اپنے انبیائے کرام کی قبروں کو مساجد بنایا'' بھی ابن تیمیہ کے دعویٰ کی دلیل نہیں ہے اس لئے کہ ہم نے قبر نبی کو مسجد نہیں بنایا ہے اور اگر زیارت کو مسجد بنانے پر قیاس کیا جائے تو یہ بالکل غلط بات ہے۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: عادت کے خلاف صحرا کی بجائے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حجرے میں جو دفن کیا گیا وہ اسی لئے کیا گیا کہ کوئی قبر کے پاس نماز نہ پڑھ سکے اور اس کو مسجد نہ بنا سکے تاکہ وہ قبر بت نہ بنے۔

یہ بات صحیح نہیں ہے بلکہ حجرہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا میں تو حضور نبی اکرم ﷺ اس وقت دفن کئے گئے جب یہ حدیث سامنے آئی کہ نبی اس جگہ دفن ہوتا ہے جس جگہ اس کا وصال ہوتا ہے۔ یہ مشہور بات ہے اس کو ہر کس و ناکس جانتا ہے۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: جب تک قبر نبی ﷺ مسجد سے جدا تھی کوئی صحابی یا تابعی قبر کے پاس نماز پڑھنے یا اس کو چھونے یا وہاں دعا کرنے نہیں جاتا تھا۔

اس پر ہم یہ کہتے ہیں اس سے ابن تیمیہ کا دعویٰ ثابت نہیں ہوتا۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ زیارت کے آداب یہی ہیں۔ ہم بھی وہاں نماز پڑھنے کو اور قبر کے مسح کرنے کو منع کرتے ہیں حالانکہ یہ بات بھی بالاجماع ممنوع نہیں ہے۔

ابوالحسین یحییٰ ابن حسن نے اپنی کتاب اخبار المدینہ میں لکھا ہے کہ مروان بن الحکم آیا تو اس نے دیکھا ایک شخص قبر نبی سے چمٹا ہوا ہے۔ مروان نے اس کی گردن سے پکڑ کر اس کو قبر سے جدا کیا اور کہا تو جانتا ہے کہ تو کیا کر رہا تھا؟ وہ شخص مروان کی طرف متوجہ ہوا اور بولا: میں جانتا ہوں کہ میں نہ پتھر کے پاس آیا ہوں نہ اینٹ کے، میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں۔ پھر وہ شخص بولا: دین پر اس وقت ماتم نہ کرو جب اسکے متولی اہل لوگ ہوں، اس وقت ماتم کرو جب نااہل متولی بنے ہوئے ہوں۔ جو اس روایت کے راوی ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا قصہ ہے۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین جب حضور نبی اکرم ﷺ کو سلام

کرتے تھے اور دعا کرتے تھے تو قبلہ رو ہوتے تھے قبر کی طرف منہ نہ کرتے تھے۔

اس قول سے معلوم ہوا کہ ابن تیمیہ کو بھی اس کا اعتراف ہے کہ سلف صالحین سلام کے وقت دعا بھی کرتے تھے۔ اب رہا ان کا حجرہ میں داخل نہ ہونا تو یہ ادب کی وجہ سے تھا۔ اگر یہ ثابت بھی ہو جائے کہ وہ دعا کے وقت قبلہ رو ہوتے تھے تو اس سے زیارت کا انکار یا سفر کا انکار ثابت نہیں ہوتا۔

ابن تیمیہ کا یہ قول: امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالی بارگاہِ نبوی ﷺ میں سلام بھیجنے کے وقت قبلہ رو ہوتے تھے۔

ابو اللیث سمرقندی نے فتاویٰ میں ایک حکایت میں جو حسن ابن زیاد کی حضرت ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے ہے یہی کہا ہے۔ سروجی حنفی نے کہا کہ ہماری نزدیک قبلہ رو کھڑا ہو۔ کرمانی نے کہا: شوافع وغیرہ نے کہا ہے کہ دعاء کے وقت پشت قبلہ کی طرف اور منہ قبر کی طرف ہونا چاہیے اور یہی امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے اور بعض حنفیہ نے کہا ہے: قبلہ رخ ہونے میں دو عبادتیں ادا ہوں گی ایک قبلہ رخ ہونا یہ بھی عبادت ہے، دوسرے دعا۔

اکثر علماء کا قول ہے کہ دعا قبر کی طرف رخ کر کے مانگے۔ یہ بہتر ہے اور اس میں ادب ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ زندوں کا سا معاملہ کرنا چاہیے اور بلاشک وشبہ زندہ کو سلام اس کی طرف رخ کر کے کیا جاتا ہے۔

ابن تیمیہ کا یہ کہنا: اکثر علماء نے کہا ہے کہ سلام کے وقت خاص طور پر قبر کی طرف منہ کرے۔ یہ خاص کی قید کہاں مذکور ہے؟ اس کا حوالہ مطلوب ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ شوافع، مالکیہ اور حنابلہ کے اکثر علمائے کرام سلام و دعاء دونوں حالتوں میں قبر کی طرف رخ کرنے کے قائل ہیں جبکہ احناف کی مشہور کتابوں میں اس مسئلہ کا ذکر ہی نہیں ہے۔ البتہ امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ سے یہ روایت منقول ہے کہ ایوب سختیانی آئے اور قبر نبی کے قریب پہنچے، قبر کی جانب رخ کیا اور قبلہ کی جانب ان کی پشت تھی۔ ابراہیم حربی نے اپنی مناسک میں لکھا ہے۔ قبلہ کی جانب پشت کرو اور قبر نبی کے وسط کی

طرف رخ کرو اور سلام و دعا پڑھو۔ اس کو آجری نے کتاب الشریعہ میں ذکر کیا ہے۔

ابن تیمیہ نے یہ کہا: آئمہ میں سے کوئی بھی اس کا قائل نہیں ہے کہ دعاء کے وقت قبر کی جانب منہ کیا جائے۔ ہاں ایک جھوٹی روایت امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے منسوب ہے جبکہ ان کا مذہب اس کے خلاف ہے۔

امام ابن تیمیہ کا یہ کہنا کہ آئمہ میں سے کوئی بھی دعا کے وقت قبر کی کی جانب منہ کرنے کا قائل نہیں ہے غلط ہے۔ اس کے متعلق ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ ابو عبداللہ سامری حنبلی جو کہ "**المستوعب فی مذهب احمد**" کے مؤلف ہیں، نے کہا ہے کہ قبر نبی کو منہ کے سامنے کرے، قبلہ کی جانب پشت کرے اور منبر النبی کو بائیں ہاتھ کی جانب کرے۔ پھر انہوں نے سلام و دعا کی تفصیل بیان کی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ وہ سلام و دعاء دونوں حالتوں میں قبر کی طرف منہ کرنے کے قائل تھے۔

یہی حال ہمارے علماء کا ہے کہ وہ مطلقاً قبر نبی کی طرف رخ کرنے کو کہتے ہیں تو بظاہر دعا و سلام دونوں میں قبر کی طرف رخ کرنے کے قائل ہیں۔ اسی طرح ہم نے ابھی ابراہیم حربی کا قول نقل کیا ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ ہمارے اصحاب نے تصریح کی ہے کہ قبر نبی کے پاس پہنچے، قبلہ کی جانب پشت کرے، قبر کی دیوار کی جانب رخ کرے اور چار ہاتھ قبر کے سرہانے سے دور کھڑا ہو پھر حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام پڑھے پھر داہنی جانب کو ہٹے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر سلام پڑھے، پھر تھوڑا سا اور داہنی جانب کو ہٹے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر سلام پڑھے۔ پھر پہلی جگہ پر حضور نبی اکرم ﷺ کے سامنے آجائے اور حضور نبی اکرم ﷺ کو اپنے لئے دعا میں وسیلہ بنائے اور اللہ تعالیٰ کے دربار میں آپ کو شفیع بنائے پھر قبر کے سرہانے کی جانب بڑھ جائے۔ پھر قبر اور اس ستون کے درمیان کھڑا ہو جو وہاں ہے اور قبلہ رخ ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے اپنے اور اپنے والدین کے لئے دعائیں کرے۔

خلاصہ یہ ہے کہ دعا میں قبلہ رخ ہونا بھی بہتر ہے اور قبر کی طرف رخ کرنا بھی بہتر ہے اور ہمارے علم میں نہیں ہے کہ کسی عالم نے بھی اس کو مکروہ کہا ہے۔ اس کے

باوجود اگر کوئی ایسا دعویٰ کرتا ہے تو اسے ثبوت مہیا کرنا چاہیے۔

ابن تیمیہ کا یہ قول: امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے ایک جھوٹی روایت منسوب ہے۔

جس حکایت کو ابن تیمیہ نے جھوٹی حکایت بتایا ہے اس کو قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب الشفاء کے تیسرے باب میں ذکر کیا ہے اور اس حکایت پر کوئی نکیر نہیں کی ہے اور نہ یہ کہا ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب اس کے خلاف ہے۔ اس میں مذکور ہے کہ ابن حمید نے بیان کیا ہے ابو جعفر امیر المومنین کی امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے مسجد نبوی میں ایک بحث ہوئی جس میں ابو جعفر نے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے کہا اے ابو عبداللہ! بتاؤ میں قبلہ رخ ہو کر دعا کروں یا سرکار دوعالم ﷺ کی جانب رخ کر کے؟ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: حضور نبی اکرم ﷺ سے روگردانی کیوں کرتے ہو جبکہ وہ تمہارا اور تمہارے باپ آدم علیہ السلام کا وسیلہ ہیں۔ ان کی طرف رخ کرو اور ان کو شفیع بناؤ اللہ تعالیٰ ان کی شفاعت قبول فرمائے گا۔ اسی طرح قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے الشفاء کے تیسرے باب " **فی تعظیم أمره و وجوب توقيره و بره** ﷺ "میں بیان کیا ہے۔ اور کسی نے اس کا انکار نہیں کیا۔ اور نہ کسی نے یہ کہا ہے کہ ان کا مذھب اس کے برعکس ہے۔ بلکہ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے شفاء کے چوتھے باب کی ایک فصل " **فی حکم زیارۃ قبرہ** " میں بیان کیا ہے کہ ابن وہب کی روایت ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جب حضور نبی اکرم ﷺ پر سلام پڑھے اور دعا مانگے تو قبر کی جانب رخ کرے نہ کہ قبلہ کی جانب اور قبر کے قریب ہو کر سلام کرے، قبر کا مسح نہ کرے۔ یہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب امام کے بہت بڑے شاگرد نے بیان کیا ہے اور اس میں تصریح ہے کہ قبر کا استقبال کرے نہ کہ قبلہ کا۔ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ بھی کہا ہے کہ عبداللہ ابن وہب نے مبسوط میں یہ بھی کہا ہے: مناسب یہ ہے کہ دعا کے لئے قبر کے پاس قیام نہ کرے سلام کرتا ہوا گزر جائے تو دونوں روایتوں میں اگر اختلاف ہے تو دعا کے لئے ٹھہرنے یا نہ ٹھہرنے میں ہے، استقبال قبر میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اور ہم پہلے بہت سے مالکی علمائے کرام کے اقوال بیان کر چکے ہیں کہ قبر کے پاس رکے اور دعا کرے اور

کسی نے یہ نہیں لکھا کہ دعا قبلہ رخ ہو کر کرے اور قبر کی جانب پشت رکھے تو اب کسی ذی علم کے لئے کیسے جائز ہے کہ یوں کہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ بلکہ تمام علمائے کرام کا مسلک اس حکایت کے خلاف ہے اور اس وہم و خیال سے اس حکایت کو جھوٹی روایت کہے جبکہ اس روایت کا ایک ایک راوی ثقہ اور معتبر ہے۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس حدیث کو بیان کیا ہے۔ اور قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کی عظمت اور جلالتِ قدر، امانت اور ثقاہت متفق علیہ ہے۔ اور ان کے شیخ ابو القاسم احمد بن محمد بن احمد بن مخلد بن عبدالرحمٰن بن احمد بن بقی ابن مخلدؒ بہت صاحب علم اور جلالت والے ہیں۔ اس کو ابن بشکوال نے ذکر کیا ہے۔ اور ان کے شیوخ کا ذکر کیا ہے کہ جن سے انہوں نے سنا۔ اور پھر کہا۔ اس کو ابو العباس العذری نے اجازۃ لکھا اور وہ قرطبہ کے صدر المفتیان بن گئے۔ اور یہ بہت زیادہ علمی گھرانے والے اور فضل و کمال والے تھے۔ اور بہت زیادہ مسائل جاننے والے اور فتویٰ دینے والے تھے۔ آپ شعبان میں ۴۴۶ھ میں پیدا ہوئے اور ۵۳۲ھ میں وصال فرمایا۔

ابن بشکوال نے ابو عبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن بن علی بن سعید بن عبداللہ بن سیرین جن کی کنیت ابو عبداللہ تجی کو بھی ذکر کیا ہے۔ یہ اھل علم و معرفت اور فہم والے تھے۔ اور فروع اور اصول کے جاننے والے تھے۔ اشبیلیہ کے قاضی رہے۔ اور ان کی بہت شہرت تھی۔ ۵۰۰۳ھ میں وصال فرمایا۔ اور قاضی عیاض نے ان کو اشعری کہا ہے۔

اور اسی طرح ان کے شیخ ابو العباس احمد بن عمرو بن انس بن دلھات العدوی، ان کے بارے میں ابن بشکوال نے کہا کہ انہوں نے اپنے والدین کے ساتھ مشرق کا سفر کیا اور بیت اللہ شریف میں شھر رمضان میں پہنچے اور کافی عرصہ وہاں مقیم رہے اور وہاں حافظ ابوذر الھروی سے کسب فیض کیا اور صحیح بخاری ان سے سات بار سنی اور یہ حدیث کو سمجھنے اور روایت کرنے میں بہت ماہر تھے۔ اور بہت زیادہ ثقہ تھے۔ اور ان سے بہت سے اکابر نے روایت کیا ہے جن میں ابن عبدالبر اور ابن حزم اور ابو علی الغسانی ہیں۔

اسی طرح ان کے شیخ ابو الحسن علی بن الحسن بن علی بن فھر الرازی المصری الحافظ

ہیں انہوں نے حسن بن رشیق اور اسماعیل بن ابی محمد الازدی سے روایت کیا ہے۔ اور انہوں نے مسند الموطا ان کے مؤلف حرم سے روایت کیا ہے۔ اور ان سے امام بیہقی اور امام الجزائری نے روایت کیا ہے۔ اور ابن المنذر نے کہا ہے کہ یہ ثقہ ہیں۔

اور ان کے شیخ ابوالحسن عبداللہ بن المغتاب القاضی ہیں ان سے ابوالحسن الجوزی نے حدیث الاسلام کو روایت کیا ہے۔ حدیث اس طرح ہے۔ ''ان تسلم وجهك فتقيم الصلاة و تؤتى الزكاة و تصوم رمضان و تحج البيت و تعتمر''

ان کے ایک اور شیخ یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم ابن کامجر ہیں انہوں نے اپنے والد گرامی سے اور داود بن رشید اور احمد بن عبدالصمد الانصاری اور حسن بن شبیب اور عمر بن شبۃ النمیری سے روایت کیا ہے۔ اور ان سے مفضل بن سلمۃ اور عبدالصمد الطبسی اور ابو القاسم الطبرانی نے روایت کیا ہے۔ امام دارقطنی نے ان کے بارے میں کہا ہے کہ: لاباس بہ۔ اور خطیب بغدادی نے ان کو ذکر کیا ہے۔

اسی طرح ان کے شیخ ابن حمید جن کو میں خیال کرتا ہوں کہ وہ ابوسفیان محمد بن حمید المعمری ہیں۔ خطیب بغدادی نے ان کو امام مالک سے روایت کرنے والوں میں ذکر کیا ہے اور انہوں نے کہا ہے۔ انہوں نے امام مالک سے ان کی مؤطا لکھی۔ اور وہ کہتے تھے میں قسم کے کفارہ میں لباس لینے والوں میں سے تھا۔ اور یہ ثقہ تھے اور امام مسلم نے ان سے روایت کیا ہے۔

امام سبکی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس روایت کے راویوں کی جلالت قدر اور ثقاہت کو مدلل طریقہ پر بیان کیا ہے اور کہا ہے کہ اس روایت کے راویوں پر غور کرو اور دیکھو کہ یہ حکایت ابن وہب کی روایت سے کس قدر مطابقت رکھتی ہے۔ ابن وہب کی عظمت کا بیان کرتے ہوئے امام سبکی نے ذکر کیا کہ علمائے مدینہ جب امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کی کسی روایت میں باہم مختلف ہوتے تھے تو وہ ابن وہب کی آمد کا انتظار کرتے تھے تاکہ ان سے اس روایت کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ ابن بکیر کہا کرتے تھے کہ ابن وہب ابن القاسم سے زیادہ فقیہ ہیں۔

اب ہمارے لئے چند راستے ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہم صرف ابن وہب کی روایت کو لیں چونکہ اس کو ترجیح حاصل ہے۔ دوسرے یہ کہ دونوں روایتوں پر عمل کریں اس لئے کہ یہ اختلاف حلال وحرام کا نہیں ہے، نہ کراہت وعدم کراہت کا۔ قبلہ رخ ہونا بھی حسن ہے اور قبر کی طرف منہ کرنا بھی حسن ہے۔ تیسرے یہ کہ ابن تیمیہ کے زعم کے مطابق اگر یہ ثابت بھی ہو جائے کہ قبلہ رخ رہے قبر کا استقبال نہ کرے۔ اس سے اصل مسئلہ زیارت پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ ہم نے مالکی علماء کی بہت سی کتابیں پڑھی ہیں کسی میں ہم نے نہیں پڑھا کہ دعا کے وقت استقبال قبر ممنوع ہے نہ یہ کہ وہ مکروہ ہے اور نہ یہ کہ وہ خلاف اولی ہے سوائے مبسوط کے۔ بہر حال ابن تیمیہ کا یہ دعویٰ کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ اور تمام علماء کا مذہب ہے کہ جب سلام پڑھے تو قبر کی طرف منہ کرے اور جب دعا مانگے تو قبر کی طرف پشت کرے صحیح نہیں ہے اور اسی بنیاد پر انہوں نے اس حکایت کو مردود قرار دیا۔ زیارت کے سلسلہ میں ہم مالکی علماء کا کلام چوتھے باب میں بیان کر چکے ہیں جس سے ابن تیمیہ کے اس دعوے کی تردید ہو جاتی ہے۔

کچھ تھوڑی سی بات باقی ہے وہ ہم یہاں ذکر کئے دیتے ہیں۔ ابوالحسن لخمی نے تبصرہ میں ذکر کیا ہے۔ ''جو مدینہ پہنچے وہ سب سے پہلے مسجد نبوی میں جائے دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھے۔ پھر قبر نبی پر جائے اور سلام پڑھے۔'' یہی امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے۔ اور ابن حبیب نے کہا ہے کہ جب داخل ہو تو بِسْمِ اللّٰهِ وَسَلَامٌ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ کہے۔ ان کی مراد یہ ہے کہ جس وقت داخل ہو تو سلام سے ابتداء کرے پھر تحیۃ المسجد پڑھے اور اگر اس کا داخلہ اس دروازے سے ہو جو قبر نبی سے متصل ہے اور اس کا گزر قبر کے پاس سے ہو تو ٹھہر کر سلام پڑھے۔ پھر وہاں جائے جہاں نماز پڑھنی ہے اس میں بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

ابن بشیر مالکی نے ''كتاب التنبيه علىٰ مبادى التوجيه فى دخول مكة و حكم الطواف و الركوع و السعى'' میں کہا ہے کہ جو شخص مدینہ میں داخل ہو اس کے لئے بہتر یہ ہے کہ پہلے مسجد نبوی میں نوافل پڑھے پھر قبر نبی کے پاس جائے۔ رسول اللہ

ﷺ پر سلام پڑھے اور کثرت سے درود پڑھے۔ پھر اپنے لئے جو چاہیے دعا کرے پھر سیدنا ابوبکر و عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر سلام پڑھے اور جب مدینہ سے واپس ہو تب بھی ایسا ہی کرے۔ اس کلام سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ قبر کی طرف رخ کر کے دعا کرنے کے قائل ہیں۔

ابن یونس مالکی نے "باب فرائض الحج و الغسل لها و دخول المدينة و صفة الاحرام و التلبية" میں ابن حبیب سے نقل کیا ہے کہ جب مسجد نبوی میں داخل ہو تو یوں کہے: بسم اللہ، ہماری جانب سے ہمارے رب کی جانب سے اور ملائکہ کی جانب سے رسول اللہ ﷺ پر سلام ہو۔ اے اللہ! میرے گناہ معاف کر دے اور میرے لئے اپنی رحمت اور جنت کے دروازے کھول دے اور میری شیطان سے حفاظت فرما۔ پھر ریاض الجنۃ میں جائے جو قبر شریف اور منبر کے درمیان ہے وہاں دو رکعت نفل پڑھ کر قبر پر جائے۔ وہاں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے اور جس مقصد کیلئے نکلا ہے اس کی تکمیل کی دعا کرے اور ریاض الجنۃ میں موقع نہ ملے تو دوسری جگہ نوافل پڑھ لے۔ ریاض الجنۃ میں پڑھنا افضل ہے۔ اس لئے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے: "میری قبر اور منبر کے درمیان جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے اور میرا منبر جنت کے حوضوں میں سے ایک حوض پر ہے۔"

ابن حبیب نے کہا: پھر تو جب نماز پڑھ لے تو قبر نبی کے پاس قبلہ کی جانب سے پہنچ اور قبر کے قریب ہو جا۔ پھر سکون اور وقار سے حضور اکرم ﷺ پر سلام بھیج اور ثناء کر اس لئے کہ حضور تیرے وقوف کو جانتے اور تیرے کلام کو سنتے ہیں اور سیدنا ابوبکر و عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر سلام پڑھ اور ان کے لئے دعائیں کر اور شب و روز میں مسجد میں بکثرت نمازیں پڑھ اور مسجد قباء اور شہدائے احد کی زیارت کو نہ چھوڑنا۔

ابن حبیب رحمہ اللہ تعالیٰ جیسے فاضل کا یہ کلام ہمارے لئے بہت بڑی دلیل ہے۔ اس میں تصریح ہے اور یقینی طور پر بتایا ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ سلام کرنے والے کے کلام کو سنتے ہیں اور اس کی حاضری کا حضور نبی اکرم ﷺ کو علم ہوتا ہے۔

امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے " کتاب رؤس المسائل " میں حافظ ابو موسیٰ اصبہانی رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت کی ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: '' جب کوئی حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ مبارک کے پاس پہنچے تو قبلہ کی طرف پشت کرے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی جانب رخ کرے درود بھیجے اور دعا کرے۔

میں نے عبداللہ ابن عبدالحکیم الکبیر کی کتاب کی شرح میں دیکھا ہے کہ ابن وہب نے کہا ہے امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا گیا کہ سلام کرنے والا حضور نبی اکرم ﷺ کی قبرِ مبارک کے پاس کس جگہ کھڑا ہو تو انہوں نے فرمایا: '' اُس گوشہ میں قبلہ رو کھڑا ہو جو منبر کے قریب قبلہ کی جانب ہے اور میں پسند نہیں کرتا کہ وہ قبر کو چھوئے۔'' یہ ممکن ہے کہ یہ نسخہ غلط ہو اس لیے کہ ابن وہب کی امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت پہلے گزر چکی ہے اس میں قبر کے استقبال کا حکم ہے نہ کہ قبلہ کا۔ ابو موسیٰ کی روایت اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ کا کلام اس کی تائید کرتا ہے اور ممکن ہے ان سے دو روایتیں ہوں۔ ایک میں قبلہ کا استقبال اور دوسری میں استدبار ہو۔ اگر یہ ثابت بھی ہو جائے کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ دعا کے وقت استقبالِ قبلہ کے قائل تھے تو اس سے زیارت قبر نبی ﷺ اور اس کے لئے سفر اور تعظیم قبر نبی کی مخالفت ثابت نہیں ہوتی۔ اس کے باوجود اگر کوئی ایسا اعتقاد رکھتا ہے تو وہ گمراہ ہے۔ اس کے بعد جو کچھ اس نے ذکر کیا ہے اس کا جواب پہلے گزر چکا ہے۔ اور ان کے اشکالات اپنے مقصود پر دلالت نہیں کرتے۔

آٹھواں باب

حضور نبی اکرم ﷺ کو وسیلہ بنانا
اور آپ ﷺ سے مدد حاصل کرنا
اور آپ ﷺ کی شفاعت چاہنا

حضور نبی اکرم ﷺ کو وسیلہ بنانا اور حضور نبی اکرم ﷺ کی مدد اور شفاعت چاہنا جائز ہی نہیں بلکہ امر مستحسن ہے۔ اس کا جائز اور مستحسن ہونا ہر دین دار کے لئے ایک بدیہی امر ہے جو انبیائے کرام و رسل عظام علیہم السلام اور سلف صالحین و علمائے کرام سے ثابت ہے اور کسی مذہب والے نے اس کا انکار نہیں کیا اور نہ کسی زمانہ میں ان امور کی برائی کی بات کہی گئی۔ حتی کہ ابن تیمیہ نے ان امور کا انکار شروع کر دیا اور ایسی باتیں کہیں جن سے ایک بھولا بھالا مسلمان دھوکے میں پڑ جائے اور ایک ایسی نئی بات کہنی شروع کر دی جو اب تک کسی نے نہ کہی تھی اور اس ابو جعفر منصور اور امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ والی مشہور حکایت پر بھی جرح و قدح شروع کر دی جس کو ہم تفصیل سے نقل کر چکے ہیں اور اس کی صحت کو واضح کر چکے ہیں کہ امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ نے خلیفہ منصور سے کہا تھا۔

''حضور نبی اکرم ﷺ سے شفاعت کی درخواست کر''

ہم نے اس کتاب میں شفاعت کی بحث اس لئے کی ہے کہ ابن تیمیہ نے زیارت قبر نبی ﷺ کے انکار کے ساتھ شفاعت اور استعانت کا بھی انکار کیا ہے۔ ابن تیمیہ کے اس موقف کے باطل ہونے کے لیے اتنا ہے کافی ہے کہ اس طرح کی بات اس سے پہلے کسی عالم نے نہیں کی تھی۔ اس سلسلہ میں انہوں نے بہت سی باتیں لکھی ہیں ہم نے بہتر راستہ یہ سمجھا ہے کہ ان کی باتوں کے رد و ابطال سے قطع نظر کرتے ہوئے اصل مسئلہ کا ثبوت اور دلائل واضح کر دیں۔

جن علمائے کرام نے امت کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا ہے ان کا طریقہ کار یہ رہا ہے کہ دین کے مسائل اس طرح بیان کر دیں کہ لوگوں کی سمجھ میں آ جائیں اور قابل قبول بن جائیں لیکن ابن تیمیہ کی باتیں اس کے بالعکس ہیں۔

میں کہتا ہوں کہ حضور نبی اکرم ﷺ سے توسل ہر حال میں جائز ہے۔ حضور کی ولادت سے قبل بھی اور بعد از ولادت بھی۔ حضور کی حیات ظاہری میں بھی اور بعد از وصال بھی، دنیا میں بھی اور حشر کے میدان، اور جنت میں بھی۔

توسّل کی اقسام:

توسّل کی تین قسمیں ہیں۔

پہلی قسم:

اس سے مراد توسّل کی یہ صورت ہے کہ صاحبِ حاجت حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیلہ سے آپ کے مرتبہ کے طفیل اور آپ ﷺ کی برکت کے طفیل اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ یہ ہر حالت میں جائز ہے خواہ اس کا وقوع حضور نبی اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ سے پہلے ہوا ہو یا حضور نبی اکرم ﷺ کی حیاتِ طیبہ میں یا آپ ﷺ کے وصال مبارک کے بعد۔ اور ہر حالت میں اِس کے جواز پر صحیح احادیث موجود ہیں۔

توسّل کی پہلی حالت یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ سے قبل آپ کے وسیلہ سے دعائیں مانگی جاتی تھیں۔ احادیث مبارکہ سے ثابت ہے کہ گزشتہ انبیائے کرام علیہم السلام حضور نبی اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ سے قبل آپ کے وسیلہ جلیلہ سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاجات طلب فرماتے تھے۔ ہم ان احادیث میں سے پہلے اس حدیث کو بیان کرتے ہیں جس کو امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ''المستدرك علی الصحیحین'' میں نقل کیا ہے اور اس پر صحت کا حکم لگایا ہے۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''حضرت آدم علیہ السلام نے جب اپنی غلطی کا اعتراف کر لیا تو دربارِ الٰہی میں عرض کیا: اے اللہ تعالیٰ! میں بحق محمد (ﷺ) درخواست کرتا ہوں کہ تو مجھے معاف فرما دے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اے آدم! تم محمد کو کیسے جان گئے میں نے تو ابھی ان کو پیدا بھی نہیں کیا۔ انہوں نے عرض کیا اے باری تعالیٰ! جب آپ نے مجھے اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور اپنی روح مجھ میں پھونکی میں نے اپنا سر اٹھایا تو میں نے دیکھا کہ عرش کے پایوں پر لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا ہوا ہے تو میں جان لیا کہ تو نے اپنے نام کے ساتھ جس شخصیت کا نام لکھا ہے وہ یقیناً تمام مخلوق میں تجھے سب سے زیادہ محبوب ہے۔ اس پر

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے آدم! تم نے صحیح کہا۔ بیشک محمد تمام مخلوق میں میرے لئے محبوب تر ہیں اور جبکہ تم نے ان کے حق کا واسطہ دے کر مغفرت چاہی ہے تو میں نے تمہاری مغفرت کر دی اور اگر محمد نہ ہوتے تو میں تمہیں بھی پیدا نہ کرتا۔''

امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔ امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اسے دلائل النبوۃ میں روایت کیا ہے۔ امام طبرانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔ اور ان الفاظ کا اضافہ کیا ہے۔ "و هو آخر الأنبياء من ذريتك"

امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی اس روایت کو بھی نقل کیا ہے۔

اوحی الله الى عيسى علیہ السلام يا عيسى آمن بمحمّد و أمر من أدركه من امّتك ان يؤمنوا به فلو لا محمّد ما خلقت آدم و لولاه ما خلقت الجنة و النار و لقد خلقت العرش على الماء فاضطرب فكتبت عليه "لا اله الا الله" فسكن"

اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بذریعہ وحی فرمایا کہ اے عیسیٰ حضرت محمد ﷺ پر ایمان لاؤ اور اپنی امت سے کہو: جو ان کو پائے ان پر ایمان لائے۔ اگر محمد (ﷺ) نہ ہوتے تو میں آدم علیہ السلام کو پیدا نہ کرتا اور اگر وہ نہ ہوتے تو میں جنت اور جہنم کو بھی پیدا نہ کرتا۔ میں نے عرش کو پانی پر پیدا کیا تو وہ ہلنے لگا۔ پس میں نے اس پر لا الہ الا اللہ لکھا تو ٹھہر گیا۔

ابن تیمیہ کی لاعلمی:

ابن تیمیہ نے حضرت آدم علیہ السلام کے توسّل کی روایت کے بارے میں کہا ہے کہ یہ بے اصل ہے اور کسی صحیح سند کے ساتھ منقول نہیں ہے۔ ان کا یہ دعویٰ محض اپنا خیال اور وہم ہے۔ انہوں نے بہت سی باتیں اپنی طرف سے کہہ کر اس کو جھوٹ قرار دیا ہے۔ یہ اُن کی ساری باتیں اس بات پر مبنی ہیں کہ ان کے علم میں یہ نہ آیا۔ امام حاکم رحمہ اللہ

تعالیٰ نے اس روایت کو صحیح سند کے ساتھ نقل کر کے اس پر صحت کا حکم لگایا ہے۔ اگر ان کے علم میں امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصحیح آ جاتی تو کبھی یہ بے جا جرات نہ کرتے۔ ہو سکتا ہے کہ ان کو امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس روایت کا علم ہو جاتا تو وہ عبداللہ ابن زید ابن اسلم جو اس حدیث کے راوی ہیں ان پر طعن کرتے۔ اگر یہ تسلیم بھی کر لیا جائے کہ ان میں ضعف ہے تو وہ ضعف اس درجہ کا تو نہیں ہے کہ اس کی بنیاد پر اس روایت کو ساقط الاعتبار قرار دے کر ایسے مسئلہ کا انکار کر دیا جائے جو عقلاً اور شرعاً ہر طرح سے جائز ہے۔

حضرتِ نوح علیہ السلام اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی حضور نبی اکرم ﷺ کی ذات سے توسل کیا ہے جس کو مفسرین نے ذکر کیا ہے لیکن ہم نے امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ کی روایت اور اس پر امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصحیح کی وجہ سے اسی روایت پر اکتفا کیا ہے۔

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس معنی کو توسل، استعانت، تشفع، تجوہ کے الفاظ سے تعبیر کرنے میں کوئی فرق نہیں ہے جس میں توسل کا معنی پایا جائے۔ کیونکہ دعا کی قبولیت کے لیے آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بنایا جاتا ہے۔ اور آپ مستغیث بہ ہوتے ہیں۔ اور جب کوئی استغاثہ کرتا ہے تو وہ اس طرح کہتا ہے۔ میں نے اپنی فلاں غرض کے لیے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں آپ ﷺ سے استغاثہ کیا۔

ازالہ اشکال:

اب اگر کوئی یہ کہے کہ شفاعت چاہنے والا تو وہ ہوتا ہے جو شفیع کو لے کر کسی کے پاس جائے تاکہ وہ اس کی شفاعت و سفارش کر دے اور حضور نبی اکرم ﷺ کو شفیع بنانے میں یہ صورت ممکن نہیں ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں لفظی اور لغوی بحث نہیں بلکہ معنی میں بحث ہے اور وہ یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے ذریعہ اور واسطہ سے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی جائے جس طرح کہ حضرت آدم علیہ السلام نے درخواست کی۔ اور جس طرح شفاعت کا معنیٰ لوگ سمجھتے ہیں۔ اور لفظ تشفع توسل، استغاثہ وغیرہ سے یہی مطلب سمجھا جاتا ہے کہ نبی مکرم ﷺ کا واسطہ دے کر اللہ تعالیٰ سے کوئی درخواست کی جائے اور لغۃ بھی

ان لفظوں کے یہی معنی مراد لینے میں کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

مقصد یہ ہے کہ بندہ اللہ تعالیٰ سے اس شخص کے واسطہ سے درخواست کرسکتا ہے یا نہیں جس کے بارے میں اس کو یقین ہے کہ اس شخص کا اللہ تعالیٰ کے نزدیک رتبہ اور قدر و منزلت ہے۔ اس میں کوئی شک ہی نہیں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کا عنداللہ بڑا رتبہ اور قدر و منزلت ہے۔ طریقہ یہی ہے کہ ایک انسان جب شفاعت چاہتا ہے تو وہ ایسے شخص کا حوالہ دیتا ہے جس کے بارے میں اس کو یقین ہوتا ہے کہ اُس کا حوالہ دینے سے اس کی درخواست منظور ہو جائے گی خواہ شفاعت کرنے والا نہ خود موجود ہو اور نہ آ کر شفاعت کر رہا ہو۔ اسی طور پر حضور نبی اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ سے پہلے حضور نبی اکرم ﷺ کے وسیلہ جلیلہ سے شفاعت طلب کی گئی ہے۔ اور اس صورت میں سائل نہ غیر اللہ سے سوال کرتا ہے، نہ غیر اللہ کو پکارتا ہے۔ محبوب اور معظم شخص کا واسطہ قبولیت کا سبب بنتا ہے جیسا کہ صحیح دعاؤں میں مذکور ہے بعض دعاؤں میں ان الفاظ کے ساتھ روایت ہے۔ ''اے اللہ تعالیٰ! میں تیرے ہر نام کے ذریعہ تجھ سے درخواست کرتا ہوں۔ اے اللہ تعالیٰ! میں تیرے اسمائے حسنیٰ کے ذریعے تم سے سوال کرتا ہوں۔ میں تم سے اس واسطہ سے سوال کرتا ہوں کہ تو اللہ تعالیٰ ہے۔ اور میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کی تیری ناراضگی سے اور تیری معافی کی پناہ مانگتا ہوں تیری سزا سے۔ اور تیری بارگاہ کی پناہ مانگتا ہوں تیرے ہر طرح کے غضب سے۔''

حدیث غار سے استدلال:

غار والی حدیث میں نیک کاموں کے واسطہ سے دعا کرنے کا ذکر ہے۔ اور وہ صحیح حدیث ہے۔ اس حدیث میں تمام مقامات پر درخواست اور سوال صرف اللہ تعالیٰ سے ہی ہے اور جن چیزوں کے ذریعہ سوال کیا گیا ہے وہ متعدد ہیں۔ اس سے نہ شرک پیدا ہوا نہ غیر اللہ سے سوال ہوا۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ کے ذریعہ سوال کرنے سے نبی کریم سے سوال نہیں ہے بلکہ ان کے واسطہ سے اللہ تعالیٰ سے سوال ہے۔ اور جب اعمال کے واسطہ سے سوال جائز ہوا جو کہ مخلوق ہیں تو نبی کریم کے واسطہ سے سوال بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا۔ یہ

کہنا کہ اعمال کے ذریعہ سوال دراصل ان اعمال کی جزاء کی درخواست ہے، درست نہیں ہے۔ اس لئے کہ اگر جزاء سے درخواست کا تعلق ہوتا تو پھر اعمال کے ذکر کی ضرورت نہ تھی۔ یہ بھی نہیں کہا جاسکتا کہ یہ تو پہلی امتوں کا قصہ ہے اس سے استدلال درست نہیں۔ کیونکہ اگر اعمال کے واسطہ سے سوال شرک ہوتا تو گذشتہ امت کے لئے بھی جائز نہ ہوتا۔ اس لئے کہ شرک تو کسی امت میں بھی جائز نہیں سمجھا گیا۔

ہم نہیں سمجھتے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو وسیلہ بنا کر دعا کرنے میں کیا قباحت ہے۔ ان لفظوں کا تقاضا یہ ہے کہ جس کے واسطہ سے سوال کیا جا رہا ہے اس کو اس ذات کے ساتھ خصوصی تعلق ہے جس سے سوال کیا جا رہا ہے۔ لہذا حضور نبی اکرم ﷺ کو وسیلہ بنانے میں یہی بات ہے۔ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جس کے واسطہ سے سوال کیا جا رہا ہے وہ اس ذات سے اعلیٰ ہوتا ہے جس سے درخواست کی گئی ہے جیسا کہ حدیث میں ہے جس شخص نے تم سے اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر سوال کیا ہے اس کو دیدو۔ کوڑھی، گنجے اور اندھے کے قصہ والی حدیث میں ہے۔ میں تجھ سے اس ذات کے واسطہ سے درخواست کرتا ہوں جس نے تجھے خوبصورت رنگ اور خوبصورت کھال عطا کی ہے۔

سیدہ عائشہ صدیقہ کا حق کا واسطہ دینا:

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سیدہ فاطمہ الزہرہ رضی اللہ عنہا سے کہا تھا۔ میں تم سے سوال کرتی ہوں اس حق کا واسطہ دے کر جو میرا تمہارے اوپر ہے۔ اور کبھی جس ذات سے سوال کیا جا رہا ہے وہ اس سے افضل ہوتی ہے جس کے واسطہ سے سوال کیا گیا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ سے سوال نبی اکرم ﷺ کے واسطہ سے کیا جائے۔ اور اس کے جواز میں کوئی شبہ نہیں ہے۔

حق النبی ﷺ کا واسطہ دینے کا جواز:

اسی طرح حق النبی ﷺ کا واسطہ دے کر درخواست کرنا بھی درست ہے۔ حق سے مراد رتبہ اور منزلت ہے یا حضور کا وہ حق مراد ہے جو آپ کا امت پر ہے یا وہ حق مراد

ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے خود اپنے اوپر ثابت کر لیا ہے۔ ورنہ اللہ تعالیٰ پر کسی طرح کا وجوب نہیں ہے۔ اسی لئے فقہاء نے ان معانی کے اعتبار سے اس لفظ کے استعمال کو منع کیا ہے۔

توسّل کی دوسری حالت:

اس سے مراد توسّل کی یہ صورت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی ولادت مبارکہ کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ میں آپ کی ذات کو وسیلہ بنایا جائے۔ اس کے ثبوت کے لئے وہ روایت کافی ہے جو امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی جامع کی کتاب الدعوت میں نقل کی ہے۔

حضرت عثمان ابن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ" ایک نابینا صحابی حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی: " میرے لئے دعا فرمائیں کہ مجھے بینائی مل جائے۔" حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: " اگر تو چاہتا ہے تو میں تیرے لئے بینائی کی دعا کر دوں اور اگر تو اسی حالت پر صبر کرے تو یہ تیرے لئے بہتر ہے۔" انہوں نے عرض کیا: میں تو دعا کرانا چاہتا ہوں۔ آپ دعا فرمائیں۔" حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: " اچھا تو جا وضوء کر اور اچھی طرح وضو کر اور پھر یہ دعا مانگ۔

" اللهمّ انی أسالك و أتوجه اليك بنبيك محمّد نبی الرحمة ، يا محمّد انی توجهت بك الی ربی فی حاجتی ليقضی لی، اللّهمّ شفّعه فیّ "

اے اللہ تعالیٰ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ تیرے نبی کریم محمد ﷺ نبی الرحمۃ کے واسطے سے۔ اے محمد! میں تمہارے واسطہ سے اپنے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوا ہوں اپنی حاجت کے سلسلہ میں تاکہ وہ میری حاجت پوری کر دے۔ اے اللہ تعالیٰ تو ان کی شفاعت میرے بارے میں قبول فرما لے۔"

امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو حسن صحیح غریب کہا ہے۔ امام نسائی

رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام ابن ماجہ رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی اس حدیث کو نقل کیا ہے اور اس میں اضافہ ہے کہ وہ شخص دعا کر کے کھڑا ہوا تو اس کی بینائی آ چکی تھی۔ اور ایک دوسری روایت میں ہے۔ اس نے ایسا ہی کیا تو اچھا ہو گیا۔ ایک سند میں ہے کہ اس نابینا نے کہا: "اے محمد! میں آپ کے توسّل سے اپنے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتا ہوں تا کہ وہ مجھے بینائی عطا کر دے۔ اے اللہ تعالیٰ! میرے بارے میں ان کی شفاعت قبول فرما لے اور میرے بارے میں میری شفاعت قبول فرما لے۔"

اس حدیث کے راوی حضرت عثمان ابن حنیف رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم ہم جدا بھی نہ ہوئے تھے اور نہ بات لمبی ہوئی تھی کہ اتنے میں وہ شخص آیا اور وہ یوں تھا گویا کہ اس کی آنکھوں میں کبھی کوئی خرابی ہی نہ تھی۔ اس حدیث کے بارے میں ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ اور امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصحیح ہمارے لئے کافی ہے اور ہمارے دعوے کے ثبوت کے لئے یہ حدیث بہت کافی ہے۔

اعتراض:

اب اگر کوئی یہ کہ یہ سب کچھ تو اس طور پر ہوا کہ نبی کریم نے اس کی شفاعت کی کیونکہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اس سے کہا تھا کہ یوں کہہ۔ اے اللہ تعالیٰ میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں تیرے نبی مکرم کے واسطہ سے۔

جواب:

اس کا ایک جواب تو یہ ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد بھی اس دعا کا استعمال کیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ دعا کی قبولیت کا تعلق حضور نبی اکرم ﷺ کی اس وقت کی شفاعت سے نہ تھا۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں کہیں اس کی صراحت نہیں ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے شفاعت کر کے پھر اس کو اس دعا کی تعلیم دی تھی۔

تیسرا جواب یہ ہے کہ اگر ایسا ہی ہوا تھا کہ حضور اکرم ﷺ نے شفاعت کر کے اسکو دعا کی تعلیم دی تھی تو بھی یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے لئے غیر اللہ کو وسیلہ بنایا جاسکتا ہے اور پھر یہ بات کہ آگر حضور نبی اکرم ﷺ کی شفاعت کر چکے تھے تو پھر اس دعا کی تعلیم کی ہی ضرورت نہ تھی۔ حضور اکرم ﷺ کی منشاء تو یہ تھی کہ خود ضرورتمند اضطراری اور انکساری کی حالت میں آپ کے واسطہ سے فریاد کرے تا کہ اس کا مقصد مکمل طریقہ پر پورا ہو اور یہ بات حضور اکرم ﷺ کی موجودگی میں اور حضور کی غیبت میں اور آپ ﷺ کے وصال مبارک کے بعد ہر حالت میں حاصل ہوسکتی ہے اس لئے کہ ہمیں امت پر حضور کی شفقتوں کا علم ہے اور اس بات کا علم ہے کہ حضور ﷺ اپنی پوری امت کے لئے استغفار اور شفاعت فرماتے رہے ہیں۔ اب جبکہ بندہ کی توجہ بھی اس کے ساتھ مل جائے گی تو وہ غرض حاصل ہو جائے گی جس کے لئے حضور نبی اکرم ﷺ نے نابینا صحابی کی رہنمائی فرمائی تھی۔

توسّل کی تیسری حالت:

اس سے مراد یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی ذات مبارکہ سے آپ کے وصال مبارک کے بعد توسل کیا جائے۔ طبرانی نے معجم کبیر کے پچاسویں جز میں حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ ''ایک آدمی اپنی ضرورت پوری کرانے کے لئے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے چکر کاٹا کرتا تھا لیکن وہ اس کی طرف توجہ نہ کرتے تھے وہ آدمی حضرت عثمان ابن حنیف رضی اللہ عنہ سے ملا اور ان سے اس بات کا تذکرہ کیا تو انہوں نے اس سے فرمایا جا! وضوء کر اور پھر مسجد میں پہنچ کر دو رکعت نماز پڑھ اس کے بعد یہ دعا مانگ۔ ''اے اللہ تعالیٰ! میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں اپنے نبی محمد ﷺ کے واسطہ سے جو کہ نبی الرحمۃ ہیں۔ اے نبی مکرم! میں آپ کے واسطہ سے متوجہ ہوں آپ کے رب کی طرف تا کہ وہ میرے ضرورت پوری کر دے۔'' اور اپنی ضرورت کا تصور رکھنا۔ پھر چل میں بھی تیرے ساتھ چلوں گا۔ چنانچہ اس شخص نے حضرت عثمان ابن حنیف رضی اللہ عنہ کے کہے پر عمل کیا اور پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے دروازے پر پہنچا تو

دربان نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اس کو لے جا کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی مسند پر بٹھادیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا۔ تیری کیا حاجت ہے۔ اس نے اپنی ضرورت بتائی تو انہوں نے وہ فوراً پوری فرمادی اور فرمایا تو نے آج تک اپنی حاجت کا ذکر کیوں نہ کیا تھا؟ تیری جو ضرور ہوا کرے آ کر ہم سے کہہ دیا کر۔ اب وہ شخص حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس سے عثمان ابن حنیف رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان کا شکریہ ادا کر کے کہنے لگا کہ وہ تو میری ضرورت کی طرف دھیان ہی نہ دیتے تھے آپ نے ان سے کہا تو انہوں نے میری ضرورت پوری کی۔ حضرت عثمان ابن حنیف رضی اللہ عنہ نے قسم کھا کر کہا۔ میں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے تیرے بارے میں کوئی سفارش نہیں کی۔ ہاں میں حضور نبی اکرم ﷺ کی مجلس میں تھا کہ ایک نابینا آیا اور اس نے دعا کی درخواست کی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے اس کو یہی دعا سکھائی تھی چنانچہ وہ فوراً بینا ہوگیا تھا۔ میں نے تجھے وہی دعا سکھادی تھی۔

توسل کی دوسری قسم:

توسل کی اس قسم سے مراد حضور نبی اکرم ﷺ سے دعا کا طلب کرنا ہے۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔ ایک یہ کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ میں حضور نبی اکرم ﷺ سے دعا کی درخواست کرنا۔ اس کے تو اس قدر واقعات ہیں جن کو شمار کرنا بھی دشوار ہے۔ مسلمان اپنی ہر ضرورت میں حضور نبی اکرم ﷺ سے مدد چاہتے تھے۔ اور آپ کی پناہ میں آتے تھے۔

صحیحین میں مذکور ہے کہ ''ایک شخص جمعہ کے روز مسجد میں آیا۔ اس وقت حضور نبی اکرم ﷺ خطبہ دے رہے تھے۔ وہ حضور نبی اکرم ﷺ کے سامنے جا کھڑا ہوا اور عرض کرنے لگا۔ ''یا رسول اللہ! جانور ہلاک ہوگئے، راستے بند ہوگئے، اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں کہ وہ بارش برسا دے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فوراً دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور یوں دعا کفرمائی۔'' اے اللہ تعالیٰ! بارش برسا، اے اللہ تعالیٰ بارش برسا۔'' پیچھے سے ابر کا ایک ٹکڑا ڈھال جیسا نمودار ہوا اور وہ ابھر کر آسمان کے درمیان پہنچ کر پھیل گیا۔ پھر بارش

شروع ہوگئی۔ راوی نے کہا۔ اللہ تعالیٰ کی قسم اس قدر بارش ہوئی کہ ہمیں ایک ہفتہ تک سورج نظر نہ آیا۔''

حضور نبی اکرم ﷺ کا شفاعت فرمانا:

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ''دلائل النبوۃ'' میں ابووجزۃ السعدی سے نقل کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جس وقت حضور اکرم ﷺ غزوہ تبوک سے واپس آرہے تھے حضور کی خدمت میں نبی فزارہ کا ایک وفد آیا اور عرض کیا۔'' یا رسول اللہ! ہمارا علاقہ قحط میں مبتلا ہے، ہمارے باغات خشک ہیں، ہمارے بچے بھوکے ہیں، ہمارے جانور تباہ ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں وہ ہم پر بارش برسا دے۔ اپنے رب سے ہماری شفاعت فرمادیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ اگر اللہ تعالیٰ سے میں شفاعت نہ کروں گا تو اور کون کرے گا؟ ہمارا رب اللہ تعالیٰ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ اس کی کرسی میں آسمانوں اور زمینوں کی وسعت ہے اور وہ اس کی عظمت اور جلال سے چوں چوں کر رہی ہے۔ پھر بقیہ حدیث ذکر کی۔ پھر حضور ﷺ کھڑے ہوگئے اور منبر پر تشریف لے گئے۔ اور دعا میں فرمایا: اے اللہ تعالیٰ! اپنے شہروں کو، اپنے جانوروں کو سیراب فرما دے اور اپنی رحمت پھیلا دے اور اپنے مردہ شہروں کو زندہ کر دے۔'' اور پھر لمبی دعا اور طویل حدیث ذکر کی۔

سنن ابوداؤد میں حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک دیہاتی آیا اور عرض کیا: '' یا رسول اللہ! ہماری جانیں مشقت میں پڑگئی ہیں، بال بچے ضائع ہوگئے ہیں، مال اور جانور ہلاک ہوگئے ہیں، اللہ تعالیٰ سے ہماری سیرابی کے لئے دعا فرمادیں۔ ہم اللہ تعالیٰ کے لئے آپ کو اور آپ کے لئے اللہ تعالیٰ کو شفیع بناتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا کمبخت تو کیا کہہ رہا ہے؟ اللہ تعالیٰ کو کسی مخلوق کے لئے شفیع نہیں بنایا جاسکتا۔ اللہ تعالیٰ کی شان اس سے ارفع و بلند تر ہے اور پھر وہ کرسی کے چوں چوں کرنے کی بات فرمائی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو شفیع بنانے پر جو ناپسندیدگی فرمائی اس کی وجہ یہ ہے کہ شفیع اس شخص سے تواضع اور انکساری کے ساتھ بات کرتا ہے جس سے وہ شفاعت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی شان اس سے بلند ہے کہ وہ

انکساری اور عاجزی کے ساتھ کسی سے بات کہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایک بدو حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا ہمارے بچوں کے لئے صبح کو دودھ نہیں ہے۔

أتيتك و العذراء تدمى لبانها

و قد شغلت ام الصبى عن الطفل

و ألقى بكفيه الفتى لاستكانة

من الجوع هونا ما يمرّ و لا يحلى

و لاشيء مما يأكل الناس عندنا

سوى الحنظل العامى و العلص العسل

و ليس لنا الا اليك فرارنا

و اين فرار الناس الا الى الرسل

۱۔ میں آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں اور حالت یہ ہے کہ ۔۔۔۔۔۔مائیں بھوک کی وجہ سے اپنے بچوں سے غافل ہوگئی ہیں۔

۲۔ اور ماؤں نے اپنے بچے بھوک کی کمزوری کی وجہ سے اپنے ہاتھوں سے پھینک دیے ہیں۔

۳۔ ہمارے پاس اونی چیز بھی کھانے کو نہیں ہے۔ سوائے ۔۔۔۔

۴۔ اور ہمارے پاس بجز اس کے کوئی چارہ نہیں کہ بھاگ کر آپ کے پاس آئیں اور لوگوں کی جائے فرار رسول اللہ ﷺ ہی ہیں۔

حضور اکرم ﷺ اپنی چادر کھینچتے ہوئے منبر پر تشریف لائے اور اپنے دست مبارک اٹھا کر فرمایا: اے اللہ تعالیٰ! ہمیں سیراب کر دے۔ راوی نے پوری دعا کا ذکر

کر کے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنے ہاتھ ابھی چھوڑے بھی نہ تھے کہ آسمان نے اپنے دہانے کھول دیئے۔ دیہاتیوں نے آ کر کہنا شروع کر دیا۔ ہم ڈوبے، ہم ڈوبے۔ اس پر حضور اکرم ﷺ نے دعا کی: اے اللہ تعالیٰ! ہمارے اطراف پر، اب ہم پر نہیں۔" تو مدینہ منورہ پر سے بادل پھٹ گیا اور مدینہ پر تاج کی طرح بن گیا۔ اس پر حضور اس قدر ہنسے کہ حضور ﷺ کے دندان مبارک نظر آنے لگے پھر فرمایا۔ ابو طالب کی بھلائی اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ آج اگر وہ زندہ ہوتے تو بہت خوش ہوتے۔ کوئی ہے جو ان کے اشعار ہمیں سنائے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف فرما تھے۔ انہوں نے عرض کی حضور ان کے اشعار یہ ہیں:

وَ ابۡیَضَ یُسۡتَسۡقٰی الۡغَمَامُ بِوَجۡهِهٖ

ثِمَالُ الۡیَتَامٰی عِصۡمَةٌ لِّلۡاَرَامِلِ

یَطُوۡفُ بِهِ الۡهُلَّاكُ مِنۡ آلِ هَاشِمٍ

فَهُمۡ عِنۡدَهٗ فِیۡ نِعۡمَةٍ وَّ فَوَاضِلِ

كَذَبۡتُمۡ وَ بَیۡتِ اللّٰهِ یُبۡزیٰ مُحَمَّدٌ

وَ لَمَّا نُطَاعِنۡ حَوۡلَهٗ وَ نُنَاضِلِ

نُسَلِّمُهٗ حِیۡنَ نُصۡرَعُ حَوۡلَهٗ

وَ نَزۡهَلُ عَنۡ اَبۡنَائِنَا وَ الۡحَلَائِلِ

۱۔ آپ بہت ہی روشن چہرہ مبارک والے ہیں کہ آپ کے چہرے کے طفیل بادلوں سے بارش مانگی جاتی ہے۔ اور آپ یتیموں کی جائے پناہ، بیواؤں کی عصمت ہیں۔

۲۔ تباہ شدہ آلِ ہاشم اُن کے چکر کاٹتے ہیں۔ تو وہ انکے پاس اکرام اور انعامات میں ہوتے ہیں۔

۳۔ کعبہ کی قسم تم نے جھوٹ بولا (جب یہ کہا) کہ محمد ﷺ کو مغلوب کر دیا

جائے گا۔حالانکہ ابھی تک ہم نے اُن کے چاروں طرف (آپ کی حفاظت کے لیے) نیزہ بازی کی نہ تیراندازی۔

۴۔ ہم اُن کو اس وقت سپرد کریں گے جب ہم اُن کے چاروں طرف پچھاڑ دیئے جائیں گے۔ اور ہم اپنے بچوں اور بیویوں سے غافل ہو جائیں گے۔

حضور نبی اکرم ﷺ نے اشعار سن کر فرمایا کیا خوب ہیں۔ پھر ان اشعار سن کر بنو کنانہ میں سے ایک شخص کھڑا اور اس نے یہ اشعار کہے:

لَكَ الْحَمْدُ وَ الْحَمْدُ مِمَّنْ شَكَرَ

سُقِيْنَا بِوَجْهِ النَّبِيِّ الْمَطَر

دَعَا اللّٰهَ خَالِقَهٗ دَعْوَةً

اِلَيْهِ وَ اَشْخَصَ مِنْهُ الْبَصَر

فَلَمْ يَكُنْ اِلَّا كَمَا سَاعَةً

وَ اَسْرَعَ حَتّٰى رَأَيْنَا الدُّرَر

دفاق العز الى جم البعاف

اغاث به الله عليا مضر

فَكَانَ كَمَا قَالَ عَمُّهٗ اَبُوْ

طَالِبٍ اَبْيَضَ ذُوْ غُرَر

فَمَنْ يَشْكُرِ اللّٰهَ يَلْقَى الْمَزِيْد

وَمَنْ يَكْفُرِ اللّٰهَ يَلْقَى الْغِيَر

۱۔ تیری ہی تعریف ہے تعریف اس کی جانب سے جو شکر گذار ہے۔ ہم نبی کے چہرے کی وجہ سے بارش سے سیراب کئے گئے۔

۲۔ انہوں نے اپنے خالق اللہ تعالیٰ کو صرف ایک بار پکارا۔ اور ان کی نگاہ اوپر کو اٹھی۔

۳۔ نہ ہوئی مگر تھوڑی دیر اور اس سے بھی جلد کہ ہم نے موتی (بارش کی بوندیں) دیکھ لئے۔

۴۔ ------

۵۔ پس آپ اسی طرح ہی ہیں جس طرح کہ آپ کے چچا ابو طالب نے کہا: بہت روشن چہرہ مبارک اور چمکتی پیشانی والے۔

۶۔ پس جو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے اور زیادہ (نعمتیں) حاصل کرتا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی ناشکری کرتا ہے وہ حوادث سے دو چار ہوتا ہے۔

حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اگر کسی شاعر نے اچھے شعر کہے ہیں تو تیرے شعر بہت اچھے ہیں۔ اس سلسلہ میں احادیث اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال بے شمار ہیں۔ اگر وہ تلاش کیے جائیں تو ہزاروں مل جائیں گے۔ اس بارے میں اللہ تعالیٰ کا یہ کلام بہت واضح ہے۔

" ولو أنهم اذ ظلموا أنفسهم جاء وك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توّابًا رحيمًا " [النساء : ۶۴] (اے حبیب! اگر وہ لوگ جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتے اور رسول ﷺ بھی ان کے لیے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے۔)

حضور نبی اکرم ﷺ کے قرابت داروں سے توسّل:

جس طرح حضور اکرم ﷺ کی ذات سے توسل جائز ہے، اُن بزرگوں کے ذریعہ بھی توسل مستحسن اور جائز ہے جن کو حضور سے خاص نسبت ہے۔ جب قحط پڑتا تو

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل اختیار کرتے تھے اور کہتے تھے۔ اے اللہ تعالیٰ! جب ہم قحط میں مبتلا ہوتے تھے تو تیرے نبی مکرم کو وسیلہ بناتے تھے، تو ہمیں سیراب فرمادیتا تھا اب ہم تیرے نبی مکرم ﷺ کے چچا کو وسیلہ بناتے ہیں، ہمیں سیراب فرمادے۔ تو وہ سیراب ہوجاتے تھے۔ جیسا کہ صحیح بخاری میں مذکور ہے کہ عام الرمادہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا تھا۔ اسی لئے حضرت عباس ابن عتبہ نے کہا ہے۔

بِعَمِّیْ سَقَی اللّٰہُ الْحِجَازُ وَ اَھْلَہٗ

عَشِیَّۃَ یَسْتَسْقِیْ بِشَیْبَتِہٖ عُمَرُ

میرے چچا کے طفیل اللہ تعالیٰ نے حجاز اور اہل حجاز کو اس شام سیراب کیا جب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ آپ کے بڑھاپے کے طفیل سیرابی کی درخواست کر رہے تھے۔

بغداد میں حمزہ ابن القاسم الہاشمی نے استسقاء کی دعا کی تو اس میں کہا کہ اے اللہ تعالیٰ! میں اسی کی اولاد ہوں جس کے بڑھاپے کا واسطہ دے کر سیدنا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے دعا کی تھی۔ وہ برابر اسی طرح سے دعا کرتے رہے حتیٰ کہ بارش ہونے لگی۔

روایت ہے کہ جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے واسطہ سے بارش کی دعا کی اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ دعا کرکے فارغ ہوئے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے بارگاہ الٰہی میں یوں عرض کی۔ "اے اللہ تعالیٰ! آسمان سے بلا گناہ کی وجہ سے نازل ہوتی ہے اور توبہ سے ٹلتی ہے میرے واسطہ سے قوم تیری طرف متوجہ ہے۔ چونکہ میرا تیرے نبی سے رشتہ ہے اب ہم گناہوں کے بارے میں تیرے سامنے ہاتھ پھیلا رہے ہیں اور ہماری پیشانیاں توبہ کے لئے تیرے سامنے ہیں۔" حضرت عباس رضی اللہ عنہ یہ دعا فرما ہی رہے تھے کہ آسمان میں پہاڑ جیسے بادل گرجنے لگے۔

اسی طرح کا توسل دوسرے نیک لوگوں کے ذریعہ کرنا بھی درست ہے۔ اور یہ ایسی بات ہے جس کا کوئی مسلمان ہی نہیں بلکہ دیگر کسی مذہب کے ماننے والے بھی انکار نہیں کرسکتے۔ اب اگر یہ کہا جائے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کی

ذات مبارکہ اور آپ کی قبر مبارک کو چھوڑ کر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل کیوں اختیار کیا؟ تو اس کو سمجھ لیجئے کہ ان کے اس فعل سے حضور نبی اکرم ﷺ اور آپ کی قبر مبارک کے توسل کا انکار لازم نہیں آتا۔

حضرت ابو الجوزاء نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ مدینہ میں سخت قحط پڑا۔ لوگوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں پہنچ کر قحط کی شکایت کی تو انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی قبر کی چھت میں سوراخ کر دو تاکہ قبر اور آسمان کے درمیان چھت حائل نہ رہے۔ چنانچہ ایسا کیا گیا تو بارش شروع ہوگئی اور اس قدر بارش ہوئی کہ عشب گھاس بکثرت پیدا ہوئی اور اونٹ اس قدر موٹے ہوگئے کہ چربی سے ان کے بدن پھٹنے لگے۔ اسی لئے اس سال کو عام الفتق (پھٹن) کا سال کہا جانے لگا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل دو وجوہات کی بنا پر اختیار کیا۔ ایک وجہ تو یہ ہے کہ ان سے بھی دعا کرانی تھی جیسا کہ انہوں نے کی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ بارش کی دعا کرنے والوں میں اور اس بارش سے نفع اٹھانے والوں میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ بھی تھے اور وہ خود بھی بارش کے محتاج تھے۔ حضور نبی اکرم ﷺ تو اس وقت ان باتوں سے بے نیاز تھے تو حضرت عباس رضی اللہ عنہ میں حضور نبی اکرم ﷺ سے رشتہ داری، ان کی اپنی حاجت اور آپ کی ضعیف العمری یہ سب صفتیں جمع تھیں۔ اور اللہ تعالیٰ بوڑھے مسلمان سے حیا فرماتا ہے۔ خصوصاً حضور نبی اکرم ﷺ کے بوڑھے رشتہ دار سے اور مضطر کی دعا ضرور قبول کرتا ہے۔ اس لئے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کا توسل اختیار کیا تھا۔

اعتراض:

اگر مخالف یہ کہے کہ ہم ان دلائل کی بنیاد پر جو ذکر کئے گئے ہیں توسل اور شفاعت طلب کرنے کو منع نہیں کرتے البتہ دعاء میں بجاہ النبی کہنے کو اور استغاثہ کرنے کو منع کرتے ہیں۔ اس لئے کہ ان دونوں سے یہ خدشہ لاحق ہوتا ہے کہ جس شخصیت کی

وجاہت کا واسطہ دیا جارہا ہے یا جس کے ذریعہ استغاثہ کیا جارہا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے بڑی شخصیت ہے۔

جواب:

ہم کہتے ہیں کہ اس قسم کا ادنیٰ تصور بھی کسی مسلمان کے ذہن میں نہیں آسکتا۔ بجاہ النبی میں حضور نبی اکرم ﷺ کے عالی مرتبہ ہونے کا اعتراف ہے۔ اور ایک عالی رتبہ اپنے سے بڑے عالی رتبہ سے سفارش کر سکتا ہے۔ لہٰذا اس میں حضور نبی اکرم ﷺ کی اللہ تعالیٰ پر بڑائی کا کوئی تصور نہیں ہے۔ غرضیکہ توسل، تشفع، تجوہ، استغاثہ، یا حضور نبی اکرم ﷺ سے استغاثہ کرنے یا کسی دوسرے نبی یا کسی نیک شخص سے کرنے کے یہی معنی ہیں جو ہم نے بتائے کہ استغاثہ کی صورت میں اللہ تعالیٰ ہی سے مدد طلب کی جاتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کو صرف واسطہ قرار دیا گیا ہے۔ اب اگر یہ بات کسی کی سمجھ میں نہیں آتی تو وہ اپنی عقل پر ماتم کرے۔-----------

----

شفاعت کی دوسری حالت:

شفاعت کی دوسری حالت یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے وصال مبارک کے بعد قیامت کے میدان میں حضور نبی اکرم ﷺ سے شفاعت کی درخواست ہو۔ یہ شفاعت وہ ہے جس پر امت کا اجماع ہے۔ اسی کتاب میں ہم اس کی مزید تشریح کریں گے۔

شفاعت کی تیسری حالت:

اس سے مراد یہ ہے کہ شفاعت کی درخواست حضور نبی اکرم ﷺ سے آپ کی برزخی زندگی میں کی جائے۔ یہ بھی دلائل سے ثابت ہے امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کی ''دلائل النبوۃ'' میں مالک الدار سے مروی ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں ایک شخص حضور اکرم ﷺ کی قبر کے پاس حاضر ہوا اور عرض کی: یا رسول اللہ! اپنی امت کے

لئے اللہ تعالیٰ سے بارش کی دعا فرما دیں آپ کی امت برباد ہو رہی ہے۔'' یہ دعا کرنے کے بعد جب وہ سویا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے اس سے خواب میں فرمایا: ''عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ اور ان سے ہمارا سلام کہو اور کہہ دو کہ بارش ہوگی اور ان سے کہنا سمجھداری سے کام لو، سمجھداری سے۔'' وہ شخص حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس گیا اور ان کو سارا واقعہ سنایا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ رونے لگے اور کہنے لگے۔ میں تو بقدر طاقت کوئی کوتاہی نہیں کرتا۔

روایت کا مفہوم:

اس روایت سے یہی بتانا تھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ کے وصال مبارک کے بعد برزخی زندگی میں بھی آپ سے بارش کی دعا کے لئے درخواست کی جاسکتی ہے۔ اس حالت میں حضور نبی اکرم ﷺ دعا کرانا کوئی مستعبد چیز نہیں ہے جبکہ یہ ثابت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو اس حالت میں سائل کے سوال کا علم ہوتا ہے اور بسا اوقات آپ جواب بھی دیتے ہیں۔

توسل کی تیسری قسم:

اس کی صورت یہ ہے کہ اپنا مقصد حضور نبی اکرم ﷺ سے طلب کرے۔ بایں معنیٰ کہ حضور نبی اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ سے دعا کر کے اور طلب کر کے اس کے مقصد کو پورا فرمادیں۔ اس سلسلہ کی یہ روایت ہے کہ ایک صحابی نے حضور سے عرض کیا کہ جنت میں مجھے اپنا ساتھ عطا فرمائیں۔ تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بکثرت سجدے کر کے اس معاملہ میں میری مدد کر۔'' اس بارے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بہت سے اقوال ہیں۔ اس سوال میں بھی مقصد یہ نہیں ہوتا تھا کہ مقصد حضور پورا فرما دیں گے بلکہ مقصد یہ ہوتا تھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ مقصد کے لئے شفاعت فرمادیں گے اور پھر اللہ تعالیٰ اس مقصد کو پورا فرمادیں گے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کی ''دلائل النبوۃ'' میں مذکور ہے کہ عثمان ابن ابی العاص

رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے قرآن کے معاملہ میں اپنی قوت حافظہ کی کمزوری کی شکایت کی تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ اس شیطان کا اثر ہے جس کو خنزب کہا جاتا ہے۔ اے عثمان! میرے قریب آ جا۔'' میں قریب ہوا تو حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک میرے سینہ پر رکھ دیا جس کی ٹھنڈک میں نے کمر تک محسوس کی۔ پھر فرمایا: اے شیطان! عثمان کے سینہ سے نکل جا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ اس کے بعد میرا حافظہ اس قدر قوی ہوا کہ جو سنتا تھا یاد ہو جاتا تھا۔''

دیکھو حضور نبی اکرم ﷺ کا شیطان کو نکل جانے کا حکم دینا اللہ تعالیٰ کی اجازت سے تھا اور حقیقتاً اس فعل کا خالق تو اللہ تعالیٰ ہی تھا۔ ہم ہرگز یہ نہیں کہتے کہ شیطان کے نکالنے میں حضور مستقل بالذات تھے۔ اور قدرت الٰہی کا اس میں کوئی دخل نہ تھا بلکہ کسی بھی مسلمان کا یہ عقیدہ نہیں ہوسکتا۔ اس طرح کی صورت میں یہ حضور نبی اکرم ﷺ سے صورتاً طلب ہے ورنہ دراصل حضور نبی اکرم ﷺ کا مقام سفارش کرنے والے کی طرح ہے۔ اب اس کو خواہ توسل کہیں یا تشفع یا استعانت یا تجوہ یا توجہ سب کے یہی معانی ہیں۔

تشفع کے بارے میں گذشتہ احادیث مبارکہ میں وفد بنی فزارہ کا قول حضور نبی اکرم ﷺ کے لئے مذکور ہے۔ انہوں نے عرض کیا تھا۔ تَشَفَّعْ لَنَا اِلٰی رَبِّكَ" (اپنے رب سے ہماری سفارش فرما دیں۔) اسی طرح نابینا صحابی والی حدیث میں بھی ایسے الفاظ ہیں جو تشفع کے معنی میں ہیں۔ تجوہ اور توجہ کے ایک ہی معنی ہیں۔ قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں ہے۔

وَكَانَ عِنْدَاللهِ وَجِيْهًا۔ [احزاب: ۶۹] وہ اللہ تعالیٰ کے یہاں آبرو رکھتے تھے۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں ہے۔" وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ" [آل عمران: ۴۵] دنیا اور آخرت میں مقام والے تھے۔

مفسرین نے وجیھاً کے معنی صاحب جاہ و مرتبہ کے کئے ہیں۔ جوھری نے کہا ہے۔ وجیھاً ای ذُوْجَاهٍ وَ قَدْرٍ وَالْجَاهُ : اَلْقَدر وَالْمَنْزِلَةُ۔ ابن فارس نے کہا ہے۔ فُلَانٌ وَجِيْهٌ اے ذوجاہ۔ جب تم یہ بات سمجھ گئے تو تجوہ کے معنی ہوئے توجہ بجاہ۔ اور اس

سے مراد اس کا وہ رتبہ اور قدر ہے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہے۔

استغاثہ کا معنی ومفہوم:

استغاثہ کا معنی ہے غوث (مدد) طلب کرنا۔ اب کبھی غوث، اس غوث کے خالق سے طلب کی جاتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے۔ " اذ تستغیثون ربکم " [انفال:۸] جس وقت تم اپنے ربّ سے فریاد کر رہے تھے۔

اور کبھی غوث کی نسبت اس کی طرف کی جاتی ہے جس کی طرف اس کی نسبت اس اعتبار سے ہوتی ہے کہ وہ یہ فعل سرانجام دے رہا ہوتا ہے۔ اور نبی اکرم ﷺ سے استغاثہ ان ہی معانی کے اعتبار سے ہے۔

استغاثہ کبھی متعدی بنفسہٖ ہوتا ہے اور کبھی باء کے ساتھ اس کا تعدیہ کر دیا جاتا ہے تو اِسْتَغَثْتُ النَّبِیَّ اور اِسْتَغَثْتُ بِالنَّبِیِّ کے ایک ہی معانی ہیں۔ یعنی ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ سے مدد طلب کی کہ وہ ہمارے لئے دعا فرمادیں۔ غوث کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف خَلق کے اعتبار سے ہے اور حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف کسب (اس فعل کو ادا کرنے) کے اعتبار سے ہے۔ تو استغاثہ بالنبی یا توسّل بالنبی بالکل درست اور جائز ہے۔ لغۃً بھی اور شرعاً بھی جیسا کہ حضرت ہاجرہ علیہا السلام نے فرمایا تھا۔ اَغِثْ اِنْ کَانَ عِنْدَکَ غَوَاثٌ۔ اگر تیرے پاس مدد ہے تو مدد کر۔

امام طبرانی رحمہ اللہ تعالیٰ کی "معجم کبیر" میں ایک روایت ہے جو بظاہر غیر اللہ سے استغاثہ کو منع کرتی ہے۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ چلو اس منافق کے بارے میں ہم رسول اللہ ﷺ سے استغاثہ کریں۔ چنانچہ وہ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ ہم آپ سے اس منافق کے بارے میں استغاثہ کرتے ہیں تو حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ استغاثہ مجھ سے نہیں ہوتا بلکہ اللہ تعالیٰ سے ہوتا ہے۔"

اس روایت کے راوی ابن لہیعہ ہیں اور ان پر کافی اعتراضات ہوئے ہیں۔ پھر بھی اگر اس حدیث کو صحیح مان لیا جائے تو چند معانی پر محمول کی جائے گی۔ ایک تو یہ کہ

معاملہ دراصل یہ تھا کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے بحکم الٰہی منافقین پر مسلمانوں کے احکام جاری کر رکھے تھے اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کسی خاص منافق کو قتل کرانا چاہتے تھے تو ظاہر ہے کسی منافق کے بارے میں حکم الٰہی کے خلاف حضور اکرم ﷺ عمل نہیں فرما سکتے تھے تو حضور کے فرمانے کا مطلب یہ تھا کہ اس معاملے کا تعلق تو صرف اللہ تعالیٰ سے ہے، اس لیے میں اس میں کچھ نہ کروں گا۔ کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ منشائے ایزدی کے خلاف دعا بھی نہیں کر سکتے تھے۔ اور کسی شرعی حکم میں بغیر وحی الٰہی کے تبدیل نہیں کر سکتے تھے تو لَا یُسْتَغَاثُ بِی (مجھ سے استغاثہ نہیں ہوتا) اگرچہ عام تھا لیکن مراد یہ خاص معاملہ تھا۔

دوسری بات یہ سمجھ لینی چاہیے کہ حقیقتاً مستغاث بہ اللہ تعالیٰ ہے اور غیر اللہ کا مستغاث بہ ہونا مجازاً ہے۔ تو حضور کا یہ فرمانا: "لَا یُسْتَغَاثُ بِی اِنَّمَا یُسْتَغَاثُ بِاللّٰهِ" ایسا ہے جیسا کہ حضور ﷺ نے ایک مرتبہ کچھ لوگوں کو اونٹ عطا فرمائے اور پھر فرمایا کہ میں نے تمہیں اونٹ نہیں دیے اللہ تعالیٰ نے دیے ہیں۔ تو ایسا فرمانے کا مطلب یہ تھا کہ مجھ سے استغاثہ کرنا دراصل اللہ تعالیٰ سے استغاثہ کرنا ہے کیونکہ حقیقتاً مستغاث بہ وہی ہے۔ اور اس طرح سے کئی بار احادیث میں آیا ہے۔

قرآن کریم فعل کی نسبت اس فعل کے سرانجام دینے والے کی طرف کرتا ہے۔ جس طرح حضور اکرم ﷺ کا فرمان ہے۔ "تم میں سے کسی کو اس کا فعل جنت میں داخل نہیں کرے گا۔" اس کے باوجود اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔ "**ادخلوا الجنة بما كنتم تعملون**" (جنت میں داخل ہو جاؤ ان افعال کی وجہ سے جو تم کرتے تھے۔) اسی طرح حضور اکرم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرمایا: "اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے ایک آدمی کو ہدایت عطا فرمائے گا۔" پس سرکار دوعالم ﷺ نے ادب کے طور پر ھدایت کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف فرمائی۔ جب کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ "**و جعلنا منهم آئمة يهدون بأمرنا**" (اور ہم نے ان میں سے آئمہ بنائے جو ہمارے امر کی ھدایت دیتے ہیں۔) پس اللہ تعالیٰ نے ھدایت کی نسبت ان آئمہ کی طرف فرمائی ہے اور یہ بسبیل کسب

ہے۔ اور اسی قبیل میں سے اللہ تعالیٰ کا یہ قول اپنے نبی مکرم ﷺ کے لیے ہے۔ " انك لتهدی الیٰ صراط مستقیم " (بے شک آپ صراط مستقیم کی طرف ھدایت دیتے ہیں۔) اور رہا اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان " انك لاتهدی من أحببت " (بے شک آپ ہدایت نہیں دے سکتے جس کو چاہیں) دراصل اس میں اپنے محبوب کو تسلی دینا ہے اور بوجھ کو دور کرنا ہے جو آپ ﷺ پر آپ کے چچا ابو طالب کے اسلام قبول نہ کرنے پر تھا۔ گویا کہ آپ ﷺ کو یہ کہا جا رہا ہے کہ آپ نے اپنی ذمہ داری نبھا دی ہے اور باقی رہا ھدایت کا معاملہ تو وہ دینا آپ کے ذمہ نہیں۔ پس آپ اس حوالے سے پریشان نہ ہوں۔

بہرحال استغاثہ اس سے بھی کیا جاسکتا ہے جس سے غوث حاصل ہو سکے۔ بایں معنیٰ کہ وہ خالق اور موجد غوث ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ۔ اور اس شخص سے بھی کیا جاسکتا ہے جو غوث کا سبب بن سکے۔ بخاری شریف میں قیامت کے دن کی شفاعت والی حدیث میں مذکور ہے۔" استغاثوا بآدم ثم بموسیٰ ثم بمحمّد" (یعنی لوگوں نے حضرت آدم علیہ السلام سے استغاثہ کیا پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پھر حضرت محمد ﷺ سے۔)

پس یہ لفظ استغاثہ کے استعمال میں حجت ہے۔ لیکن اس کی ضرورت نہیں کیونکہ استغاثہ اور سوال کا معنیٰ ایک ہی ہے خواہ اس کو جس لفظ سے بھی تعبیر کیا جائے۔ اور اختلاف اس کی ضروریات میں ہے باقی رہا شرعی جواز تو وہ واضح ہے۔ اور حضور نبی اکرم ﷺ سے سوال کرنے کا انکار، یہ درست نہیں کیونکہ اس کے جواز کا ثبوت ہم نے احادیث مبارکہ اور آثار سے فراہم کر دیا ہے۔

نواں باب

انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی اخروی زندگی کا بیان

جو احادیث ہم نے گزشتہ باب میں بیان کیں وہ اس موضوع پر مشتمل تھیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی روح مبارک حضور نبی اکرم ﷺ کی طرف واپس کر دی جاتی ہے اور آپ سلام کو سنتے ہیں اور جواب دیتے ہیں اور ہم نے مناسب سمجھا کہ دیگر انبیائے کرام و صالحین اور دیگر اموات کی زندگی کا بھی ذکر کر دیں۔ ہم نے یہ ذکر چند فصلوں میں مرتب کر دیا ہے۔

پہلی فصل

انبیائے کرام علیہم السلام کی اخروی زندگی کا احادیث سے ثبوت

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس سلسلہ میں ایک رسالہ تحریر فرمایا ہے اور اس میں اس موضوع پر احادیثیں جمع کی ہیں ان میں سے ایک حدیث یہ ہے۔ **"الأنبياء صلوات الله عليهم أحياء في قبورهم يصلون"** (انبیائے کرام علیہم السلام زندہ ہیں اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں)

ابن عدی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "الکامل" میں اس حدیث مبارکہ کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

حدیث کی سند کا بیان:

رواه ابن عدى في الكامل انا غير واحد اذنا حمزة بن يوسف انا احمد بن عدى الحافظ قال ثنا قسطنطين بن عبدالله الرومي مولى المعتمد على الله امير المؤمنين ثنا الحسين بن عرفة حدثني الحسن بن قتيبة المدائني ثن المستلم بن سعد الثقفي عن الحجاج الاسود عن ثابت البناني عن انس قال قال رسول الله ﷺ : " الأنبياء صلوات الله عليهم أحياء في قبورهم يصلون "

سند پر تبصرہ

ابن عدی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ حسن بن قتیبہ سے یہ حدیث غریب حسن ہے اور میری رائے ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔ اور ابن ابی حاتم نے اس کو ذکر کیا ہے اور اس پر کوئی جرح یا تعدیل نہیں کی۔ اور خطیب بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور امام دارقطنی رحمہ اللہ تعالیٰ کے حوالے سے البرقانی کو متروک الحدیث قرار دیا ہے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو اس "الجزء" میں ذکر کیا جس کو انہوں نے ابو سعید احمد بن محمد بن الخلیل الصوفی عن ابن عدی کی سند سے ذکر کیا ہے۔ اور پھر امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں۔ یہ حدیث حسن بن قتیبہ کے تفردات میں سے شمار کی جاتی ہے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کی سند کا بیان:

قد رویٰ عن یحیی بن ابی بکیر عن المستلم بن سعید و ھو فیما انا الثقة من اھل العلم انا ابو عمرو بن حمدان انا ابو یعلیٰ الموصلی ثنا ابوجھم الازرق بن علی ثنا یحیی بن ابی بکیر ثنا المستلم بن سعید عن الحجاج عن ثابت البنانی عن انس بن مالك قال قال رسول الله ﷺ :

"الأنبیاء صلوات الله علیهم أحیاء فی قبورهم یصلون"

اور میں کہتا ہوں کہ یحییٰ بن ابی بکیر ثقہ ہیں اور المستلم بن سعید ثقہ ہیں اور حجاج اگر تو یہ ابن ابی الزناد ہیں تو ثقہ ہیں اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور ہیں تو میں نہیں جانتا

دوسری حدیث:

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ایک حدیث بیان کی ہے جس کی سند اس طرح ہے۔

اخبرنا عبدالله الحافظ انا ابو حامد احمد ابن علی الحسنوی املاءً ثنا ابو عبد الله محمد بن عباس الحمصی بحمص ثنا ابو الربیع الزھرانی

ثنا اسماعیل بن طلحة بن یزید عن محمد بن عبد الرحمٰن بن ابی لیلی عن ثابت عن انس رضی اللہ عنہ عن النبیّ ﷺ قال:" أن الأنبیاء لا یترکون فی قبورھم بعد أربعین لیلةً و لکنّھم یصلّون بین یدی اللہ تعالٰی حتی ینفخ فی الصّور"

انبیائے کرام علیہم السلام چالیس راتوں کے بعد قبروں میں نہیں چھوڑے جاتے ہیں ہاں وہ اللہ تعالٰی کے سامنے نماز پڑھتے ہیں جب تک کہ نفخ صور ہوگا۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالٰی نے فرمایا: اگر یہ حدیث اگر انہی الفاظ کے ساتھ صحیح ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام پر چالیس دن ایسے گزرتے ہیں پھر مسلسل اللہ تعالٰی کے سامنے نماز پڑھتے رہتے ہیں۔ امام بیہقی رحمہ اللہ تعالٰی فرماتے ہیں۔ احادیث صحیحہ اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ موت کے بعد بھی انبیائے کرام علیہم السلام کو زندگی حاصل رہتی ہے۔

انبیائے کرام علیہم السلام کا قبور میں نماز پڑھنا

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالٰی نے اپنی سندوں سے یہ حدیث نقل کی ہے: " **مررت بموسی و ھو قائم یصلی فی قبرہ** " (میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گزرا وہ اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔)

ایک اور حدیث ان الفاظ میں نقل کی ہے

قد رأیتنی فی جماعة من الأنبیاء فاذا موسی قائم یصلی و اذا رجل ضرب جعد کانه من رجال شنوء ة و اذاعیسی ابن مریم قائم یصل اقرب الناس به شبھا عروة بن مسعود الثقفی و اذا ابراھیم قائم یصلی اشبه الناس به صاحبکم ،یعنی نفسه،فحانت الصلاة فأممتھم فلما فرغت من الصلاة قال قائل لی یا محمد ھذا مالك صاحب النار فسلم علیه فالتفت الیه فبدأنی بالسلام "

حضور نبی اکرم ﷺ بیان فرماتے ہیں کہ: میں نے اپنے آپ کو انبیائے کرام علیہم السلام کی جماعت میں دیکھا، وہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ وہ ایک شخص تھے چھریرے بدن کے گھنگریالے بالوں والے گویا کہ شنوءہ قبیلہ کے ایک شخص تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کھڑے ہوئے نماز پڑھتے ہوئے دیکھا وہ عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ عنہ سے مشابہ تھے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے اور وہ تمہارے صاحب سے مشابہ تھے۔ حضور اکرم ﷺ کی مراد اپنی ذات تھی۔ پھر نماز کا وقت آیا تو میں نے سب کی امامت کی۔ جب میں نماز سے فارغ ہوا تو کسی نے کہا۔ اے محمد ﷺ! یہ مالک ہیں جو دوزخ کے داروغہ ہیں ان کو سلام کرو۔ میں ان کی طرف متوجہ ہوا تو خود انہوں نے مجھے سلام کیا۔ یہ مسلم کی روایت ہے۔

حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ "حضور اکرم ﷺ کی انبیائے کرام علیہم السلام سے بیت المقدس میں ملاقات ہوئی" اور حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے معراج کے حوالے سے روایت ہے کہ "حضور اکرم ﷺ انبیائے کرام علیہم السلام سے آسمانوں میں ملے اور باہمی گفتگو ہوئی۔"

یہ سب روایتیں صحیح ہیں ان میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ ابتداءً حضرت موسیٰ علیہ السلام کو ان کی قبر میں دیکھا پھر ان کو بھی بیت المقدس میں لے جایا گیا جس طرح کہ حضور اکرم ﷺ کو لے جایا گیا پھر حضور کی طرح ان کی بھی آسمانوں کی جانب معراج ہوئی۔ لہذا مختلف احادیث میں مختلف مقامات پر ملاقات ہونے کا ذکر ہے۔ ان روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام زندہ ہیں۔

ایک اور روایت بھی اسی پر دلالت کرتی ہے جو اوس ابن اوس سے مروی ہے انہوں نے روایت کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ "تمہارے دنوں میں سب سے افضل جمعہ کا دن ہے۔ اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش ہوئی اسی دن انکی وفات ہوئی۔ اسی دن نفخہ ہوگا اسی دن صعقہ ہوگا۔ اسی دن میں مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔

تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا "حضور! ہمارا درود آپ پر کیسے پیش کیا جائے گا جبکہ آپ کی ہڈیاں تو بوسیدہ ہوچکی ہوں گی؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: "انّ اللّٰہ تعالیٰ حرّم علی الأرض أن تاکل أجساد الأنبیاء" (اللہ تعالیٰ نے زمین پر حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیائے کرام علیہم السلام کے جسموں کو کھائے۔) اس روایت کو امام ابوداود رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس حدیث کے بہت سے شواہد ہیں۔ ان میں سے ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ کی یہ روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: "أکثروا الصّلاۃ علیّ فی یوم الجمعۃ فانہ لیس یصّلی علیّ أحد یوم الجمعۃ الا عرضت علیّ صلاتہ" (جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو۔ جمعہ کے دن جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے اس کا درود مجھے پہنچایا جاتا ہے۔)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: "ہر جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو اس لئے کہ میری امت کے درود مجھ پر ہر جمعہ کو پیش کیے جاتے ہیں۔ تو جس کے جس قدر زیادہ درود ہوں گے تو اسی قدر وہ رتبہ میں مجھ سے قریب ہوگا"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "قیامت کے دن ہر جگہ مجھ سے قریب تر وہ ہوگا جو دنیا میں مجھ پر کثرت سے درود بھیجے گا۔ پس جو شخص جمعہ کے دن اور جمعہ کی شب مجھ پر درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس کی سو حاجتیں پوری فرمائے گا، ستر آخرت کی اور تیس دنیا کی۔ اور پھر اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ مقرر کر دیتا ہے اور اس کو میری قبر میں داخل کر دیتا ہے جس طرح تم پر ہدیے داخل ہوتے ہیں وہ مجھ پر درود بھیجنے والے کا نام ونسب اور قبیلہ بتا دیتا ہے۔ پھر میں اس کو سفید صحیفہ میں لکھ لیتا ہوں۔"

امام بیہقی نے یہ حدیث بھی ذکر کی ہے۔ "تم جہاں بھی ہو وہاں سے تمہارا درود مجھ پر پہنچ جاتا ہے۔" اور یہ حدیث بھی بیان کی ہے۔ "جو مسلمان مجھے سلام کرتا ہے اللہ

تعالیٰ نے میری روح واپس کردی ہوئی ہے تاکہ میں اس کا جواب دوں'' امام بیہقی نے فرمایا اس کے معانی یہی معلوم ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم ﷺ کی روح لوٹا دی ہے تاکہ آپ سلام کا جواب دے سکیں۔ پھر امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ حدیث ذکر کی ہے'' اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے گشت لگاتے ہیں وہ میری امت کا سلام مجھ تک پہنچا دیتے ہیں۔''

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔'' حضور اکرم ﷺ کا جو امتی آپ پر درود بھیجتا ہے وہ آپ ﷺ تک پہنچ جاتا ہے اور آپ سے فرشتہ عرض کرتا ہے۔ فلاں نے آپ پر اتنی بار درود بھیجا ہے۔''

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کو بھی ذکر کیا ہے۔'' جو شخص میری قبر کے پاس آکر درود بھیجے گا وہ میں سنتا ہوں۔'' پھر امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: انبیائے کرام علیہم السلام کی حیات اخروی پر جو احادیث دلالت کرتی ہیں ان میں یہ حدیث بھی ہے جس میں مذکور ہے۔'' جب مجھے صعقہ سے ہوش آیا تو میں نے دیکھا موسیٰ علیہ السلام عرش کا پایہ پکڑے کھڑے ہیں اب میں نہیں کہہ سکتا کہ وہ بیہوش ہوئے تھے اور مجھ سے پہلے ہوش میں آگئے تھے یا ان کو اس بیہوشی سے اللہ تعالیٰ نے مستثنیٰ کر دیا تھا۔'' اس حدیث کو امام بخاری اور امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ دونوں نے روایت کیا ہے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ کا حدیث سے استدلال:

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: پہلے صور پر بیہوشی اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیائے کرام علیہم السلام کی روحیں ان کی طرف لوٹا دی ہیں اور وہ اپنے رب کے پاس شہداء کی طرح زندہ ہیں۔ جب پہلی بار صور پھونکا جائے گا تو دوسروں کے ساتھ وہ بھی بے ہوش ہو جائیں گے لیکن ان کی یہ موت بھی ہر حیثیت سے موت نہ ہوگی بلکہ محض شعور کا فقدان ہوگا۔ اور اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام اس بے ہوشی سے مستثنیٰ رہیں گے تو ان کا شعور اور احساس بھی باقی رہے گا اور ان کی طور پر بے ہوشی اس بیہوشی کے بدلے

حساب میں جڑ جائیگی۔ اسی طرح شہداء بھی اس بے ہوشی سے مستثنیٰ رہیں گے۔

امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے دلائل النبوۃ میں سلیمان التیمی اور ثابت البنانی کے حوالے سے حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''معراج کی شب میرا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذر ہوا وہ سرخ ٹیلے کے پاس اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''میں نے خود کو انبیائے کرام علیہم السلام کی جماعت میں دیکھا پس موسیٰ علیہ السلام کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ پھر حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اور ان کے احوال کا ذکر کیا اور فرمایا: پھر نماز کا وقت آ گیا تو میں نے سب کی امامت کرائی۔ اور ہم نے حضرت ابن المسیب رحمہ اللہ تعالیٰ سے مروی حدیث میں یہ بیان کیا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انبیائے کرام سے ملاقات بیت المقدس میں ہوئی تھی۔

اشکال کا ازالہ:

ہم نے حضرت انس ابن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں بیان کیا تھا کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر آخر تک تمام انبیاء کرام علیہم السلام کو آپ کے لیے بھیجا گیا اور آپ نے ان سب کو لیلۃ الاسراء جماعت کرائی۔ اور ہم نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ایک اور حدیث صحیحہ میں بیان کیا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام کو چھٹے آسمان میں دیکھا۔ ان احادیث میں کوئی تضاد نہیں ہے۔ مختلف اوقات میں مختلف مقامات پر ملاقات ہوئی ہے۔ پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سفر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ پھر ان کو بیت المقدس لے جایا گیا جس طرح ہمارے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لے جایا گیا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بیت المقدس میں دیکھا۔ پھر ان کو چھٹے آسمان پر لے جایا گیا جس طرح حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لے جایا گیا پس آپ نے ان کو آسمان پر دیکھا۔ اسی طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تمام انبیائے کرام علیہم السلام کو پہلے زمین پر

دیکھا پھران کو آسمان پر۔ اور انبیائے کرام علیہم السلام چونکہ شہداء کی طرح زندہ ہیں اس لیے ان کا مختلف اوقات میں مختلف مقامات پر تشریف لے جانا ممکن ہے جس طرح اس کا تذکرہ حدیث صحیحہ میں ہوا ہے۔ یہ امام بیہقی رحمہ اللہ تعالیٰ اکلام تھا۔

حدیث اسراء میں مذکور ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی حضرت آدم علیہ السلام سے آسمان دنیا پر ملاقات ہوئی حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ اس حالت میں تھے کہ ان کے دائیں جانب افراد کی ایک جماعت تھی اور بائیں جانب افراد کی ایک جماعت تھی۔ جب وہ دائیں طرف دیکھتے تھے تو ہنستے تھے اور جب بائیں جانب دیکھتے تھے تو روتے تھے۔ انھوں نے حضور اکرم ﷺ سے کہا ''خوش آمدید! اے نیک نبی اور نیک بیٹے'' حضرت ابراہیم علیہ السلام سے حضور ﷺ کی ملاقات ساتویں آسمان پر ہوئی۔ وہ بیتِ معمور سے کمر لگائے بیٹھے تھے اور حضور ﷺ نے فرمایا جس رات کو مجھے معراج ہوئی میرا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس سے گذر ہوا ان کا قد لمبا تھا، گھنگریالے بال تھے۔ گویا کہ وہ قبیلہ شنوءہ کے فرد تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا ان کا درمیانہ قد تھا، رنگ سفید سرخی مائل تھا، سر کے بال سیدھے تھے۔'' ایک دوسری حدیث میں ہے وہ ہلکے جسم کے تھے۔ پھر میری حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ملاقات ہوئی وہ درمیانہ قد سرخ رنگ کے تھے گویا غسل خانہ سے نکل کر آرہے تھے۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا اور میں ان کی اولاد میں ان سے زیادہ مشابہ ہوں۔

ایک اور حدیث مبارکہ میں ہے۔'' ایک شب مجھے کعبہ کے پاس دکھایا گیا تو میں نے ایک گندمی رنگ کے ایک ایسے حسین شخص کو دیکھا جو گندمی رنگ والے انسانوں میں سے سب سے زیادہ حسین تھا اور ان کے سر پر حسین ترین زلفیں تھیں جن میں کنگھی کی ہوئی تھی ان سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے۔ وہ دو آدمیوں پر ٹیک لگائے ہوئے تھا یا راوی نے کہا تھا کہ وہ دو آدمیوں کے کندھوں پر ٹیک لگائے ہوئے تھا اور بیت اللہ کا طواف کر رہا تھا۔ میں نے دریافت کیا کہ یہ کون ہے؟ تو بتایا گیا کہ یہ مسیح ابن مریم ہیں۔''

ایک اور حدیث میں ہے۔'' میں حطیم میں تھا اور قریش مجھ سے میری اسراء کے احوال دریافت کر رہے تھے۔ انہوں نے بیت المقدس کے بارے میں ایسی چیزوں کے

متعلق سوال کیا جو میں نہ دیکھ سکا تھا تو میں اس قدر پریشان ہوا کہ اس سے پہلے اس قدر پریشان نہ ہوا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو اٹھا کر میرے سامنے کر دیا اب وہ جو سوال کرتے تھے میں دیکھ کر ان کو جواب دے دیتا تھا۔ پھر میں نے اپنے آپ کو انبیائے کرام علیہم السلام کی جماعت میں دیکھا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے، ہلکے بدن کے تھے، گھنگریالے بالوں والے تھے گویا کہ شنوءہ قبیلہ کے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا وہ کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے۔ عروہ ابن مسعود ان سے مشابہ تر ہیں۔ میں نے دیکھا حضرت ابراہیم علیہ السلام کھڑے ہوئے نماز پڑھ رہے ہیں۔ میں ان سے مشابہ تر ہوں۔ پھر نماز کا وقت آ گیا اور میں نے سب کی امامت کی۔ جب میں نماز سے فارغ ہوا تو کسی نے کہا۔ یہ داروغہ جہنم مالک ہیں ان کو سلام کیجئے۔ میں متوجہ ہوا تو انہوں نے مجھے پہلے سلام کیا۔''

ایک حدیث میں ہے کہ حضور وادی ازرق سے گزر رہے تھے تو فرمایا: ''میں گویا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں گھاٹی سے نیچے اتر رہے ہیں اور لبیک کہہ رہے ہیں۔'' پھر حضور ہرشیٰ گھاٹی پر پہنچے تو فرمایا: ''گویا کہ میں یونس ابن متی علیہ السلام کو سرخ اونٹنی پر دیکھ رہا ہوں وہ اون کا جبہ پہنے ہوئے ہیں۔ ان کی اونٹنی کی مہار کھجور کے پٹھے کی ہے اور وہ تلبیہ پڑھ رہے ہیں۔''

ایک دوسری حدیث میں مذکور ہے۔ ''گویا کہ میں موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں وہ دونوں کانوں میں انگلیاں دیے ہوئے ہیں۔'' اور یہ سب احادیث بخاری میں موجود ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور دیگر انبیائے کرام کی بہت سی احادیث میں جسمانی صفات بیان کئے گئے ہیں اور کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا ذکر ہے اور حضور اکرم ﷺ کا ان سب کی امامت کرنے کا ذکر ہے۔

اعتراض:

حدیث میں لفظ اُرانی آیا ہے۔ اس لیے کوئی کہہ سکتا ہے کہ یہ دیکھنا محض خواب

میں دیکھتا تھا اور لفظ ''أرانی'' اسی کی طرف اشارہ ہے۔

جواب:

حضور اکرم ﷺ اسراء و معراج کے واقعات کا ذکر فرما رہے ہیں اور اس اسراء و معراج کے بارے میں جمہور سلف کا قول یہ ہے کہ وہ بیداری کی حالت میں ہوئی تھی نیند کی حالت میں نہ تھی اور بالفرض اگر یہ مان لیا جائے کہ یہ سب خواب کی باتیں ہیں تو بھی انبیائے کرام علیہم السلام کا خواب کبھی غلط نہیں ہو سکتا۔ اور ''أرانی'' کا لفظ خواب کی حالت پر دلالت نہیں کرتا۔ جیسا کہ ''رأیتنی فی الحجر'' بتا رہا ہے۔ اور دیگر باتوں سے عیاں ہے کہ یہ واقعات خواب میں نہیں بلکہ بیداری کی حالت میں آپ نے دیکھے تھے۔ قرآن پاک میں ہے۔''فلا تکن فی مریۃ من لقائہ'' [السجدہ : ۲۳] سو مت رہو دھوکے میں اس کے ملنے سے۔'' اور صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے اس کی تفسیر میں کہا ہے کہ اس کی ضمیر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف لوٹتی ہے۔ یعنی نبی اکرم ﷺ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ملاقات کی۔

اسی طرح قرآن پاک میں ہے۔''واسئل من أرسلنا من قبلک من رسلنا'' [الزخرف : ۴۵] اور پوچھ ان سے جو رسول بھیجے ہم نے آپ سے پہلے'' اس آیت کے بارے میں قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیان کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے رسل کرام علیہم السلام سے معراج میں پوچھا تھا۔

انبیائے کرام علیہم السلام کی حیات برزخی پر اعتراض:

اگر یہ کہا جائے کہ جب انبیائے کرام علیہم السلام وصال فرما چکے ہیں تو حج کیسے ادا فرماتے ہیں؟ اور تلبیہ کیسے پڑھتے ہیں؟ پھر وہ دار آخرت میں ہیں دار آخرت دار عمل نہیں ہے وہاں حج اور تلبیہ کیسا؟

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کا جواب

یاد رکھیں انبیائے کرام علیہم السلام شہداء کی طرح ہیں، بلکہ ان سے بھی افضل ہیں اور جب شہداء اپنے رب کے پاس زندہ ہیں تو انبیائے کرام علیہم السلام بھی زندہ ہیں ان کے حج کرنے اور نماز پڑھنے میں کوئی استبعاد نہیں۔ وہ ان اعمال کے ذریعہ مزید تقرب الی اللہ حاصل کرتے ہیں اگرچہ وہ اس دنیا میں جو کہ دار العمل ہے اس میں نہیں رہے مگر ان کے عمل کرنے کا سلسلہ اب بھی منقطع نہیں ہوا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ آخرت میں بھی عمل ہے اور وہ ذکر اور دعا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ ''دعواهم فيها سبحانك اللهم'' [یونس : ۱۰] اور ان کی دعا یہ ہوگی'' اے اللہ تعالیٰ تو پاک ہے۔''

تیسری وجہ یہ ہوسکتی ہے کہ یہ باتیں حضور اکرم ﷺ کو خواب میں دکھائی گئی ہوں اور حضور یہ شب معراج کے واقعات نہ بیان کر رہے ہوں یا حضور کو تمثیلاً ان انبیائے کرام علیہم السلام کی دنیوی زندگی دکھائی گئی ہو کہ وہ انھوں نے کس طرح گذاری ہے۔

چوتھا یہ بھی ممکن ہے کہ یہ باتیں حضور اکرم ﷺ کو ان کا حال جو دنیا میں تھا دکھایا گیا ہو اور پھر ان کے احوال تمثیلاً دکھائے گئے ہوں کہ ان حضرات کا حج اور تلبیہ کیسے تھا۔

پانچویں صورت یہ ہوسکتی ہے کہ یہ تمام باتیں وحی کے ذریعے بتائی گئی ہوں اور حضور اکرم ﷺ نے آنکھ سے نہ دیکھی ہوں۔ یہ تو جیہات قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کی ہیں۔

انبیائے کرام علیہم السلام کے احوال کے مشاہدہ پر اعتراضات :

شب اسراء انبیائے کرام علیہم السلام کے احوال کے مشاہدہ پر ہونے والے اعتراضات کا صحیح جواب ان دو میں سے ایک ہے۔

ایک تو یہ کہ عالم برزخ پر دنیا کے احکام جاری ہوتے ہیں۔ وہاں بھی عمل کو

بڑھایا اور زیادہ اجر حاصل کیا جاسکتا ہے۔ قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ کے پہلے جواب کا یہی مطلب ہے۔

دوسرے یہ کہ آخرت میں انسان مکلف نہیں رہتا اور یہ ضروری نہیں کہ اعمال مکلف ہونے کی حیثیت سے ہی کئے جائیں۔ یہی اعمال بطور لذت کے بدون تکلیف کے کئے جاتے ہیں۔ جیسا کہ حضور نبی اکرم ﷺ شفاعت کی حالت میں سجدہ کریں گے تو یہ بھی عبادت ہی ہے لیکن حضور کا یہ فعل کسی حکم کی بجا آوری کے لئے نہ ہوگا بلکہ عجز و انکسار کے اظہار کے لئے اور بطور لذت کے ہوگا۔

حضرت ثابت البنانی تابعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہ دعا کی تھی۔ ''اے اللہ تعالیٰ! اگر تو نے کسی کو قبر میں نماز پڑھنے کی طاقت دی ہو تو مجھے بھی عطا فرما دے۔'' چنانچہ خواب میں دیکھا گیا کہ وہ قبر میں نماز پڑھتے ہیں۔

یہ بھی یاد رکھیں کہ انبیائے کرام علیہم السلام کی ارواح قبض کرتے وقت یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ چاہیں تو دنیا میں مزید رہیں اور چاہیں تو دار آخرت میں آجائیں۔ اگر وصال کے بعد ان کے نیک اعمال مزید درجات کے اضافہ کا سبب نہ بنتے تو وہ ہرگز پسند نہ فرماتے اور یہی چاہتے کہ دنیا میں زیادہ عرصہ رہ کر اپنے مراتب مزید بڑھاتے رہیں۔

یہ چند احادیث ہم نے انبیائے کرام علیہم السلام کی حیات اخروی کے ثبوت کے حوالے سے ذکر کی ہیں۔ قرآن پاک میں ایسی آیات موجود ہیں جو ان کی زندگی کو بتاتی ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ (اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے جائیں انہیں ہرگز مردہ خیال (بھی) نہ کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے حضور زندہ ہیں انہیں (جنت کی نعمتوں کا) رزق دیا جاتا ہے۔'' [آل عمران : ۱۶۹]

اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ شہداء زندہ ہیں۔ اور جب شہداء کو یہ فضیلت حاصل ہے تو انبیائے کرام علیہم السلام کو چند وجوہ سے بدرجہ اولیٰ حاصل ہوگی۔ ایک یہ ہے شہداء کو یہ مرتبہ ان کے اعزاز کے لئے دیا گیا ہے۔ تو ظاہر ہے کہ انبیائے کرام علیہم

السلام کا رتبہ تو شہداء سے بلند ہے تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ یہ اعزاز شہداء کو تو حاصل ہو مگر انبیائے کرام علیہم السلام کو نہ حاصل ہو۔ خصوصاً جبکہ یہ اعزاز اللہ تعالیٰ سے زیادہ قرب اور انس کا ذریعہ ہے۔

دوسرا سبب یہ ہے کہ یہ رتبہ شہداء کو اس لئے حاصل ہوا کہ انھوں نے اپنی جانیں اللہ تعالیٰ کے لئے قربان کی ہیں اور حضور اکرم ﷺ کی ذات گرامی ہی ہے کہ جس نے جہاد کی یہ عبادت جاری کی اور لوگوں کو اس کی دعوت دی اور اس راہ کی بحکم خداوندی رہنمائی کی اور خود حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"من سنّ سنةً حسنةً فله اجرها و أجر من عمل بها الٰی یوم القیامة و من سنّ سنةً سیئةً فعلیه وزرها و وزر من عمل بها الیٰ یوم القیامة"

جس شخص نے کوئی اچھا طریقہ ایجاد کیا اس کا اس کو اجر ملے گا اور جو لوگ قیامت تک اس طریقہ پر چلیں گے ان کو اجر ملے گا۔ اور اس اچھا طریقہ ایجاد کرنے والے کو بھی ان لوگوں کے اجر کے برابر اجر ملتا رہے گا اور ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔ اسی طرح جس کسی نے کوئی برا طریقہ ایجاد کیا اس کو اس کا گناہ ملے گا۔ اور قیامت تک اس پر چلنے والوں کے ساتھ اس کو بھی گناہ ملتا رہے گا اور ان کے گناہوں میں کوئی کمی نہ ہوگی۔

ایک اور حدیث میں ہے: "جس شخص نے ہدایت کی طرف بلایا اس کو اتنا ہی اجر ملے گا جتنا اجر اس شخص کو ملے گا جو اس ہدایت کی پیروی کرنے والا ہے اور ان کے اجر میں کمی نہیں کی جائے گی اور جس شخص نے کسی کو گمراہی کی طرف بلایا تو اس کو اتنا ہی گناہ ملے گا جتنا اس غلط کام کرنے والے کو ملے گا اور ان کے گناہوں میں کمی نہیں کی جائے گی۔" اسی مفہوم کی بہت سی صحیح احادیث مشہور ہیں۔

پس ان قواعد کی رو سے جو اجر ہر شہید کو ملے گا وہ اجر حضور اکرم ﷺ کو بھی ملے گا اور شہید کو بطور اجر زندگی ملی ہے۔ لہذا وہ زندگی بھی حضور ﷺ کو حاصل ہوگی۔ غرض کہ

ہر مسلم کے حسنات اور اعمالِ صالحہ جس طرح اس کے اعمال نامہ میں درج ہوں گے حضور ﷺ کے صحائف میں بھی لکھے جاتے رہیں گے اور حضور ﷺ کو امت کے اشخاص کی شمار سے اتنے گنا زیادہ ثواب اور اجر ملے گا کہ عقل اس کی شمار سے عاجز ہے۔ بس اللہ تعالیٰ ہی اس کو شمار کر سکتا ہے۔ اور عقل اس کے ادراک سے قاصر ہے۔ پس ہر شخص جو نیک عمل کرتا ہے اور اس کا اتنا اجر اس کے استاد یا مرشد جس نے اس کو یہ نیک عمل سکھایا تھا اس کو بھی اس کے برابر عمل ملتا ہے اور اس کے شیخ کے شیخ کو اس سے دوگنا اور اس کے شیخ کو اس سے دوگنا اور اسی طرح یہ اجر بڑھتا ہوا حضور اکرم ﷺ تک کئی گنا ہو کر آپ کی بارگاہ میں پہنچتا ہے۔ پس اگر حضور ﷺ کے بعد دس درجات شمار کر لیے جائیں تو حضور اکرم ﷺ کو پہنچنے والا اجر ۱۰۲۴ (ایک ہزار چوبیس) ہوگا۔ اور جب اس دسویں فرد کے ذریعے گیارھویں فرد ھدایت پاتا ہے تو حضور اکرم ﷺ کا اجر ۲۰۴۸ (دو ہزار اڑتالیس) ہو جاتا ہے۔ اس طرح یہ اجر بڑھتا رہتا ہے۔ اور اسی طرح جتنا اجر تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حاصل ہوا وہ تمام کو تمام حضور اکرم ﷺ کو حاصل ہوا اور اسی لیے سلف کو خلف پر فضیلت حاصل ہے کیونکہ جتنا نیک عمل خلف کرتے ہیں اتنا ہی اسلاف کو اس کا اجر ملتا ہے۔ اور اسی لیے علم حاصل کرنے اور اس کو پھیلانے اور دعوت دین کو اہمیت حاصل ہے۔ اور اسی طرح اہل بدعت کو بدعات سیئہ کرنے کی وجہ سے گناہ حاصل ہوتا ہے اور ان بدعات پر عمل کرنے والے کا گناہ بھی اس بدعت کے شروع کرنے والے کو ہوتا ہے۔

تیسری وجہ یہ کہ حضور اکرم ﷺ خود بھی شہداء میں داخل ہیں کیونکہ آپ ﷺ کو خیبر میں قاتل زہر بھنی ہوئی بکری کے گوشت میں کھلایا گیا۔ حضرت بشر بن البراء رضی اللہ عنہ نے بھی وہ گوشت کھایا وہ فوراً شہید ہو گئے مگر حضور اکرم ﷺ بطور معجزہ زندہ رہے جس کا اثر حضور نبی اکرم ﷺ وفات کے وقت تک محسوس فرماتے رہے۔ اور جس مرض میں وفات ہوئی اس میں حضور ﷺ نے فرمایا۔ اب وہ وقت آ گیا ہے کہ خیبر والے زہر سے میری ابہری رگ کٹ رہی ہے۔ علمائے کرام نے کہا ہے کہ اس زہر کی وجہ سے حضور اکرم ﷺ کی ذات میں نبوت اور شہادت جمع ہو گئی ہیں۔

جو زندگی شہداء کے لئے ثابت ہے وہ صرف انہی کے لئے ہی نہیں ہے جو کسی معرکہ میں شہید ہوئے ہیں بلکہ وہ ہر قسم کے شہیدوں کے لئے ہے جیسا کہ طاعون اور ہیضہ میں مرنے والے، ڈوب کر مرنے والے شہداء۔

لفظ شہید کی تحقیق:

لفظ'' شہید'' فعیل کے وزن پر ہے جو شاہد یا مشہود کے معنی میں ہے۔ شہید کو شہید کیوں کہا گیا ہے؟ اس کی وجہ نضر ابن شمیل نے یہ بتائی ہے کہ شہید چونکہ زندہ ہوتا ہے اور زندہ شاہد و مشہود بن سکتا ہے۔ اس لئے شہید کو شہید کہا گیا ہے کہ اس قول کی بنا پر جس کو شہید کہا گیا ہے وہ زندہ ہے۔

بعض لوگوں نے کہا کہ اگر وہ شاہد کے معنی میں ہے تو اس لئے شہید کو شہید کہا گیا ہے کہ وہ پہلی امتوں پر گواہ بنے گا اور اللہ تعالی کی مہربانی اور لطف کا شاہد ہے اور اگر وہ مشہود کے معنی میں ہے تو شہید کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کی موت کے وقت ملائکہ رحمت حاضر ہوتے ہیں اور اس کی روح منازل قدس میں لے جاتے ہیں اور یہ تمام باتیں حضور ﷺ کی ذات گرامی میں جمع ہیں۔

حضور نبی اکرم ﷺ کی حیات اخروی کی کیفیات:

اب یہ ضروری ہے کہ ہم اس زندگی کی تفسیر کریں جو ہم حضور اکرم ﷺ کے لئے ثابت کر رہے ہیں اور اس زندگی کی بھی جو شہداء یا دیگر مُردوں کو حاصل ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی زندگی کی خصوصیت تو یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا مال وصال کے بعد بھی آپکی ملکیت میں تھا۔

امام الحرمین نے کہا کہ جو چیزیں حضور اکرم ﷺ کی زندگی میں ملکیت میں تھیں وہ اسی طرح وصال کے بعد بھی آپ کی ملکیت میں تھیں۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ ان کو اسی طرح خرچ کرتے تھے جس طرح حضور اکرم ﷺ اپنی حیات مبارکہ میں خرچ کیا کرتے تھے اور ان کا یہی خیال تھا کہ چونکہ حضور اکرم ﷺ کیلئے زندگی ثابت ہے لہذا ان کی

ملکیت بھی باقی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضور اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ دنیوی احکام کے اعتبار سے بھی باقی ہے اور یہ زندگی شہداء کی زندگی سے بڑھ کر ہے۔

اشکال:

اب غور طلب بات یہ ہے کہ قرآن پاک کہتا ہے: ''انك ميت و انهم ميتون'' [الزمر:۳۰] (بے شک آپ پر بھی موت طاری ہونے والی ہے اور بے شک وہ بھی مرنے والے ہیں) نیز حضور اکرم ﷺ نے خود فرمایا: ''میں بھی مرنے والا ہوں'' سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم ﷺ کے وصال مبارک کے بعد فرمایا تھا: ''ہمارے آقا محمد ﷺ پر تو موت طاری ہوگئی ہے۔''

اشکال کا ازالہ:

یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ حضور اکرم ﷺ پر طاری ہونے والی یہ موت، دائمی موت نہ تھی۔ بلکہ کچھ وقت کے لئے تھی پھر آپ زندہ کر دیے گئے۔ ملکیت ختم ہونے کا تعلق دائمی موت سے ہوتا ہے۔ حضور اکرم ﷺ کی اخروی زندگی شہداء کی زندگی سے اعلیٰ اور اکمل ہے وہ روح کے لئے بلا کسی اشکال کے ثابت ہے اور جسم کے لئے بھی ثابت ہے اسی لئے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام کے اجسام بوسیدہ نہیں ہوتے اور روح کا جسم میں واپس آنا سب مُردوں کے لیے ثابت ہے چہ جائیکہ شہداء اور انبیائے کرام علیہم السلام۔

قابل غور امر یہ ہے کہ آیا وہ روح مستقل طور پر جسم میں آجاتی ہے اور جسم اسی طرح زندہ ہو جاتا ہے جیسا کہ دنیا میں تھا یا وہ جسم بغیر روح کے زندہ رہتا ہے اور روح مشیت ایزدی کے ماتحت کسی اور جگہ رہتی ہے؟ روح کے ساتھ زندگی کا تعلق ایک عادی امر ہے عقلی نہیں ہے۔ عقل ممکن سمجھتی ہے کہ جسم بغیر روح کے زندہ رہے۔ ایک جماعت اس کی قائل ہے کہ روح کی زندگی کے ساتھ جسم کو بھی جداگانہ زندگی حاصل ہو جاتی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا قبر میں نماز پڑھنا اس کی دلیل ہے اس لئے کہ نماز کے ارکان کا تعلق

جسم کے اعضاء سے ہے۔

شب معراج کے بیان میں انبیائے کرام علیہم السلام کی جو حالتیں بیان کی گئی ہیں وہ بھی جسمانی صفات ہیں لیکن آخرت میں جسم کی وہ صفات اور ضروریات نہ ہوں گی جو دنیا میں تھیں۔ وہاں نہ بھوک ہو گی نہ پیاس لیکن ادراکات جیسا کہ جاننا اور سننا ہے حاصل ہوں گے۔ ہم اس کا ثبوت تمام مُردوں کے لیے کریں گے تو پھر انبیائے کرام علیہم السلام کو یہ کیوں حاصل نہیں ہوں گے؟

دوسری فصل:

شہداء کی زندگی کا بیان

علمائے کرام کا اس امر پر اجماع ہے کہ شہید پر زندگی کا اطلاق ہوتا ہے جس طرح کہ قرآن کریم نے بیان کیا ہے لیکن اس بات میں اختلاف ہے کہ ان کی زندگی حقیقی ہے یا مجازی؟ اور اگر حقیقی ہے تو کیا اب حاصل ہے یا قیامت میں حاصل ہو گی؟ اور اگر اب حاصل ہے تو وہ روح کو حاصل ہے یا جسم کو؟

اس بارے میں یہ چار اقوال ہیں۔ ان میں سب سے کمزور قول یہ ہے کہ وہ قیامت میں زندہ ہونگے اب زندہ نہیں ہیں۔ یہ قول کئی اعتبارات سے باطل ہے۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ شہداء کی زندگی کے بارے میں قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے کہ لوگ اس کو نہیں سمجھ سکتے ہیں۔ شہداء کی قیامت کی زندگی کو تو سب سمجھتے ہیں۔ دنیا کی زندگی ہی انوکھی بات ہے جو سمجھ میں نہیں آتی۔

حیات شہداء کی قرآن کریم سے دلیل:

شہداء کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

و یستبشرون بالذین لمّ یلحقوا بھم من خلفھم [آل عمران : ۱۷۰]

وہ (حیات جاودانی کی) ان (نعمتوں) پر فرحاں وشاداں رہتے ہیں جو اللہ تعالی

نے انہیں اپنے فضل سے عطا فرما رکھی ہیں اور اپنے ان پچھلوں سے بھی جو (تاحال) ان سے نہیں مل سکے (انہیں ایمان اور طاعت کی راہ پر دیکھ کر) خوش ہوتے ہیں"

تو شہداء کی زندوں کو بشارت دینا اس امر کی دلیل ہے کہ وہ اب زندہ ہیں ورنہ قیامت میں تو کوئی دنیا میں زندہ نہ ہوگا وہ کس کو بشارت دیں گے؟

حیات شہداء پر احادیث مبارکہ سے دلائل:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:
"جب تمہارے بھائی غزوہ احد میں شہید ہوئے تو اللہ تعالے نے ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں کر دیں وہ جنت کی نہروں سے پانی پیتی ہیں اور جنت کے پھل کھاتی ہیں اور عرش کے سایہ میں جو قندیل لٹکے ہوئے ہیں ان میں وہ رہتی ہیں۔ جب انھوں نے اپنے کھانے پینے اور خواب گاہوں کی عمدگی دیکھی تو کہا کوئی ہمارے بھائیوں کو بتادے کہ ہم جنت میں زندہ ہیں ہمیں رزق دیا جاتا ہے تاکہ وہ لوگ جہاد سے بے رغبتی نہ برتیں اور جنگ میں منہ نہ موڑیں۔ اس پر حضرت حق نے فرمایا، میں تمھارا پیغام ان کو پہنچادوں گا"، اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی" **ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربھم یرزقون**"[آل عمران: ۱۶۹] (اور جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے جائیں انہیں ہرگز مردہ خیال (بھی) نہ کرنا بلکہ وہ اپنے ربّ کے حضور زندہ ہیں انہیں (جنت کی نعمتوں کا) رزق دیا جاتا ہے۔" یہ ابوداؤد کی روایت ہے۔

صحیح مسلم میں حضرت مسروق رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ ہم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا ہم نے حضور نبی اکرم ﷺ سے یہی سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہیں اور وہ ان قندیلوں میں ہیں جو عرش میں آویزاں ہیں۔ ایک بار اللہ تعالیٰ نے ان کو دیکھا تو استفسار فرمایا: "تمہاری اور کوئی تمنا ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: "ہم

اور کیا تمنا کریں جنت میں جہاں کہیں چاہتے ہیں سیر کرتے ہیں'' حضرت حق نے تین بار ان سے یہی کہا کچھ اور تمنا ؟ آخر انھوں نے عرض کیا: ''اے اللہ تعالیٰ! ہم چاہتے ہیں کہ ہماری روحیں ہمارے جسموں میں لوٹا دی جائیں تاکہ ہم تیرے راستہ میں پھر جہاد کریں اور پھر شہید ہوں''حق تعالے نے محسوس فرمایا کہ اب ان کی کوئی حاجت باقی نہیں ہے تو پھر ان سے کوئی تعرض نہ کیا۔''

ان احادیث سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ ان کو قیامت سے پہلے سے زندگی حاصل ہے۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میری حضور نبی اکرم ﷺ سے ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے استفسار فرمایا: ''جابر تم رنجیدہ معلوم ہوتے ہو'' میں نے عرض کیا'' بیشک یارسول اللہ۔ میرے والد غزوۂ احد میں شہید ہو گئے ہیں اور بہت سی اولاد اور قرض چھوڑ گئے ہیں'' تو حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''میں تمہیں بتاؤں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے والد کے ساتھ کیا معاملہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں'' تو اس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے جب کسی سے بات کی ہے پردے کے پیچھے سے کی ہے لیکن تمہارے والد کو زندہ کیا اور بغیر پردے کے بات کی اور فرمایا: اے میرے بندے! کچھ تمنا کر میں تیری تمنا پوری کروں گا تو اس نے عرض کیا مجھے دوبارہ زندہ کردے تاکہ میں تیرے راستہ میں جہاد کروں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ''یہ تو ممکن نہیں ہمارا فیصلہ ہے کہ مرنے کے بعد دوبارہ دنیا میں کوئی نہ لوٹے گا'' اور اسی سلسلہ میں یہ آیت نازل ہوئی ؛'' **ولاتحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربهم یرزقون**'' [آل عمران: ۱۶۹] یہ روایت امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بیان کی ہے اور کہا ہے کہ اس سند کے حوالے سے یہ حدیث حسن غریب ہے۔اور حدیث کے یہ الفاظ ''اللہ تعالیٰ نے تیرے باپ کو زندہ کیا'' نئی زندگی کا تقاضا کرتے ہیں اور روح تو زندہ ہوتی ہے۔---------

ان روایتوں سے یہ ثابت ہو گیا کہ شہداء اب بھی زندہ ہیں ۔بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ شہداء کو زندگی حاصل ہے لیکن وہ حقیقی زندگی نہیں بلکہ مجازی ہے۔ یعنی ان کو

زندہ اس اعتبار سے کہا گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے اعتبار سے جنت میں نعمتوں کے مستحق ہیں یا اس اعتبار سے کہ ان کے دل میں تمنائیں باقی ہیں۔

ایسا کہنا بالکل غلط ہے۔ اس لئے کہ حقیقی معنی چھوڑ کر بلا کسی دلیل کے مجازی معنی مراد لینا درست نہیں ہے۔ تو اب لامحالہ شہداء کی زندگی اپنے حقیقی معنی میں ہے۔ یہی جمہور علماء کا قول ہے لیکن اس امر میں اختلاف ہے کہ کیا یہ حقیقی زندگی روح کو حاصل ہے یا روح اور جسم دونوں کو؟ بعض علماء کے نزدیک یہ زندگی صرف روح کو حاصل ہے۔ جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ روحیں سبز پرندوں کے پیٹوں یا پپوٹوں میں ہیں اور جسم کی حیات تو تب ہوتی جب روحیں جسموں میں ہوتیں۔

بعض علمائے کرام کے نزدیک زندگی روح اور جسم دونوں کو حاصل ہے اور وہ اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔ یہ بات صرف شہیدوں کو ہی حاصل نہیں ہے بلکہ سب مُردے اپنی قبور میں روح اور جسم کے ساتھ زندہ ہیں اور عذاب وثواب کا تعلق روح اور جسم دونوں سے ہے۔ امام قرطبی نے اپنی کتاب التذکرہ میں ذکر کیا ہے کہ شہداء کے اجسام بوسیدہ نہیں ہوتے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا چشم دید واقعہ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ ان کے باپ اور عمرو ابن الجموح رضی اللہ عنہما دونوں جنگ احد میں شہید ہوئے اور دونوں کو ایک قبر میں دفن کیا گیا۔ ایک زمانہ میں بارش کے بہاؤ نے ان کی قبر کو کھول دیا۔ دیکھا گیا کہ دونوں اصلی حالت میں ہیں اور ان کے جسموں میں کوئی تغیر پیدا نہیں ہوا۔ ان میں سے ایک زخمی ہوئے تھے اور مرتے وقت ان کا ہاتھ زخم پر تھا قبر کھلنے پر دیکھا گیا کہ ان کا ہاتھ اسی طرح اس زخم پر رکھا ہوا ہے۔ لوگوں نے ان کے ہاتھ کو اس جگہ سے ہٹایا لیکن وہ پھر اسی زخم پر آ گیا اور یہ غزوہ احد سے چھیالیس سال بعد کا قصہ ہے۔

اسی طرح غزوہ احد سے پچاس سال بعد کی بات ہے کہ حضرت امیر معاویہ

رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں ایک نہر کی کھدائی کروائی اور احد کے شہداء کو کھدائی کی جگہ سے منتقل کیا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی نعش مبارک کے پاؤں میں کدال لگ گئی تو اس سے خون جاری ہو گیا اور حضرت عبداللہ ابن حزام رضی اللہ عنہ کی نعش کو دیکھا گیا تو معلوم ہوتا تھا کہ گزشتہ کل دفن ہوئے ہیں۔ تمام اہل مدینہ نے بیان کیا ہے کہ ولید کے دور میں قبر نبی رضی اللہ عنہ کی ایک دیوار گر گئی تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قدم نظر آ گیا جو بالکل صحیح حالت میں تھا اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا بھی شہداء میں شمار ہے۔

اس سلسلہ میں زیادہ بحث کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ بات یقینی ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام اور شہداء کے اجسام کو زمین نہیں کھاتی اور یہ یاد رکھئے کہ یہاں شہید سے مراد وہ شخص ہے جس نے قتال محض اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کیا ہو۔ اب اگر اس کے قتال کا مقصد یہ نہ تھا تو وہ حقیقتاً شہید نہیں ہوگا۔ اسی لئے بعض ایسے اشخاص جو جہاد میں مرے ہیں ان کے اجساد کو زمین کھا جاتی ہے۔

یہ بات ضرور ہے کہ جسم کا بقاء زندگی کی دلیل نہیں ہے۔ اور یہاں بحث شہداء کی زندگی سے تھی۔ شہداء کے بارے میں یہ روایت صحیح ہے کہ وہ کہیں گے ہماری روح ہمارے جسموں میں لوٹا دی جائے تاکہ ہم پھر جہاد کر کے شہادت حاصل کریں۔ ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی اس روح کے علاوہ دوسری روح کے ذریعہ زندہ ہیں اور ان کی یہ زندگی دنیاوی زندگی کی طرح نہیں ہے۔

شہداء کی ارواح کے بارے میں یہ روایت بھی ہے کہ پرندوں کے پیٹوں میں ہیں جہاں چاہتی ہیں جنت میں سیر کرتی ہیں پھر ان قندیلوں میں آ جاتی ہیں جو عرش میں آویزاں ہیں۔ اور عام مومنوں کی روحیں قبور میں ہیں امام قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی یہی رائے اپنی کتاب ''تذکرہ'' میں ذکر کی ہے۔

حدیث پر اعتراض:

بعض مالکیہ نے اس حدیث کو یہ کہہ کر غیر معتبر قرار دیا ہے کہ اس صورت میں تو

وہ ایک درجہ میں تو وہ ارواح قیدی ہوگئیں۔

جواب:

یہ اعتراض غلط ہے اور حدیث بہرحال صحیح ہے۔ اس اعتراض سے بچنے کے لئے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ روحیں پیٹوں کے اندر نہیں ہیں بلکہ پیٹوں کے اوپر ہیں اور حدیث میں لفظ ''فی'' یہاں ''علی'' کے معنی میں ہے۔ بعض لوگوں نے کہا ہے کہ روحیں پرندوں کے پیٹوں میں نہیں بلکہ پرندوں کی شکل میں ہوں گی۔ اس لئے کہ بعض احادیث میں آیا ہے کہ مومن کی روح ایک پرند ہوگی جو جنت کے درختوں سے غذا حاصل کرے گی۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ تمام شہیدوں کی روحیں ایک شکل سے نہ ہوگی بلکہ بعض پرندوں کے پیٹوں میں ہونگی۔ بعض پرندوں کی شکل میں ہوں گی۔ بعض سفید پرندوں کے پیٹوں میں ہونگی۔ بعض جنت کی صورتوں میں سے کسی صورت میں ہونگی۔ بعض ان صورتوں میں ہوں گی جو ان کے اعمال سے متصور ہوں گی بعض وہ ہوں گی جو اپنے جسموں کے پاس آتی جاتی رہیں گی۔ بعض ارواح وہ ہوں گی جو مردوں کی روحوں سے ملاقات کریں گی اور بعض وہ ہوں گی جو حضرت آدم علیہ السلام کی کفالت میں ہوں گی اور بعض حضرت ابراہیم علیہ السلام کی کفالت میں ہوں گی۔ امام قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ یہ قول سب سے اچھا ہے کہ اس قول کے اعتبار سے تمام احادیث اپنے اپنے محل میں صحیح ہو جاتی ہیں اور ان کا آپس میں کوئی تضاد باقی نہیں رہتا۔

تیسری فصل:

تمام مُردوں کے سننے، بات کرنے، محسوس کرنے، زندہ ہونے اور روح کے جسم میں واپس آنے کا بیان

مردے کے سننے اور بات کرنے کے بارے میں صحیح بخاری میں روایت ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ جب مردہ قبر میں رکھ دیا

جاتا ہے اور اس کے ساتھی اس سے جدا ہو کر اتنی دور جاتے ہیں کہ مردہ ان کے جوتوں کی کھٹ پٹ سنتا ہے تو دو فرشتے اس مردے کے پاس پہنچتے ہیں وہ اس کو بٹھاتے ہیں اور اس سے کہتے ہیں کہ تو اس شخص سیدنا محمد ﷺ کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ وہ مردہ کہتا ہے میں گواہی دیتا ہوں یہ اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسول ہیں تو وہ فرشتے اس سے کہتے ہیں جہنم میں جو تیرا ٹھکانہ تھا اس کو دیکھ اللہ تعالیٰ نے تجھے اس کے بدلے جنت میں ٹھکانہ دے دیا ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا وہ دونوں ٹھکانوں کو بیک وقت دیکھتا ہے۔ رہا کافر اور منافق تو وہ اس سوال کے جواب میں کہتا ہے مجھے کچھ معلوم نہیں۔ لوگ جو کہتے تھے میں بھی کہہ دیا کرتا تھا تو اسے کہا جاتا ہے "تو نے نہ سمجھا نہ پڑھا۔" پھر ایک ہتھوڑا اس کے کانوں کے بیچ میں مارا جاتا ہے تو وہ اس سے چیختا ہے جس کو اس کے آس پاس کی چیزیں سوائے جن وانس کے سب سنتی ہیں۔ امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس حدیث کی طرح روایت کیا ہے مگر اس میں الفاظ اس طرح ہیں "**و اما المنافق او المرتاب**"

ترمذی میں اس طرح ہے کہ دو فرشتے مومن سے کہتے ہیں "**نم کنومة العروس**" تو اب سو جا جیسا کہ دلہن سوتی ہے اور اسکا محبوب ترین شخص بیدار کرتا ہے۔ حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب جنازہ تیار ہو جاتا ہے اور لوگ اسکو کاندھوں پر اٹھاتے ہیں اگر وہ نیک ہوتا ہے تو کہتا ہے مجھے جلدی آگے لے چلو اور اگر وہ بد ہوتا ہے تو کہتا ہے۔ ہائے ہائے مجھے کہاں لے جاتے ہو۔ اس کی آواز انسانوں کے علاوہ سب سنتے ہیں۔ اگر انسان سن لیں تو بے ہوش ہو جائیں۔"

ان احادیث پر غور کریں! جن میں کسی شک کی گنجائش نہیں اور اس قدر واضح اور کثرت سے ہیں کہ ان کو مجاز پر محمول نہیں کیا جا سکتا۔ اور حدیث کے الفاظ "اس مردہ کی آواز انسان کے علاوہ سب سنتے ہیں" سے صراحۃً معلوم ہوا کہ مردہ کلام کرتا ہے۔ اور سننے کے بارے میں تو وہ حدیث بہت قوی دلیل ہے جس میں یہ مذکور ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے بدر کے مقتولین کو جو کنوئیں میں پڑے ہوئے تھے پکار کر گفتگو فرمائی تھی اور

پھر صحابہ کرام علیہم السلام سے فرمایا تھا'' تم میری آواز ان سے زیادہ نہیں سن رہے ہو۔''

مُردوں کے احساس کے بارے میں وہ احادیث دلالت کرتی ہیں جو عذاب قبر کے بارے میں وارد ہوئی ہیں ان میں واضح ترین وہ حدیث ہے جس کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے۔'' میں حضور اکرم ﷺ کے ساتھ جارہا تھا ایک طرف میں اور دوسری طرف ایک اور صاحب تھے حضور نبی اکرم ﷺ درمیان میں تھے آپ ﷺ دو قبروں کے پاس پہنچے اور فرمایا:'' ان دونوں قبروں میں مدفون اس وقت عذاب میں مبتلا ہیں تم دونوں میں سے کون ہے جو کھجور کی ایک شاخ توڑ کر لائے ؟'' ہم دونوں دوڑے لیکن میں ساتھی سے پہلے شاخ توڑ کر لے آیا۔ آپ ﷺ نے اس کو اوپر سے چیر کر دو ٹکڑے کیے۔ ایک ٹکڑا ایک قبر پر اور دوسرا ٹکڑا دوسری قبر پر گاڑ دیا اور فرمایا:'' جب تک ان شاخوں میں تری رہے گی ان پر عذاب میں کمی کردی جائے گی۔ اور فرمایا ان میں سے ایک غیبت کی وجہ سے اور دوسرا پیشاب سے احتیاط نہ برتنے کی وجہ سے عذاب میں مبتلا ہے۔'' اس حدیث کو امام طیالسی نے ذکر کیا ہے۔

اس روایت سے ثابت ہوا کہ قبر ہی سے عذاب شروع ہو جاتا ہے اور مردہ اس کو محسوس کرتا ہے ۔ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب قبر میں مسلمان سے سوال کیا جاتا ہے تو کہتا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالی کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ تعالی کے رسول ہیں۔ اللہ تعالی کے اس قول کا مطلب یہی ہے'' **یثبت اللہ الذین آمنوا بالقول الثابت فی الحیاۃ الدنیا و فی الآخرۃ** '' [ابراھیم : ۲۷] (اللہ تعالی ایمان والوں کو (اس) مضبوط بات (کی برکت) سے دنیوی زندگی میں بھی ثابت قدم رکھتا ہے اور آخرت میں (بھی)۔

حضرت براء ابن عازب رضی اللہ عنہ سے ایک روایت یہ بھی ہے جو مردوں کے حکم کے بارے میں جامع ہے اور اس میں صراحت ہے کہ روح جسم میں لوٹ کر آجاتی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ہم ایک انصاری کے جنازے میں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چلے۔ آپ ﷺ جب قبر کے پاس پہنچے تو بیٹھ گئے اور ہم آپ کے چاروں طرف خاموشی کے

ساتھ اس طرح بیٹھ گئے گویا کہ ہمارے سروں پر پرندے بیٹھے ہوں۔ حضور اکرم ﷺ کبھی آسمان کی جانب دیکھتے کبھی زمین کی جانب۔ پھر فرمایا: ''میں عذاب قبر کے معاملہ میں اللہ تعالی کی پناہ چاہتا ہوں'' یہ جملہ چند بار ارشاد فرمانے کے بعد فرمایا: ''مومن بندہ جب دنیا کے آخری وقت اور آخرت کے ابتدائی وقت میں ہوتا ہے تو ایک فرشتہ اس کے سرہانے آکر بیٹھتا ہے اور کہتا ہے: ''اے نفس مطمئنہ! اللہ تعالی کی مغفرت اور خوشنودی کی طرف نکل'' تو اس کی روح ایک قطرہ کی مانند نکلتی ہے اور کچھ روشن رو فرشتے جنت کا کفن، حنوط خوشبو لے کر آجاتے ہیں۔ جب وہ فرشتہ اس روح کو جسم سے نکال لیتا ہے تو وہ فرشتے اس سے اس روح کو لے لیتے ہیں۔ قرآن کی اس آیت میں اسی طرف اشارہ ہے۔ ''**توفته رسلنا و هم لايفرطون**'' [الانعام: ٦١] یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آتی ہے (تو) ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اس کی روح کو قبض کر لیتے ہیں اور وہ خطا (یا کوتاہی) نہیں کرتے''

اب اس کی روح بہترین خوشبو کی مانند اس کے جسم سے خارج ہوتی ہے تو اس کو فرشتے لے کر آسمان کی جانب چڑھتے ہیں اور جب وہ آسمان و زمین کے درمیان کسی گروہ کے پاس سے گذرتے ہیں تو وہ گروہ پوچھتا ہے یہ کس کی روح پاک ہے تو فرشتے اس کا بہترین نام لے کر ان کو بتا دیتے ہیں۔ جب وہ فرشتے دنیا کے آسمان پر پہنچتے ہیں تو وہ ان کے لیے کھول دیا جاتا ہے پھر آسمان کے مقرب فرشتے اس کے ساتھ ہوتے جاتے ہیں حتی کہ وہ ساتویں آسمان پر پہنچ جاتے ہیں تو ان کو حکم ملتا ہے کہ اس کا نام علیین میں لکھ دو۔ قرآن پاک میں ہے: ''**وما أدراك ما عليّون كتاب مرقوم يشهده المقربون**'' [المطففين: ۹.۸] اور تجھ کو کیا خبر کیا ہے علیون؟ وہ ایک دفتر ہے لکھا ہوا جس کی گواہی مقربین دیتے ہیں۔

اس کا نام علیین میں لکھ دیا جاتا ہے۔ پھر کہا جاتا ہے اب اس کو دنیا میں لوٹا دو اس لیے کہ میں کہہ چکا ہوں'' **منها خلقناكم و فيها نعيدكم و منها نخرجكم تارة اخرى**'' [طه : ۵۵] (اسی زمین سے ہم نے تمہیں بنایا اور اسی میں تمہیں پھر ڈالتے ہیں

اور اسی سے تمہیں نکالیں گے دوسری بار)

تو وہ روح دنیا کی طرف لوٹا دی جاتی ہے۔ پھر دو سخت مزاج فرشتے اس کے پاس آتے ہیں جو اس کو بٹھاتے ہیں اور دریافت کرتے ہیں تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہہ دیتا ہے میرا رب اللہ ہے اور میرا دین اسلام ہے۔ پھر وہ فرشتے کہتے ہیں کہ بتا تو کیا کہتا ہے اس شخص کے بارے میں جو تم میں بھیجا گیا تھا؟ وہ جواب دیتا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے رسول مکرم ہیں۔ پھر فرشتے اس سے سوال کرتے ہیں تجھے کیسے معلوم ہوا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے رسول مکرم ہیں؟ تو وہ جواب دیتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے واضح نشانیاں لے کر آئے تھے اور اس کی تصدیق کی تھی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: "**یثبت اللہ الذین آمنوا بالقول الثابت فی الحیاۃ الدنیا و فی الآخرۃ**" [ابراھیم : ۲۷] (اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو (اس) مضبوط بات (کی برکت) سے دنیوی زندگی میں بھی ثابت قدم رکھتا ہے اور آخرت میں بھی۔)

اس قول میں اسی کی طرف اشارہ ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی جانب سے اعلان ہوتا ہے۔ میرا یہ بندہ سچا ہے اسکو جنت کا لباس پہنا دو۔ اس کے لیے جنت کا فرش بچھا دو اور جنت میں اس کی جگہ ہے وہ اس کو دکھا دو۔ چنانچہ ایسا کردیا جاتا ہے اور اس کی قبر میں حد بصر کشادگی کر دی جاتی ہے۔ پھر اس کے لئے اس کے اعمال ایسے حسین ترین شخص کی صورت میں اس کے پاس لائے جاتے ہیں جس کا بہترین لباس ہوتا ہے اور اس میں سے خوشبو مہکتی ہے۔ وہ آکر کہتا ہے جو نعمتیں اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے تیار کی ہیں ان کی بشارت حاصل کر، اللہ تعالیٰ کی رضامندی کی بشارت حاصل کر، اس جنت کی بشارت حاصل کر جس کی نعمتیں دائمی ہیں۔ وہ مردہ اس سے کہتا ہے تجھے اللہ تعالیٰ خیر کی بشارت دے تو کون ہے؟ وہ کہتا ہے یہ وہ دن ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا اور وہ معاملہ ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا، میں تیرا نیک عمل ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی قسم میں جانتا تھا تو اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں بڑا تیز رو تھا اور گناہ کرنے میں بہت سست تھا۔ تجھے اللہ تعالیٰ نے جزائے خیر عنایت کی ہے تب وہ مردہ کہتا ہے" اے اللہ تعالیٰ! جلد قیامت قائم کر دے

تا کہ میں اپنے اہل و عیال کے پاس لوٹ سکوں۔''

اور اگر وہ بدکار ہے تو آخری وقت میں فرشتہ آ کر اس کے سرہانے بیٹھ جاتا ہے اور کہتا ہے۔'' اے خبیث روح! نکل اور اللہ تعالیٰ کے غضب اور ناراضگی کا پیغام سن'' پھر کچھ فرشتے آ جاتے ہیں جن کے چہرے کالے ہوتے ہیں اور ان کے ہاتھوں میں ٹاٹ کے ٹکڑے ہوتے ہیں۔ جب وہ فرشتہ اس کی روح نکال لیتا ہے، یہ فرشتے فوراً اس سے لے لیتے ہیں اور جب وہ اس کی روح کو لے کر چلتے ہیں تو آسمان و زمین میں سے جہاں کہیں سے گزرتے ہیں مجمع اس سے پوچھتا ہے یہ خبیث روح کس کی ہے؟ تو وہ اس کا بدترین نام لیکر بتاتے ہیں پھر جب وہ دنیاوی آسمان کے پاس پہنچتے ہیں تو اس کا دروازہ نہیں کھلتا اور حکم ہوتا ہے اس کو دنیا میں واپس لے جاؤ ہمارا وعدہ ہے " منها خلقناكم و فيها نعيدكم و منها نخرجكم تارة اخرى"[سورہ طه : ۵۵]اسی زمین سے ہم نے تمہیں بنایا اور اسی میں پھر ڈالتے ہیں اور اسی سے تمہیں نکالیں گے دوسری بار تو فرشتے اس کی روح زمین پر پھینک دیتے ہیں۔ قرآن کی اس آیت میں اسی طرف اشارہ ہے۔:'' و من يشرك بالله فكانّما خرّ من السماء''[حج : ۳۱] (اور جس نے شریک بنایا اللہ تعالیٰ کا وہ ایسے ہے جیسے گر پڑا آسمان سے)

اب اس کی روح اس کے جسم میں داخل ہو جاتی ہے تو فوراً دو فرشتے سخت مزاج آتے ہیں اور اس سے دریافت کرتے ہیں۔ تیرا رب کون ہے؟ تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے مجھے معلوم نہیں۔ پھر وہ سوال کرتے ہیں۔ اس شخصیت کے بارے میں تیرا کیا خیال ہے جو تم میں بھیجی گئی تھی؟ تو وہ حضور نبی اکرم ﷺ کا نام لینے پر قادر نہیں ہوتا اور کہتا ہے۔ لوگ یہ نام لیا کرتے تھے۔ اس کے بعد اس کی قبر اس قدر تنگ کر دی جاتی ہے کہ اس کی پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں پھر اس کے اعمال ایک بدروح شخص کی صورت میں نمودار ہوتے ہیں جس کے کپڑے میلے، بدن بدبودار ہوتا ہے اور اس سے کہتا ہے '' اللہ تعالیٰ کے عذاب اور غصہ کی بشارت حاصل کر لے۔'' وہ مردہ اس سے کہتا ہے تو کون ہے؟ تو وہ جواب دیتا ہے '' میں تیرے اعمال ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی قسم میں جانتا تھا تو اللہ تعالیٰ کی

فرمانبرداری میں نہایت سست اور گناہ کرنے میں بڑا چست تھا'' ایک دوسری سند میں یہ الفاظ بھی ہیں'' اس پر ایک فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے جو بہرا، گونگا ہوتا ہے اور اسکے ہاتھ میں ایسا ہتھوڑا ہوتا ہے کہ اگر وہ پہاڑ پر مارا جائے تو وہ ریزہ ریزہ ہو جائے ۔ وہ اس سے اس مردے پر ایسی ضرب لگاتا ہے جس کو جن وانس کے علاوہ سب سنتے ہیں۔ پھر اس میں روح دوبارہ لوٹا دی جاتی ہے اور وہ پھر اس کو اسی ہتھوڑے سے مارتا ہے۔''

حدیث کا مفہوم:

اس حدیث سے مردے کا سننا، کلام کرنا، بیٹھنا وغیرہ ثابت ہوتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ روح جسم میں لوٹ آتی ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ایک روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''مردے کو جب لوگ دفن کر کے واپس ہوتے ہیں وہ اتنے دور جاتے ہیں کہ مردہ ان کے جوتوں کی کھسکھساہٹ سنتا ہے تو اس مردے کو بٹھایا جاتا ہے اور اس کا کفن اس کی گردن میں ڈال دیا جاتا ہے پھر اس سے سوالات ہوتے ہیں''۔

اہل سنت کا اجماع:

اہل سنت والجماعت کا اجماع ہے کہ مردہ قبر میں زندہ ہوتا ہے۔ امام الحرمین نے کہاہے کہ امت کے سلف اس بات پر متفق ہیں کہ قبر میں عذاب ہوتا ہے۔ مردہ قبر میں زندہ کیا جاتا ہے اور روح جسم میں واپس لوٹ آتی ہے۔ قرآن کریم کی آیت مبارکہ '' و أحییتنا اثنتین ''[المؤمن: ۱۱] زندگی دے چکا تو دو بار'' کے معنی یہی ہیں۔ ایک تو قبر میں زندگی سوالات کے لئے دی جاتی ہے اور ایک حشر میں زندگی ہو گی۔ یہی دو زندگیاں ہیں جس میں وہ اللہ تعالیٰ کو پہچانتا ہے ورنہ دنیا کی زندگی میں تو وہ کافر تھا اس نے اللہ تعالیٰ کو نہ پہچانا تھا۔

امام قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ کی رائے:

امام قرطبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ ان سب باتوں پر ایمان لانا اہل سنت کا

مذہب ہے۔ اور وہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جن کی لغت اورزبان کے مطابق قرآن نازل ہوا ہے وہ سب ان باتوں پر ایمان رکھتے تھے۔

عذاب قبر کے بارے میں معتزلہ کی رائے:

معتزلہ کا قول ہے کہ جو مرگیا وہ قبر میں قیامت تک مردہ ہے۔ مگر بعض معتزلہ نے عذابِ قبر کا اقرار کیا اور کہا کہ قیامت کے نفخین کے درمیان عذاب ہوگا۔ لیکن یہ اقوال صحیح احادیث کے مخالف ہیں۔

ملحدین کی رائے:

بعض ملحدوں نے عذابِ قبر کا انکار کیااور یہ دلیل بیان کی کہ پھانسی دیئے ہوئے شخص کو شیر نے پھاڑ دیا ہو اور اُسکے بدن کے اجزاء جداجدا ہو گئے ہوں اس کے لئے یہ عذاب کیسے متصور ہوسکتا ہے؟

عقائد فاسدہ کا رد:

علمائے کرام نے ان اعتراضات کے مختلف جوابات دیئے ہیں بعض نے کہا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ سوالات بدن کے مخصوص اجزاء سے کئے جائیں۔ مثلاً قلب کے اجزاء سے اور اللہ تعالیٰ ان میں روح ڈال دے۔ بعض نے کہا ہے کہ سولی پر چڑھے ہوئے انسان میں روح ڈال دی جاتی ہواور اور ہمیں احساس نہ ہو۔ جیسا کہ سکتہ کی حالت میں انسان کی کیفیت ہوتی ہے۔ اور جن مردوں کے اجزاء متفرق ہوگئے ہوں اللہ تعالیٰ ان کے ہر جز میں روح ڈال کر سوال کر سکتا ہے۔

بعض علمائے کرام کا خیال ہے کہ جو مردے قبروں میں ہیں ان کو تو بٹھایا جاتا ہے ارو سوالات کئے جاتے ہیں اور جو زمین میں نہیں ہیں ان پر جو احوال طاری ہوتے ہیں زندوں کی آنکھوں سے ان کو محجوب کردیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ملائکہ کا معاملہ ہے۔ انبیائے کرام علیہم السلام کو وہ نظر آتے ہیں مگر عام مومنین ان کو نہیں دیکھ پاتے ہیں۔ جو لوگ

قبروں میں مردوں کی حیات کے منکر ہیں وہ اس آیت سے ''انك لا تسمع الموتیٰ و ما أنت بمسمع من فی القبور ''[الروم: ۵۲] (سو تو سنا نہیں سکتا مردوں کو اور نہ تو سنا سکتا جو قبروں میں ہیں) اور اسی طرح حضرتِ عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس موقف سے کہ جس میں انہوں نے بدر کے کنوئیں کے مُردوں کے سماع سے انکار کیا ہے، سے استدلال کرتے ہیں۔

پہلی بات کا جواب تو یہ کہ ہم بھی ان کے نہ سننے کے قائل ہیں جب تک کہ وہ مردہ ہیں البتہ جب ان کو اللہ تعالیٰ زندہ کر دیتا ہے پھر وہ سنتے ہیں۔ حضرتِ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اگرچہ ان کے سماع کا انکار کیا ہے لیکن یہ کہا ہے ''اب انھیں معلوم ہوگیا ہے علم بھی زندہ کی صفت ہے'' تو معلوم ہوا کہ وہ حیات اور زندگی کی قائل تھیں۔

بہر حال قبر کے یہ تمام معاملات اللہ تعالیٰ کی قدرت میں ہیں اور صحیح احادیث سے ان کا ثبوت ملتا ہے۔ لہذا ان کی تصدیق اور ان پر ایمان لانا ضروری ہے۔

کیا قیامت کی زندگی کے بعد موت پھر طاری ہوگی؟

اب یہ سوال کہ کیا قبر کی اس زندگی کے بعد مردوں پر موت طاری ہوجائے گی؟ اور قیامت میں پھر زندہ ہوں گے؟ یا یہ زندگی دائمی ہوگی؟

احادیث میں اس کا قبروں میں زندہ ہو کر پھر مرنا مذکور نہیں ہے البتہ بعض مفسرین نے اللہ تعالیٰ کے اس قول'' و احییتنا اثنتین '' کے یہ معنی کیے ہیں کہ ایک موت تو دنیا کی موت ہے اور دوسری موت وہ ہے جو قبر میں زندگی کے بعد طاری ہوگی۔ لیکن عام علمائے کرام جو عذابِ قبر کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ یہ قبر کی زندگی مسلسل رہے گی۔ صحیح احادیث اسی کی مقتضی ہیں جیسا کہ پہلی ایک روایت میں آیا ہے کہ مردے سے کہہ دیا جائے گا کہ تیرا یہی ٹھکانا ہے۔ جب تک اللہ تعالیٰ تجھے نہ اٹھائے گا۔ اور قرآن میں بھی مذکور ہے: '' یعرضون علیها غدوا و عشیا '' [المؤمن: ۴۶]: (وہ آگ پر پیش کیے جاتے ہیں صبح و شام)

جانوروں کا عذاب قبر سننا:

صحیح مسلم میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ بنی نجار کے ایک باغیچہ میں خچر پر سوار جارہے تھے۔ اچانک آپ ﷺ کا خچر اتنا بدکا کہ آپ گرنے کے قریب ہو گئے۔ دیکھا تو وہاں باغ میں چند قبریں ہیں حضور ﷺ نے استفسار فرمایا کہ کوئی ان قبروں کے مُردوں کو جانتا ہے؟ ایک صاحب بولے کہ میں جانتا ہوں۔ آپ ﷺ نے اس سے استفسار فرمایا کہ یہ کب مرے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ شرک کی زندگی میں مرے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ''یہ عذاب میں مبتلا ہیں اگر یہ خوف نہ ہوتا کہ تم ڈر کر دفن کرنا ہی چھوڑ دو گے تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ وہ تمہیں عذاب قبر کی وہ کیفیت سنا دے جو میں سن رہا ہوں۔'' یہ حدیث بتاتی ہے کہ عذاب مسلسل جاری رہتا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے ایک قبر سے آواز سنی تو پوچھا یہ کس کی قبر ہے؟ کسی نے کہا یہ جاہلیت کے دور کی قبر ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ''یہ ڈر ہے کہ تم دفن کرنا چھوڑ دو گے ورنہ تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا کہ تمہیں عذاب قبر سنا دے'' قرآن مجید میں ان لوگوں کا یہ قول جو اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے: ''**من بعثنا من مرقدنا**'' [یٰسین: ۵۲] (کس نے اٹھا دیا ہم کو ہماری نیند سے؟) بھی زندگی پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ سونا زندہ کی صفت ہے۔

''من بعثنا من مرقدنا'' کی تفسیر

اس آیت کی تفسیر میں چند اقوال ہیں۔ بعض مفسرین کا قول ہے کہ نفخات کے درمیان عذاب قبر مرتفع ہو جائے گا یعنی **نفخہ فزع**، **نفخہ صعقہ**، **نفخہ نشر** کے درمیان عام مشرکین پر عذاب نہ ہوگا بجز اس کے جس نے نبی کو قتل کیا ہوگا، یا جس کو نبی نے قتل کیا ہوگا، یا نبی کے بالمقابل جنگ میں مارا گیا ہوگا۔ مفسرین نے کہا ہے کہ عذاب صبح اور شام ہوگا اور قیامت سورج چڑھنے پر قائم ہوگی اس وقت ان پر عذاب نہ ہو رہا ہو گا اور وہ سوئے ہوئے ہوں گے۔

خلاصہ یہ ہے کہ روح جسم میں واپس آتی ہے اور سوالات کے وقت مردے کو زندہ کر دیا جاتا ہے اور وہ اس وقت سے قیامت تک یا تو راحت میں ہوتا ہے یا عذاب میں۔ یہ بات مسلسل ہے یا وقفہ وقفہ سے؟ اور یہ معاملہ صرف روح کے ساتھ ہے؟ یا روح اور جسم دونوں کے ساتھ؟ ان میں سے ہر بات عقلا جائز ہے لیکن اس سلسلہ میں شرعا کوئی دلیل ایسی نہیں ہے جس سے کسی خاص پہلو پر صحیح طور پر استدلال کیا جا سکے۔ ہاں حضور اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: ''مرنے کے بعد انسان کا ریڑھ کی ہڈی کے علاوہ سارا جسم بوسیدہ ہو جاتا ہے'' تو اگر جسم کا کوئی حصہ بھی باقی رہتا ہے تو زندگی اس سے متعلق ہو سکتی ہے۔ اگر وہ سارے کا سارا بوسیدہ ہو جائے تو پھر زندگی کا تعلق صرف روح سے رہے گا۔ ایک وقت میں وہ بھی فنا ہو گی اس کو بھی دوبارہ لوٹایا جائے گا۔ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض مردے ایسے ہوں گے جن سے عذاب قبر کا تعلق نہ ہوگا جیسے شہید یا جو جمعہ کے روز یا جمعہ کی رات کو مرے، یہ لوگ سوالات سے مستثنیٰ ہونگے۔

اس تمام بیان سے یہ معلوم ہو گیا کہ یقیناً تمام مردے اپنی روحوں اور جسموں کے ساتھ اپنی قبروں میں زندہ رہیں گے۔ اور یقیناً سوال و جواب کے بعد ان کے لئے عذاب یا ثواب جاری رہے گا۔ یہ عذاب و ثواب فقط روح کے لئے ہوگا یا روح اور جسم دونوں کے لئے یہ بات سماع پر موقوف ہے۔

حضرت سعید ابن السکن نے اپنی سنن میں حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا ''مردہ جب قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور وہ دفن کر کے واپس جانے والوں کے جوتوں کی کھسکھساہٹ سنتا ہے اگر وہ مومن ہوتا ہے تو اس کی نماز اس کے سرہانے آتی ہے۔ پھر مزید کچھ باتیں بیان کرنے کے بعد فرمایا۔ اس کی قبر میں ستر گز وسعت پیدا کر دی جاتی ہے اور اس کے لیے اس میں روشنی کر دی جاتی ہے اور جس طرح سے جسم کی ابتداء ہوئی تھی اسی طرح سے جسم کا اعادہ ہو جاتا ہے اور اس کی روح بہترین روحوں میں شامل کر دی جاتی ہے۔ وہ اڑتی پھرتی ہے اور جنت کے درختوں سے خوراک حاصل کرتی رہتی ہے''۔

امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ نے مستدرک میں ذکر کیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: ''حجرے میں حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ جب سے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ دفن کر دیے گئے ہیں تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے شرم کی وجہ سے جب میں کبھی اس میں داخل ہوتی ہوں تو اپنے کپڑے باندھ کر داخل ہوتی ہوں۔'' امام حاکم رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہیں یہ حدیث شیخین کی شرائط پر ہے مگر انہوں نے اس کی تخریج نہیں کی۔

چوتھی فصل

حضور نبی اکرم ﷺ کی حیات مبارکہ کی کیفیت کا بیان

آپ نے عام مردوں اور شہداء کے بارے میں لوگوں کے اقوال سنے اور یہ معلوم ہو گیا کہ روح کا جسم میں واپس آنا اور قیامت تک اس میں رہنا اس حدیث کے مخالف ہے جس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ روح قیامت کے دن اپنے جسم میں لوٹے گی۔ اور آپ یہ بھی سمجھ گئے کہ نیکوں کی روحوں کو نعمتیں حاصل ہوں گی خواہ وہ شہداء ہوں یا نہ ہوں اور بدبختوں کو عذاب ہوتا رہے گا۔

شہداء اور غیر شہداء کی حیات میں فرق:

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر شہداء کے علاوہ دیگر کو بھی قبر میں پھر سے زندگی عطا ہوتی ہے تو پھر شہداء اور غیر شہداء میں کیا فرق ہے؟ اس کے دو جواب ہیں۔ ایک تو یہ کہ جس آیت میں شہداء کی زندگی کو بتایا گیا ہے اس میں دوسروں سے زندگی کی نفی نہیں کی گئی۔ اس میں تو صرف ان لوگوں کا رد ہے جو یہ سمجھتے تھے کہ شہداء زندہ نہیں ہیں۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ زندگی کی مختلف قسمیں ہیں۔ ان بدبختوں کو بھی زندگی حاصل ہے جن کو عذاب ہو رہا ہے اور مومنین کو بھی جو نعمتوں سے نوازے جا رہے ہیں لیکن شہداء کی زندگی اعلیٰ و اکمل ہے۔ زندگی کی یہ اعلیٰ قسم اور رزق ان کو حاصل نہیں جو ان کے

ہم رتبہ نہیں اور انبیائے کرام علیہم السلام کی زندگی سب سے اعلیٰ و اکمل ہے۔ اس لئے کہ یہ دائمی زندگی روح اور جسم، دونوں کو اسی طرح حاصل ہے جس طرح دنیا میں حاصل تھی۔ اور اگر یہ نہ بھی ہو تو بہر حال ان کی زندگی شہداء کے اعتبار سے اعلیٰ و اکمل ہے۔ روح کے لئے اس اعتبار سے کہ اس کو دربار خداوندی سے زیادہ قرب حاصل ہے اور ان کے لیے بے شمار نعمتیں ہیں۔ اس طرح وہ دنیا کی طرف متوجہ ہیں اور متصرف ہیں۔

صحابہ کرام کا ادب بارگاہ نبوی بعد از وصال نبی ﷺ:

مذکورہ پوری بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر ایک کے ساتھ موت کے بعد وہی معاملہ ہونا چاہیے جو زندگی میں اس کے ساتھ تھا۔ لہذا حضور اکرم ﷺ کا ادب اسی طرح واجب ہے جس طرح حضور اکرم ﷺ کی زندگی میں واجب تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ "نبی اکرم ﷺ کے سامنے آواز بلند کرنا نہ نبی کی زندگی میں جائز تھا نہ نبی کی وفات کے بعد۔" حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں مشہور ہے کہ اگر حضور ﷺ کی قبر مبارک کے پاس کوئی کھٹکا کرتا تھا تو کہلا بھیجتی تھیں کہ حضور اکرم ﷺ کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر کی چوکھٹ وغیرہ بنوائی تو مناصع میں لے جا کر بنوائی جو آبادی سے باہر جنگل ہے تاکہ قبر مبارک کے پاس شور نہ ہو۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ حضرات حضور ﷺ کو زندہ سمجھتے تھے۔ ان روایات کو امام حسینی نے اخبار المدینہ میں ذکر کیا ہے۔

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے پاس ایک شخص نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو برا بھلا کہا تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: "اللہ تعالیٰ تجھے برباد کرے تو نے رسول اللہ ﷺ کو قبر میں ستایا ہے۔"

جو شخص بھی سلف صالحین، صحابہ کرام اور تابعین کی سیرت کا مطالعہ کرے گا۔ وہ سمجھ جائے گا کہ وہ لوگ حضور ﷺ کے وصال مبارک کے بعد بھی ایسا ہی ادب برتتے تھے جس طرح آپ کی حیات طیبہ میں۔ اور قبر مبارک کے ساتھ بھی ان کا یہی معاملہ

تھااور کیوں نہ ہوتا جب حضرت کعب احبار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "ہر صبح کو آسمان سے ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں، قبر مبارک کو گھیر لیتے ہیں اور خشوع وخضوع سے اپنے پر پھڑ پھڑاتے ہیں، حضور ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ جب شام ہوتی ہے تو یہ واپس ہو جاتے ہیں اور دوسرے ستر ہزار فرشتے اترتے ہیں اور وہ بھی صبح کے فرشتوں کی طرح عمل کرتے ہیں۔" جب حشر ہو گا تو حضور اکرم ﷺ ستر ہزار فرشتوں کے جلو میں ہوں گے۔ قبر مبارک کے پاس صرف ان ستر ہزار فرشتوں کی موجودگی میں دعا ہو تو کس قدر قبولیت کے قریب ہو گی چہ جائیکہ حضور اکرم ﷺ کی بھی موجودگی ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم حضور اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے قبر کے پاس بہت پست آواز سے گفتگو کرتے تھے۔

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ادب بارگاہ نبوی

ایک دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مسجد میں تشریف فرما تھے کہ دو نوجوان مسجد میں آئے اور بلند آواز سے آپس میں باتیں کرنے لگے آپ نے ان کو اپنے پاس بلایا اور دریافت کیا۔ تم کہاں سے آئے ہو؟ انہوں نے عرض کی۔ ہم طائف کے باشندے ہیں اور وہاں سے آئے ہیں۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "اگر تم مدنی ہوتے تو ابھی تمہیں کوڑے لگاتا۔ تم حضور اکرم ﷺ کی مسجد میں اس قدر بلند آواز سے بولتے ہو۔" یعنی چونکہ تم پردیسی ہو مسجد نبوی کے آداب سے پورے واقف نہیں ہو اس لئے تمہیں معاف کرتا ہوں۔

اسی طرح اگر ہم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے واقعات جمع کریں اور بتائیں کہ وہ لوگ رسول اللہ ﷺ کی اور آپ کے آثار کی کس قدر تعظیم کرتے تھے تو کئی ضخیم جلدیں تیار ہو جائیں۔ صرف صحابہ کرام ہی نہیں ملائکہ تک حضور اکرم ﷺ کے ساتھ نہایت ادب سے پیش آتے تھے۔

ملائکہ اور ادب بارگاہ نبوی ﷺ :

ابن ابی شیبہ نے اپنی "مصنف" میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ ایک شخص حسین صورت عمدہ لباس میں جس میں سے خوشبو مہک رہی تھی آیا۔ حضور ﷺ کو سلام کیا حضور نے جواب دیا۔ پھر اس نے کہا کہ میں جناب سے ذرا قریب ہو جاؤں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں قریب آجاؤ۔ ہم نے آپس میں ذکر کیا کہ ہم نے آج تک اتنا مؤدب شخص نہیں دیکھا۔ پھر اس نے اور قریب ہونے کی درخواست کی۔ پھر اس نے چند سوال کئے جن کا حضور ﷺ نے جواب دیا۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا: یہ جبرائیل علیہ السلام تھے جو سوال و جواب کے ذریعے تمہیں تمہارا دین سکھانے آئے تھے۔" اب غور کیجئے کہ جبرائیل امین علیہ السلام بھی آپ ﷺ کی کس قدر تعظیم کرتے تھے اور کس قدر ادب سے پیش آتے تھے اور یہی حال ملک الموت کا تھا۔

غرضیکہ بے شمار واقعات اور احادیث حضور اکرم ﷺ کی تعظیم اور ادب کے بارے میں منقول ہیں اب اگر کوئی یہ کہتا ہے کہ حضور ﷺ کی قبر کی زیارت نہ کی جائے اور زیارت کے لئے سفر نہ کیا جائے اور آپ سے استغاثہ نہ کیا جائے وہ یقیناً آپ کی شان میں بے ادبی کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس بے ادبی سے بچائے۔

بارگاہ نبوی کی بے ادبی پر قرآن کی وعید:

" احکام القرآن " میں ایک روایت ہے کہ کسی شخص نے یہ کہا تھا کہ اگر حضور اکرم ﷺ کے وصال مبارک کے بعد میں حضور ﷺ کی فلاں زوجہ مطہرہ سے نکاح کروں گا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی" و ما کان لکم ان تؤذوا رسول اللہ و لا ان تنکحوا أزواجه من بعده أبدا "[احزاب : ۵۳] (اور تم کو حق نہیں پہنچتا کہ تکلیف دو اللہ تعالیٰ کے رسول کو اور نہ یہ کہ نکاح کرو اس کی عورتوں سے اس کے بعد کبھی بھی)

غور کیجئے! اللہ تعالیٰ نے نبی معظم ﷺ کو اذیت پہنچانے کو کس درجہ میں ممنوع قرار دیا ہے کہ وصال مبارک کے بعد ازواج مطہرات سے نکاح کو بھی حرام قرار دیا اس لئے کہ یہ فعل نبی اکرم ﷺ کے لیے اذیت کا سبب ہے اور اس آیت سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جس طرح آپ زندگی میں اذیت محسوس کرتے تھے موت کے بعد بھی محسوس فرماتے ہیں۔ تو جو شخص اپنے دین کی حفاظت چاہتا ہے اس کا فرض ہے کہ وہ کوئی ایسا فعل نہ کرے کہ جو حضور نبی اکرم ﷺ کی اذیت کا سبب بن جائے اور دنیا و آخرت میں خسارے میں پڑے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے درخواست کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس گناہ سے محفوظ رکھے۔ اور جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں وہ قیامت کے دن ہماری نجات کی دلیل ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حضور نبی اکرم ﷺ کے زمرے میں داخل رکھے اور ان کے جھنڈے تلے قیامت میں اٹھائے اور آپ کے حوض سے ہمیں سیراب کرے اور آپ کی شفاعت اور رضا ہمیں حاصل ہو۔ آمین۔

پانچویں فصل:

اس تمام بحث سے مقصود موت کے بعد سننے اور ادراک کرنے وغیرہ کو ثابت کرنا تھا۔ اب اگر کوئی کہے کہ یہ تمام چیزیں زندگی کے خواص ہیں مرنے کے بعد کیسے پائی جا سکتی ہیں؟ اس کو یاد رکھنا چاہیے کہ ہم بھی مُردوں کے لئے یہ امور ثابت نہیں کر رہے بلکہ ان میں زندگی کے واپس آ جانے پر ان کے لئے یہ ثابت کر رہے ہیں یعنی ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ مرنے کے بعد ان کو زندگی حاصل ہو جاتی ہے اور وہ سنتے ہیں۔ اب یا تو صرف روح زندہ ہے اور جسم مردہ ہے یا روح اور جسم دونوں زندہ ہیں۔ انسان میں دو چیزیں ہیں۔ جسم اور روح۔ جسم جب مر جائے اور روح اس میں نہ لوٹے تو زندگی کے امور میں سے کوئی بھی اس میں نہیں پایا جاتا یعنی نہ وہ سنتا ہے اور نہ اس میں احساس رہتا ہے البتہ اگر اس میں روح لوٹ آئے تو وہ سنتا ہے اور زندگی کے باقی امور بھی پائے جاتے ہیں۔ نفس انسانی مرنے کے بعد باقی رہتا ہے اور اس کو علم و احساس حاصل

ہوتا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے بھی جب بدر کے کنویں کے مردوں کے سننے کا انکار کیا تو اس بات کا اقرار کیا کہ ان مردوں کو علم ہوا ہے۔

نفس کے باقی رہنے کے معنی اس کا دائمی بقا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام عالم کے فنا کے وقت اس کو بھی فنا فرما دینگے پھر اس کا اعادہ کریں گے۔ مقصد یہ ہے کہ نفس جسم کی موت کے بعد بھی زندہ رہتا ہے۔ پھر جب فنا ہو گا تو قیامت میں زندہ کر دیا جائے گا۔ اس بارے میں سب کا اتفاق ہے کہ نفس کو معقولات کا ادراک ہوتا ہے۔ محسوسات مثلاً مسموع کے ادراک کے بارے میں متکلمین میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں نفس ہی براہ راست ادراک کرتا ہے، بعض کہتے ہیں حواس ادراک کرتے اور وہ نفس تک ان محسوسات کو پہنچاتے ہیں۔ ان دونوں قولوں کے مطابق نفس مسموع کا ادراک کرتا ہے۔ بہر حال وہ سنتا ہے۔

روح کی حقیقت:

اس بحث کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ روح کی حقیقت کو سمجھ لیا جائے اس میں بہت سی لمبی بحثیں ہیں اور اس موضوع پر بہت سی کتابیں لکھی گئی ہیں۔ روح جسم ہے یا عرض یا دونوں کا مجموعہ وہ جو ہر فرد متحیز ہے یا جوہر فرد غیر متحیز اس کے بارے میں مختلف اقوال ہیں۔ قرآن پاک میں وارد ہے۔'' **قل الروح من أمر ربي** ''[بنی اسرائیل : ۸۵] (فرما دیجئے روح میرے ربّ کے امر سے ہے)

علمائے کرام اور مفسرین نے اس میں بحث کی ہے کہ ان کا سوال روح انسانی سے متعلق تھا یا روح بمعنی فرشتہ سے؟ صحیح قول یہ ہے کہ یہ سوال روح انسانی کے بارے میں تھا۔ پھر اگر سوال روح انسانی کے بارے میں تھا تو اس کی حقیقت کے بارے میں یا اس کے حادث ہونے کے بارے میں تھا؟ بعض مفسرین کہتے ہیں کہ سوال اس کے حادث ہونے کے بارے میں تھا۔ چنانچہ قرآن کا جواب اسی کو بتاتا ہے جواب میں کہا گیا ہے:''

قل الروح من أمر ربی " یعنی فعل اللہ ہے جو کہ حادث ہے۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ سوال روح کی حقیقت کے بارے میں تھا ان میں یہ اختلاف ہے کہ جواب میں اس کی حقیقت بتائی گئی ہے یا نہیں؟ بعض کہتے ہیں حقیقت نہیں بتائی گئی اس لئے کہ اس کی حقیقت سمجھنا انسانی عقل سے بالاتر ہے۔علم انسانی اس قدر قلیل ہے کہ اس کا ذہن اس کی حقیقت تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔ بعض لوگ کہتے ہیں اس کی حقیقت بتائی گئی ہے اور کہہ دیا گیا ہے کہ وہ امر رب ہے یعنی وہ عالم امر کی چیز ہے۔ عالم دو مانے گئے ہیں۔ ایک عالم امر ہے اور ایک عالم خلق ہے۔اس آیت میں اسی کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

"سن لو اسی کا کام ہے بنانا اور حکم فرمانا" [الاعراف۔۵۲]

عالم امر میں وہ اشیاء داخل ہیں جو کلمہ کن سے پیدا کی گئی ہیں۔ قرآن پاک میں ہے" اس کا حکم یہی ہے جب چاہے کسی چیز کو کہے اس کو ہو وہ ہو جائے" [یسین ۸۲] عالم امر اور عالم خلق کی زیادہ تفصیل کا یہاں موقع نہیں ہے۔

روح امر رب میں سے ہے۔ امر رب سے مراد شرع ہے تو جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ تم شرع میں داخل ہو جاؤ، کتاب وسنت پر عمل کرو روح کی حقیقت منکشف ہو جائے گی۔ جو لوگ روح کو جوہر وجسم قرار دیتے ہیں تو ان کے نزدیک لامحالہ وہ زندگی کے ساتھ متصف ہے۔ روح کو عرض کہنا تو عقل سے بعید ہے فلاسفہ روح کو جوہر مجرد متحیر مانتے ہیں۔

امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ کا روح کے بارے میں نظریہ:

امام غزالی رحمہ اللہ تعالیٰ نے " احیاء علوم الدین " میں روح کے بارے میں کہا ہے کہ وہ ایک ربانی لطیفہ ہے اور وہی انسان کی حقیقت ہے اور یہ مدرک، عالم اور عارف ہے اور وہی اللہ تعالیٰ کے احکام کی مخاطب ہے اور اس کو جسمانی قلب سے ایک خاص علاقہ ہے۔ اسی لطیفہ ربانی کو روح، نفس، قلب، عقل سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ نہ

روح جسمانی ہے، نہ نفس شہوانی، نہ قلب صنوبری۔

اطباء کے نزدیک روح کی اقسام:

اطباء اس پر متفق ہیں کہ روحیں تین ہیں۔

۱۔ روح طبعی وہ ایک لطیف جسم ہے جس کا مرکز جگر ہے پھر تمام جسم میں پھیل جاتی ہے۔

۲۔ روحِ حیوانی وہ ایک لطیف جسم ہے اور اس کا مخزن قلب ہے پھر سارے جسم میں پھیل جاتی ہے اور وہ قوت حیات کی حامل ہے۔

۳۔ روح نفسانی یہ ایک لطیف جسم ہے جس کا مرکز دماغ ہے پھر سارے جسم میں پھیل جاتی ہے۔ اس کا عمل حس وحرکت ہے۔

اطباء نے نفس ناطقہ کا جو انسان کے ساتھ ہے ذکر نہیں کیا جو ہمارا اصل مقصد ہے۔ وہ فلاسفہ جو نفس ناطقہ کے قائل ہیں اور اس کو جوہر مجرد مانتے ہیں وہ اس کو زندہ، عالم، متکلم، سمیع، بصیر، قادر، ارادہ مانتے ہیں لیکن اس کو ممکن الوجود موجود بایجاد اللہ تعالیٰ، حادث اور مخلوق کہتے ہیں اور وہ ہر اس چیز کو مخلوق کہتے ہیں جو ناپ تول اور اندازے میں آ سکے اور اسی کو عالم خلق کہتے ہیں اور عالم امر ان موجودات کو کہتے ہیں جو حس، خیال' جہت، مکان، حیز سے خارج ہیں اور وہ ناپ تول اور اندازے کے ماتحت نہیں آتیں۔ شریعت بظاہر روح کو متحیز قرار دیتی ہے حدیث میں اس کا ذکر یوں آیا ہے۔

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''انسان کی موت کے وقت اس کے پاس ملائکہ پہنچتے ہیں اگر وہ نیک ہے تو اس سے کہتے ہیں'' اے نفس مطمئنہ نکل آ تو پاک جسم میں تھا قابل تعریف ہو کر نکل آ اور راحت و آرام کی بشارت حاصل کر لے رب تم پر راضی ہے ناراض نہیں ہے۔'' وہ فرشتے برابر یہی کہتے رہتے ہیں حتیٰ کہ وہ نکل آتی ہے اور پھر وہ اس کو لے کر آسمانوں پر جاتے ہیں اور اس کا ہر جگہ استقبال

ہوتا رہتا ہے یہاںتک کہ وہ علیین میں پہنچ جاتی ہے۔ قرآن نے بھی فرمایا ہے۔'' یا ایتھا النفس المطمئنة ارجعی الی ربك راضیة مرضیة '' [الفجر : ۲۷، ۲۸] ترجمہ: (اے نفس مطمئنہ! اپنے رب کی طرف لوٹ جا اس حال میں کہ تو اس پر راضی ہے اور وہ تم پر راضی ہے۔)

دسواں باب

حضور نبی اکرم ﷺ کی شفاعت کا بیان

حضور نبی اکرم ﷺ کی شفاعت کا ذکر خیر اس لیے کیا ہے تا کہ پہلی حدیث جو کہ شفاعت کے موضوع پر ہے اس کی شرح کی جا سکے اور وہ حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان مبارک ہے: ''من زار قبری وجبت له شفاعتی'' جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہو گئی۔

ہم اسی بحث پر کتاب کو ختم کر رہے تا کہ ہمیں آخرت میں حضور نبی اکرم ﷺ کی شفاعت نصیب ہو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

شفاعت کی اقسام:

آخرت کی شفاعت کے بارے میں مجمل بات یہ ہے کہ اس کی پانچ اقسام ہیں جو سب سرکار دوعالم ﷺ کے لیے ثابت ہیں۔ ان میں بعض ایسی ہیں جو صرف سرکار دوعالم ﷺ کو حاصل ہیں اور بعض ایسی ہیں کہ ان میں دوسرے بھی شریک ہیں لیکن ان میں پہل سرکار دوعالم ﷺ کو حاصل ہو گی۔

عام شفاعت صرف سرکار دوعالم ﷺ کو حاصل ہے۔ دوسری بعض شفاعتیں جو دوسروں کو بھی حاصل ہیں ان کی نسبت سرکار دوعالم ﷺ کی طرف بھی کی جا سکتی ہے۔ مطلقاً شافع صرف سرکار دوعالم ﷺ ہیں۔ اور حدیث '' وجبت له شفاعتی'' میں شفاعت خاصہ بھی مراد ہو سکتی ہے اور دوسری اقسام بھی۔

قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ اور دیگر آئمہ نے فرمایا ہے کہ شفاعت کی پانچ اقسام ہیں۔

پہلی قسم: میدان حشر میں حساب شروع کرنے کے لیے شفاعت:

یہ شفاعت صرف سرکار دوعالم ﷺ کے ساتھ خاص ہے۔ یہ شفاعت وہ ہے جو سرکار دوعالم ﷺ قیامت کے میدان میں فرمائیں گے کہ حساب جلد شروع کیا جائے اور میدان قیامت میں زیادہ ٹھہراؤ نہ ہو اور یہی شفاعت عظمٰی ہے جس کے سب قائل ہیں۔

دوسری قسم: بغیر حساب جنت میں دخول کی شفاعت:

یہ شفاعت بھی صرف سرکار دوعالم ﷺ کے ساتھ خاص ہے۔ یہ شفاعت وہ ہے جو سرکار دوعالم ﷺ قیامت کے دن فرمائیں گے اور ایک قوم کو جنت میں بغیر حساب کتاب کے داخل کریں گے اور اس کے بارے میں حدیث میں یوں مذکور ہے

''میں کہوں گا: ''اے میرے رب! میری امت! میری امت! تو کہا جائے گا۔ اے محمد! جنت کے داہنے دروازے سے اپنی امت کے ایسے آدمیوں کو داخل کردو جن پر نہ حساب ہے نہ مواخذہ''

ایک حدیث میں ہے: **یدخل من أمّتی الجنة سبعون ألفًا بغیر حساب فقال رجل یارسول اللّٰہ! ادع اللّٰہ أن یجعلنی منھم فقال: اللّٰھمّ اجعله منھم، والرجل عکاشة۔**

''میری امت میں سے ستر ہزار بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے۔'' ایک شخص نے عرض کیا حضور! دعا فرمائیں کہ میں انہی میں سے ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے دعا کی اے اللہ تعالیٰ! اس کو ان (جنتیوں) میں سے کردے۔ اور وہ عرض کرنے والا صاحب حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ تھے۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ کسی نے سرکار دو عالم ﷺ سے سوال کیا وہ ستر ہزار کون ہوں گے جو بلا حساب جنت میں داخل ہوں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ وہ لوگ ہوں گے جو نہ جھاڑ پھونک کراتے ہیں، نہ فال نکالتے ہیں، نہ داغنے کا علاج کراتے ہیں، صرف اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہیں۔''

ایک دوسری حدیث میں ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میرے سامنے امتیں لائی گئیں میں نے دیکھا کوئی نبی مکرم ہیں اور ان کے ساتھ ایک قبیلہ ہے کوئی نبی مکرم ہیں اور ان کے ساتھ ایک دو آدمی ہیں، کوئی نبی اس طرح ہیں کہ ان کے ساتھ کوئی بھی نہیں ہے پھر ایک بڑا مجمع سامنے آیا تو میں نے تمنا کی کاش یہ میری امت ہوتی۔ کہا

گیا یہ موسیٰ علیہ السلام اور ان کی امت ہے۔ پھر مجھ سے کہا گیا۔ افق پر نظر ڈالیں۔ تو میں نے دیکھا ایک بڑا مجمع ہے پھر کہا گیا دوسرے افق پر نظر ڈالو۔ میں نے دیکھا اس طرف بھی ایک بڑا مجمع ہے۔ پھر مجھ سے کہا گیا یہ آپ کی امت ہے اور ان کے ساتھ وہ ستر ہزار بھی ہیں جو بلا حساب کتاب کے جنت میں داخل ہوں گے۔''

ایک اور حدیث میں ہے۔''میری امت کی ایک جماعت جنت میں داخل ہوگی اور ان کے چہرے چودھویں کے چاند جیسے ہوں گے۔''

ایک اور حدیث میں مذکور ہے۔'' ان کا پہلا حصہ اس وقت تک داخل نہ ہوگا جب تک کہ آخری حصہ داخل نہ ہو جائے۔'' یعنی جنت کا وہ دروازہ اتنا وسیع ہوگا کہ سارا مجمع بیک وقت داخل ہو سکے گا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ گروہ بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوگا اور ان کی وہ صفات ہوں گی جو حدیث میں مذکور ہیں لیکن ان کا جنت میں داخلہ حضور نبی اکرم ﷺ کی شفاعت پر موقوف ہوگا۔

اب یہ بحث ہے کہ کوئی شخص جو ان صفات سے متصف نہ ہو جن کا حدیث میں ذکر ہوا ہے اور وہ ان لوگوں میں سے ہو جن کا حساب کتاب ہونا ہے تو کیا اسے حضور نبی اکرم ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی تاکہ بغیر حساب کتاب جنت میں داخل ہو یا نہیں؟ احادیث میں اس کی کوئی صراحت نہیں ہے لیکن یہ بات واضح ہے کہ یہ ستر ہزار ہوں گے اور وہ سب ان صفات سے متصف ہوں گے۔

اس بحث سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ان ستر ہزار کا داخلہ حضور نبی اکرم ﷺ کی مخصوص شفاعت کے ذریعہ ہوگا اور یہی شفاعت جنت کے کھولنے اور پہلی جماعت کو جنت میں داخل کرنے سے متعلق ہوگی اور یہ شفاعت شفاعت کبریٰ ہوگی تو اس کو دوسری شفاعت بھی کہہ سکتے ہیں۔ اور یہ دونوں شفاعتیں حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ خاص ہیں۔

تیسری قسم: مستحقین جھنم کیلئے شفاعت:

یہ شفاعت ان لوگوں کے لیے ہوگی جو اپنے کارناموں کی وجہ سے جہنم کے مستحق

ہو چکے ہوں گے اور یہ شفاعت پل صراط قائم ہونے کے بعد اور پہلی دو شفاعتوں کے بعد ہوگی جن کی حضور نبی اکرم ﷺ شفاعت کردیں گے۔ وہ سلّم سلّم کہتے ہوئے پل صراط سے گزر جائیں گے۔

کیا یہ شفاعت صرف حضور نبی اکرم ﷺ کے لیے مخصوص ہوگی؟ اس کی صراحت نہیں ملتی۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ اس وقت حضور نبی اکرم ﷺ ،انبیائے کرام علیہم السلام کے امام ہوں گے اور ان کے لیے بھی شفاعت کریں گے تو اب وہ انبیائے کرام علیہم السلام بھی جن کے لئے شفاعت کریں گے تو گویا وہ شفاعت بھی حضور نبی اکرم ﷺ کی ہی شفاعت ہوگی اور حضور نبی اکرم ﷺ شفیع الشفعاء ہونگے۔

چوتھی قسم: جہنم میں داخل ہونے والوں کیلئے شفاعت

یہ شفاعت دیگر انبیائے کرام علیہم السلام، ملائکہ اور مؤمنین بھی کرینگے۔ ان تمام شفاعتوں کے بعد وہ لوگ جن کے دلوں میں ایمان ہوگا خواہ اور کوئی نیک عمل نہ بھی ہو اُن کو اللہ تعالیٰ خود جہنم سے نکالیں گے اور آخری شفاعت وہ شفاعت ہے جس کے بارے میں حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ ''میری شفاعت گناہ کبیرہ کرنے والوں کے لئے ہوگی۔'' اور ایک دوسری حدیث میں ہے۔ ہر نبی مکرم کی ایک دُعا ضرور مقبول ہوتی ہے میں نے وہ دُعا قیامت کے دن کے لئے اپنی اُمت کی شفاعت کے لئے چھپا رکھی ہے وہ ان شاء اللہ اُمت کو ضرور حاصل ہوگی اور وہ میری اُمت کے وہ لوگ ہونگے جن کے پاس نیک عمل بجز توحید کے نہ ہوگا۔ نیز حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''میری پاس میرے رب کا ایک قاصد آیا اور آکر کہا: '' آپ کے رب نے آپ کو دو باتوں سے ایک بات کا اختیار دیا ہے۔ وہ یہ کہ یا تو آدھی اُمت بخشوا لیں یا شفاعت کرنے کا حق لے لیں۔ میں نے کہا میں شفاعت کرنے کا حق لینا پسند کرتا ہوں اس لئے کہ اس صورت میں زیادہ گناہ گار بخشے جائیں گے۔ تمہارا کیا خیال ہے کہ میری وہ شفاعت نیکوں کے لئے ہوگی؟ نہیں بلکہ وہ خطا کار گناہ گاروں کے لئے ہوگی۔''

پانچویں قسم :اہل جنت کی بلندی درجات کیلئے شفاعت:

یہ شفاعت اہل جنت کے درجات بلند کرنے کے سلسلہ میں ہوگی اس کو قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا ہے لیکن احادیث میں اِس کی تصریح نہیں ملی۔ البتہ عبدالجلیل القصری نے کتاب "شعب الایمان" میں وسیلہ کی بحث میں کہا ہے کہ جنت میں حضور نبی اکرم ﷺ کی حیثیت بلاتمثیل دربارِ الٰہی کے وزیر کی سی ہوگی۔ جنتیوں کا جو بھی اکرام و اعزاز ہوگا وہ بواسطہ حضور نبی اکرم ﷺ کے ہوگا اور یہ حیثیت بھی حضور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ خاص ہوگی۔

یہ پانچوں شفاعتوں کا ذکر تھا۔ جو شخص بھی ان پر غور کرے گا وہ حضور نبی اکرم ﷺ کی عمومی شفاعت کو سمجھ لے گا اور حضور نبی اکرم ﷺ کے بلند مرتبہ تک اُس کی نگاہ پہنچ جائے گی اور اِس پر جتنا غور کرے گا حضور نبی اکرم ﷺ سے عقیدت میں اضافہ ہوگا۔

یزید وجهك حسنا اذا ما زدته نظرا

"تیرے چہرے میں حسن کا اضافہ ہوتا ہے میں جتنا زیادہ اُس کو دیکھتا ہوں"

میں مناسب سمجھتا ہوں کہ اپنی اِس کتاب کو شفاعت کی احادیث کے ذکر سے خالی نہ چھوڑوں۔ صحیحین میں روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ "میں قیامت میں تمام انسانوں کا سردار ہوں گا۔ تم سمجھے یہ کس طرح ہوگا؟ اللہ تعالیٰ اگلے پچھلوں کو ایک میدان میں جمع کردے گا۔ سورج اِس قدر قریب ہو جائے گا کہ لوگوں کی پریشانی حد سے گزر جائے گی۔ پھر کچھ لوگ دوسرے لوگوں سے کہیں گے۔ دیکھو کیا حالت ہو رہی ہے۔ کسی سفارشی کو تلاش کرو جو اللہ تعالیٰ سے سفارش کر دے تو کچھ لوگ کہیں گے چلو حضرتِ آدم علیہ السلام کے پاس چلیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس پہنچ کر کہیں گے آپ ہمارے باپ ہیں، آپ ابو البشر ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور اپنی روح آپ میں پھونکی اور فرشتوں کو حکم دیا اُنہوں نے آپ کو سجدہ کیا۔ اپنے رب سے ہماری شفاعت فرما دیں۔ کیا آپ ملاحظہ نہیں فرما رہے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں؟ کیا

آپ ملاحظہ نہیں فرما رہے کہ ہم کس حالت پر پہنچ گئے ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کہیں گے۔ میرا رب آج جس قدر جلال میں ہے اِس قدر جلال میں نہ کبھی ہوا تھا نہ کبھی ہوگا اور اُس نے مجھے شجرہ (ممنوعہ) سے روکا تھا مجھے تو اپنی پڑی ہے کسی اور کے پاس جاؤ۔ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ تو وہ لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے اور کہیں گے۔ اے حضرت نوح! آپ دُنیا والوں کے لئے پہلے رسول ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو شکر گزار بندہ کہا ہے اپنے رب سے ہماری شفاعت کر دیجئے۔ کیا آپ ملاحظہ نہیں فرما رہے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں؟ حضرت نوح علیہ السلام اُن سے کہیں گے۔ میرا رب آج ایسے جلال میں ہے کہ نہ کبھی ہوا تھا نہ کبھی ہوگا۔ مجھے تو ایک دعا کا حق دیا گیا تھا جو میں نے اپنی قوم کی بربادی کے لئے مانگ لی۔ مجھے اپنی جان کی پڑی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ تو وہ لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے اور کہیں گے آپ اللہ کے نبی ہیں اور اس کے خلیل ہیں اپنے رب سے ہماری شفاعت کر دیجئے۔ کیا آپ ملاحظہ نہیں فرما رہے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں ہماری کیا حالت ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کہیں گے میرا رب آج ایسا غضبناک ہے کہ نہ کبھی ہوا تھا نہ کبھی ہوگا مجھے اپنی جان کی پڑی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ وہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے اور کہیں گے اے حضرت موسیٰ علیہ السلام آپ اللہ کے رسول ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی رسالتوں کی فضیلت عطاء کی ہے اور اللہ تعالیٰ آپ سے ہمکلام ہوا ہے اپنے رب سے ہماری شفاعت فرما دیں۔ آپ ملاحظہ نہیں فرما رہے کہ ہم کس مصیبت میں ہیں؟ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے۔ میرا رب آج اس قدر غضبناک ہے کہ نہ کبھی پہلے ہوا تھا نہ کبھی ہوگا میں نے ایک ایسے شخص کو مار ڈالا تھا جس کے مارنے کا مجھے حکم نہ ملا تھا مجھے اپنی پڑی ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ وہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے اور کہیں گے۔ اے حضرت عیسیٰ علیہ السلام آپ اللہ کے رسول ہیں آپ نے گہوارے میں لوگوں سے بات چیت کی تھی اور آپ کلمۃ اللہ ہیں جس کو حضرت مریم علیہا السلام میں ڈالا گیا تھا اور روح اللہ ہیں۔ کیا آپ ملاحظہ نہیں فرما رہے کہ ہم کس حالت کو پہنچ گئے ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کہیں گے میرا رب آج اس قدر غضبناک ہے کہ نہ کبھی ہوا تھا نہ کبھی ہوگا، اُنہوں

نے اپنی کسی خطا کا ذکر نہیں کیا۔ مجھے اپنی جان کی پڑی ہے اور کسی کے پاس جاؤ۔ چنانچہ وہ لوگ حضور نبی اکرم ﷺ کے پاس جائیں گے اور عرض کریں گے۔ اے محمد ﷺ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کے چلے جانے والوں اور آنے والوں سب کے گناہ معاف کر دیئے ہیں کیا آپ مشاہدہ نہیں فرما رہے کہ ہم کس حالت میں ہیں؟ کیا آپ مشاہدہ نہیں فرما رہے کہ ہماری کیا کیفیت ہے؟ تب میں عرش کے نیچے پہنچوں گا اور اپنے رب کے لئے سجدہ میں گر پڑوں گا۔ پھر اللہ تعالیٰ مجھ پر ظاہر کر دے گا اور میرے دل میں اپنی وہ تعریفیں اور وہ عمدہ ثنا القاء فرمائے گا جو اِس سے پہلے کسی کے لئے ظاہر نہیں ہوئی۔ پھر کہا جائے گا ''اے محمد ﷺ اپنا سر اُٹھاؤ مانگو! عطا کیا جائے گا، شفاعت کرو، تمہاری شفاعت قبول کی جائے گی'' تو میں اپنا سر اُٹھاؤں گا اور عرض کروں گا: ''اے اللہ تعالیٰ! میری اُمت! میری اُمت'' تو کہا جائے گا: ''اے محمد! جنت کے داہنے دروازے سے اپنی اُمت میں سے اُن لوگوں کو داخل کر دو جن سے کوئی حساب نہ لیا جائے گا اور وہ دوسرے دروازوں سے بھی داخل ہو سکتے ہیں۔ اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے جنت کے دروازے کی چوکھٹ کے دونوں بازوؤں میں اِس قدر فاصلہ ہوگا جتنا مکہ اور ہجر کے درمیان یا مکہ اور بصریٰ کے درمیان ہے۔'

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''انسانوں کا مجمع ٹھاٹھیں مارے گا پھر لوگ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے اور عرض کریں گے۔ اپنے رب سے ہماری شفاعت کر دیں۔ تو آپ فرمائیں گے۔ میں اس قابل نہیں ہوں تم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ وہ خلیل اللہ ہیں۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے وہ کہیں گے میں اس کے لیے نہیں ہوں تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ وہ کلیم اللہ ہیں وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ کہیں گے میں اِس قابل نہیں ہوں تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ وہ روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں تو وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ کہہ دیں گے کہ میں اِس کے لیے نہیں ہوں ہاں تم سیدنا محمد ﷺ کے پاس جاؤ۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ لوگ میرے پاس آئیں

گے تو میں چل پڑوں گا اور اللہ رب العزت کے پاس داخلہ کی اجازت چاہوں گا۔ مجھے اجازت مل جائے گی۔ میں سامنے کھڑا ہو کر وہ تعریفیں کروں گا جو اِس وقت مجھے یاد نہیں ہیں اللہ تعالیٰ اُسی وقت میرے دل میں ڈالے گا۔ پھر میں اُس کے سامنے سجدے میں گر جاؤں گا تو کہا جائے گا: ''اے محمد! اپنا سر اُٹھاؤ اور کہو! تمہاری بات سنی جائے گی۔ مانگو! عطا کیا جائے گا۔ شفاعت کرو! شفاعت قبول کی جائے گی۔'' تو میں کہوں گا: ''میری امت! میری اُمت'' تو مجھ سے کہا جائے گا: ''جاؤ جہنم میں سے ہر اُس شخص کو نکال لو جس کے دل میں گیہوں یا جو کے دانے کے برابر بھی ایمان ہے۔'' تب میں اُن کو نکال لوں گا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہوں گا اور وہی تعریفیں شروع کروں گا پھر سجدے میں گروں گا تو مجھ سے کہا جائے گا: ''اے محمد! سر اُٹھاؤ! کہو! سنا جائیگا، مانگو! دیا جائے گا، شفاعت کرو! شفاعت قبول کی جائیگی۔'' میں کہوں گا: ''اے اللہ تعالیٰ! میری امت! میری امت'' تو مجھ سے کہا جائے گا: ''جاؤ جہنم میں سے ان لوگوں کو نکال لو جن کے دل میں رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہے۔'' تو میں ان کو نکال لوں گا۔ اور پھر دوبارہ میں حاضر ہوں گا اور وہی تعریفیں شروع کروں گا۔ پھر سجدے میں گر جاؤں گا تو کہا جائے گا: ''اے محمد! سر اٹھاؤ اور کہو! سنا جائے گا، مانگو دیا جائے گا اور شفاعت کرو! شفاعت قبول کی جائے گی۔ میں کہوں گا: ''اے اللہ تعالیٰ! میری امت! میری امت'' تو کہا جائے گا: ''جاؤ جس شخص کے دل میں رائی کے چھوٹے سے چھوٹے دانہ کی برابر بھی ایمان ہے اِس کو جہنم سے نکال لو۔'' میں ان کو بھی جہنم سے نکال لوں گا۔ پھر چوتھی مرتبہ اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہوں گا۔ پھر وہی تعریفیں شروع کروں گا۔ پھر سجدہ میں گر جاؤں گا تو کہا جائیگا: ''اے محمد! سر اٹھاؤ اور کہو! سنا جائیگا۔ مانگو عطا کیا جائے اور شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی'' میں کہوں گا: ''مجھے ان کے بارے میں جہنم سے نکالنے کی اجازت دیں جنہوں نے صرف لا الہ الا اللّٰہ کہا ہے۔'' تو کہا جائے گا۔ ''یہ تمہارا کام نہیں ہے ہاں مجھے اپنی عزت اپنی کبریائی اور اپنی بڑائی کی قسم میں ان لوگوں کو جہنم سے نکالوں گا جنہوں نے صرف لا الہ الا اللّٰہ کہا ہوگا۔''

بخاری کی ایک روایت میں یہ بھی ہے۔ تیسری بار شفاعت کا ذکر کرنے کے بعد حضور نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی "عسیٰ أن یبعثك ربك مقاماً محموداً" [بنی اسرائیل : ۷۹] (یقیناً آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا) اور آپ ﷺ نے فرمایا یہی وہ مقام محمود ہے جس کا تمہارے رب نے تمہارے نبی سے وعدہ فرمایا ہے۔"

صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ مؤمنین کو قیامت کے دن اکٹھا فرمائے گا اور ان کے دل میں اس بارے الھام کیا جائے گا اور وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کریں گے۔" اے کاش آپ اپنے رب کے ہاں ہماری شفاعت کریں۔"

مسند ابی عوانہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ایک دن حضور نبی اکرم ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی اور بیٹھ گئے۔ جب چاشت کا وقت آیا تو تبسم فرمایا اور پھر وہیں تشریف فرما رہے حتی کہ ظہر، عصر اور مغرب کی نماز پڑھائی۔ اس درمیان میں کسی سے کوئی بات نہیں کی۔ پھر عشاء کی نماز پڑھائی اور زنان خانہ میں تشریف لے جانے لگے۔ لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ آپ رسول اللہ ﷺ سے عرض کریں یہ طریقہ خلاف معمول کیوں اختیار فرمایا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "ہاں۔ آج مجھ پر وہ حالات پیش کیے گئے جو دنیا اور آخرت میں ہونے والے ہیں پھر اگلے پچھلوں کو ایک میدان میں جمع کر دیا گیا۔ تھوڑی دیر میں لوگ گھبرا گئے اور حضرت آدم علیہ السلام کے پاس پہنچے اور وہ لوگ پسینہ میں ہونٹوں تک ڈوبے ہوئے تھے۔ انہوں نے حضرت آدم علیہ السلام سے کہا آپ ابو البشر ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو برگزیدہ بنایا ہے۔ ہماری سفارش فرما دیں۔ انہوں نے فرمایا: "میری بھی وہی حالت ہے جو تمہاری ہے تم باپ کے بعد ابو البشر ثانی، حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ" اور پھر اسی طرح روایت نقل کی جس طرح حضرت انس رضی اللہ عنہ نے نقل کی تھی۔ یہاں تک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جانے کا ذکر کیا۔ انہوں نے فرمایا: "یہ بات میرے بس کی نہیں ہے۔ ہاں بنی آدم کے سردار

کے پاس جاؤ۔'' اسی روایت میں پھر یہ ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ کو حضرت جبرئیل علیہ السلام دربارِ الٰہی میں لے جائیں گے اور حضور نبی اکرم ﷺ وہاں ایک ہفتہ کی بقدر سجدے میں پڑے رہیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: ''اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ اور کہو! سنا جائے گا اور شفاعت کرو شفاعت مانی جائیگی۔'' حضور اپنا سر اُٹھائیں گے اور جب دیدارِ الٰہی ہوگا تو فوراً سجدے میں گر جائیں گے اور مزید ایک ہفتہ کی بقدر سجدے میں پڑے رہیں گے پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: ''کہو! سنا جائے گا۔ شفاعت کرو! قبول کی جائے گی۔'' حضور نبی اکرم ﷺ پھر سجدے میں گرنا چاہیں گے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام دونوں بازو تھام لیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ آپ کے دل میں وہ دعا ڈال دے گا جو آج تک کسی انسان کے دل میں نہیں ڈالی۔ پھر حضور نبی اکرم ﷺ عرض کریں گے: ''اے رب العزت! تو نے مجھے بنی آدم کا سردار بنایا اور اس پر میں کوئی فخر نہیں کرتا اور تو نے مجھے ایسا شخص بنایا جو قیامت کے دن زمین پھٹنے پر سب سے پہلے زمین سے اُٹھے گا اور اس پر بھی میں کوئی فخر نہیں کرتا حتیٰ کہ میرے پاس حوض کوثر پر اتنا بڑا مجمع آئے گا جو صنعاء اور ایلہ کے درمیانی فاصلہ سے بھی زیادہ ہوگا۔''

روزِ حشر حضور نبی اکرم ﷺ کی فضیلت:

یہ حدیث مبارکہ اس امر عظیم کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ جس کا نبی اکرم ﷺ نے مشاہدہ فرمایا اور اس دن حضور نبی اکرم ﷺ پر دنیا اور آخرت میں پیش آنے والے جن واقعات کا انکشاف ہوا دراصل ان کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے یا وہ شخص جس کو حضور نبی اکرم ﷺ نے کچھ بتا دیا ہو۔ احادیث میں ان کا بہت کم ذکر آیا ہے۔

حضرت حذیفہ ابن الیمان اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما کی ایک روایت مذکور ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا۔ ''اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع کرے گا۔ مومنین کھڑے ہوں گے اور جنت ان کے قریب آ جائے گی تو مجمع حضرت آدم علیہ السلام کے پاس پہنچے گا اور عرض کرے گا۔ ابا جان! ہمارے لئے جنت کھلوادیں تو وہ فرمائیں گے: ''یہ اختیار میرا نہیں ہے میرے بیٹے ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ جو خلیل اللہ ہے۔'' اور حضرت

ابراہیم علیہ السلام کہیں گے: ''یہ میرا کام نہیں ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ جن سے اللہ تعالیٰ نے کلام کیا ہے۔'' وہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس پہنچیں گے تو وہ کہیں گے: ''یہ میرا کام نہیں ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ جو کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہیں'' حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے ''یہ میرے بس کی بات نہیں ہے۔'' پھر وہ لوگ سیدنا محمد ﷺ کے پاس حاضر ہوں گے۔ پس آپ ﷺ کھڑے ہو جائیں گے اور آپ ﷺ کو اذن دیا جائے گا اور امانت اور صلہ رحمی کو بھیجا جائے گا پس وہ دونوں پل صراط کے دونوں طرف دائیں اور بائیں کھڑی ہو جائیں گی تو تمہارا پہلا شخص بجلی کی کوند کی طرح پل صراط سے گذر جائے گا۔ پھر ہوا کے چلنے کی طرح۔ پھر پرند کے اُڑنے اور انسان کے دوڑنے کی طرح لوگ گذریں گے۔ ان کو ان کے عمل لے چلیں گے اور تمہارے نبی مکرم ﷺ پل صراط پر کھڑے ہوئے یا رب سَلِّمْ سَلِّمْ کہتے ہوں گے۔ یہانتک کہ بندہ کے اعمال اُس کو پل صراط سے گذارنے سے عاجز آ جائیں گے۔ یہانتک کہ ایک شخص آئے گا وہ گھسٹتا ہوا گذرے گا اور پل صراط کے دونوں جانب سرے مڑی ہوئی لوہے کی سلاخیں لٹکی ہوئی ہوں گی۔ وہ اٹکنے پر مامور ہوں گی جس کا انہیں حکم دیا جائے گا، پس کوئی گرتا ہوا بچ جانے والا ہوگا، کوئی زخمی جہنم میں گرنے والا ہوگا۔ اس حدیث کو امام مسلم رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے اور بعض الفاظ میں متفرد ہیں۔ جیسے کہ'' امانت اور صلہ رحمی کو بھیجا جائے گا پس وہ دونوں پل صراط کے دونوں طرف دائیں اور بائیں کھڑی ہو جائیں گی'' باقی حدیث کو امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے اسی مفہوم میں روایت کیا ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت سے ان الفاظ میں مذکور ہے حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن اعلان کرنے والا اعلان کرے گا۔ ہر شخص اس کے پیچھے چلے جس کی وہ پوجا کرتا تھا پس جس قدر غیر اللہ کے پجاری ہونگے وہ جہنم میں گر جائیں گے صرف وہ رہ جائیں گے جو اللہ تعالیٰ کے عبادت گذار ہوں گے نیک اور بد اور کچھ بقایا اہل کتاب تو اللہ تعالیٰ یہود کو بلائیں گے اور ان سے کہا جائے گا۔'' تم کس کی عبادت کرتے تھے؟'' وہ کہیں گے'' ہم اللہ تعالیٰ کے بیٹے عزیر کی عبادت کرتے تھے۔''

ان سے کہا جائے گا: ''تم جھوٹے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی نہ بیوی ہے نہ بچہ۔ اب تم کیا چاہتے ہو؟'' وہ کہیں گے۔ ''ہم پیاسے ہیں۔ اے رب! ہمیں سیراب کر دے'' تو ان سے کہا جائے گا: ''گھاٹ پر اُترو'' اور جہنم کی طرف ان کو لے جایا جائے گا اور وہ جہنم میں گر پڑیں گے۔ پھر نصاریٰ کو بلایا جائے گا اور ان سے پوچھا جائے گا: ''تم کس کی عبادت کرتے تھے؟'' وہ کہیں گے۔ ''ہم اللہ تعالیٰ کے بیٹے حضرت عیسیٰ کی عبادت کرتے تھے۔'' ان سے کہہ دیا جائے گا: ''تم جھوٹے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی نہ بیوی ہے نہ بچہ۔'' پھر ان سے کہا جائے گا: ''تم کیا چاہتے ہو؟ وہ کہیں گے'' اے اللہ تعالیٰ! ہم پیاسے ہیں ہمیں سیراب کردے'' تو اُن کو اشارہ کیا جائے گا جاؤ گھاٹ پر اُترو۔ ان کو جہنم کی طرف جمع کردیا جائیگا اور وہ جہنم میں جا گریں گے۔ اب صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جو اللہ تعالیٰ کے عبادت گذار تھے۔ خواہ وہ نیک ہوں یا بد، اللہ تعالیٰ ان پر اپنی تجلی فرمائے گا۔ اور اس میں یہ الفاظ بھی ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی پنڈلی منکشف فرمائیں گے۔ جو مومن مخلص ہونگے اللہ تعالیٰ ان کو سجدہ کی اجازت دے گا وہ سجدہ کریں گے جو ریاکار مسلمان ہونگے ان کی کمر ایک تختہ کی طرح بن جائے گی وہ سجدہ کرنا چاہیں گے لیکن گدی کے بل پیچھے کو گر پڑیں گے۔ پھر پل صراط قائم کردی جائے گی اور شفاعت کا وقت آ جائے گا اور لوگ اَللّٰھُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ کہیں گے۔ دریافت کیا گیا پل صراط کیا ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ ایک پھسلن ہوگی اور اس میں دندانے دار کانٹے ہوں گے، وہ لوہے کے کانٹے سعدان نامی جھاڑی کے کانٹے کی طرح ہوں گے۔ مومنین پلک جھپکنے کی طرح بجلی کی کوند کی طرح، ہوا کی طرح، پرند کی اڑان کی طرح، عمدہ گھوڑے کی دوڑ کی طرح، سواریوں کی طرح گذر جائیں گے۔ کچھ سالم نجات پانے والے ہوں گے، اور بعض مسلمان کانٹوں سے الجھتے ہوئے پار پہنچیں گے اور بعض مسلمان کانٹوں سے زخمی ہو کر جہنم میں گر جائیں گے۔ جب مومنین نجات پا جائیں گے۔ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے مومنین کے بارے میں تم مومنین سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے اصرار کرنے والا کوئی نہ ہوگا۔ مومنین اللہ تعالیٰ سے عرض کرینگے: ''اے ہمارے رب! جہنم میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو ہمارے ساتھ نمازیں پڑھتے تھے، روزے رکھتے تھے اور حج کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرمائیں گے:''

جن کو تم پہچانتے ہو ان کو جہنم سے نکال لو۔'' اور اللہ تعالیٰ ان کی صورتوں کو جہنم پر حرام کر دے گا۔ وہ بہت سے ایسے لوگوں کو جہنم سے نکال لیں گے جو پنڈلیوں تک، گھٹنوں تک جھلس چکے ہوں گے۔ وہ پھر عرض کرینگے: اے ہمارے رب! جن کے بارے میں آپ نے اجازت دی تھی ان کو ہم نے جہنم سے نکال لیا اب کوئی جہنم میں باقی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: '' اچھا جاؤ اب ایسے لوگوں کو بھی نکال لو جن کے دل میں دینار کے وزن کی خیر ہے۔'' پھر وہ بہت سے لوگوں کو نکال لیں گے۔ اللہ تعالیٰ پھر فرمائے گا: '' جاؤ ان کو بھی نکال لو جن کے دل میں آدھے دینار کے وزن کی خیر ہے'' پھر وہ بہت سے لوگوں کو نکال لیں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: '' جاؤ ان کو بھی نکال لو جن کے دل میں ایک ذرہ کی برابر خیر ہے۔'' وہ عرض کرینگے اب کوئی شخص جہنم میں باقی نہیں رہا جس کے دل میں خیر ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرمائیں گے۔ نبی شفاعت کر چکے، ملائکہ شفاعت کر چکے، مومنین شفاعت کر چکے۔ اب صرف اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْن باقی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ اپنی مٹھی بھر جہنم سے ایسی قوم کو نکالیں گے جن کے دل میں کوئی خیر نہ ہوگی وہ جل کر کوئلہ بن چکے ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ ان کو آب حیات کی نہر میں ڈال دیں گے۔ وہ وہاں سے موتی جیسے بن کر نکلیں گے۔ اُن کی گردنوں پر مہر لگی ہوگی جس سے جنتی ان کو پہچان لیں گے اور کہیں گے کہ یہ اللہ تعالیٰ کے آزاد کردہ لوگ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے جنت میں بغیر کسی نیک عمل کے داخل کیا ہے۔ اب اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا: '' جنت میں چلے جاؤ جس چیز پر تمہاری نظر پڑے وہ تمہاری ہے۔'' اس پر وہ کہیں گے: اے رب العالمین! تو نے تو ہمیں وہ کچھ دے دیا جو کسی کو نہیں دیا پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: '' تمہارے لئے میرے پاس اس سے بھی بہتر چیز ہے۔'' اس پر وہ کہیں گے: ''اے ہمارے رب! اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا؟ اس پر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: '' وہ میری رضا ہے۔ اب میں تم سے کبھی خفا نہ ہوں گا۔''

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے مجھے خبر ملی ہے کہ پل صراط بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگی۔ یہ مسلم کے الفاظ ہیں اور بخاری کے الفاظ بھی اس کے قریب ہیں۔

حضرت ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ لوگوں کو جمع کرے گا پس ان سے کہا جائے گا جو جس چیز کی عبادت کرتا تھا وہ اس کے پیچھے چلا جائے اور اس حدیث کے آخر میں ہے کہ پس پل صراط کو جھنم کے اوپر رکھا جائے گا۔حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں اس دن اس حال میں ہوں گا کہ میری امت کو سب سے پہلے اجازت دی جائے گی۔اور اس دن رسل عظام علیہم السلام کے علاوہ کوئی کلام نہیں کرے گا اور اس دن ان کا کلام بھی یہی ہوگا '' اللّٰھمّ سلّم سلّم ''

صحیح بخاری کی ایک روایت میں ہے۔'' اللہ تعالیٰ نے جنہم پر حرام کر دیا ہے کہ وہ چہرے پر سجدے کے نشانوں کو جلائے۔'' مگر اس کے مفہوم میں اختلاف ہے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن میں سب سے پہلا شخص ہوں گا جب لوگ اُٹھائے جائیں گے، اور جب مخلوق اللہ تعالیٰ کی جناب میں وفد بنا کر جائے گی، میں ان کا خطیب ہونگا اور جب لوگ مایوس ہوں گے تو میں ان کو خوشخبری دینے والا ہوں گا، حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا اور میں اولادِ آدم میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ مکرم ہوں مگر میں اس پر فخر نہیں کرتا۔'' اس حدیث کو امام ترمذی نے روایت کیا اور فرمایا کہ یہ حسن ہے۔

حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی روایت ہے۔'' حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن میں نبیوں کا امام اور خطیب ہوں گا اور ان سب کی شفاعت کرنے والا ہوں گا مگر کوئی فخر نہیں ہے۔''اس حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا اور فرمایا کہ یہ حسن ہے۔حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت ہے۔حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:''میں قیامت کے روز بنی آدم کا سردار ہوں گا اور میرے ہاتھ میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور کوئی فخر نہیں ہے اور جتنے بھی انبیائے کرام علیہم السلام ہیں حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ دیگر وہ تمام اس دن میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے'' اس حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔اور اسے حسن قرار دیا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔''میں اللہ

تعالیٰ کا دوست ہوں اور کوئی فخر نہیں اور میں حمد کا جھنڈا اٹھانے والا ہوں گا اور کوئی فخر نہیں۔ میں سب سے پہلا سفارش کرنے والا اور مقبول الشفاعت ہوں گا اور کوئی فخر نہیں ہے اور میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا تو جنت کھلے گی۔ میں اور میرے ساتھ فقراء مومنین اس میں داخل ہوں گے۔ اور میں اکرم الاوّلین اور آخرین ہوں مگر اس پر فخر نہیں۔'' اس حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ قیامت کے دن آپ میری شفاعت فرمائیں۔ اس پر حضور نے فرمایا: ضرور کروں گا۔ میں نے عرض کیا۔ میں آپ کو کہاں تلاش کروں؟۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''سب سے پہلے پل صراط پر ڈھونڈنا۔'' میں نے عرض کیا: ''اگر میں وہاں آپ سے نہ مل سکوں تو؟'' فرمایا: ''میزان کے پاس تلاش کرلینا۔'' میں نے کہا: اگر وہاں بھی نہ مل سکوں تو؟ فرمایا: ''حوض پر تلاش کرلینا۔ میں ان تین مقامات پر کہیں نہ کہیں تمہیں ضرور مل جاؤں گا۔'' اس حدیث کو امام ترمذی رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے اور اس کو حسن غریب قرار دیا ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضور نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا۔ قیامت میں آپ کی سفارش سے کون سب سے زیادہ سعادت مند بنے گا؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''ابوہریرہ مجھے یہی خیال تھا کہ سب سے پہلے تم ہی یہ سوال کروگے کیونکہ تم میری بات کے سب سے زیادہ حریص ہو۔ پھر فرمایا: ''میری شفاعت کی وجہ سے سب سے زیادہ سعادت مند وہ بنے گا جس نے خالص دل سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا ہوگا۔'' اس حدیث کو امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے روایت کیا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''مومنین جہنم سے نجات پاجائیں گے تو وہ جنت اور دوزخ کے درمیان پل صراط پر روک دیئے جائیں گے۔ باہمی جو حقوق ایک نے دوسرے کے غصب کیے ہونگے ان کا بدلہ لیا جائے گا۔ جب ان سے پاک صاف ہوجائیں گے تو جنت میں داخل ہونے کی

